# المسائل المهمة

## فيما ابتلت به العامة

# اہم مسائل

## جن میں ابتلاء عام ہے

### جلد سادس

# فہرست عناوین



| | | |
|---|---|---|
| ◉ | کتاب الایمان والعقائد | ◉ |
| ۵۳ | اللہ تعالیٰ کے لیے لفظ جمع کا استعمال | |
| ۶۱ | دعا سے تقدیر بدلتی ہے | |
| ۱۲۸ | میری بدقسمتی کی وجہ سے ایسا ہوا | |
| ۱۳۰ | خوش بختی اور بدبختی کا مدار اچھے اور برے اعمال پر | |
| ۱۴۲ | بائیں آنکھ کا پھڑ پھڑانا | |
| ۱۴۵ | سرخ مرچیوں کے ذریعہ نظرِ بد اتارنا | |
| ۱ | کونڈوں کی مروجہ رسم | |
| ۲ | پہلی بارش میں نہانا | |
| ۱۱۹ | ذکر بالجہر | |
| ۱۹۷ | دینی کتاب کو پیر لگنے پر اُسے چومنا | |
| ◉ | **کتاب الطھارۃ** | ◉ |
| ۱۹۹ | تکبیر کے وقت مسواک | |
| ۹۹ | دھوپ میں گرم ہوئے پانی سے وضو اور غسل | |
| ۶۲ | پیروں کے شگاف میں پانی پہنچانا | |
| ۹۲ | ووٹر کی انگشت پر روشنائی مانع وضو ہے یا نہیں؟ | |
| ۹۶ | جنابت کی حالت میں نکلنے والا پسینہ | |

| | | |
|---|---|---|
| | بالوں پر ’’جیل کریم‘‘ ہوتے ہوئے مسح | ۱۳۷ |
| | پلاسٹک کے خول والے دانتوں کا غسل میں حکم | ۱۳۸ |
| | غسل کے چھینٹے بالٹی میں گر جائیں | ۱۳۹ |
| | غسل کے درمیان وضو ٹوٹ جائے | ۱۴۰ |
| | ناپاک تیل کی پاکی کا طریقہ | ۱۶۷ |
| ◉ | **کتاب الأذان** | ◉ |
| | وہ مواقع جن میں اذان سنت ہے | ۱۳ |
| | اذان کہاں دی جائے؟ | ۱۵ |
| | اذان دیتے وقت شہادت کی انگلیاں کانوں میں ڈالنا | ۱۴ |
| | بیٹھ کر اذان دینا | ۱۸ |
| | اذان کا جواب زبان سے دینا | ۶ |
| | اذان کے جواب کا طریقہ | ۷ |
| | اقامت کے جواب کا طریقہ | ۱۲ |
| | اذان کی آواز صحیح سنائی نہ دے تو جواب دیں یا نہیں؟ | ۸ |
| | اذان ختم ہونے کے بعد جواب دینا | ۹ |
| | اجابت بالقدم واجابت باللسان | ۱۶ |
| | قضا نماز کے لیے اذان واقامت | ۱۰ |
| | صف اول میں تکبیر اقامت | ۱۷ |
| | الفاظِ اذان میں حرکت یا حرف کا اضافہ | ۲۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ◉ | **کتاب الصلوۃ/فصل فی الجماعۃ** | ◉ |
| ۸۰ | نماز فجر فوت ہونے کا غالب گمان | |
| ◉ | **فصل فی القراء ۃ** | ◉ |
| ۸۹ | نماز میں مسنون قرأت | |
| ۱۴۴ | پہلی رکعت میں سورۂ ناس | |
| ۲۰۸ | سورۂ فاتحہ اور ضم سورت سے پہلے بسم اللہ | |
| ◉ | **صفۃ الصلوۃ** | ◉ |
| ۸۳ | نماز میں صفوں کی درستگی | |
| ۷۵ | امام کے سلام کے بعد پیچھے کھسک کر بیٹھنا | |
| ۸۸ | جماعت سے فراغت کے بعد جگہ بدلنا | |
| ◉ | **مفسدات الصلوۃ** | ◉ |
| ۱۱۰ | بچوں کی صف کے سامنے سے گزرنا | |
| ◉ | **فصل فی السنن والنوافل** | ◉ |
| ۸۶ | سنن ونوافل کیوں اور کس لیے؟ | |
| ۸۲ | کن اوقات میں نفل ممنوع ہے؟ | |
| ۶۸ | نمازِ اشراق | |
| ۶۹ | نمازِ چاشت | |
| ۷۴ | نمازِ اوّابین | |
| ۷۰ | نمازِ تہجد | |

| | | |
|---|---|---|
| ٦٧ | نمازِ وتر | |
| ۱۴٧ | اَجی! یہ تو سنت ہے، فرض تو ہے نہیں! | |
| ۱۹۰ | ۲۰/ رکعات تراویح بدعتِ حسنہ | |
| | **فصل فی سجدة السهو** | |
| ۵۴ | سری نماز میں جہری قرأت | |
| | **باب الجمعة** | |
| ۱۱ | جمعہ کے دن پہلی اذان کے بعد کسی کام میں مشغول ہونا | |
| ۱۵٦ | پہلی اذان کے بعد مسجد کے باہر ٹوپی وغیرہ بیچنا | |
| ٦۵ | جمعہ کے دن خطبہ سے پہلے آنا | |
| ۲۲ | دو خطبوں کے درمیان بیٹھنے کی مقدار | |
| ۱۴۹ | جمعہ کے خطبہ سے پہلے دی جانے والی اذان کا جواب | |
| ۵۸ | جمعہ کی نماز میں سلام کے بعد شرکت | |
| ۱۸۳ | سنت پڑھتے ہوئے خطبہ شروع ہوجائے | |
| | **باب الجنازة** | |
| ۱٦۵ | دماغی موت کا حکم | |
| ٦۰ | جنبی اور حائضہ ونفساء میت کو غسل | |
| ۵٦ | میت کے ناخن بال وغیرہ کاٹنا | |
| ۲۲۱ | میت کی آنکھوں سے کونٹیک لینس نکالنا | |
| ۲۲٦ | میت کے منہ سے مصنوعی دانت نکالنا | |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۲ | جڑواں بچوں کی نمازِ جنازہ | |
| ۱۱۴ | لڑکا اور لڑکی کی نمازِ جنازہ | |
| ۱۱۶ | کان میں اذان دینے سے پہلے بچہ مرجائے | |
| ۱۱۳ | نمازِ جنازہ کی چاروں تکبیروں میں ہاتھ اُٹھانا | |
| ۲۲۵ | تجہیز و تکفین کی پولیسی | |
| ۵۵ | میت کو رات میں دفن کرنا | |
| ۵۷ | مسلم غیر مختون میت کی تدفین | |
| | **احکام المساجد والمدارس** | |
| ۱۸۵ | اوپن اسپیس (Open Space) کی جگہ مسجد میں شامل کرنا | |
| ۱۴۱ | پرانی مسجد کا سامان فروخت کرنا | |
| ۳ | مسجد و مدرسہ کے لیے تعاون کی اپیل | |
| ۱۱۵ | مسجد کی بجلی سے موبائل چارجنگ | |
| ۱۸۴ | غیر کا مال مسجد یا مدرسہ کے لیے | |
| | **کتاب الزکوۃ والعشر** | |
| ۱۸۹ | کھیتی میں نقصان کی صورت میں عشر | |
| | **کتاب الصوم** | |
| ۷۳ | نفل روزہ | |
| ۷۲ | نفل روزے کے لیے سحری | |
| ۱۸۵ | بچوں کی روزہ کشائی کی رسم | |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸۷ | غیر مسلم کی طرف سے افطار پارٹی | |
| ۱۸۸ | ''رمضان مبارک'' کہہ کر مبارکباد دینا | |
| ◉ | **باب الاعتکاف** | ◉ |
| ۲۲۰ | ۲۱/رمضان کو غروب سے چند گھنٹے گزرنے کے بعد اعتکاف | |
| ۲۱۱ | نابالغ بچوں کو اعتکاف بٹھانا | |
| ۲۱۲ | اعتکاف کے لیے خاوند سے اجازت | |
| ۲۱۳ | دورانِ اعتکاف عورت کا گھریلو کام کرنا | |
| ۲۱۴ | اعتکاف میں مجنون یا بے ہوش ہو جانا | |
| ۲۲۲ | روزہ ٹوٹنے سے اعتکاف بھی فاسد ہو جائے گا | |
| ۲۱۵ | اعتکاف ٹوٹ جانے پر اس کی قضا | |
| ۲۱۶ | اعتکاف کی حالت میں احتلام | |
| ۲۱۷ | مسنون اعتکاف کب ختم ہوگا؟ | |
| ◉ | **کتاب الحج** | ◉ |
| ۲۰۲ | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے حج برائے ایصالِ ثواب | |
| ۲۸ | گھر سے احرام پہننا | |
| ۳۸ | آخری میقات پر احرام | |
| ۱۹ | حج بدل کے روپیوں سے صدقہ یا دعوت | |
| ۲۱ | غروب آفتاب تک عرفات میں رہنا | |
| ۲۳ | مسجد حرام میں فقراء کو روٹی یا نقدی تقسیم کرنا | |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۴ | روضۂ اقدس ﷺ کی جالیوں کو ہاتھ لگانا | |
| ۲۵ | روضۂ اقدس ﷺ پر صلوۃ وسلام | |
| ۲۶ | دورانِ طواف رکنِ یمانی کا بوسہ | |
| ۳۰ | اوقات مکروہہ میں طواف | |
| ۳۱ | جمرہ پر سات سے زائد کنکری | |
| ۳۲ | ساتوں کنکریاں ایک ساتھ مارنا | |
| ۳۳ | مریض ومعذور کی طرف سے رمی | |
| ۳۴ | رمی کے وقت کنکری آہستہ سے پھینکنا | |
| ۳۵ | غلیل سے جمرات کی رمی | |
| ۲۷ | زمزم کے اطراف میں تھوکنا | |
| ۳۶ | حجاج کرام کی رخصتی پر نعرہ | |
| ۳۷ | حاجیوں کے گلے میں ہار | |
| ۱۷۹ | دعوت جو رسم بن رہی ہے | |
| ۱۹۳ | قریب البلوغ لڑکے کے ساتھ سفر حج | |
| ۲۰۰ | عورت کا عدت کے زمانے میں سفرِ حج | |
| ◉ | **كتاب الأضحية** | ◉ |
| ۴۱ | جانور کی قیمت ادھار رکھ کر قربانی | |
| ۴۰ | قربانی کا جانور مر جائے | |
| ۳۹ | اجتماعی قربانی میں رقم بچ جائے | |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۳ | ایصالِ ثواب کے لیے قربانی | |
| ۴۴ | بوقت ذبح بسم اللہ کے ساتھ اللہ اکبر | |
| ۴۵ | جانور میں حصہ لینے والے تمام افراد پر بسم اللہ | |
| ۴۶ | قربانی کا گوشت اہل وعیال کے لیے | |
| ۴۷ | قربانی کے جانور کی ہڈیاں نمک کے عوض | |
| ۴۸ | بھینگی آنکھ والے جانور کی قربانی | |
| ۵۰ | حق الخدمت کے طور پر قربانی کا گوشت | |
| ۵۱ | تکبیر تشریق کی قضا | |
| ۱۹۴ | مرنے کے بعد عقیقہ | |
| ◉ | **کتاب النکاح** | ◉ |
| ۱۲۰ | غیر شرعی نکاح | |
| ۹۴ | عیدین کے درمیانی ایام میں نکاح | |
| ۸۷ | نکاح کے موقع پر تین مرتبہ قبول | |
| ۱۹۲ | صرف دو گواہوں کی موجودگی میں نکاح | |
| ۲۰۱ | دولہن سے اجازت کے وقت گواہوں کی موجودگی | |
| ۹۸ | میاں بیوی کا ایک دوسرے کو نام سے پکارنا | |
| ۱۶۳ | مالِ حرام سے جہیز دینا | |
| ۱۶۸ | عورت کا شوہر کی خدمت کرنا | |
| ۱۷۰ | شوہر کا بیوی کے پیسوں پر حق جتانا | |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲۳ | خطبۂ نکاح بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر؟ | |
| ۱۹۸ | شادی کے موقع پر سہرا پڑھنا | |
| ۲۰۳ | رشتہ کے لیے ای میل کے ذریعہ فوٹو بھیجنا | |
| ۲۰۴ | دو بھائیوں کی شادی ایک ساتھ | |
| ۲۰۵ | دو بہنوں یا بھائیوں کی شادی ایک ہی دن | |
| ۲۰۹ | شادی خانہ آبادی کی دھوم | |
| ۲۲۴ | دولہا دولہن کی گاڑی کی تزیین | |
| ۲۰۶ | ولیمہ کا مسنون طریقہ | |
| ◉ | **کتاب الطلاق** | ◉ |
| ۱۱۱ | طلاق دینے پر شوہر سے رقم کا مطالبہ | |
| ◉ | **کتاب الرضاع** | ◉ |
| ۹۰ | شیر خوار کو دودھ پلانے کی مدت | |
| ۱۰۰ | کان میں دودھ ٹپکانے سے حرمت رضاعت | |
| ◉ | **كتاب الأيمان** | ◉ |
| ۱۶۲ | قسم کھاتے وقت مقدس کتابوں پر ہاتھ رکھنا | |
| ◉ | **کتاب البیوع** | ◉ |
| ۶۴ | خرید و فروخت میں فری سروس | |
| ۶۶ | فینسی بلیوں کی خرید و فروخت | |
| ۹۳ | چوری کی چیزیں خریدنا | |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴۶ | دوائیں ایکسپائر ہونے کے بعد بدلنا | |
| ۱۵۲ | حرام آمدنی والے گاہک سے خرید وفروخت | |
| ۱۵۳ | بیع استجرار | |
| ۱۵۴ | بیع بالخیار | |
| ۱۷۱ | دلال کا بائع اور مشتری سے کمیشن لینا | |
| ۱۸۲ | گیس سلینڈر فروخت کرنا | |
| ◉ | **باب الربوا** | ◉ |
| ۱۲۶ | سودی قرض سے کاروبار | |
| ۱۵۱ | سودی قرض لینے والے پارٹنر کے ساتھ شرکت | |
| ۱۳۵ | ٹھیکیداروں کو رشوت دینا | |
| ۱۵۵ | مکان ودکان کی خرید وفروخت کی ایک صورت | |
| ۱۶۴ | ہاؤس ریکوزیشن (House Requisition) | |
| ۱۷۲ | کمی بیشی کے ساتھ چیک یا بل کی خرید وفروخت | |
| ۱۷۵ | بینک سے لون لے کر کار خریدنا | |
| ۱۷۷ | سودی اداروں کو اپنی جگہ کرایہ پر دینا | |
| ◉ | **کتاب الإجارة** | ◉ |
| ۷۸ | اسٹار کنیکشن (Star Conection) بزنس | |
| ۱۰۸ | مکان خالی کرنے کے عوض مالک سے رقم کا مطالبہ | |
| ۱۵۰ | شوروم میں مجسمے کھڑے کرنا | |

| | | |
|---|---|---|
| ◉ | **كتاب الهبة** | ◉ |
| ١٠٢ | حادثہ کی صورت میں حکومت کی طرف سے عطیہ | |
| ◉ | **كتاب اللقطة** | ◉ |
| ١٠٣ | سیلاب میں بہہ کر آنے والی چیزیں | |
| ◉ | **كتاب الحظر والاباحة** | ◉ |
| ٧٦ | کمپیوٹر پر دینی تعلیم | |
| ٤ | کمپیوٹر پر بیک گراؤنڈ میں حمد ونعت سننا | |
| ٥ | الٹے ہاتھ سے لکھنا | |
| ٢٩ | بھیک مانگنے کو پیشہ بنالینا | |
| ٤٩ | فحش ویب سائٹس (Web Site) کی ویزٹ | |
| ٦٣ | حمد ونعت کے اشعار قوالی کے نام پر | |
| ٧٩ | فوٹوگرافی اور ویڈیوگرافی | |
| ١٢٥ | نیک کاموں میں حلال مال خرچ کریں | |
| ١٣١ | SMS کے ذریعہ حدیث یا دینی معلومات Forward کرنا | |
| ١٤٣ | شادی بیاہ کے موقع پر پھولوں کا گلدستہ | |
| ١٤٨ | جھک کر سلام کرنا | |
| ١٧٦ | سلام کے جواب میں صرف والسلام کہنا | |
| ١٩١ | جمعہ کے دن ''جمعہ مبارک'' کہنا | |
| ◉ | **فصل في اللبس** | ◉ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶۹ | عمامہ باندھنا مستحب ہے | |
| ۹۷ | انگوٹھی پہننا سنت ہے یا نہیں؟ | |
| ۱۲۳ | سونے کے پرزے والی گھڑی کا استعمال | |
| ۹۱ | صفائی ستھرائی اور سلیقہ مندی | |
| ۷۱ | داڑھی کا حکم اور اس کی حد | |
| ۲۰۷ | داڑھی کے متعلق مختلف باتیں | |
| ۱۱۷ | ناخن کاٹنے کا طریقہ | |
| ۷۷ | مسلم خاتون اور پیشۂ طبابت | |
| ۱۰۷ | کالج میں لڑکی کا اجنبی ساتھی سے بات چیت | |
| ۱۲۴ | منہ بولے بھائی بہن سے پردہ | |
| ۱۳۶ | الکحل ملا ہوا ٹوتھ پیسٹ اور صابون | |
| ◉ | **فصل فی الاکل والشرب** | ◉ |
| ۱۱۸ | حلال کھانے اور حلال پہننے کا اہتمام | |
| ۱۲۷ | بیوی بچوں کو حرام آمدنی کھلانا | |
| ۱۸۱ | ہاتھ دھو کر تولیہ سے پونچھنا | |
| ۹۵ | دوسرے کے دستر خوان پر فراخدلی کا مظاہرہ | |
| ۱۸۰ | جان نہ پہچان، بن بلائے مہمان | |
| ۸۵ | جھینگے کا شرعی حکم | |
| ۴۲ | غیر مسلموں کا کھانا | |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲۹ | دسہرہ کے موقع پر غیر مسلم کا مسلمان سے بکرا ذبح کرانا | |
| ۱۳۲ | پایہ کے اوپر کی جلد کھانا | |
| ۱۷۴ | حلال جانور کے خصیے (فوطے) | |
| ۱۵۸ | علماء کو دعوت میں مرغی کا گوشت کھلانا | |
| ۱۵۹ | مکہ مکرمہ و مدینہ طیبہ میں ''اُلبیک ریسٹورنٹ'' کا چکن | |
| ۱۵۷ | پولٹری فارم (Poultry Farm) کی مرغیوں کی غذا | |
| ۱۷۳ | سانڈے کا گوشت اور تیل | |
| ۱۰۴ | کھانے کے بعد کی دعا میں ہاتھ اُٹھانا | |
| ۱۰۵ | ٹوٹے پھوٹے برتنوں میں کھانا پینا | |
| ۱۲۲ | گوشت کھا کر ہڈیاں چبانا | |
| ۱۳۳ | مچھلی کھانے کے بعد دودھ پینا | |
| ۱۶۱ | رات کے وقت پیاز کھانا | |
| ۱۳۴ | مخصوص COD والی اشیاء کا استعمال | |
| ۸۴ | ریڈ بُل (Red Bull) مشروب کا حکم | |
| ۵۲ | سوائن فلو کی ویکسین کا استعمال | |
| ۱۶۶ | کیپسول (Capsule) کا استعمال | |
| ۸۱ | استقرار کے بعد شیر خوار کو دودھ پلانا | |
| ◉ | **فصل فی الختان** | ◉ |
| ۵۹ | بالغ مسلم اور نو مسلم کی ختنہ | |

| ◉ | مسائل شتی | ◉ |
|---|---|---|
| ۱۰۶ | سفارش کے سلسلے میں شریعت کا ضابطہ | |
| ۱۲۱ | اپنے نام کے آگے ''غفرلہ'' یا ''عفی عنہ'' لکھنا | |
| ۱۶۰ | طلباء مدارس احتیاط کو اپنائیں | |
| ۱۷۸ | موجودہ زمانہ میں غلام باندی کا وجود | |
| ۱۹۵ | موت کی تمنا کرنا | |
| ۱۹۶ | یوتھینز یا (Euthanasia) یعنی قتل بہ جذبۂ رحم | |
| ۲۱۰ | علم دین حاصل کیے بغیر دینی مسائل میں دخل دینا | |
| ۲۱۸ | بلا تحقیق اپنے نام کے ساتھ سید لکھنا | |
| ۲۱۹ | لڑکی کا قرآن کریم حفظ کرنا | |
| ◉ | مصادر و مراجع | ◉ |

# ابتدائیہ

مفتی محمد جعفر ملی رحمانی

صدر دارالافتاء جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

**الحمد لله رب العالمين ، والصلوة والسلام على رسوله الأمين ، وعلى آله الطيبين الطاهرين ، أما بعد ! أعوذ بالله من الشيطن الرجيم ، بسم الله الرحمن الرحيم . قال الله تبارك وتعالى :﴿ما اٰتاكم الرسول فخذوه وما نهٰكم عنه فانتهوا﴾ .** (الحشر :۷) **قال النبي ﷺ : " إذا أمرتكم بشيء فافعلوه ما استطعتم وإذا نهيتكم عن شيء فانتهوا ".** (بخاری :۲/۱۰۸۲)

**صدق الله العظيم ، وصدق رسوله النبي الكريم**

محترم قارئین! ہم مسلمان ہیں، اور مسلمان کے معنی ہیں: تابعدار وفرماں بردار، یعنی ہم احکام اسلامیہ کے مکلّف و پابند ہیں، اور ہمارے لیے کسی کام کا کرنا اُس وقت تک جائز نہیں، جب تک اس سے متعلق اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کا حکم وارشاد معلوم نہ ہو، جیسا کہ فقہ کا قاعدہ ہے: **" لا يجوز لمسلم أن يتصرف أو يفعل فعلاً إلا بعد معرفة حكم الله فيه " .** (موسوعة القواعد الفقهية : ۸/۱۵) — اور یہ بات ظاہر ہے کہ احکام ونواہی کا علم اُس وقت تک نہیں ہوسکتا، جب تک علمِ دین حاصل نہ کیا جائے، نتیجہ یہ نکلا کہ- دین کا ضروری علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے، جیسا کہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے: **" طلب العلم فريضةٌ على كل مسلم ".**

(سنن الکبریٰ للبیهقي : ۲/۲۵۴)

جامعہ میں شعبۂ افتاء کے قیام کے روزِ اول سے، اس شعبہ کی یہ کوشش رہی کہ جہاں اس کے مستفتی کو اپنے سوالوں کا صحیح شرعی حل مل جائے، وہیں عامۃ المسلمین کو ابتلاءِ عام

مسائل سے ہم خود واقف کرائیں، جس کے لیے یہ صورت اپنائی گئی کہ جس مسئلہ میں بھی ابتلاء عام ہو، اُس کی صورت قلمبند کی جائے، پھر آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ نبویہ، عباراتِ فقہیہ اور قواعدِ فقہ کی روشنی میں، اور متقدمین کے فتاویٰ کی تائید سے، اُس پر کسی حکم شرعی کے تعیُّن وترتُّب کے بعد دارالافتاء کا کوئی طالبِ علم ہر روز بعد نمازِ ظہر، بعنوان ''مسئلہ'' جامعہ کی مسجد میمنی میں اسے پڑھتا رہے۔

الحمدللہ! آج تک اس سلسلۃ الذہب کی پانچ جلدیں منظرِ عام پر آ کر قبولِ عام حاصل کر چکیں، جو درحقیقت حضرت رئیس جامعہ دامت برکاتہم کی سرپرستی، حوصلہ افزائی وپسندیدگی، آپ کے خلف الرشید، نوجوان عالم دین، ناظم تعلیمات، حضرت مولانا حذیفہ حفظہ اللہ ورعاہ کی تحریک وتحریض، اپنے معاون مفتیانِ کرام مفتی عبدالمتین اشاعتی، مفتی شمشیر اشاعتی، مفتی مجیب الرحمٰن اشاعتی، مفتی افضل اشاعتی صاحبان کی تخریج وتحقیق اور عزیزم عبدالغفور، محمد صدیق اور اُن کے رفقاء کے سال بھر ان مسائل کو مسجد میمنی اور مسجد السلام میں پڑھتے رہنے کا ثمرہ ونتیجہ ہے۔

کسی کے ہاتھ نے مجھ کو سہارا دیدیا ورنہ

کہاں میں اور کہاں یہ راستہ پیچیدہ پیچیدہ

**فجزاهم الله احسن الجزاء**

''۲۲۶'' مسائل پر مشتمل، یہ چھٹی جلد جو آپ کے ہاتھوں میں ہے، اپنے انہی کرم فرماؤں کی کرم فرمائی، خوردوں کی جانفشانی، اور اللہ پاک کی توفیق ونصرت کا مظہر وعکاس ہے، اللہ تعالیٰ قبول فرما کر اپنی رضا نصیب فرمائے۔ آمین

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

وتب علینا انک انت التواب الرحیم

# كتاب الإيمان والعقائد

## ایمان وعقائد کے مسائل

### اللہ تعالیٰ کے لیے لفظ جمع کا استعمال

**مسئلہ (۵۳):** بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے، اس لیے اس کے لیے واحد کا صیغہ استعمال کرنا چاہیے، جیسے اللہ تعالیٰ ''کرتا دھرتا'' ہے، جمع کا صیغہ استعمال نہیں کرنا چاہیے، جیسے اللہ تعالیٰ ''کرتے دھرتے'' ہیں، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ اللہ رب العزت کے لیے واحد وجمع دونوں صیغے استعمال کیے جاسکتے ہیں، صیغۂ واحد کے استعمال کا صحیح ہونا تو ظاہر ہے[1]، رہا صیغۂ جمع تو وہ تعظیماً وادباً بولا جاتا ہے، اس لیے وہ بھی درست ہے، خود اللہ پاک نے اپنے لیے صیغۂ جمع استعمال فرمایا ہے، فرمانِ خداوندی ہے: ﴿إنا أعطينك الكوثر﴾ ''بے شک ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمایا'' ﴿إنا أنزلناه في ليلة القدر﴾ ''بے شک ہم نے قرآن شریف کو شبِ قدر میں اتارا'' اور ﴿ونحن أقرب إليه من حبل الوريد﴾ ''بے شک ہم انسان کے اس قدر قریب ہیں کہ اس کی رگِ گردن سے بھی زیادہ''۔[2]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنني أنا الله لا إله إلا أنا فاعبدني﴾ . (طه : ۱۴)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنا أعطيناك الكوثر﴾ . [الكوثر : ۱] . ﴿إنا أنزلناه

في ليلة القدر﴾ . [القدر : ۱] . ﴿ونحن أقرب إليه من حبل الوريد﴾ . [قٓ : ۱٦] . ﴿إنا نحن نزّلنا الذكر وإنا له لحافظون﴾ . (سورة الحجر : ۹)

ما في " التفسير الكبير للرازي " : فأما قوله : (إنا نحن نزّلنا الذكر) فهذه الصيغة وإن كانت للجمع إلا أن هذا من كلام الملوك عند إظهار التعظيم فإن الواحد منهم إذا فعل فعلا أو قال قولا قال : " إنا فعلنا كذا ، وقلنا كذا " ، فكذا ههنا . (۷/۱۲۳ ، الحجر : ۹) (فتاویٰ محمودیہ:۳/۲۹،آپ کے مسائل اوراُن کا حل:۱/۷۱،تخریج شدہ جدید ایڈیشن)

## دعا سے تقدیر بدلتی ہے

**مسئلہ(۶۱):** بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ دعا سے تقدیر بدل جاتی ہے، اور استدلال میں آپ ﷺ کی حدیث " لا یرُدُّ القضاء إلا الدعاء "–"دعا سے تقدیر بدلتی ہے" کو پیش کرتے ہیں، اُن کا یہ استدلال صحیح نہیں ہے، کیوں کہ اہلِ تحقیق کے نزدیک اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ قضا وتقدیر بدلتی نہیں، اگر بدلتی تو دعا سے بدل جاتی، یعنی تقدیر کی پختگی کو بتانا مقصود ہے، نیز دعا کی اہمیت کو ذہن نشین کرانا ہے، شروحِ حدیث میں اس کی تفصیل مذکور ہے، الغرض تقدیر میں جو کچھ لکھا ہوتا ہے وہ ہو کر رہتا ہے، مگر کسی کو نہیں معلوم کہ کیا لکھا ہے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن سلمان الفارسي قال : قال رسول الله ﷺ : " لا يرد القضاء إلا الدعاء ، ولا يزيد في العمر إلا البِرُّ " . رواه الترمذي .

(ص/۱۹۵ ، كتاب الدعوات ، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۲۲۳۳)

ما في " اللمعات على هامش مشكوة " : قوله : (لا يرد القضاء إلا الدعاء) كأنه مبالغة في أثر الدعاء في دفع البلاء حتى لو أمكن رد القضاء لحصل بالدعاء ، وقيل : المراد

من رد القضاء تهوينه أو تيسير الأمر منه حتى كان القضاء النازل كان لم ينزل ، وقيل : المراد بالقضاء ما يخافه العبد من نزول المكروه ويتوقاه ، فإذا وفق للدعاء دفع الله به عنه والكل تكلف ، وحقيقة المعنى أن المراد القضاء الذي علق رده به وجعل سببًا له ، فإن قلت : فما فائدة هذا الكلام ، وما جرى به القضاء كائن لا محالة ؟ قلت : لعل المراد مدح الدعاء والمبالغة فيه بمثل ما ذكر في أول حاشية . والله اعلم .

(ص/١٩٥ ، كتاب الدعوات ، الفصل الثاني)

ما في '' مرقاة المفاتيح '' : القضاء هو الأمر المقدر وتأويل الحديث أنه إن أراد بالقضاء ما يخافه العبد من نزول المكروه به ويتوقاه ، فإذا وفق للدعاء دفعه الله عنه فتسميته قضاء مجاز على حسب ما يعتقده المتوقي عنه يوضحه قوله ﷺ في الرقى : (هو من قدر الله وقد أمر بالتداوي والدعاء) مع أن المقدور كائن لخفائه على الناس وجودًا وعدمًا ..... أو أراد برد القضاء إن كان المراد حقيقته تهوينه وتيسير الأمر حتى كأنه لم ينزل .... وقيل : الدعاء الترس والبلاء كالسهم والقضاء أمر مبهم مقدر في الأزل . (٥/١٢٠ – ١٢١ ، كتاب الدعوات ، الفصل الثاني ، التعليق الصبيح على مشكوة المصابيح :٣/٥٩ – ٦٠ ، كتاب الدعوات ، الفصل الثاني ، تحفة الأحوذي : ٦/٣٤٦ ، كتاب القدر ، باب ما جاء لا يرد القدر إلا الدعاء ، تحت رقم : ٢١٣٩)

(فتاویٰ محمودیہ:٣/٩٩)

## میری بدقسمتی کی وجہ سے ایسا ہوا

**مسئلہ** (١٢٨): بعض اوقات انسان کسی جانی یا مالی خسارہ کا شکار ہو جاتا ہے، تو کہتا ہے: ''میری بدقسمتی کی وجہ سے ایسا ہوا''، اس کا یہ جملہ اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی اور بے ادبی ہے، کیوں کہ حدیث شریف میں ہے:'' وأن تؤمِنَ بالقدرِ خيره وشرِّه '' کہ اچھی اور بری تقدیر دونوں اللہ تعالیٰ کی طرف سے

ہیں [۱]، تو اللہ تعالیٰ کا ہر فیصلہ خیر ہے، اور چوں کہ اللہ تعالیٰ حکیم ہے، خیر وشر سے متعلق اس کے تمام فیصلے حکمت ومصلحت پر مبنی ہوتے ہیں [۲]، گو ہم کو وہ حکمت ومصلحت معلوم نہ ہو۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل كلٌّ من عند الله﴾ . (سورة النساء : ۷۸)

ما في " تفسير المظهري " : (قل) يا محمد (كل) أي كل واحد من الحسنة والسيئة (من عند الله) بخلقه على حسب إرادته تفضلا أو انتقامًا على مقتضى حكمته .

(۲/۳۸۳، سورة النساء)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه ..............
....... قال : فأخبرني عن الإيمان ، قال : أن تؤمن بالله وملائكته وكتبه ورسله واليوم الآخر ، وتؤمن بالقدر خيره وشرّه " قال : صدقتَ .. الحديث . رواه مسلم .

(۱/۹ ، رقم الحديث : ۱ ، كتاب الإيمان ، الفصل الأول ، ط : احياء التراث ، صحيح البخاري : ص/۳۴ ، رقم الحديث : ۵۰ ، كتاب الإيمان ، باب سؤال جبريل النبي ﷺ عن الإيمان والإسلام والإحسان وعلم الساعة ، ط : احياء التراث ، الموسوعة الفقهية : ۴/۲۵۹ ، الإسلام ، صحيح مسلم : ۲/۱۶ ، كتاب الإيمان ، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان الخ ، ط : احياء التراث ، جامع العلوم والحكم : ص/۲۲ – ۲۶ ، ط: دار المعرفة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (خيره وشرّه) أي نفعه وضرّه . وزيد في رواية : " وحلوه ومرّه " ................ والمعنى : تعتقد أن الله قدر الخير والشرّ قبل خلق الخلائق، وأن جميع الكائنات متعلق بقضاء الله مرتبط بقدره ، قال تعالى : ﴿قل كل من عند الله﴾ . (۱/۱۱۸ ، ط : مكتبه اشرفيه ديوبند ، موسوعة فتح الملهم

: ۱/۴۴۶، كتاب الإيمان ، ط : احياء التراث)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنّ ربّك عليمٌ حكيمٌ﴾ . (سورة يوسف : ٦)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۲۳۸۹۷)

## خوش بختی اور بد بختی کا مدار اچھے اور برے اعمال پر

**مسئلہ (۱۳۰):** بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ- ایسی عورتیں جو اپنے خاوند کے انتقال کے بعد زندہ رہتی ہیں، وہ بد بخت ہیں، اور جو عورتیں خاوند سے پہلے انتقال کر جاتی ہیں، وہ خوش نصیب ہیں- اُن کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ خوش بختی اور بد بختی انسان کے اچھے اور برے اعمال پر منحصر ہوتی ہے، پہلے یا بعد میں مرنے پر نہیں۔[1]

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي بكرة أن رجلا قال : يا رسول الله ! أي الناس خير ؟ قال: " من طالَ عمُره وحسُن عمله " قال : فأي الناس شرٌّ ؟ قال : " من طالَ عمُره وقصُر عمله " . (ص/۴۵۰)

ما في " مرقاة المفاتيح " : وقال الطيبي رحمه الله : وقد سبق أن الأوقات والساعات كرأس المال للتاجر فينبغي أن يتجر فيما يربح ، وكلما كان رأس ماله كثيرًا كان الربح أكثر ، فمن مضى لطيبه فاز وأفلح . (۵/۷۸)

(آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۱/۱۲۳، تخریج شدہ)

# بائیں آنکھ کا پھڑ پھڑانا

**مسئلہ** (۱۴۲): آنکھ کبھی پھڑ پھڑ کرتی ہے، تو بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر یہ بائیں آنکھ میں ہوتا ہے، تو بُرا ہوگا، اور اگر یہ دائیں آنکھ میں ہو تو اچھا ہوگا، اس طرح کی باتیں واہیات ہیں، شریعت میں ان کی کوئی اصل نہیں، مسلمانوں کو ایسا عقیدہ رکھنا جائز نہیں ہے، اور اسلام ایسی تمام چیزوں کی مخالفت کرتا ہے۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنآ إلا ما كتب اللهُ لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما حظ الله تعالى لأجلنا في اللوح ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى .
(۱۶۶/۶)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : سمعتُ رسول الله ﷺ يقول : "لا طيرة وخيرها الفال " .
(ص/۳۷۷ ، باب الفال والطيرة ، الفصل الأول ، رقم الحديث : ۴۵۷۶)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال الشيخ محمد القاري : قلت : المستفاد من القاموس أن الفال مختص بالخير ، وقد يستعمل في الشر ، والطيرة لا يستعمل إلا في الشر ، فهما ضدان في أصل الوضع ..... لا يجوز العمل بالطيرة وهي التفاؤل بالطير ، والتشاؤم بها ، كانوا يجعلون العبرة في ذلک تارة بالأسماء ، وتارة بالأصوات ، وتارة بالسنوح والبروح . (۳۹۱/۸ ، باب الفال والطيرة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قد اتفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تأثيره في حدوث الخير والشرّ لما في ذلک من الإشراک بالله في تدبير الأمور . (۱۸۳/۱۲)

(فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ: ۳۱۲۹)

## سرخ مرچیوں کے ذریعہ نظرِ بد اتارنا

**مسئلہ (۱۴۵):** ہمارے معاشرہ میں نظرِ بد اُتارنے کے لیے سرخ مرچیوں کو متأثرہ شخص کے گرد گھما کر انہیں جلا دیتے ہیں، اگر اس طریقہ کو مؤثر بالذات اور ثابت نہ سمجھا جائے، بلکہ محض ایک ٹوٹکے کے طور پر کیا جائے، تو اس میں کوئی گناہ نہیں، البتہ اس عمل کے دوران اگر کسی قسم کے شرکیہ کلمات وغیرہ سے دم کیا جائے، تو یہ بلاشبہ ممنوع ہے، اور اس سے شرک بھی لازم آئے گا، جس سے احتراز ضروری ہے، نظر اُتارنے کا بہتر اور مستحب عمل یہ ہے کہ سورۂ قلم کی آخری تین آیات: ﴿فَاجْتَبَاهُ رَبُّهُ فَجَعَلَهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ وَإِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوْا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ إِنَّهُ لَمَجْنُوْنٌ ○ وَمَا هُوَ إِلا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ○﴾ -یا معوّذتین (قل أعوذ برب الفلق ، قل أعوذ بربّ الناس ) پڑھ کر دم کیا جائے، یا حدیث پاک میں منقول دعا: " أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ "- پڑھی جائے، اِس سے نظرِ بد کا اثر زائل ہوجاتا ہے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة قالت : أمرني النبي ﷺ أو أمر أن يُسترقَى من العين". (۲/۸۵۴ ، كتاب الطب ، باب رُقية العين ، رقم الحديث :۵۷۳۸ ، صحيح مسلم : ۲/۲۲۳ ، كتاب السلام ، باب استحباب الرقية من العين و النملة الخ)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن عوف بن مالك الأشجعي قال : كنا نرقى في الجاهلية فقلنا يا رسول الله ! كيف ترى في ذلك ؟ فقال : " أعرضوا عليَّ رقاكم ، لا بأس بالرقى ما لم يكن فيه شركٌ " . (۲/۲۲۴ ، كتاب السلام ، باب استحباب الرقية من العين والنملة والحمة والنظرة ، مشكوة المصابيح :ص/۳۸۸ ، كتاب الطب والرقى ، الفصل الأول ، رقم الحديث : ۴۵۳۰)

ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أبي سعيد الخدري قال : " كان رسول الله ﷺ يتعوّذ من الجانّ وعين الإنسان حتى نزلت المعوّذتان ، فلما نزلت أخذ بهما وترك ما سواهما " . رواه الترمذي وابن ماجه .

(ص/۳۹۰ ، كتاب الطب والرقى ، الفصل الثاني ، رقم الحديث :۴۵۶۳)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (وعن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت : أمر النبي ﷺ أن نسترقى من العين) .... هذا تصريح بأن من أصابته عين من الإنس أو الجنّ يستحب أن يرقى ، ولعل المراد برقي العين ما رواه الشيخان وأبو داود والنسائي وابن ماجة عن عائشة أنه ﷺ كان يقرأ على نفسه بالمعوذات وينفث ، والمراد بالمعوذات بفتح الواو وقيل بكسرها سورة الفلق والناس ، والجمع إما باعتبار إن أقل الجمع إثنان ، أو باعتبار أن المراد الكلمات التي تقع بها من السورتين ، ويحتمل أن يكون المراد بالمعوذات هاتان السورتان مع سورة الإخلاص ، وأطلق ذلك تغليبًا وهو المعتمد . ذكره العسقلاني . ويمكن أن يضم معها " قل يا أيها الكافرون " على ما هو المتعارف في بعض البلاد قراءة وكتابة وتعليقًا وشربًا ..... وذكر بعض العلماء في دفع العين قراءة آية ﴿وإن يكاد الذين كفروا﴾ إلى آخر السورة ......... والأحاديث في القسمين كثيرة ، ووجه الجمع بينهما أن الرقى يكره منها ما كان بغير اللسان العربي وبغير أسماء الله تعالى وصفاته وكلامه في كتبه المنزّلة ، وإن اعتقد أن الرقية نافعة لا محالة فيتكل عليها وإياها ، أراد بقوله : ما توكل من استرقى ولا يكره منها ما كان على خلاف ذلك كالتعوذ بالقرآن وأسماء الله تعالى . (۸/۳۵۷ ، ۳۵۸ ، كتاب الطب والرقى ، الفصل الأول ، تحت رقم الحديث :۴۵۲۷ ، ۴۵۲۸)

ما في " أحكام القرآن للتهانوي " : الرقية إذا كانت لغرض مباح بأدعية مأثورة ، أو آيات قرآنية ، أو بما يشبهها من الكلمات المنقولة من الصلحاء والمشائخ فهي مما لا بأس بها ...... وإن كانت بكلمات فيه استعانة من الشياطين أو الكواكب فملحقة بالسحر المكفر ، وإن كانت بكلمات غير معلومة المعنى فمكروه . (۱/۱ ۵ ، حكم الرقى والعزائم) (فتاویٰ محمودیہ:۲۸/ ۳۳۱، ط؛ میرٹھ، فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۳۷۸۲)

## کونڈوں کی مروجہ رسم

**مسئلہ** (۱): ۲۲/رجب کو بعض جگہ کونڈہ کرنے کا رواج ہے، جب کہ کونڈوں کی مروجہ رسم اہلِ سنت والجماعت کے مذہب میں محض بے اصل، خلافِ شرع اور بدعتِ ممنوعہ ہے، کیوں کہ ۲۲/رجب نہ حضرت امام جعفر صادق کی تاریخِ پیدائش ہے اور نہ تاریخِ وفات، حضرت امام جعفر صادق رحمہ اللہ کی ولادت ۸/رمضان ۸۰ھ یا ۸۳ھ میں ہوئی، اور وفات ماہِ شوال ۱۴۸ھ میں ہوئی[1]، البتہ ۲۲ رجب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی تاریخِ وفات ہے[2]، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ محض پردہ پوشی کے لیے اس رسم کو حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے، ورنہ درحقیقت یہ تقریب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کی خوشی میں منائی جاتی ہے۔

جس وقت یہ رسم ایجاد ہوئی، اہلِ سنت والجماعت کا غلبہ تھا، اس لیے یہ اہتمام کیا گیا کہ شیرینی علانیہ تقسیم نہ کی جائے تاکہ راز فاش نہ ہو، بلکہ دشمنانِ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خاموشی کے ساتھ ایک دوسرے کے یہاں جاکر اُسی جگہ یہ شیرینی کھالیں جہاں اس کو رکھا گیا ہے، اور اس طرح اپنی خوشی ومسرت

ایک دوسرے پر ظاہر کریں، جب اس کا چرچا ہوا، تو اس کو حضرت امام جعفر صادق رحمہ اللہ کی طرف منسوب کر کے یہ تہمت اُن پر لگائی کہ انہوں نے خود اس تاریخ میں اپنی فاتحہ کا حکم دیا ہے، حالانکہ یہ سب من گھڑت ہے۔ (ماخوذ از دین اسلام ویب)

مسلمانوں پر لازم ہے کہ ہرگز ایسی رسم نہ کریں، بلکہ دوسروں کو بھی اس کی حقیقت سے آگاہ کر کے اس سے بچانے کی کوشش کریں۔

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " اكمال تهذيب الكمال " : وفي تاريخ البخاري الكبير : حدثني عياش بن المغيرة قال: ولد يعني جعفرا سنة الجحاف سنة ثمانين .... وقال ابن خلفون في كتاب " الثقات " : لما خرج محمد بن عبد الله بن حسن بالمدينة هرب جعفر إلى ماله بالفرع ، فلم يزل هناك مقيمًا متنحيًا عما كانوا فيه حتى قتل محمد بن عبد الله واطمئن الناس وأمنوا ، رجع فلم يزل بالمدينة حتى توفى سنة سبع أو ثمان وأربعين في خلافة أبي جعفر ، وهو يومئذ ابن إحدى وسبعين . (۳/۲۲، ۲۳ ، حرف الميم ، علامه علاء الدين مغلطائي ، مكتبة الفاروق الحديثة للطباعة والنشر)

(۲) ما في " تهذيب الكمال لجمال الدين يوسف بن عبد الرحمن المزي " : قال محمد بن اسحاق : كان معاوية أميرا عشرين سنة ، وخليفة عشرين سنة ، قال يحى بن بكير عن الليث بن سعد : توفي في رجب لأربع ليال بقين منه سنة ستين ، وقال الوليد بن مسلم : مات في رجب سنة ستين ، وكانت خلافته تسع عشرة سنة ونصفًا . وقال غيره : توفي بدمشق يوم الخميس لثمان بقين من رجب سنة تسع وخمسين ، وهو ابن اثنتين وثمانين . (۹/۴۰۷ ، باب الميم ، معاوية بن أبي سفيان ، ط : بيروت)

ما في " التاريخ لابن جرير الطبري " : حدثني عمر قال : حدثنا علي قال : بايع أهل الشام معاوية وإلى أن قال : مات بدمشق ۲۰ يوم الخميس لثمان بقين من رجب .

(۶/۱۸۰ ، ۱۸۱ ، ذكر وفاة معاوية ، الإكمال في أسماء الرجال : ۲/۷ ۶۱ ، حرف الميم ، فصل في الصحابة ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۵/۴۹۴، میرٹھ)

(احسن الفتاویٰ:۱/ ۳۶۷، ۳۶۸، فتاویٰ عثمانی:۱/ ۱۲۶، کفایت المفتی :۹/ ۹۶، فتاوی محمودیہ:۵/ ۴۹۳، ۴۹۴، میرٹھ، ۳/ ۲۸۱، ۲۸۲، کراچی ، سفینۃ الخیرات فی ذکر مناقب السادات :ص/ ۲۳۸، الاکمال فی اسماء الرجال لصاحب المشکوۃ:ص/ ۵۸۹، جعفر الصادق، فصل فی التابعین، یاسر ندیم اینڈ کمپنی دیوبند)

## پہلی بارش میں نہانا

**مسئلہ (۲):** حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہم آپ ﷺ کے ساتھ تھے، بارش شروع ہوئی، تو آپ ﷺ نے اپنے بدن مبارک کے بعض حصہ کو کھول دیا، ہم نے آپ ﷺ سے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ ! آپ نے یہ عمل کیوں کیا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: بارش اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے، اس نے اسے ابھی پیدا فرمایا ہے، تو اس سے تبرک حاصل کرنا چاہیے، اس لیے میں نے ایسا کیا ہے (۱)، علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: آپ ﷺ کا یہ عمل پہلی بارش میں نہانے کے استحباب پر دال ہے (۲)، لہٰذا پہلی بارش میں نہانا مستحب تو ہے، مگر اس مستحب پر عمل کے لیے ترکِ فرض یعنی برہنگی اور بے پردگی کی اجازت نہیں ہوگی۔ (۳)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الصحيح لمسلم " : عن ثابت البناني عن أنس قال : أصابنا ونحن مع رسول الله ﷺ مطرٌ ، قال : فحسر رسول الله ﷺ ثوبه حتى أصابه من المطر ، فقلنا : يا رسول الله ! لم صنعتَ هذا ؟ قال : لأنه حديث عهد بربه تعالى . (۱/ ۲۹۴ ، كتاب

صلاة الاستسقاء ، باب الدعاء في الاستسقاء ، رقم الحديث : ٨٩٨ ، السنن لأبي داود : ص/٦٩٥ ، كتاب الأدب ، باب في المطر ، رقم الحديث : ٥١٠٠ ، مشكوة المصابيح : ص/١٣١ ، كتاب الصلاة ، باب الاستسقاء ، الفصل الأول ، رقم الحديث : ١٥٠١ ، المسند للإمام أحمد بن حنبل : ١٠/٤٣٣ ، ٤٣٤ ، رقم الحديث : ١٢٣٠٦ ، الأدب المفرد للبخاري :ص/١٩٧ ، ١٩٨ ، باب من استمطر في أول المطر ، رقم الحديث : ٥٧١ ، مكتبه عالم الكتب بيروت)

(٢) ما في " المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج " : ومعنى حديث عهد بربه أي بتكوين ربه إياه ، ومعناه أن المطر رحمة وهي قريبة العهد بخلق الله تعالى لها فيتبرك بها ، وفي هذا الحديث دليل لقول أصحابنا أنه يستحب عند أول المطر أن يكشف غير عورته ليناله المطر واستدلوا بهذا. (٤/٢١٣ ، دار احياء التراث العربي بيروت)

ما في " عون المعبود " : (لأنه حديث عهد بربه) أي بإيجاد ربه إياه يعني أن المطر رحمة وهي قريبة العهد بخلق الله لها فيتبرك بها ، وهو دليل على استحباب ذلك .

(ص/٢١٧٨)

(٣) ما في " التنوير مع الدر والرد " : والرابع ستر عورته ووجوبه عام ولو في الخلوة على الصحيح . التنوير مع الدر والرد . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (ووجوبه عام) أي في الصلاة وخارجها . قوله : (ولو في الخلوة) أي إذا كان خارج الصلاة يجب الستر بحضرة الناس إجماعاً وفي الخلوة على الصحيح .

(٢/٦٩ ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، مطلب في ستر العورة)

## ذکر بالجہر

**مسئلہ** (۱۱۹): ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد میں تشریف لائے تو آپ نے دیکھا کہ وہاں ذکر کرنے والوں کی ایک جماعت اس طرح ذکر کر رہی ہے کہ ایک شخص زور سے کہتا ہے: سو مرتبہ "اللہ اکبر" پڑھو، تو سب لوگ (آواز ملا کر) کنکریوں پر تکبیر پڑھنا شروع کر دیتے ہیں، پھر وہ کہتا ہے کہ سو مرتبہ "لا الہ الا اللہ" پڑھو، تو لوگ لا الہ الا اللہ پڑھنے لگتے ہیں، اسی طرح "سبحان اللہ" بھی پڑھ رہے ہیں، تو حضرت عبداللہ ابن مسعود نے ان پر سخت نکیر فرمائی اور ان کے درمیان جا کر ارشاد فرمایا: "قسم ہے اللہ کی جس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، تم سب ایک اندھیری بدعت کے مرتکب ہو رہے ہو، یا پھر حضور اکرم ﷺ کے صحابہ سے بھی زیادہ فوقیت رکھنے کے مدعی ہو (یعنی جس کام کو صحابہ نے اچھا نہیں سمجھا وہ تمہارے اچھا سمجھنے سے کیسے اچھا ہو سکتا ہے؟)، نیز یہ بھی منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایسی جماعت کو مسجد سے نکلوا دیا جو سب مل کر بیک آواز کلمۂ طیبہ اور درود شریف جہراً پڑھ رہے تھے، اور پھر حضرت عبداللہ ابن مسعود نے ان لوگوں سے فرمایا: "میں تم سب کو بدعتی سمجھتا ہوں"۔ (۱)

بعض لوگ حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے اس عمل سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ ذکر بالجہر بدعت و حرام ہے، حالاں کہ اُن کا یہ استدلال غلط ہے، کیوں کہ علامہ شامی رحمہ اللہ نے حضرت عبداللہ ابن مسعود کے اس عمل کو

نقل کرکے اس کا صحیح محمل یہ لکھا ہے کہ- ہوسکتا ہے حضرت عبداللہ ابن مسعود نے اس لیے منع کیا ہو کہ اس طرح ذکر بالجہر میں کوئی مصلحت نہ ہو- ورنہ ذکر بالجہر فی نفسہ تو جائز ہے، جیسے اذان، خطبہ اور حج میں، اس لیے ذکر بالجہر کے سلسلے میں صحیح بات یہ ہے کہ وہ بلا اختلاف جائز بلکہ مستحب ہے، کیوں کہ اس سے قلب پر ضرب لگتی ہے اور حرارت پیدا ہوتی ہے، جو راہِ سلوک میں معین ہے، البتہ کسی عارض کی وجہ سے ممنوع ہوجائے گا، مثلاً جب ذکر بالجہر سے نمازیوں یا تلاوت کرنے والوں کو اذیت ہو، یا ریا کا خوف ہو، تو ایسی حالت میں آہستہ ذکر کرنا چاہیے۔ (۲)

---

الحجة على ما قلنا :

( ا ) ما في " المعجم الكبير للطبراني " : " ....... فجاء عبد الله ....... ثم قال : أنا ابن أم عبدٍ ، والله لقد جئتم ببدعة ظلماء ، أو قد فَضَلتم على أصحاب محمد ﷺ عِلمًا .." . الخ . (۸/ ۳۲، باب : [۲] ، مصنف عبد الرزاق :۳/ ۲۲۱ ، باب ذكر القصاص ، إحكام الأحكام شرح عمدة الأحكام : ۱/ ۱۲۳ ، باب فضل الجماعة ووجوبها ، موسوعة التخريج : ۱/ ۲۱۰۲۷ ، فتاوى موقع الألوكة :ص/ ۸ ، الذكر الجماعي ، موسوعة البحوث والمقالات العلمية :ص/ ۱۸ ، اتباع لا ابتداع ، بحوالة المكتبة الشاملة)

ما في " روح المعاني " : عن ابن مسعود من أنه رأى قومًا يهللون برفع الصوت في المسجد فقال : " ما أراكم إلا مبتدعين " حتى أخرجهم من المسجد .

(۸/ ۴۷۸ ، طه ، نسخة محققة ، رد المحتار : ۶/ ۳۹۸ ، فرع ، الفتاوى الفقهية الكبرى : ۱/ ۱۷۷ ، باب سجود السهو ، بحواله المكتبة الشاملة)

(۲) ما في " الشامية " : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : أقول : اضطرب كلامُ البزازية ، فنقل أولا عن فتاوى القاضي أنه حرام لما صح عن ابن مسعود أنه أخرج جماعة من المسجد يهللون ويصلون على النبي ﷺ جهرًا ، وقال لهم : " ما

أراكم إلا مبتدعينَ " ثم قال البزازي : وما روي في الصحيح أنه عليه الصلاة والسلام قال لرافعي أصواتهم بالتكبير : " اربعوا على أنفسكم ، إنكم لن تدعوا أصمَّ ولا غائبًا ، إنكم تدعون سميعًا بصيرًا قريبًا أنه معكم " . الحديث يحتمل أنه لم يكن للرفع مصلحة ، فقد روي أنه كان في غزاة ، ولعل رفع الصوت يجرّ بلاء والحرب خدعة ، ولهذا نهى عن الجرس في المغازي ، وأما رفع الصوت بالذكر فجائز كما في الأذان والخطبة والجمعة والحج اهـ . وقد حرر المسألة في الخيرية وحمل ما في فتاوى القاضي على الجهر المضر وقال : إن هناك أحاديث اقتضت طلب الجهر ، وأحاديث طلب الإسرار ، والجمع بينهما بأن ذلك يختلف باختلاف الأشخاص والأحوال ، فالإسرار أفضل حيث خيف الرياء أو تأذي المصلين أو النيام ، والجهر أفضل حيث خلا مما ذكر ، لأنه أكثر عملا ولتعدي فائدته إلى السامعين ، ويوقظ قلب الذاكر فيجمع همه إلى الفكر ، ويصرف سمعه إليه ، ويطرد النوم ويزيد النشاط اهـ . ملخصًا ......... وقد شبه الإمام الغزالي ذكر الإنسان وحده وذكر الجماعة بأذان المنفرد ، وأذان الجماعة قال : فكما أن أصوات المؤذنين جماعة تقطع جرم الهواء أكثر من صوت المؤذن الواحد كذلك ذكر الجماعة على قلب واحد أكثر تأثيرًا في رفع الحجب الكثيفة من ذكر شخص واحد . (٩/٥٧٠ ، ٥٧١ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، بيروت ، ٥/٢٥٥ ، ط : احياء التراث)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وقد اضطرب كلام الحنفية في هذا الأصل ، فنقل عن القاضي أن الجهر بالذكر في غير المواضع التي ورد فيها حرام لما صح عن ابن مسعود رضي الله عنه أنه أخرج جماعة من المسجد يهللون ويصلون على النبي ﷺ جهرًا ، وقال لهم : ما أراكم إلا مبتدعين . وقال في الفتاوى الخيرية : إن ذلك يختلف باختلاف الأشخاص والأحوال ، فالإسرار أفضل حيث خيف الرياء أو تأذّى المصلين أو النيام ، والجهر أفضل حيث خلا مما ذكر . ويستثنى من هذا الأصل مواضع ينبغي فيها الجهر بالذكر ورفع الصوت به ، لما في ذلك من المصالح التي قدرها الشرع في ذلك . (٢١/٢٥١ ، ذكر ، رفع الصوت بالذكر)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أورد صاحب نزل الأبرار الحديث المرفوع : " لا يقعد قوم يذكرون الله إلا حفتهم الملائكة وغشيتهم الرحمة ، ونزلت عليهم السكينة ، وذكرهم الله فيمن عنده " . ثم قال : في الحديث ترغيب عظيم في الاجتماع على الذكر ، فإن هذه الخصائص الأربع في كل واحدة منها ما يثير رغبة الراغبين ، ويقوي عزيمة الصالحين على ذكر الله . (٢١/ ٢٥١ ، ٢٥٢ ، الاجتماع للذكر ، نزل الأبرار : ص/١٧)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : فروع : اختلف هل الإسرار في الذكر أفضل ؟ فقيل : نعم ، ....... وقيل : الجهر أفضل ، ............. ولأنه أكثر عملا وأبلغ في التدبر ونفعه متعدٍ لإيقاظ قلوب الغافلين وجمع بين الأحاديث الواردة بأن ذلك يختلف بحسب الأشخاص والأحوال ، فمتى خاف الرياء أو تأذى به أحد كان الإسرار أفضل ، ومتى فقد ما ذكر كان الجهر أفضل . قال في الفتاوى : لا يمنع من الجهر بالذكر في المساجد احترازًا عن الدخول تحت قوله تعالى : ﴿ومن أظلم ممن منع مسٰجد الله أن يذكر فيها اسمه﴾ [البقرة : ٢] . كذا في البزازية . ونص الشعراني في ذكر الذاكر للمذكور والشاكر للمشكور ما لفظه وأجمع العلماء سلفًا وخلفًا على استحباب ذكر الله تعالى جماعة في المساجد ، وغيرها من غير نكير إلا أن يشوش جهرهم بالذكر على نائم أو مصل أو قارئ قرآن كما هو مقرر في كتب الفقه . (ص/٣١٨ ، كتاب الصلاة ، فصل في صفة الأذكار ، ط : مكتبة شيخ الهند ، ص/١٧٤ ، ط : مصطفى الحلبي ، بريقة محمودية : ٤/٥٤ ، ط : مصطفى الحلبي ، الموسوعة الفقهية : ١٦/ ١٩٥ ، الجهر والإسرار بالأذكار)

ما في " سباحة الفكر في الجهر بالذكر " : فهذه أحاديث صحيحة يظهر منها ومن نظائرها صراحةً أو إشارةً : أن الكراهة في الجهر بالذكر ، بل فيها ما يدل على جوازه أو استحبابه ، كيف لا ، والجهر بالذكر له اثر في ترقيق القلوب ما ليس في السر ، نعم الجهر المفرط ممنوع شرعًا ، وكذا الجهر الغير المفرط إذا كان فيه إيذاء لأحد من نائم أو مصل أو حصلت فيه شبهة رياء ، أو لوحظت خصوصيات غير مشروعة ، أو

التزم كالتزام الملتزمات . الخ . (ص/۳۴ ، الباب الأول في حكم الجهر بالذكر ، ملحقه برسائل اللكنوي : ۳/ ۴۹۰ ، إدارة القرآن كراچی)

(نظام الفتاویٰ:۲/۴/۴۰ ،فتاویٰ محمودیہ:۴/۴۳۴ ،ط: کراچی)

## دینی کتاب کو پیر لگنے پر اُسے چومنا

**مسئله** (۱۹۷): بسا اوقات کسی دینی، یا ایسی ہی عام کتاب کو کسی کا پیر لگ جاتا ہے، تو وہ اُس کے احترام کے لیے اُسے چومتا ہے، بعض لوگ اِس چومنے کو لازم- اور اپنی اِس غلطی کا کفارہ خیال کرتے ہیں، جب کہ اِس طرح کی غلطی کے لیے محض احساسِ ندامت اور آئندہ اِس طرح کی بے ادبی نہ ہو، اِس کا عزم کافی ہے، چومنے کو لازم یا کفارہ سمجھنا غلط ہے۔ [1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿واستغفروا ربكم ثم توبوا إليه إن ربي رحيمٌ ودود﴾ . (هود : ۹۰)

ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها ، عن النبي ﷺ قال : " فإن العبد إذا اعترف ثم تاب ، تاب الله عليه " . (ص/۷۳۵ ، كتاب المغازي ، باب حديث الإفک ، رقم الحديث : ۴۱۴۱ ، صحيح مسلم : ۹/ ۵۴، كتاب التوبة ، حديث الإفک ، بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التوبة هي : النّدَم والإقلاعُ عن المعصية من حيث هي معصية ، لا - لأن فيها ضررًا لبدنه وماله ، والعزم على عدم العود إليها ، إذا قدر ........... وعرّفها الغزالي بأنها : العلم بعظَمة الذنوب ، والنَّدَم والعزم على الترک في الحال والاستقبال ، والتلافي للماضي . ......... وقد تُطلق التوبة على الندم وحدَهُ

............ ولهذا قال النبي ﷺ : " النَّدَم توبةٌ " . والندَم توجُّعُ القلب وتحزّنه لِما فعل وتمنّي كونه لم يفعل . (۱۱۹/۱۴ ، توبة ، حاشية الصاوي على الشرح الصغير ، بلغة السالک ، ۷۳۸/۴ ، ط: دار المعارف ، روح المعاني :۱۵۸/۲۸ ، ط: احياء التراث ، احياء علوم الدين للغزالي :۳/۴ ، ط : مصطفى الحلبي)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۷۹۷۴۲)

# کتاب الطهارة

## پاکی کے مسائل

### تکبیر کے وقت مسواک

**مسئلہ**(۱۹۹): آپ ﷺ کا ارشادِ گرامی: ''اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ میں امت کو مشقت میں ڈالوں گا، تو ہر نماز کے وقت مسواک کا حکم دیتا'' - یہ الفاظ صاف بتاتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم نہیں دیا، دوسری روایت میں ''عند کل وضوء'' کے الفاظ ہیں، اِس سے - پہلی روایت کا مفہوم اور بھی واضح ہوجاتا ہے کہ آپ ﷺ نے ہر نماز سے پہلے وضو کرنے اور ہر وضو کی ابتدا مسواک سے کرنے کی ترغیب دی ہے، جب کہ عین نماز کی تکبیر کے وقت مسواک کرنے سے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں دانتوں سے خون نکل آئے، جیسا کہ کچے مسوڑھے والوں کے ساتھ ہوتا ہے، ظاہر ہے - اِس صورت میں دوبارہ وُضو کرنا ہوگا، پھر اگر مسواک کی طرح مسواک کی جائے، تو منہ صاف کیے بغیر مسواک کے ٹوٹے ہوئے اَجزاء کے ساتھ نماز پڑھنی ہوگی، جو نظافت کے خلاف اور خشوع وخضوع کے منافی ہے، اِس لیے مسواک کے سلسلے میں درست طریقہ یہ

ہے کہ وُضو کرتے وقت مسواک کرکے اُسی وقت منہ صاف کرلیا جائے، اور بعد میں نماز ادا کی جائے، نہ یہ کہ صف میں کھڑے کھڑے تکبیر کے وقت مسواک کی جائے، جیسا کہ بعض لوگ کیا کرتے ہیں۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " لولا أن أشقّ على أمتي لأمرتهم بالسواک عند كلّ صلاة " . (۱/۳۷ ، رقم الحديث : ۲۲ ، أبواب الطهارة ، باب ما جاء في السواک ، ط : بيروت)

ما في " العرف الشذي " : اختلف في أن السواک من سنن الوضوء أو الصلاة ، قال أبو حنيفة بالأول . ......... وتأول بعض في الروايات التي فيها لفظ الصلاة بأن المراد بالصلاة الوضوء . .......... وقال في رد المحتار : إن ثمرة الخلاف تظهر في رجل توضأ بالسواک وصلى الثانية والثالثة بالوضوء الأول ، فعندنا قد أدّى السنة . ....... وغاية ما في الباب اختلاف النظر لا العمل ، أي هل هو سنة الوضوء أو سنة الصلاة ؟ فالحنفية لما رأوه أليق بالتطهير ألحقوه بالوضوء ، ولنا على هذا ما أخرجه الطحاوي أنه عليه الصلاة والسلام كان يتوضأ لكل صلاة ولو كان على وضوء ، فأتاه جبريل فقال : " يجزيک السواک عند كل صلاة " فدل على كون السواک من أجزاء الوضوء . (۱/۶۶ ، رقم الحديث : ۲۲ ، ط : احياء التراث)

ما في " تحفة الأحوذي " : (عند كل صلاة) قال القاري في المرقاة : أي عند وضوئها ، لما روى ابن خُزيمة في صحيحه والحاكم وقال : صحيح الإسناد ، والبخاري تعليقًا في كتاب الصوم عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " لولا أن أشقّ على أمتي لأمرتهم بالسواک عند كل وضوء " ولخبر أحمد وغيره : " لولا أن أشقّ على أمتي لأمرتهم بالسواک عند كل طهور " . (۱/۱۰۶ ، رقم الحديث : ۲۲ ، ط : احياء التراث)

ما في " اعلاء السنن " : عن أبي هريرة – رضي الله عنه – عن رسول الله ﷺ أنه قال

: " لولا أن أشقّ على أمتي لأمرتهم بالسواك عند كل وضوء " . أخرجه مالك وأحمد والنسائي ، وصححه ابن خزيمة ، وذكره البخاري تعليقًا ، كذا في بلوغ المرام . (١/٤٤ ، ٤٥ ، رقم الحديث :١٣ ، باب سنية السواك)

وفيه أيضًا : عن علي – رضي الله عنه – قال : قال رسول الله ﷺ : " لولا أن أشقّ على أمتي لأمرتهم بالسواك مع كل وضوء " . رواه الطبراني في الأوسط ، وفيه ابن اسحاق وهو ثقة مدلّس ، وقد صرح بالتحديث ، وإسناد حسن . مجمع الزوائد . [١/٨٩] . (١/٤٧ ، رقم الحديث :١٥)

وفيه أيضًا : عن عائشة – رضي الله عنها – أن رسول الله ﷺ قال : " لولا أن أشقّ على أمتي لأمرتهم بالسواك مع الوضوء عند كل صلاة " . رواه ابن حبان في صحيحه . التلخيص الحبير . [١/٢٣] .

(١/٤٧ ، رقم الحديث : ١٦ ، باب سنية السواك)

وفيه أيضًا : وأما ما أخرجه الجماعة عن أبي هريرة مرفوعًا : " لولا أن أشقّ على أمتي لأمرتهم بالسواك عند كل صلاة " . اهـ . كما في نيل الأوطار [١/١٠١] ، فلفظ "عند كل صلاة " فيه مضاف مقدر – أي عند وضوء كل صلاة ، والأحاديث المذكورة مفسرة لهذا الحديث ، لا سيما حديث ابن حبان ، وأيضًا الاستياك حكم معقول المعنى ، ويدل عليه آخر أحاديث الباب ، وهو يقتضي أن يكون السواك مع الوضوء ، لا عند الصلاة ، فإن التطهير يحصل بالوضوء . فافهم .

فإن قيل : يمكن العمل ههنا بالمطلق على إطلاق ، وبالمقياس على تقييده فيستاك عند الوضوء وعند الصلاة أيضًا ، قلنا : لا يمكن إذا لوحظ المعنى ، فإن الطهارة بالسواك لما حصلت بالاستياك في الوضوء فالاستياك بعد ذلك عند الصلاة لغوًا ، وتحصيلا للحاصل .

وفي لفظ : " عند كل صلاة " إشارة إلى أنه تطهير الفم مقصود للصلاة ، ولفظ : " مع كل وضوء " إلى أن محل الاستياك هو الوضوء . تأمل .

(١/٤٦ ، تحت رقم الحديث :١٣ ، باب سنية السواك ، ط : بيروت)

## دھوپ میں گرم ہوئے پانی سے وضو اور غسل

**مسئلہ** (۹۹): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ جو پانی دھوپ میں گرم ہوگیا ہو، اُس سے وضو اور غسل کرنا صحیح نہیں ہے، اُن کا یہ خیال درست نہیں ہے، کیوں کہ عند الاحناف دھوپ سے گرم پانی کے استعمال کی کراہت مختلف فیہ ہے، اور راجح قول مکروہِ تنزیہی کا ہے، یہ کراہت بھی اُس وقت ہے جب کہ گرم علاقہ میں، گرم وقت میں، اور سونے چاندی کے سوا کسی دوسری دھات کے برتن میں، گرم ہونے کی حالت ہی میں اُسے استعمال کیا جائے، اور اگر ایسی صورت نہ ہو، تو اس کا استعمال بلا کراہت درست ہے۔ [1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن الدار قطني " : عن عائشة قالت : نهى رسول الله ﷺ أن يتوضأ بالماء المشمش أو يغتسل به ، وقال : إنه يورث البرص .

(۱/ ۴۴ ، باب الماء المسخن ، رقم الحديث : ۸۴)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (بماء قصد تشميسه بلا كراهة) وكراهته عند الشافعي طبية . التنوير وشرحه . وفي الشامية : قوله : (قصد تشميسه) قيد اتفاقي لأن المصرح به في كتب الشافعية أنه لو تشمس بنفسه كذلک . قوله : (وكراهته الخ) أقول : المصرح به في شرحي ابن حجر والرملي على المنهاج أنها شرعية تنزيهية لا طبية ، ثم قال ابن حجر : واستعماله يخشى منه البرص كما صح عن عمر رضي الله عنه ، واعتمده بعض محققي الأطباء لقبض زهومته على مسام البدن فتحبس الدم ، وذكر شروطه كراهته عندهم ، وهي أن يكون بقطر حار وقت الحرّ في اناء منطبع غير نقد ، وأن يستعمل وهو حارّ . أقول : وقدمنا في مندوبات الوضوء عن الإمداد أن منها

أن لا يكون بماء مشمس ، وبه صرح في الحلية مستدلا بما صح عن عمر من النهي عنه ، ولذا صرح في الفتح بكراهته ، ومثله في البحر ، وقال في معراج الدراية وفي القنية : وتكره الطهارة بالمشمس لقوله ﷺ لعائشة رضي الله عنها حين سخنت الماء بالشمس : " لا تفعلي يا حُميراء ، فإنه يورث البرص " . وعن عمر مثله ، وفي رواية لا يكره ، وبه قال احمد ومالك ، والشافعي : يكره أن قصد تشميسه ، وفي الغاية : وكره بالمشمس في قطر حارّ في أوان منطبعه ، واعتبار القصد ضعيف ، وعدمه غير مؤثر ، اهـ . ما في المعراج فقد علمت أن المعتمد الكراهة عندنا لصحة الأثر وأن عدمها رواية ، والظاهر أنها تنزيهية عندنا أيضًا ، بدليل عده في المندوبات ، فلا فرق حينئذ بين مذهبنا ومذهب الشافعي ، فاغتنم هذا التحرير .

(١/٣٢٤ ، ٣٢٥ ، كتاب الطهارة ، باب المياه ، بيروت)

ما في " نصب الراية " : ما ورد في الماء المشمس ورد مرفوعًا من حديث عائشة ومن حديث أنس ، وموقوفًا على عمر ، أما حديث عائشة فله خمس طرق ، أحدها : عند الدار قطني ثم البيهقي في سننهما عن خالد بن اسماعيل عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة ..... قال الدار قطني : خالد بن اسماعيل متروك . الثانية : عند ابن حبان في كتاب الضعفاء عن أبي البختري وهب بن وهب عن هشام به قال ابن عدي : هو شر من خالد . الثالثة : عند الدار قطني عن الهيثم عن عدي عن هشام به ..... الرابعة : عند الدار قطني عن عمرو بن محمد الأعشم عن فليح عن عروة عن عائشة ....... وذكر ابن الجوزي هذا الحديث من هذه الطرق الأربعة في الموضوعات . الطريق الخامس : رواه الدار قطني في كتابه غرائب مالك من حديث اسماعيل بن عمرو الكوفي عن ابن وهب عن مالك عن هشام به ..... قال الدار قطني : هذا باطل عن مالك ، وعن ابن وهب ..... وأما حديث أنس فرواه العقيلي في كتاب الضعفاء من حديث علي بن هشام الكوفي حدثنا سوادة عن أنس ...... قال العقيلي : وسوادة عن أنس مجهول ، وحديثه غير محفوظ ، ولا يصح في الماء المشمس حديث مسند ، إنما هو شيء يروى من قول عمر . انتهى . ومن طريق العقيلي رواه ابن الجوزي في

الموضوعات ، واما موقوف عمر ، فرواه الشافعي : أخبرنا ابراهيم بن محمد الأسلمي ، أخبرني صدقة بن عبد الله عن أبي الزبير عن جابر أن عمر كان يكره الاغتسال بالماء المشمس ، وقال : إنه يورث البرص ، انتهى ، ومن طريق الشافعي رواه البيهقي . (۱/۱۵۱ ، ۱۵۲ ، كتاب الطهارة ، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لا يجوز ، الموسوعة الفقهية : ۳۹/۳۶۴) (احسن الفتاویٰ:۲/۴۴،کتاب المسائل:۱/۹۴)

## پیروں کے شگاف میں پانی پہنچانا

**مسئلہ** (۶۲): سردی کے موسم میں ہاتھ پاؤں کے اندر شگاف پڑ جاتے ہیں، ایسی حالت میں اگر یہ دوائی وغیرہ سے بھر دیئے جائیں، اور وضو کرتے وقت اُن کے اندر پانی پہنچنے سے نقصان کا خطرہ ہو تو ایسی صورت میں ہاتھ پاؤں کی جلد پر صرف پانی کا بہانا کافی رہے گا، ان شگافوں کے اندر پانی پہنچانا لازم نہیں۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : فروع : في أعضائه شقاق غسله إن قدر وإلا مسحه . الدر المختار . قال ابن عابدين الشامي رحمه الله : ولو كان في رجله فجعل فيه الدواء يكفيه إمرار الماء فوقه ولا يكفيه المسح .

(۱/۱۹۵ ، كتاب الطهارة ، مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام)

ما في " غنية المتملي المشتهر بشرح الكبير للحلبي " : (وإذا كان برجله شقاق فجعل فيه الشحم) أو المرهم (إن كان لا يضره إيصال الماء لا يجوز غسله ووضوءه وإن كان يضره يجوز) إذا أمرّ الماء على ظاهر ذلك . (ص/۴۹ ، فرائض الغسل)

ما في " خلاصة الفتاوى " : لو جعل الشحم في شقاق الرجل وغسل رجله ولم يصل

الماء إليه جاز إن كان يضره إيصال الماء إليه . (۱/۲۳ ، كتاب الطهارات ، سنن الوضوء)
ما في " التاتارخانية " : وإن كان برجله شقاق فجعل فيها الشحم وغسل الرجل ولم يصل الماء إلى ما تحته ينظر إن كان يضر إيصال الماء إلى ما تحته يجوز ، وإن كان لا يضره لا يجوز . (۱/۴۵ ، كتاب الطهارة ، قبيل نوع منه في تعليم الوضوء)
(فتاویٰ حقانیہ:۲/۵۱۸)

## ووٹر کی انگشت پر روشنائی مانع وضو ہے یا نہیں؟

**مسئلہ (۹۲)**: ووٹنگ کے وقت حکومتی انتخابی عملہ ووٹر کی انگشت پر روشنائی لگاتا ہے، تاکہ ووٹر دھوکہ دے کر دوبارہ ووٹ نہ ڈال سکیں، انگشت پر لگائی جانے والی یہ روشنائی دھونے پر بھی آسانی سے نہیں نکلتی، بلکہ کئی دنوں تک باقی رہتی ہے، اس کے انگلی پر لگے رہنے کی حالت میں وضو وغسل صحیح ہے، کیوں کہ وہ تہہ دار نہ ہونے کی وجہ سے وضو اور غسل میں بدن تک پانی پہنچنے کو نہیں روکتی۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يضر بقاء أثر كلون وريح .
(۱/۵۳۷ ، كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، بيروت)
ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : (وشرط صحته) أي الوضوء (ثلاثة) ...... الثالث زوال ما يمنع وصول الماء إلى الجسد لجرمه الحائل كشمع وشحم قيد به لأن بقاء دسومة الزيت ونحوه لا يمنع لعدم الحائل . (ص/۶۲ ، كتاب الطهارة)
ما في " البحر الرائق " : لو صبغ ثوبه أو يده بصبغ أو حناء نجسين فغسل إلى أن صفا الماء يطهر مع قيام اللون . (۱/۴۱۱ ، فتح القدير : ۱/۲۰۹) (کتاب المسائل:۱/۱۳۶)

## جنابت کی حالت میں نکلنے والا پسینہ

**مسئلہ** (۹۶): بعض لوگ حالتِ جنابت میں نکلنے والے پسینہ کو ناپاک خیال کرتے ہیں کہ اگر وہ کپڑوں پر لگ جائے، یا ماءِ قلیل میں گر جائے تو کپڑا اور پانی ناپاک ہوجاتا ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ حالتِ جنابت میں نکلنے والا پسینہ پاک ہے، اس کے کپڑے پر لگ جانے اور پانی میں گر جانے سے کپڑا اور پانی ناپاک نہیں ہوں گے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : (والعرق كالسؤر) قال ابن نجيم : .......... أي عرق كل شيء معتبر بسؤره طهارة ونجاسة وكراهة ، لأن السؤر مختلط باللعاب وهو والعرق متولدان من اللحم .................. (وسؤر الآدمي والفرس وما يؤكل لحمه طاهر) أما الآدمي فلأن لعابه متولد من لحم طاهر وإنما لا يؤكل لكرامته ولا فرق بين الجنب والطاهر والحائض والنفساء . (۱/ ۲۲۱ ، ۲۲۲ ، كتاب الطهارة)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (فسؤر الآدمي مطلقًا) ولو جنبًا أو كافرًا ...... .................. وحكم (عرق كسؤر) . التنوير وشرحه . وفي الشامية : أي العرق من كل حيوان حكمه كسؤره لتولد كل منهما من اللحم .

(۱/ ۳۸۱ ، ۳۸۹ ، كتاب الطهارة ، باب المياه ، مطلب في السؤر)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الفقهاء إلى طهارة عرق الإنسان مطلقًا ، لا فرق في ذلك بين المسلم والكافر ، الصاحي والسكران والطاهر والحائض والجنب .

(۳۰/ ۶۲)

(کتاب المسائل: ۱/ ۹۹)

# بالوں پر "جیل کریم" ہوتے ہوئے مسح

**مسئلہ(۱۳۷):** آج کل بالوں پر لگانے کے لیے ایک کریم بنام "جیل کریم" مارکیٹ میں دستیاب ہے، وہ بالوں کے ظاہر تک پانی پہنچنے سے مانع نہیں ہوتی، کیوں کہ لگانے کے بعد وہ تیل کی طرح ہوجاتی ہے، اس لیے اس کے ہوتے ہوئے سر کے بالوں کا مسح بلاشبہ درست ہوگا۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : ولا يمنع الطهارة ونيم .... ورن ووسخ عطف تفسير ، وكذا دهن ودسومة . التنوير . وفي الشامية : قوله : (ودسومة) هي أثر الدهن ، قال في الشرنبلالية : قال المقدسي : وفي الفتاوى : دهن رجليه ثم توضأ وأمرّ الماء على رجليه ولم يقبل الماء للدسومة جاز لوجود غسل الرجلين .

(۱/۲۵۸ ، كتاب الطهارة ، مطلب في أبحاث الغسل ، ط : ديوبند)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : والثالث زوال ما يمنع وصول الماء إلى الجسد لجرمه الحائل كشمع وشحم قيد به ، لأن بقاء دسومة الزيت ونحوه لا يمنع لعدم الحائل . (ص/۶۲ ، كتاب الطهارة ، فصل في أحكام الوضوء)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا دهن رجليه ثم توضأ وأمرّ الماء على رجليه فلم يقبل الماء لمكان الدسومة جاز الوضوء . كذا في الذخيرة .

(۱/۵ ، كتاب الطهارة ، الفصل الأول في فرائض الوضوء)

ما في " الفتاوى الولوالجية " : إذا ادّهن رجل وأمرّ الماء على رجله ، ولم يسل الماء لمكان الدسومة جاز الوضوء ، لأنه وجد غسل الرجل .

(۱/۴۹ ، كتاب الطهارة ، الفصل الثالث في المعاني الموجبة للوضوء وغيره)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۲۹۱۷)

# پلاسٹک کے خول والے دانتوں کا غسل میں حکم

# كتاب الزكوة

## کھیتی میں نقصان کی صورت میں عشر

**مسئلہ**(۱۸۹): بعض مرتبہ کھیتی میں نقصان ہوجاتا ہے، مثلاً خرچ پانچ ہزار(5,000) روپئے آیا، اور غلہ چار ہزار (4,000) کا پیدا ہوا، تو اس صورت میں بھی کل پیداوار کا عُشر یا نصف عشر واجب ہوگا، اگر زمین عشری ہے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : بلا رفع مؤن أي كلف الزرع وبلا إخراج البذر لتصريحهم بالعشر في كل الخارج . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله : قوله : (بلا رفع مؤن) أي يجب العشر في الأول ونصفه في الثاني بلا ربع أجرة العمال ونفقة البقر وكرى الأنهار وأجرة الحافظ ونحو ذلك . (۲۴۵/۳ ، كتاب الزكاة ، باب العشر ، مطلب مهم في حكم أراضي مصر والشام السلطانية)

ما في " بدائع الصنائع " : ولا يحتسب لصاحب الأرض ما أنفق على الغلة من سقي أو عمارة أو أجر الحافظ أو أجر العمال أو نفقة البقر لقوله ﷺ : " ما سقته السماء ففيه العشر ، وما سقي بغرب أو دالية أو سانية ففيه نصف العشر ، أوجب العشر ونصف العشر مطلقًا عن احتساب هذه المؤن ، ولأن النبي ﷺ أوجب الحق على التفاوت لتفاوت المؤن ، ولو رفعت المؤن لارتفع التفاوت .

(۱۸۵/۲ ، كتاب الزكاة ، فصل وأما بيان مقدار الواجب)

ما في " الهداية " : وكل شيء أخرجته الأرض مما فيه العشر لا يحتسب فيه أجر العمال ونفقة البقرة ، لأن النبي ﷺ حكم بتفاوت الواجب لتفاوت المؤنة ، فلا معنى

لرفعها . (۱/ ۲۰۲ ، ۲۰۳، کتاب الزکاۃ ، باب زکاۃ الزرع والثمار)
(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۶/ ۱۷۳)

# کتاب الصوم

## نفل روزہ

**مسئلہ (۷۳):** نفل روزہ شروع کرنے کے بعد واجب ہو جاتا ہے، لہٰذا شدید عذر کے بغیر توڑنا صحیح نہیں، ہاں! اگر کوئی شدید ضرورت پیش آجائے تو اس وقت توڑنے کی اجازت ہوگی، لیکن توڑنے کے بعد اس کی قضا رکھنا واجب ہوگا۔[1]

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوی الهندية " : ذکر الرازي عن أصحابنا أن الافطار بغیر عذر في صوم التطوع لا یحل ، هکذا في الکافي ، وهو الأصح ، کذا في المحیط السرخسي ، وهو ظاهر الروایة ، هکذا في النهر الفائق . (۱/ ۲۰۸ ، الباب الخامس في الأعذار التي تبیح الافطار)

وفیه أیضًا : وإذا نوی الصوم للقضاء بعد طلوع الفجر حتی لا تصح نیته عن القضاء یصیر شارعًا في التطوع ، فإن أفطر یلزمه القضاء ، کذا في الذخیرة . (۱/ ۱۹۷ ، قبیل الباب الثاني في رؤیة الهلال)

ما في " الهدایة " : ومن دخل في صلاة التطوع أو في صوم التطوع ثم أفسده قضاه .
(۱/ ۲۲۳ ، کتاب الصوم ، باب ما یوجب القضاء والکفارة)

ما في " التنویر وشرحه مع الشامية " : ولزم نفل شرع فیه قصدًا کما في الصلاة ، فلو شرع ظنًا فأفطر ، أي فورًا فلا قضاء ، أما لو مضی ساعة لزمه القضاء ، لأنه بمضیها

صار كأنه نوى المضى عليه في هذه الساعة . التنوير وشرحه . وفي الشامية : قوله : (فلا قضاء) يرد عليه ما لو نوى صوم القضاء نهارًا فإنه يصير متنفلا وإن أفطر يلزمه القضاء كما إذا نوى الصوم ابتداء . (۳/۳۶۶ ، ۳۶۷ ، كتاب الصوم ، فصل في العوارض) (آپ کے مسائل اوران کا حل:۴/۵۹۳)

## نفل روزے کے لیے سحری

**مسئلہ(۷۲):** بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ نفل روزہ کے لیے سحری کرنا اور رات سے نیت کرنا ضروری ہے، بغیر سحری ،اور رات سے نیت نہ کرنے سے روزہ درست نہیں ہوتا، اُن کا یہ خیال صحیح نہیں ہے، کیوں کہ فرض روزہ کی طرح نفل روزہ کے لیے بھی سحری کرنا اور رات سے نیت کرنا مستحب ہے،ضروری نہیں، اس لیے نفل روزہ بھی بغیر سحری کے اور نصف نہار شرعی سے پہلے نیت کر لینے سے درست ہو جائے گا۔(۱)

**نوٹ:-** نصف نہار شرعی: صبح صادق سے غروبِ آفتاب تک کے کل وقت کا نصف حصہ ہے۔

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الصحيح لمسلم " : عن أنس رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " تسحّروا ، فإن في السحور بركة " . (۱/۳۵۰ ، كتاب الصيام ، باب فضل السحور وتاكيد استحبابه الخ ، رقم الحديث : ۱۰۹۵ ، صحيح البخاري : ۱/۲۵۷ ، كتاب الصوم ، باب بركة السحور من غير ايجاب ، رقم الحديث : ۱۹۲۳ ، جامع الترمذي : ۱/۱۵۰ ، كتاب الصوم ، باب ما جاء في فضل السجود ، رقم الحديث : ۷۰۸ ،

سنن ابن ماجة : ص/ ۱۲۱ ، كتاب الصيام ، باب ما جاء في السحور ، رقم الحديث : ۱٦۹۲)

ما في " المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج " : فيه الحثّ على السحور ، وأجمع العلماء على استحبابه وأنه ليس بواجب . (۴/۴۳۰ ، تحت رقم : ۱۰۹۵ )

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : فيصح أداء صوم رمضان والنذر المعين والنفل من الليل .. إلى الضحوة الكبرى لا بعدها ولا عندها اعتبارا لأكثر اليوم . التنوير وشرحه . وفي الشامية : قوله : (إلى الضحوة الكبرى) المراد بها نصف النهار الشرعي ، والنهار الشرعي من استطارة الضوء في أفق المشرق إلى غروب الشمس والغاية غير داخلة في المغيّا كما أشار إليه المصنف بقوله : " لا عندها " ... قال في " الهداية " : وفي الجامع الصغير : قبل نصف النهار وهو الأصح ، لأنه لا بد من وجود النية في أكثر النهار ، ونصفه من وقت طلوع الفجر إلى وقت الضحوة الكبرى لا وقت الزوال ، فتشترط النية قبلها لتتحقق في الأكثر . (۳/۳۰۴ ، كتاب الصوم ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ص/ ٦۴۲ ، ٦۴۳ ، كتاب الصوم ، فصل فيما لا تشترط تبييت النية وتعيينها الخ ، الفتاوى الهندية : ۱/۱۹۵ ، ۱۹٦ ، كتاب الصوم ، الباب الأول في تعريفه وتقسيمه وسببه ووقته وشرطه)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۲۵۵۳، کتاب الفتاویٰ:۳/۴۰۴)

## بچوں کی روزہ کشائی کی رسم

**مسئلہ (۱۸٦):** بعض لوگ رمضان المبارک کے مہینے میں بچوں کو روزہ رکھوا کر روزہ کشائی کراتے ہیں، اور اپنے گھروں میں بہت سی غیر ضروری چیزوں کا اہتمام کرتے ہیں، شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں ہے، صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے میں روزہ کشائی کا کوئی اہتمام نہیں تھا، البتہ اگر بچے کا دل بڑھانے کے لیے روزہ مرہ کی بہ نسبت افطاری میں کچھ اضافہ کرلیا جائے، تو اس

میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔[1]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضی الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/ ۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم الحديث : ۲۶۹۷ ، الصحيح لمسلم : ۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، السنن لأبي داود :ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم الحديث : ۴۶۲۲ ، السنن لإبن ماجة :ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح :ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود . (۱۳/۳۳ ، رقم الحديث : ۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً . (۲/۲۵۶ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

## غیر مسلم کی طرف سے افطار پارٹی

**مسئلہ**(۱۸۷): اگر کوئی غیر مسلم، مسلمانوں کو افطاری کی دعوت دے، اور بظاہر اس کا مال، حرام یا غصب کا نہ ہو، تو اس کے افطار کی دعوت قبول کرنے کی گنجایش ہے، مگر اس بات کا خیال رکھا جائے کہ اس قسم کی افطار پارٹیوں میں بکثرت شرکت کرکے، رمضان المبارک جیسے بابرکت اوقات اور عبادات کو ضائع

نہ کیا جائے، کہ یہ ہمارا بہت بڑا خسارہ ہے[۱]، لیکن اگر کسی دلیل سے یہ ظاہر ہو کہ اس کا مال حرام[۲] یا غصب[۳] کا ہے، تو اس کی دعوت قبول نہ کی جائے، اور حکمت کے ساتھ اُسے یہ بتایا جائے کہ آپ کے جو ذرائعِ آمدنی ہیں، ہمارے دین ومذہب کے اعتبار سے وہ صحیح نہیں ہیں، اس لیے ہم اس دعوت کے قبول کرنے سے معذور ہیں، لیکن اگر وہ اس پر مصر ہو، یا اس کی دعوت قبول نہ کرنے کی صورت میں کسی فتنہ وفساد کا اندیشہ ہو، تو اس سے یہ کہا جائے کہ آپ پیسہ دے دیجیے، ہم اس سے کھانے کا نظم کرلیں گے، پھر اس کے ان روپیوں سے کھانا وغیرہ پکا کر، یا خرید کر، غرباء ومساکین کو کھلا دیا جائے۔

---

الحجة علی ما قلنا :

( ا ) ما في " القرآن الکریم " : ﴿یا أیها الرسل کلوا من الطیبٰت واعملوا صٰلحًا﴾ .

(سورة المؤمنون : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : عن أبي هریرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " یا أیها الناس ! إن اللهَ طیبٌ لا یقبل إلا طیبًا ، وإن الله تعالی أمر المؤمنین بما أمر به المرسلین ، فقال : ﴿یا أیها الرسل کلوا من الطیبٰت واعملوا صٰلحًا﴾ وقال : ﴿یا أیها الذین آمنوا کلوا من طیبٰت ما رزقناکم﴾ ثم ذکر الرجل یطیل السفر أشعث أغبر ، ومطعمه حرام ، ومشربه حرام ، وملبسه حرام، وغُذي بالحرام ، یمد یدیه إلی السماء یا رب یا رب ، فأنی یستجاب لذلک ، وتقدیم الأمر بأکل الحلال ، لأن أکل الحلال معین علی العمل الصالح . (۱۰/ ۶۰ ، سورة المؤمنون : ۵۱)

ما في " کنز العمال " : " من أکل لقمة من حرام لم تقبل له صلاة أربعین لیلة ، ولم تستجب له دعوة أربعین صباحًا ، وکل لحم نبت من الحرام فالنار أولی به ، وإن

اللقمة الواحدة من الحرام لَتُنبِتُ اللحم " . (الديلمي عن ابن مسعود)
(٨/٤ ، كتاب البيوع ، قسم الأقوال ، رقم الحديث : ٩٢٦٢)
ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي بكر أن رسول الله ﷺ قال : " لا يدخل الجنة جسدٌ غذِي بالحرام " . رواه البيهقي في شعب الإيمان . (ص/٢٤٣ ، كتاب البيوع ، باب الكسب وطلب الحلال ، الفصل الثالث ، رقم الحديث : ٢٧٨٧)
(٢) ما في " الموسوعة الفقهية " : والحرام – نقيض الحلال ، يقال : حرُم عليه الشيء حرمةً وحرامًا ، والحرام ما حرّم الله . اهـ . (٢٠٥/١٠)
وفيه أيضًا : يظهر من الاستقراء وتتبّع تعليلات فقهاء المذاهب فيما يحكُمون بحرمة أكله أنه يحرم أكل الشيء مهما كان نوعَه لأحد أسباب خمسة :
............................ السبب الخامس : عدم الإذن شرعًا لحق الغير ، من أمثلة هذا السبب أن يكون الطعام غير مملوك لمن يريد أكله ، ولم يأذن له فيه مالكه ولا الشارع ، وذلك المغصوب أو المسروق ، أو المأخوذ بالقمار أو بالبغاء . اهـ . (١٢٥/٥ – ١٢٧ ، ما يحرم أكله لأسباب مختلفة ، أطعمة)
(٣) ما في " الموسوعة الفقهية " : الغصب لغة : هو أخذ الشيء ظلمًا وقهرًا ..... واصطلاحًا : عرّفه أبو حنيفة وأبو يوسف بأنه : إزالة يد المالك عن ماله المتقوّم على سبيل المُجاهرة والمغالبة بفعل في المال . وعرّفه المالكية بأنه : أخذ مالٍ قهرًا تعدّيًا بلا حِرابة . وعرّفه الشافعية بأنه : الاستيلاء على حق الغير عدوانًا أي بغير حق . وعرّفه الحنابلة بأنه : الاستيلاء على مال الغير قهرًا بغير حق . (٢٢٨/٣١ ، غصب)
وفيه أيضًا : الغصب حرامٌ إذا فعله الغاصب عن علمه لأنه معصية ، وقد ثبت تحريمه بالقرآن والسنة والإجماع . أما القرآن الكريم – فقول الله تعالى : ﴿يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل إلا أن تكون تجارة عن تراض منكم﴾ . [النساء : ٢٩] . وأما السنة الشريفة – فمنها قوله ﷺ : " إن دماء كم وأموالكم وأعراضكم حرامٌ عليكم كحرمة يومكم هذا ، في بلدكم هذا ، في شهركم هذا " . وقوله : " لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفسه " . وأما الإجماع – فقد أجمع المسلمون على تحريم

الغصب ، وإن لم يبلغ المغصوب نصاب سرقة . (۲۲۹/۳۱ ، ۲۳۰، الحکم التکلیفي ، غصب) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۳۶۱۸۸)

## ''رمضان مبارک'' کہہ کر مبارکباد دینا

**مسئلہ**(۱۸۸): رمَضان المبارک کی آمد پر لوگ ایک دوسرے کو'' رمضان مبارک ، رمضان مبارک'' کہہ کر مبارکبادی دیتے ہیں، اس طرح مبارکبادی دینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، کیوں کہ نبی اکرم ﷺ اِس ماہ کے آنے پر اپنے اصحاب کوخوش خبری دیا کرتے تھے، اُنہیں اِس ماہ میں اعمالِ صالحہ پر اُبھارتے تھے،یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ کی اقتدا میں ہمارے بزرگانِ دین بھی ماہِ رمضان المبارک کی آمد پر ایک دوسرے کوخوش خبری دیا کرتے تھے، نیز اِس ماہ کی آمد پر ایک دوسرے کومبارکبادی دینا، اوراس کی آمد پر خوش ہونا، یہ دونوں باتیں نیک کاموں میں رغبت وشوق پر دلالت کرتی ہیں، اِس لیے بھی اِس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ (۱)

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الکریم '' : ﴿قل بفضل الله وبرحمته فبذلک فلیفرحوا هو خیرٌ مما یجمعون﴾ . (یونس :۵۸)

ما في '' صحیح ابن خزیمة '' : عن سلمان قال : خطبنا رسول الله ﷺ في آخر یوم من شعبان فقال : '' أیها الناس ! قد أظلّکم شهرٌ عظیمٌ ، شهرٌ مبارکٌ '' .. الحدیث .

(۱۹۱/۳ ، رقم الحدیث :۱۸۸۷ ، باب فضائل شهر رمضان إن صحّ الخبر ، الدعوات الکبیر للبیهقي :۱۵۱/۲ ، رقم الحدیث :۵۳۲ ، شعب الإیمان للبیهقي

:۵/۲۲۳ ، رقم الحديث :۳۳۳۶ ، فضائل شهر رمضان ، عمدة القاري :۱۶ /۲۶۱ ، بـاب هل يقال رمضان أو شهر رمضان ، مشكوة المصابيح : ۱/۴۴۳ ، كتاب الصوم ، رقم الحديث :۱۹۶۵ )

مـا في " تفسير السعدي المعروف بـ تيسر الكريم الرحمن في تفسير كلام المنان " : الـفرح الممدوح الذي قال الله فيه : ﴿قل بفضل الله وبرحمته فبذلک فليفرحوا﴾ . وهـو الـفـرح بـالـعـلـم الـنافع ، والعمل الصالح . (۱/۴۲۷ ، الباب ۲۹ ، للشيخ عبد الرحمن بن ناصر السعدي)

# باب الاعتکاف

## ۲۱/ رمضان کوغروب سے چند گھنٹے گزرنے کے بعد اعتکاف

**مسئلہ** (۲۲۰): اگر کوئی شخص سنت اعتکاف کا ارادہ رکھتا ہے، لیکن ۲۱/ رمضان کوغروب سے چند گھنٹے گزرنے کے بعد مسجد میں پہنچا، تو اس کا مسنون اعتکاف ادا نہ ہوگا، کیوں کہ مسنون اعتکاف پورے عشرہ کا ہوتا ہے، یعنی ۲۰/ رمضان کے غروب سے تھوڑی دیر پہلے مسجد میں حاضر ہونا، اور عید کا چاند نظر آنے تک مسجد میں اعتکاف کی نیت سے رہنا ضروری ہے، ہاں! البتہ نفلی اعتکاف کا ثواب مل جائے گا۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) مـا فـي " مرقاة المفاتيح " : وعند الأئمة الأربعة أنه يدخل قبل غروب الشمس إن أراد اعتكاف شهر أو عشر . (۴/۳۲۹ ، ط : ملتان پاكستان)

مـا فـي " البـحـر الرائق " : وفي الكافي : ومتى دخل في اعتكافه الليل والنهار فابتداء ه

من الليل ، لأن الأصل أن كل ليلة تتبع اليوم الذي بعدها ، ألا ترى أنه يصلي التراويح في أول ليلة من رمضان ولا يفعل ذلك في أول ليلة من شوال ....... فعلى هذا يدخل المسجد قبل الغروب ويخرج بعد الغروب من آخر يوم ..... كما صرح قاضيخان في فتاواه . (۲/۳۰۵ ، ط: رشيديه كوئٹه ، بهشتي زيور:۳/۲۲)

ما في " رسائل الأركان على هامش بهشتي زيور " : والمشهور عند مشايخنا أن يدخل المعتكف بعد العصر قبل غروب الشمس من اليوم العشرين من شهر رمضان ليدخل الليلة الحادية وعشرين في الاعتكاف . (ص/۲۳۱ ، بحواله فتاوى دار العلوم زكريا)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۶/۵۰۶،ط: دار الاشاعت،فتاویٰ دار العلوم زکریا:۳/۳۳۱،۳۳۲)

## نابالغ بچوں کو اعتکاف بٹھانا

**مسئلہ** (۲۱۱): آج کل مسجد میں نابالغ بچوں کو بھی اعتکاف میں بٹھا دیا جاتا ہے، جو کہ پریشانی کا باعث بنتے ہیں، جب کہ اعتکاف عاقل، بالغ مسلمانوں کے لیے مسنون ہے، بچوں کے لیے نہیں، سمجھدار بچے کا اعتکاف میں بیٹھنا اگرچہ فی نفسہ جائز ہے (۱)، مگر اِس زمانے میں بچوں کے اعتکاف بیٹھنے میں بہت سے مفاسد اور خرابیاں ہیں (۲)، جن کے ہوتے ہوئے بچوں کو اعتکاف میں بٹھانا جائز نہیں۔

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وأما البلوغ فليس بشرط لصحة الاعتكاف ، فيصح من الصبي العاقل . (۱/۲۱۱ ، بدائع الصنائع :۲/۱۰۸ ، ط: المكتبة العلمية بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أنه يصحّ الاعتكاف من الرجل والمرأة والصبي المميّز . (۵/۲۰۹، المعتكِفُ ، شامية :۲/۴۴۱ ، باب الاعتكاف ، ط : دار

الفکر)
(۲) ما في " الشامیة " : " ما کان سببًا لمحظورٍ فهو محظورٌ " . (۵/۲۲۳، ط : نعمانیه دیوبند) (اعتکاف کے مسائل:ص/۲۴،۲۵)

## اعتکاف کے لیے خاوند سے اجازت

**مسئلہ (۲۱۲):** عورت کو اعتکاف میں بیٹھنے کے لیے خاوند سے اجازت حاصل کرنا ضروری ہے [۱]، اور خاوند اُسے اعتکاف سے منع بھی کرسکتا ہے، لیکن جب ایک بار اجازت دیدی، تو اب منع نہیں کرسکتا۔ [۲]

---

الحجة علی ما قلنا :
(۱) ما في " الفتاوی الهندیة " : فیصح من المرأة ........ بإذن الزوج إن کان لها زوج . (۱/۲۱۱)
ما في " الموسوعة الفقهیة " : یصحّ اعتکاف المرأة باتفاق الفقهاء بالشروط المتقدّمة ویشترط للمتزوجة أن یأذن لها زوجُها ، لأنها لا ینبغي لها الاعتکاف إلا بإذنه .
(۵/۲۰۹، اعتکاف المرأة ، موسوعة الفقه الإسلامي :۳/۲۰۷ ، شروط اعتکاف المرأة)
(۲) ما في " الفتاوی الهندیة " : فإن أذن له الزوج بالاعتکاف لم یکن له أن یمنعها بعد ذلک وإن منعها لا یصحّ منه . (۱/۲۱۱ ، الموسوعة الفقهیة :۵/۲۰۹، اعتکاف المرأة) (اعتکاف کے مسائل:ص/۲۴)

## دورانِ اعتکاف عورت کا گھریلو کام کرنا

**مسئلہ (۲۱۳):** بیت الخلاء کے تقاضے اور وُضو کے علاوہ اعتکاف کی جگہ سے باہر نکلنے سے اعتکاف ٹوٹ جاتا ہے، لہٰذا ایسی عورت جس کے گھر کوئی کام

کاج کرنے والا نہ ہو، وہ مسنون اعتکاف کے لیے نہ بیٹھے، البتہ اپنے کاموں سے فارغ ہوکر اس مخصوص جگہ پر ذکر وتلاوت اور عبادت کے ذریعے اس مقدس مہینے کی برکات سے فائدہ اُٹھا سکتی ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا اعتكفت في مسجد بيتها فتلك البقعة في حقها كمسجد الجماعة في حق الرجل ، لا تخرج منه إلا لحاجة الإنسان . (۱/۲۱۱ ، موسوعة الفقه الإسلامي :۲۰۵/۳ ، ما يجوز للمعتكف فعله)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن الخروج من المسجد للرجل والمرأة (وكذلك خروج المرأة من مسجد بيتها عند الحنفية) إذا كان لغير حاجة فإنه يفسد الاعتكاف الواجب ....... أما إذا كان الخروج لحاجة فلا يُبطل الاعتكاف في قولهم جميعًا . (۲۲۰/۵ ، الخروج من المسجد)

ما في " تبيين الحقائق " : ولا تخرج من بيتها إذا اعتكف فيه ، قال رحمه الله : (ولا يخرج منه إلا لحاجة شرعية كالجمعة أو طبيعية كالبول والغائط) لما روينا من الأثر عن عائشة رضي الله عنها ، ولما روي عنها أنها قالت : " كان النبي ﷺ لا يدخل البيتَ إلا لحاجة الإنسان إذا كان معتكفًا " . متفق عليه . (۳۵۰/۱ ، ط : دار الكتاب الإسلامي ، الدر المختار مع الشامية :۴۴۵/۲ ، ط : دار الفكر)

(اعتکاف کے مسائل:ص/۲۳،۲۴)

## اعتکاف میں مجنون یا بے ہوش ہو جانا

**مسئلہ**(۲۱۴): اگر کوئی شخص اعتکاف کی حالت میں مجنون یا بے ہوش ہوجائے، اور یہ بے ہوشی یا جنون مسلسل اتنا وقت طاری رہے، جس میں ایک روزہ قضا ہوجائے، تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا، اس سے کم مقدار میں ہو تو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وكذا إغمائه وجنونه إن دام أيامًا . در مختار .
وفي الشامية : قوله : (إن دام أيامًا) المراد بالأيام : أن يفوته صوم بسبب عدم إمكان النية . (۴۴۳/۳ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، ط: بيروت ، شامية : ۱۳۶/۲ ، ط : احياء التراث ، الموسوعة الفقهية :۲۲۵/۵ ، اعتكاف ، الثالث من المفسدات الجنون)
ما في " بدائع الصنائع " : قال الكاساني رحمه الله : وإن أغمى عليه أياماً أو أصابه لممٌ (جنونٌ) فسد اعتكافه . (۲۲۳/۵ ، الخروج للمرض) (اعتکاف کے مسائل:ص/۲۱،۲۲)

## روزہ ٹوٹنے سے اعتکاف فاسد ہوجائے گا

**مسئلہ**(۲۲۲): اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے، جب روزہ توڑ دے، یا کسی وجہ سے ٹوٹ جائے، تو اعتکاف فاسد ہوجائے گا، اور اس دن کی قضا بھی لازم ہوگی۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : قلت : ومقتضى ذلک أن الصوم شرط أيضًا في الاعتكاف المسنون ، لأنه مقدر بالعشر الأخير حتى لو اعتكفه بلا صوم لمرض أو سفر ينبغي أن لا يصح عنه ، بل يكون نفلا ، فلا تحصل به إقامة سنة الكفاية . (۳/ ۴۳۱ ، باب الاعتكاف ، ط : بيروت)

ما في " الهندية " : وإذا فسد الاعتكاف الواجب وجب قضاءه ، فإن كان اعتكاف شهر بعينه إذا أفطر يومًا يقضي ذلک اليوم . (۱/ ۲۱۳)

ما في " بدائع الصنائع " : ولو أكل أو شرب في النهار عامدًا فسد صومه وفسد اعتكافه لفساط الصوم . (۲/ ۱۱۶ ، ط : سعيد)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۰/ ۲۲۰،احسن الفتاویٰ:۴/ ۵۰۱،فتاویٰ حقانیہ:۴/ ۱۹۶،فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۳/ ۳۳۲،۳۳۳)

## اعتکاف ٹوٹ جانے پراس کی قضا

**مسئلہ** (۲۱۵): نفل اعتکاف کی قضا واجب نہیں، اس لیے کہ وہ مسجد سے نکلنے سے ٹوٹتا نہیں، بلکہ ختم ہوجاتا ہے، اعتکافِ منذور اگر ٹوٹ جائے، خواہ نذرِ معین ہو یا غیر معین، تو سب ایام کی قضا واجب ہے، نئے سرے سے اتنے دن پورے کرے، کیوں کہ ان میں تتابُع یعنی مسلسل رکھنا لازم ہے، اورعشرۂ اخیرۂ رمضان کا اعتکاف ٹوٹ جائے تو صرف اس دن کی قضا واجب ہے، جس میں اعتکاف ٹوٹا، فساد کے بعد یہ اعتکاف نفل ہوگیا، ایک دن کی قضا چاہے رمضان ہی میں کرلے یا رمضان کے بعد نفل روزے کے ساتھ کرے۔

ایک دن کی قضا میں رات دن دونوں کی قضا واجب ہے یا صرف دن کی؟ ......قواعد سے یوں مفہوم ہوتا ہے کہ اگر اعتکاف دن میں فاسد ہوا، تو صرف دن کی قضا واجب ہوگی، صبح صادق سے قبل شروع کرکے غروبِ آفتاب تک کرے،

اوراگر رات میں اعتکاف فاسد ہوا، تو رات دن دونوں کی قضا واجب ہے، غروبِ آفتاب سے قبل شروع کر کے دوسرے روز غروب کے بعد ختم کرے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (فلو شرع في نفله ثم قطعه لا يلزمه قضاءه ..... على الظاهر) من المذهب . (۳/۴۳۴)

ما في " الشامية " : فلو نذر اعتكاف يوم لزمه فقط ، نواه أو لم ينو ، وإن نوى الليلة معه لزماه ، ولو نذر اعتكاف ليلة لم يصح ما لم ينو بها اليوم . (۳/۴۴۴ ، ط : بيروت)

ما في " الشامية " : والحاصل أن الوجه يقتضي لزوم كل يوم شرع فيما عندهما . ..... بخلاف الباقي ، لأن كل يوم بمنزلة شفع من النافلة الرباعية . (۳/۴۳۵ ، كتاب الصوم ، باب الاعتكاف ، ط : بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الحنفية إلى أن الاعتكاف إذا فسد فالذي فسد لا يخلو إما أن يكون واجبًا ، وهو المنذور ، وإما أن يكون تطوعًا ، فإن كان واجبًا يقضي إذا قدر على القضاء . ....... ويقضي بالصوم لأنه فاته مع الصوم فيقضيه مع الصوم . ....... وإذا كان اعتكاف شهرٍ بغير عينه يلزمه الاستقبال لأنه يلزمه متتابعًا فيُراعي فيه صفة التتابع ، وسواء فسد بصنعه من غير عذر .... أو فسد بصنعه لعذرٍ .......... وأما أعتكاف التطوع إذا قطعه قبل تمام اليوم فلا شيء عليه في رواية الأصل . اهـ .

(۵/ ۴۱ ، ۴۲ ، قضاء الاعتكاف)

(اعتکاف کے مسائل:ص/۲۲،۲۳)

## اعتکاف کی حالت میں احتلام

**مسئلہ (۲۱۶)**: اگر معتکف کو اعتکاف کی حالت میں احتلام ہو جائے، تو اس سے اعتکاف نہیں ٹوٹتا، بلکہ معتکف کو چاہیے کہ بیدار ہوتے ہی پہلے تیمّم کرلے، پھر فوری مسجد سے نکل جائے، اور جسے احتلام کا اندیشہ ہو اس کے لیے بہتر ہے کہ پہلے سے اپنے ساتھ کوئی ڈھیلا وغیرہ رکھ لے، ورنہ مسجد کی زمین پر ہی تیمّم کرلے، اگر کسی ضرر کا اندیشہ ہو، یا پانی ملنے میں کچھ دیر ہو، یا پانی گرم ہو رہا ہو، تو اسی تیمّم کے ساتھ مسجد میں بیٹھ کر انتظار کرے۔(۱)

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوی الهندية " : وکذا (لا يفسد) لو احتلم . کذا في فتح القدير .
(۲۱۳/۱)

ما في " موسوعة الفقه الإسلامي " : والاحتلام لا يفسد الاعتکاف . (۲۰۹/۳، کتاب الصيام ، ما يبطل به الاعتکاف) (اعتکاف کے مسائل:ص/۲۲)

## مسنون اعتکاف کب ختم ہوگا؟

**مسئلہ (۲۱۷)**: جب شوال کا چاند نظر آئے تو اعتکاف پورا ہو جاتا ہے، معتکف اگر چاہے تو اسی وقت مسجد سے گھر چلا جائے(۱) لیکن افضل یہ ہے کہ رات مسجد ہی میں گزارے، اور صبح عید کی نماز کے لیے مسجد ہی سے جائے، پھر عید کی نماز کے بعد گھر جائے۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " موسوعة مسائل الجمهور في الفقه الإسلامي " : مسألة [٥٩٦] - جمهور الفقهاء على أن من نوى اعتكاف العشر الأواخر من رمضان فإنه يدخل معتكفه قبل غروب الشمس من ليلة إحدى وعشرين ، ويخرج منه بعد غروب الشمس من ليلة الأول من شوال ، وهو مذهب الشافعي وجماعة الفقهاء ، وهو قول أحمد في رواية ومالك والثوري وأبي حنيفة . (١/٣٣٢ ، كتاب الاعتكاف ، باب في من نوى اعتكاف العشر الأواخر من رمضان ، موسوعة الفقه الإسلامي :٣/٢٠٣ ، كتاب الصيام ، الاعتكاف)

(٢) ما في " حاشية موسوعة مسائل الجمهور " : (فائدة) جماعة العلماء وفقهاء الأمصار يرغبون لمن اعتكف العشر الأواخر في رمضان أن لا يخرج من معتكفه إلا بعد الفجر عند توجهه لصلاة العيد رأسًا ، وليس هذا على الوجوب عند جمهورهم ........ قال القرطبي : استحب مالك لمن اعتكف العشر الأواخر أن يبيت ليلة الفطر في المسجد حتى يغدو إلى المصلّى ، وبه قال أحمد .................... قال النووي : ويستحب أن يمكث في معتكفه بعد هلال شوال حتى يصلي العيد أو يخرج منه إلى المصلى إن صلوها في غيره ........ وقال الموفق رحمه الله : ومن اعتكف العشر الأواخر من رمضان استحب أن يبيت ليلة العيد في معتكفه نصّ عليه أحمد ، وروي عن النخعي وأبي مجلز وأبي بكر بن عبد الرحمن والمطلب بن حنطب وأبي قلابة أنهم كانوا يستحبون ذلك ، وروى الأثرم باسناده عن أيوب عن أبي قلابة أنه كان يبيت في المسجد ليلة الفطر ثم يغدو كما هو إلى العيد ..................
وقال إبراهيم (النخعي) : كانوا يحبون لمن اعتكف العشر الأواخر من رمضان أن يبيت ليلة الفطر في المسجد ثم يغدو إلى المصلى . (١/٣٣٢ ، كتاب الاعتكاف ، ط: دار السلام) (اعتکاف کے مسائل:ص/٢٥)

# کتاب الحج

## نبی اکرم ﷺ کی طرف سے حج برائے ایصالِ ثواب

**مسئلہ (۲۰۲):** نبی پاک ﷺ کی طرف سے حج کرنا بڑی نیکی اور ثواب کا کام ہے، یہ ایصالِ ثواب کا حج کہلائے گا، اس کے لیے دو طریقے اختیار کیے جاسکتے ہیں: (۱) حج کی ادائیگی سے پہلے ہی یہ نیت کرلی جائے کہ میں یہ حج نبی پاک ﷺ کی طرف سے ادا کررہا ہوں، اور اسی نیت سے تمام ارکان ادا کرے، تاکہ اس کا تمام تر ثواب نبی پاک ﷺ کو پہنچے۔ (۲) حج کی نیت کرکے، حج اپنی طرف سے ادا کرے، اور ادائیگیٔ حج کے بعد اس کا ثواب نبی پاک ﷺ کو بخش دے۔ (۱)

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : الأصل أن كل من أتى بعبادة ماله جعل ثوابها لغيره . در مختار . وفي الشامية : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله : قوله : (بعبادة ما) أي سواء كانت صلاة أو صوما أو صدقة أو قراء ة أو ذكرًا أو طوافًا أو حجًا أو عمرة أو غير ذلک ....... وبحث أيضًا أن الظاهر أنه لا فرق بين أن ينوي به عند الفعل للغير أو يفعله لنفسه ثم يجعل ثوابه لغيره . (۱۰/۴ ، ۱۱ ، كتاب الحج ، الباب الخامس ، باب الحج عن الغير ، مطلب في إهداء ثواب الأعمال للغير ، البحر الرائق :۱۰۵/۳ ، ۱۰۶ ، كتاب الحج ، باب الحج عن الغير)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : فللإنسان أن يجعل ثواب عمله لغيره عند أهل السنة والجماعة صلاة كان أو صوما أو حجا أو صدقة أو قراء ة للقرآن أو

الأذكار أو غير ذلک من أنواع البر ، ويصل ذلک إلى الميت . (ص/ ۲۲۱ ، ۲۲۲ ، فصل في زيارة القبور ، كتاب الصلاة ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۲۵۷ ، كتاب المناسک ، الباب الرابع عشر في الحج عن الغير) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۳۸۸۸)

## گھر سے احرام پہننا

**مسئلہ (۲۸):** بعض لوگ حاجیوں کے گھر ہی سے احرام پہننے کو برا خیال کرتے ہیں، اُن کا یہ خیال درست نہیں ہے، کیوں کہ حاجیوں کا اپنے گھروں سے احرام باندھ کر نکلنا مستحب ہے، بشرطیکہ احرام کی جنایات میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو[1]، اور اگر احرام کی جنایات میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو تو حاجیوں کا اپنے گھروں سے احرام باندھ کر نکلنا مکروہ ہے۔[2]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " إرشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري " : ومستحباته ..... تقديم الإحرام على وقته أي ميقاته (المكاني) للآفاقي إن ملک نفسه أي بالاحتراز عن المحظورات والتحفظ عن المحذورات . (ص/ ۱۲۹ ، مستحبات الإحرام)

ما في " بدائع الصنائع " : قدم الإحرام على المواقيت هو أفضل ، وروي عن أبي حنيفة رحمه الله أن ذلک أفضل إذا كان يملک نفسه أن يمنعها ما يمنع منه الإحرام .

(۳/ ۱۶۱ ، فصل في بيان مكان الإحرام)

ما في " الفتاوى الهندية " : إن قدم الإحرام على هذه المواقيت جاز ، وهو الأفضل إذا أمن مواقعة المحظورات . (۱/ ۲۲۱ ، الباب الثاني في المواقيت)

(۲) ما في " إرشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري " : مكروهاته ـــ تقديمه على المكاني إن لم يملک نفسه . (ص/ ۱۳۰ ، مكروهات الإحرام ، الفتاوى الهندية

: ۱/ ۲۲۱ ، الباب الثاني في المواقيت)

## آخری میقات پر احرام

**مسئلہ** (۳۸): اگر کوئی شخص بقصد حج یا عمرہ حرم مکہ میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس پر آخری میقات پر پہنچ کر احرام باندھنا واجب ہے، اور اگر حج یا عمرہ کا قصد نہیں، تب بھی میقات سے گزرنے پر احرام باندھنا اور عمرہ کرنا واجب ہے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المصنف لإبن أبي شيبة " : عن سعيد بن جبير أن النبي ﷺ قال : " لا يجاوز أحد الوقت إلا محرم " . (۸/ ۲۰۲ ، كتاب الحج ، من قال : لا يجاوز أحد الوقت إلا محرما ، رقم الحديث : ۱۵۷۰۲ ، اعلاء السنن : ۵/ ۲۰ ، كتاب الحج ، باب المواقيت وانه لا يجوز مجاوزتها بغير إحرام لمن أراد دخول مكة ، رقم الحديث : ۲۵۶۴)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن ابن عباس أنه قال : ما يدخل مكة أحد من أهلها ولا من غير أهلها إلا بإحرام. (۵/ ۲۸۹ ، كتاب الحج ، باب دخول مكة بغير إرادة حج ولا عمرة ، رقم : ۹۸۳۹ ، اعلاء السنن : ۵/ ۲۱ ، كتاب الحج ، باب المواقيت وأنه لا يجوز مجاوزتها بغير إحرام لمن أراد دخول مكة ، تحت رقم : ۲۵۶۴ ، نيل الأوطار : ۴/ ۳۱۹ ، كتاب الحج ، باب دخول مكة بغير إحرام لعذر ، تحت رقم : ۱۸۱۳ ، نصب الراية للزيلعي : ۳/ ۱۸ ، كتاب الحج ، فصل في المواقيت)

ما في " الهداية " : ثم الآفاقي إذا انتهى إليها على قصد دخول مكة عليه أن يحرم قصد الحج أو العمرة أو لم يقصد عندنا لقوله عليه السلام : لا يجاوز أحد الميقات إلا محرما ، ولأن وجوب الإحرام لتعظيم هذه البقعة الشريفة فيستوي فيه الحاج والمعتمر وغيرهما . (۱/ ۲۳۵ ، كتاب الحج ، فصل في المواقيت)

ما في " بدائع الصنائع " : وكذلك لو أراد بمجاوزة هذه المواقيت دخول مكة لا يجوز له أن يجاوزها إلا محرما سواء أراد بدخول مكة النسك من الحج أو العمرة أو التجارة أو حاجة أخرى عندنا .

(۲/ ۳۷۱ ، كتاب الحج ، بيان مكان الإحرام ، ط : دار الكتاب ديوبند)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (وحرم تأخير الإحرام عنها) كلها (لمن) أي لآفاقي (قصد دخول مكة) يعني الحرم (ولو لحاجة) غير الحج . (۳/ ۴۸۲ ، كتاب الحج ، مطلب في المواقيت ، ط : بيروت) (فتاویٰ محمودیہ:۱۵/ ۳۹۴،۳۹۵،مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

## حج بدل کے روپیوں سے صدقہ یا دعوت

**مسئلہ**(۱۹): بعض حج بدل کرنے والے، حج بدل کے روپئے سے صدقہ کرتے ہیں، یا کسی کی دعوت کرتے ہیں، اُن کا ایسا کرنا جائز نہیں ہے، ہاں! اگر آمر نے اجازت دی ہوتو جائز ہے، بہتر یہ ہے کہ حج کرانے والے سے خرچ کی عام اجازت لے لے، تاکہ سفر میں کوئی دِقّت پیش نہ آئے، اگر وہ عام اجازت نہ دے تو پھر بہت احتیاط سے روپیہ خرچ کرے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا تظلموا ، ألا لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " . (ص/ ۲۵۵ ، باب الغصب والعارية ، سنن الدار قطني : ۳/ ۲۲ ، كتاب البيوع ، رقم الحديث : ۲۸۶۲ ، جمع الجوامع : ۹/ ۷ ، تتمة حرف اللام الألف ، رقم الحديث : ۲۶۷۵۹ ، السنن الكبرى للبيهقي : ۶/ ۱۶۶ ، كتاب الغصب ، المسند للإمام أحمد بن حنبل : ۱۵/ ۴۰۰ ، رقم الحديث : ۲۰۹۸۰ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۴/ ۳۸۷ . رقم

الحديث : ۵۴۹۲)

ما في " تحفة الفقهاء للسمرقندي " : ثم ما فضل في يد الحاج من النفقة بعد رجوعه ، فإنه يرده على الورثة ، ولا يسعه أن يمسكه ، لأن النفقة لا تصير ملكا للحاج .

(۱/ ۴۳۰ ، كتاب المناسک ، مسائل الأمر بالحج . ط : بيروت)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بلا إذنه . وفيه أيضًا: لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي .

(۱/ ۹۶ - ۹۸ ، رقم المادة : ۹۶ - ۹۸)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف فى مال غيره بلا إذنه ولا ولايته . (۹/ ۲۴۰ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " رد المحتار " : لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي .

(۶/ ۷۷ ، كتاب الحدود ، باب التعزير ، مطلب في التعزير بأخذ المال ، البحر الرائق : ۵/ ۶۸ ، كتاب الحدود ، فصل في التعزير)

## غروب آفتاب تک عرفات میں رہنا

**مسئلہ** (۲۱): بعض حجاج کرام عرفات کی حدود سے سورج غروب ہونے سے پہلے ہی اژدہام کے اندیشہ سے نکل جاتے ہیں، جب کہ سورج غروب ہونے تک عرفات میں رہنا واجب ہے [۱]، اگر کوئی شخص سورج غروب ہونے سے پہلے عرفات سے نکل گیا، تو اس پر دم واجب ہوگا۔ [۲]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : الوقوف شرطه شيئان ؛ أحدهما كونه في أرض عرفات ، والثاني أن يكون في وقته ..... وواجبه الإمتداد إلى الغروب .

(۱/ ۲۲۹ ، كتاب المناسك ، الباب الخامس في كيفية أداء الحج ، البحر الرائق : ۲/ ۵۹۴ ، بيروت)

ما في " بدائع الصنائع " : وعرفات كلها موقف إلا بطن عرنة ، فإنه يكره الوقوف فيه ، فيقف إلى غروب الشمس ، فإذا غربت الشمس دفع الإمام والناس معه ، ولا يدفع أحد قبل غروب الشمس ، لا الإمام ولا غيره ، الوقوف إلى غروب الشمس واجب .

(۳/ ۱۳۷ ، كتاب الحج)

(۲) ما في " البحر الرائق " : (ثم إلى مزدلفة بعد الغروب) أي ثم رح كما ثبت في صحيح مسلم من فعله عليه السلام ، وهذا بيان للواجب حتى لو دفع قبل الغروب وجاوز حدود عرفة لزمه دم . (۲/ ۵۹۲ ، كتاب الحج ، باب الإحرام)

ما في " الهداية " : ومن أفاض قبل الإمام من عرفات فعليه دم ، ولنا أن الاستدامة إلى غروب الشمس واجبة لقوله عليه الصلاة والسلام فادفعوا بعد غروب الشمس فيجب بتركه الدم . (۱/ ۲۷۵ ، كتاب الحج ، فصل في ما يتعلق بالطواف بغير الطهارة)

## مسجد حرام میں فقراء کو روٹی یا نقدی تقسیم کرنا

**مسئلہ** (۲۳): بعض حجاج کرام مسجد حرام میں فقراء کو روٹی یا نقد وغیرہ تقسیم کرتے ہیں، اور فقراء آپس میں چھینا جھپٹی اور شور وشغب کرتے ہیں، یہ مسجد کے احترام کے خلاف ہے، اس لیے اس طریقۂ تقسیم کا ترک کرنا لازم اور واجب ہے، جو کچھ تقسیم کرنا ہو مسجد سے باہر تقسیم کرے، ورنہ مسجد کی بے حرمتی کے گناہ میں تقسیم کرنے والا بھی شریک ہوگا۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وعهدنآ إلى ابرٰهيم واسمٰعيل أن طهّرا بيتي للطآئفين

والعاكفين والرّكّع السجود﴾ . (سورة البقرة : ۱۲۵)

ما في " التفسير المنير " : هذا البيت طاهر مطهر وصينا ابراهيم واسماعيل بتطهيره من الأوثان وعبادة الأصنام وتطهير من كل رجس حسي أو دنس معنوي كاللغو والرفث والتنازع فيه . (۱/۱۳۳)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن واثلة بن الأسقع ، أن النبي ﷺ قال : " جنّبوا مساجدَكم صبيانَكم ، ومجانينَكم وشراءَ كم وبيعكم ، وخصوماتكم ، ورفع أصواتكم ، وإقامة حدودكم ، وسلّ سيوفكم " . (ص/۵۴ ، أبواب المساجد ومواضع الصلاة ، باب ما يكره في المساجد ، قديمي ، المعجم الكبير للطبراني : ۱۳۲/۸ ، رقم الحديث : ۷۶۰۱ ، دار احياء التراث العربي ، معارف الحديث : ۱۲۱/۳ ، كتاب الصلاة ، دار الإشاعت كراچی)

ما في " الفتاوى الهندية " : حرمة المسجد خمسة عشر : ....... السادس ؛ أن لا يرفع فيه الصوت من غير ذكر الله . (۳۲۱/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس في آداب المساجد ، حلبي كبير : ص/۶۱۰ ، فصل في أحكام المسجد)

## روضۂ اقدس ﷺ کی جالیوں کو ہاتھ لگانا

**مسئلہ** (۲۴): بعض حجاج کرام روضۂ اقدس علیٰ صاحبہا الف الف صلوٰۃ کی زیارت کے وقت روضۂ اطہر کی جالیوں کو ہاتھ لگاتے ہیں ، یا بوسہ دیتے ہیں ،اُن کا یہ عمل خلافِ ادب ہے ، صحیح طریقہ یہ ہے کہ روضہ کی جالیوں سے تین یا چار ہاتھ دور کھڑا رہے ۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : يتوجه إلى قبره ﷺ فيقف عند رأسه مستقبل القبلة ، ثم يدنو منه ثلاثة أذرع أو أربعة ، ولا يدنو منه أكثر من ذلك ، ولا يضع يده على

جدار التوبة ، فهو أهيب وأعظم للحرمة ، ويقف كما يقف في الصلاة .
(۱/۲۶۵ ، كتاب المناسک ، خاتمة في زيارة قبر النبي ﷺ)
ما في " الموسوعة الفقهية " : وفي القنية من كتب الحنفية : قال أبو الليث : لا نعرف وضع اليد على القبر سنة ولا مستحبا . (۲۴/۹۰)
ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : فتقف بمقدار أربعة أذرع بعيدًا عن المقصورة الشريفة بغاية الأدب .
(ص/۲۷۳ ، كتاب الحج ، فصل في زيارة قبر النبي ﷺ)

## روضۂ اقدس ﷺ پر سلام

**مسئلہ(۲۵):** بعض حجاج کرام روضۂ اقدس ﷺ پر سلام پڑھتے وقت بہت بلند آواز سے چیخ چیخ کر سلام پڑھتے ہیں، اور بے انتہا شور وشغب کرتے ہیں، اُن کا یہ عمل خلافِ ادب ہے، صحیح طریقہ یہ ہے کہ سلام پڑھتے وقت آواز نہ زیادہ بلند ہو اور نہ زیادہ آہستہ، بلکہ متوسط آواز سے سلام پڑھے۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا لا ترفعوآ أصواتكم فوق صوت النبي ولا تجهروا له بالقول كجهر بعضكم لبعض أن تحبط أعمالكم وأنتم لا تشعرون﴾ . (سورة الحجرات : ۲)
ما في " أحكام القرآن للتهانوي " : قال القرطبي : معنى الآية : الأمر بتعظيم رسول الله ﷺ وتوقيره وخفض الصوت بحضرته وعند مخاطبته ....... قال القرطبي : حرمة النبي ﷺ ميتًا كحرمته حيًا . (۴/۲۵۱)
ما في " إرشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري " : ثم توجّه بالقلب والقالَب مع

رعـاية غـاية الأدب فـقـام تـجاه الوجه الشريف ....... ثم قال مسلّماً أي مريد السلام مقتصدًا أي متوسطًا في رفع كلامه كما بينه بقوله : (من غير رفع صوت) لقوله تعالى : ﴿إن الـذيـن يـغضّون أصواتهم عند رسول الله﴾ ولا إخفاء أي بالمرة لفوات الإسماع الذي هو السنة . (ص/٦١٧)

ما في " الفتاوى الهندية " : ثم يقول : السلام عليک يا نبي الله ورحمة الله وبركاته ....... ولا يرفع صوته . (١/٢٦٥ ، كتاب الحج ، خاتمة في زيارة النبي ﷺ)

ما في " أوضح المسالك إلى أحكام المناسک " : ثم بعد فراغ الإنسان من تحية المسجد يزور قبر النبي ﷺ وقبري صاحبيه أبي بكر وعمر فيقف قُبالة وجهه بأدب وخفض صوتٍ . (ص/٢٤١ ، ٢٤٢)

## دورانِ طواف رکنِ یمانی کا بوسہ

**مسئلہ (۲٦):** بعض حجاج کرام دورانِ طواف رکنِ یمانی کو بوسہ دیتے ہیں، جب کہ صحیح قول کے مطابق رکنِ یمانی کو صرف ہاتھ لگانا ثابت ہے، بوسہ لینا خلافِ سنت ہے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (وكلما مرّ بالحجر فعل ما ذكر) من الاستلام (واستلم الركن) اليماني (وهو مندوب) لكن بلا تقبيل . وقال محمد : هو سنة ويقبله ، والدلائل تؤيده . التنوير وشرحه . وفي الشامية : قال المحقق ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (واستلم الركن اليماني) ... المراد بالاستلام هنا لمسه بكفيه أو بيمينه دون يساره بدون تقبيل وسجود عليه ...... قوله : (والدلائل تؤيده) أي تؤيد قوله " بكونه سنة ، وبأنه يقبله " لكن في شرح اللباب أن ظاهر الرواية الأول كما في الكافي والهداية وغيرهما ؛ وفي الكرماني : وهو الصحيح ؛ وفي النخبة

: ما عن محمد ضعيف جدا ؛ وفي البدائع : لا خلاف في أن تقبيله ليس سنة . وفي السراجية : ولا يقبله في أصح الأقاويل .

(۳/ ۵۱۱ ، كتاب الحج ، مطلب في طواف القدوم)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما الركن اليماني فلم يذكر في الأصل أن استلامه سنة ، ولكنه قال : إن استلمه فحسن ، وإن تركه لم يضره في قول أبي حنيفة رحمه الله ، وهذا يدل على أنه مستحب وليس بسنة . وقال محمد رحمه الله : يستلمه ولا يتركه ، وهذا يدل على أن استلامه سنة ، ولا خلاف في أن تقبيله ليس بسنة . (۲/ ۳۴۲ ، كتاب الحج ، فصل : وأما بيان سنن الحج وبيان ترتيبه ، ط : دار الكتاب ديوبند ، البحر العميق في مناسك المعتمر والحاج إلى بيت الله العتيق : ۲/ ۱۱۹۰ ، الباب العاشر ، فصل السنة أن يدخل مكة قبل الوقوف الخ ، الموسوعة الفقهية : ۲۹/ ۱۳۶ ، طواف ، استلام الركن اليماني) (فتاویٰ محمودیہ:۱۵/ ۵۴۱،مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

## اوقاتِ مکروہہ میں طواف

**مسئلہ(۳۰):** بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اوقاتِ مکروہہ میں جس طرح نماز پڑھنا درست نہیں، ایسے ہی طواف کرنا بھی درست نہیں ہے، اُن کا یہ خیال درست نہیں ہے، صحیح بات یہ ہے کہ اوقاتِ مکروہہ میں طواف کرنا جائز ودرست ہے[1]، لیکن دوگانۂ طواف یعنی طواف کی دورکعت مکروہ وقت کے ختم ہوجانے کے بعد پڑھے، مثلاً نماز فجر کے بعد طواف کرے تو طلوع آفتاب کے تقریباً بیس منٹ بعد دوگانۂ طواف ادا کرے، اور اگر زوال کے وقت طواف کرے، تو بعد زوال دوگانہ ادا کرے، اور اگر عصر کے بعد طواف کرے تو مغرب کے فرض کے بعد سنتوں سے پہلے دوگانۂ طواف ادا کرے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : وأطلق الطواف فأفاد أنه لا يكره في الأوقات التي تكره الصلاة فيها ، لأن الطواف ليس بصلاة حقيقة . (۲/ ۵۷۷ ، كتاب الحج ، باب الإحرام ، النهر الفائق : ۲/ ۵۷ ، كتاب الحج ، باب الإحرام)

(۲) ما في " إرشاد الساري إلى مناسك الملا علي القاري " : تختص بوقوعها عقيبَ الطواف إن لم يكن وقت كراهة . (ص/ ۲۱۹)

ما في " مجمع الأنهر " : ثم يصلي في وقت يباح فيه التطوع ركعتين عند المقام .
(۱/ ۴۰۳ ، كتاب الحج)

ما في " الدر المنتقى في شرح الملتقى " : ويكره أن يوالي بين أسبوعين ، ولا يصلي بينهما الركعتين ، ولا لعذر كوقت الكراهة ، ومفاده جواز الطواف فيما تكره فيه الصلاة كما في الخانية . (۱/ ۴۰۳ ، كتاب الحج) (مسائلِ حج:ص/ ۹۷)

## جمرہ پر سات سے زائد کنکری

**مسئلہ** (۳۱): بعض حجاج کرام قصداً ہر جمرہ پر سات سے زائد کنکری مارتے ہیں، اُن کا یہ عمل خلافِ سنت ہونے کی وجہ سے مکروہ ہے [۱]، البتہ اگر ساتویں کنکری میں شک ہوجائے اور آٹھویں ماردے، پھر بعد میں معلوم ہوجائے کہ وہ ساتویں کنکری، ساتویں نہیں، آٹھویں تھی، تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " منحة الخالق على البحر الرائق " : قال في اللباب : لو رمى أكثر من سبع يكره . وقال شارحه : أي إذا رماه عن قصد ........ إذ لا شك أن السبع هو المسنون ، فالزيادة عليها مخالفة للسنة فتكره . (۲/ ۶۰۲)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يكره في الرمي الزيادة على العدد أي السبع في رمي كل جمرة من الجمرات . (۱۶۲/۲۳ ، رد المحتار : ۵۳۲/۳ ، كتاب الحج ، مطلب في رمي جمرة العقبة ، بيروت)

(۲) ما في " منحة الخالق على البحر الرائق " : وأما إذا شک في السابع ورماه وتبين أنه الثامن فإنه لا يضره ذلک . (۲۰۲/۲)

## ساتوں کنکریاں ایک ساتھ مارنا

**مسئلہ (۳۲):** بعض حجاج کرام رمی کے وقت ساتوں کنکریاں مٹھی میں رکھ کر ایک ساتھ پھینک دیتے ہیں، ہر کنکری کو علیحدہ علیحدہ نہیں پھینکتے، اُن کا اس طرح رمی کرنا درست نہیں ہے، صحیح طریقہ یہ ہے کہ ہر کنکری علیحدہ علیحدہ ماری جائے، اگر کوئی شخص ایک سے زیادہ یا ساتوں کنکریاں ایک ساتھ ہی ماردے، تو یہ ایک ہی شمار ہوگی، اگرچہ وہ کنکریاں علیحدہ علیحدہ گری ہوں، اور باقی چھ کنکریاں پوری کرنی ضروری ہوگی۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : لو رمى بسبع حصيات جملة واحدة فإنه يكون عن واحدة ، لأن المنصوص عليه تفرق الأفعال . (۲۰۲/۲)

ما في " رد المحتار " : قال الشامي رحمه الله تعالى : لو رماها دفعة واحدة كان عن واحدة . (۵۳۱/۳ ، مطلب في رمي جمرة العقبة ، بيروت ، النهر الفائق : ۸۷/۲ ، باب الإحرام)

ما في " بدائع الصنائع " : إن رمى إحدى الجمار بسبع حصيات جميعًا دفعة واحدة فهي عن واحدة ويرمى ستة أخرى ، لأن التوقيف ورد بتفريق الرميات فوجب اعتباره .

(۳/۱۴۷، فصل في بيان سنن الحج ، الموسوعة الفقهية : ۲۳/۱۵۳)

## مریض ومعذور کی طرف سے رمی

**مسئلہ (۴۳)**: اگر کوئی مریض اور معذور شخص جو خود رمی کرنے پر قادر نہ ہو، کسی دوسرے کو اپنی طرف سے رمی کرنے کا حکم دے، اور دوسرا شخص اُس کی طرف سے رمی کرے تو جائز ہے [۱]، اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ نائب پہلے اپنی سات کنکریاں پوری کرے، اس کے بعد مریض اور معذور شخص کی طرف سے سات کنکریاں مارے، اگر یہ نائب شخص اس طرح رمی کرے کہ ایک کنکری اپنی طرف سے اور دوسری مریض ومعذور کی طرف سے، تیسری اپنی طرف سے اور چوتھی مریض ومعذور کی طرف سے، یعنی دونوں کی رمی ایک ساتھ پوری کرے، تو یہ مکروہ ہے۔ [۲]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : ومن كان مريضا أو مغمى عليه توضع الحصاة في يده ويرمي بها ، وإن رمى عنه غيره بأمره أجزأه ، والأول أفضل . وفي اللباب : ولو رمى بحصاتين إحداهما عن نفسه والأخرى عن غيره جاز ويكره ، والأولى أن يرمي أولا عن نفسه ثم عن غيره . (۲/۲۰۲ ، كتاب الحج ، باب الإحرام ، بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : مريض لا يستطيع الرمي توضع الحصاة في كفه ليرمى عنه غيره بأمره . كذا في محيط السرخسي في صفة الرمي .

(۱/۲۳۶ ، كتاب المناسک ، فصل في المتفرقات)

(۲) ما في " البحر الرائق " : لو رمى بحصاتين إحداهما عن نفسه والأخرى عن غيره

جاز ویکره ، والأولی أن یرمي أولا عن نفسه ثم عن غیره . (۲/۲۰۲)
ما في " الموسوعة الفقهیة " : وینبغي أن یکون النائب قد رمی عن نفسه ، فإن لم یکن رمی عن نفسه فلیرم عن نفسه أولا الرمي کله ، ثم یرمي عمن استنابه ......... لو رمی حصاة عن نفسه وأخری عن الآخر جاز ویکره . (۲۳/۱۶۶)

## رمی کے وقت کنکری آہستہ سے پھینکنا

**مسئلہ(۳۴):** بعض حجاج کرام رمی جمار کے وقت کنکری اتنی آہستہ پھینکتے ہیں کہ وہ کنکری جمرہ سے تین ہاتھ کی دوری پر گرتی ہے، اُن کا اس طرح رمی کرنا درست نہیں ہے، کیوں کہ رمی میں کنکری کا جمرہ کے قریب گرنا ضروری ہے، البتہ اگر کنکری جمرہ سے تین ہاتھ کے فاصلہ سے کم پر گری تو یہ جائز ہے، کیوں کہ تین ہاتھ کے فاصلہ سے کم کی دوری قریب ہے، بعید نہیں ہے۔ (۱)

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : لو رماها فوقعت قریبًا من الجمرة یکفیه ولو وقعت بعیدًا لم یجزه لأنه لم یعرف قربة . قال ابن نجیم رحمه الله تعالی : قدر القریب بثلاثة أذرع والبعید بما فوقها وقیل : القریب ما دون الثلاثة . (۲/۲۰۲)
ما في " الدر المختار مع الشامیة " : ولو وقعت علی ظهر رجل أو جمل إن وقعت بنفسها بقرب الجمرة جاز ، وإلا لا ، وثلاثة أذرع بعید وما دونه قریب .
(۳/۵۳۱ ، مطلب في رمي جمرة العقبة)
ما في " حاشیة الطحطاوي علی مراقي الفلاح " : (إن سقطت علی سننها ذلک أجزاه) أي إن وقعت بقرب الجمرة وإلا لا ، وثلاثة أذرع بعید وما دونها قریب .
(ص/۷۳۶ ، فصل في کیفیة ترتیب أفعال الحج)

## غلیل سے جمرات کی رمی

**مسئلہ (۳۵):** بعض حجاج کرام جمرات کی رمی غلیل وغیرہ سے کرتے ہیں، اُن کا یہ طریقہ صحیح نہیں ہے، کیوں کہ رمی کا ہاتھ سے کرنا ضروری ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : ولا يجزئ الرمي بقوس ونحوه . (۲/۲۰۲)

ما في " هداية السالك إلى المذاهب الأربعة في المناسك " : قالوا : إنه لا يجزئه الرمي عن القوس وشبهه ولا الدفع بالرجل وكذا قال الحنفية .

(۳/۱۱۰۰ ، الباب الثاني عشر في الأعمال المشروعة يوم النحر)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : فلا يكفي الرمي بقوس ، ولا الرمي بالرجل ولا بالمقلاع ولا بالطين .

(۳/۲۲۵۷ ، الباب الخامس الحج والعمرة ، خامسًا – شروط الرمي)

## زمزم کے اطراف میں تھوکنا

**مسئلہ (۲۷):** بعض حجاج کرام زمزم کے اطراف میں تھوکتے ہیں، ناک کی ریزش گراتے ہیں، اُن کا یہ عمل شرعاً درست نہیں ہے[۱]، کیوں کہ چاہِ زمزم کے چاروں طرف کی زمین مسجد حرام کا جزو ہے[۲]، اُس کے احکام مسجد کے ہیں، اس لیے وہاں تھوکنا اور ناک کی ریزش گرانا ناجائز اور سخت منع ہے، اِس سے اجتناب ضروری ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وعهدنآ إلٰى ابرٰهيم واسمٰعيل أن طهّرا بيتي للطآئفين والعٰكفين والرّكّع السّجود﴾ . (سورة البقرة : ۱۲۵)

ما في " التفسير المنير " : هذا البيت طاهر مطهر وصينا ابراهيم واسماعيل بتطهيره من الأوثان وعبادة الأصنام وتطهير من كل رجس حسي أو دنس معنوي كاللغو والرفث والتنازع فيه . (۱/۱/۳۳۱)

ما في " الفتاوى الهندية " : حرمة المسجد خمسة عشر : ............... والرابع عشر ؛ أن ينزهه عن النجاسات . اهـ .

(۵/۳۲۱ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس في آداب المساجد)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : والمسجد الحرام في الاصطلاح كما قال النووي : قد يُراد به الكعبة فقط ، وقد يراد به المسجد حولها معها ، وقد يراد به مكة كلها مع مع الحرم حولها ، وقد جاء ت نصوص الشرع بهذه الأقسام . قال العلماء : أريد بتحريم البيت سائر الحرم . (۳۷/۲۳۵)

## حجاج کرام کی رخصتی پر نعرہ

**مسئلہ(۳۶):** حجاج کرام کو رخصت کرتے وقت اور واپسی پر اُن کے استقبال کے وقت لوگ جوش وخروش کے ساتھ نعرۂ تکبیر بلند کرتے ہیں، لوگوں کا اس موقع پر نعرہ لگانا محض نمائش ہے، بلکہ اکثر مواقع میں لہو ولعب کی صورت ہوجاتی ہے، اس لیے اس سے اجتناب ہی بہتر ہے۔[۱]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿الذين هم يرآؤن﴾ . (سورة الماعون : ٦)

ما في " روح المعاني " : ﴿الذين هم يرآؤن﴾ أي الناس فيعملون حيث يروا الناس ويرونهم طلباً للثناء عليهم . (۱٦/۴۳٦)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من سمّعَ أي من عمل عملا للسمعة بأن نواه بعمله وشهره ليسمع الناس به ، ويمتدحوه سمّع الله به ، أي شهره الله بين أهل العرصات وفضحه على رؤوس الأشهاد. (۹/۳۰۵ ، كتاب الرقاق ، باب الرياء والسمعة)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۵/۵۴۲،میرٹھ)

## حاجیوں کے گلے میں ہار

**مسئلہ (۳۷):** بعض دوست واحباب حاجیوں کو رخصت کرنے کے وقت اور واپسی پر ان کے استقبال کے وقت اُن کے گلے میں پھولوں کا ہار ڈالتے ہیں، اُن کا یہ عمل خلافِ سنت ہے، کیوں کہ اس کی کوئی اصل موجود نہیں ہے، اور سلف صالحین سے بھی کہیں ثابت نہیں ہے، اس لیے اس سے اجتناب ضروری ہے۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الصحيح لمسلم " : عن عائشة قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردٌّ " .

(۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، باب نقض الأحكام الباطلة ومحدثات الأمور)

ما في " فتح الباري " : قال ابن المنير : إن المندوبات قد تنقلب مكروهات إذا رفعت عن رتبتها . (۲/۴۳۷)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

ما في " رد المحتار " : ما أحدث على خلاف الحق الملتقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان وجعل دينا قويما وصراطا مستقيما .

(۲۵٦/۲ ، باب الإمامة ، مطلب البدعة خمسة أقسام)
(فتاویٰ محمودیہ:۱۵/۵۴۲،مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

## دعوت جو رسم بن رہی ہے

**مسئلہ(۱۷۹):** جب کوئی آدمی حج پر جانے کا ارادہ کرتا ہے، یا حج سے واپس آتا ہے، تو عام طور پر لوگ اس کی دعوت کرتے ہیں، جو یقیناً امرِ مباح اور باعثِ اجر وثواب ہے[۱]، لیکن اب یہ دعوتیں مستقل رسم بنتی جارہی ہیں، اور خود حاجی، حج کے لیے روانہ ہونے سے پہلے اپنے دوست واحباب، اعزا واقارب کے لیے بڑی بڑی دعوتوں کا اہتمام کررہا ہے، اس میں شرکت کی دعوت کے لیے ویسے ہی دعوت نامے چھاپے جارہے ہیں، جیسے شادی بیاہ کی تقریبات کے لیے چھاپے جاتے ہیں، نیز اِن دعوتوں میں نام ونمود، ایک دوسرے پر فخر یہ سبقت لے جانے کے جذبات کے ساتھ ساتھ دیگر شرعی منکرات کا ارتکاب بھی مشاہدہ میں آرہا ہے، اس لیے فی نفسہٖ دعوت کی یہ رسم ترک کردینے کے لائق ہے[۲]، کیوں کہ فقہ کا قاعدہ ہے کہ جب کوئی مباح کام برائی کا ذریعہ بن رہا ہو، تو اسے ترک کیا جاتا ہے[۳]، ہاں! البتہ حاجیوں کی واپسی پر ان سے ملاقات اور دعا کی درخواست کرنا ثابت ہے۔[۴]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي سعيد الخدري ، عن النبي ﷺ قال : "

أطعموا طعامكم الأتقياء وأولوا معروفكم بالمؤمنين " . رواه البيهقي في شعب الإيمان. (ص/٣٢٩، باب الضيافة ، الفصل الثاني)

ما في " كنز العمال " : قوله ﷺ : " خيار أمتي من يطعم الطعام وليس فيه رياء وسمعة، ومن أطعم طعامًا فيه رياء وسمعة جعله الله تعالى نارًا في بطنه يوم القيامة حتى يفرغ الحساب . (١٠٨/٩ ، كتاب الضيافة ، رقم الحديث :٢٥٨٣٥)

(٢) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين ينفقون أموالهم رئاء الناس﴾ . (النساء :٣٨)

ما في " تفسير القرطبي " : قوله : " يراء ون الناس " والرياء إظهار الجميل ليراه الناس ولا لاتباع أمر الله . (٤٢٢/٥)

ما في " صحيح البخاري " : عن سلمة قال : سمعت جندبًا يقول : قال النبي ﷺ ، ولم أسمع أحدًا يقول : قال النبي ﷺ غيره ، فدنوت منه ، فسمعته يقول : قال النبي ﷺ : " من سمع سمّع الله به ، ومن يرائي يرائي الله به " .

(٩٦٢/٢، كتاب الرقاق ، باب الرياء والسمعة ، رقم الحديث : ٦٤٩٩)

(٣) ما في " مجموعة رسائل اللكنوي " : فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم والتخصيص من غير مخصص مكروها ، كما صرح به علي القاري في شرح المشكاة والحصكفي في الدر المختار وغيرهما .

(٤٩٠/٣ ، سباحة الفكر في الجهر بالذكر، الباب الأول في حكم الجهر بالذكر)

ما في " فتح الباري " : إن المندوبات قد تنقلب مكروها إذا رفعت عن رتبتها .

(٤٣٧/٢ ، كتاب الأذان ، باب الانفتال والانصراف عن اليمين والشمال)

(٤) ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا لقيت الحاجَّ فسلِّم عليه وصافحه ومُره أن يستغفر لک قبل أن يدخل بيته فإنه مغفور له " رواه أحمد . (ص/٢٢٣ ، كتاب المناسک ، الفصل الثالث)

ما في " احياء العلوم للغزالي " : وقد كان من سنة السلف رضي الله عنهم أن يشيعوا الغزاة وأن يستقبلوا الحاجّ ويقبلوا بين أعينهم ويسألوهم الدعاء ويبادرون ذلک قبل أن يتدنسوا بالآثام . (٢٤١/١ ، كتاب أسرار الحجّ ، الفصل الأول ، فضيلة الحجّ)

(فتاویٰ رحیمیہ:۸/ ۱۳۷-۱۴۲، فتاویٰ محمودیہ:۱۵/ ۵۴۴، کتاب الفتاویٰ:۴/ ۱۲۰، ۱۲۱، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۰۶۳۱)

# قریب البلوغ لڑکے کے ساتھ سفرِ حج

**مسئلہ(۱۹۳):** کسی عورت کا تنہا حج یا عمرہ کے گروپ کے ساتھ سفرِ حج یا عمرہ کرنا جائز نہیں ہے، اگر شوہر یا اور کوئی محرم نہ ہو، اور مُراہق یعنی قریب البلوغ لڑکا ہو، جو عاقل بھی ہو، تو اس کے ساتھ سفر کرنے کی گنجایش ہے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " اعلاء السنن " : " ألا لا تحجنّ امرأة إلا ومعها ذو محرم " . (۱۰/۱۵، كتاب الحج ، باب اشتراط المحرم أو الزوج لوجوب أداء الحج على المرأة)

ما في " المبسوط للسرخسي " : ان المرأة لا يجوز لها أن تخرج لسفر الحج إلا مع محرم أو زوج . (۴/۱۲۲)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : ومع زوج أو محرم بالغ عاقل ، والمراهق كالبالغ غير مجوسي ولا فاسق لعدم حفظهما .

(۳/۴۱۱ ، كتاب الحج ، مطلب يقدم حق العبد على حق الشرع)

ما في " اعلاء السنن " : قوله : (عن ابن عباس إلى آخر أحاديث الباب) قلت : دلالتها على معنى الباب ظاهرة ، فلا يجوز لامرأة بالغة ولو عجوزًا ولو معها غيرها من النساء الثقات والرجال الصالحين أن تخرج للحج مسيرة سفر بغير محرم أو زوج . (۱۰/۱۱ ، كتاب الحج ، باب اشتراط المحرم أو الزوج لوجوب أداء الحج على المرأة ، غنية الناسک في بغية المناسک : ص/۳۰ ، ۳۱ ، باب شرائط الحج ، فصل وأما شرائط وجوب الأداء فخمسة على الأصح ، كذا في الجوهرة النيرة : ۱/۲۱۷ ، كتاب الحج) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۲۸۶۹)

# عورت کا عدت کے زمانے میں سفرِ حج

**مسئلہ (۲۰۰):** بسا اوقات میاں بیوی، دونوں حج کا فارم بھرتے ہیں، اور قرعہ اندازی میں اُن کا نام بھی آجاتا ہے، پھر اچانک شوہر کا انتقال ہوجاتا ہے، اور بیوی پر عدتِ وفات لازم ہوجاتی ہے، اب اعزاء واقارب عورت کو یہ مشورہ دیتے ہیں کہ پھر دوبارہ نام نکلے یا نہ نکلے، اور آئندہ سال تک زندگی وفا کرے یا نہ کرے، اِس لیے بہتر یہی ہے کہ آپ اِسی سال فلاں فلاں عزیز وقریب کے ساتھ سفرِ حج کرلو، اُن کا یہ مشورہ درست نہیں ہے، کیوں کہ اِس میں دو شرعی خرابیاں ہیں: (۱) عورت کا عدت کے زمانے میں سفر کرنا[1]، (۲) ہر عزیز وقریب کے محرم نہ ہونے کی وجہ سے غیر محرم کے ساتھ سفر کرنا[2]، ہاں! اگر سفر سے پہلے عدتِ وفات پوری ہوجائے، اور سفر میں کوئی محرم یعنی ایسا شخص جس کے ساتھ اِس عورت کا نکاح ہمیشہ کے لیے حرام ہو، ساتھ ہو، تو پھر اُن کا یہ مشورہ درست ہے، اور اِس صورت میں عورت کو حج کرلینا چاہیے۔

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : والثانية يعني شرائط وجوب أداء خمسة على الأصح ، صحة البدن وزوال مانع الحسية عن الذهاب إلى الحج ، وأمن الطريق ، وعدم قيام العدة في حق المرأة . (۲/۵۳۹ ، كتاب الحج)

ما في " الفتاوى الهندية " : ومن شرائط الحج عدم قيام العدة في حق المرأة عدة وفاة كانت أو عدة طلاق ، والطلاق بائن أو رجعي ، فلا تخرج المرأة إلى الحج في عدة

طلاق أو موت . (۱/ ۲۱۹ ، کتاب المناسک ، الباب الأول)

ما في " غنية الناسک " : والخامس : عدم عدة عليها مطلقًا ، سواء كانت من طلاق بائن أو رجعي أو وفاة أو فسخ أو غير ذلک .

(ص/۳۵ ، فصل وأما شرائط وجوب الأداء فخمسة على الأصح)

(۲) ما في " اعلاء السنن " : " لا تحجّنّ امرأة ومعها ذو محرم " .

(۱۰/ ۱۵ ، كتاب الحج ، باب اشتراط المحرم أو الزوج الخ)

ما في " بدائع الصنائع " : أن يكون معها زوجها أو محرم لها ، فإن لم يوجد أحدهما لا يجب عليها الحج . (۳/ ۵۴ ، كتاب الحج ، فصل في شرائط فرضيته)

ما في " الشامية " : والمحرم أو الزوج للمرأة وعدم العدة لها .

(۳/ ۴۰۴ ، كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام)

ما في " الفتاوى الهندية " : ومنها المحرم للمرأة شابة كانت أو عجوزًا .

(۱/ ۲۱۸ ، کتاب المناسک ، الباب الأول)

ما في " غنية الناسک " : الرابع : المحرم أو الزوج لامرأة بالغة ولو عجوزًا .

(ص/۳۰ ، فصل واما شرائط وجوب الأداء فخمسة على الأصح)

# کتاب الاضحیۃ

## جانور کی قیمت ادھار رکھ کر قربانی

**مسئلہ** (۴۱): بعض لوگ قیمت ادھار رکھ کر جانور لیتے ہیں، اور اس کی قربانی کرتے ہیں، ان کا اس طرح سے قربانی کرنا جائز ودرست ہے، کیوں کہ قیمت ادھار رکھ کر جانور لینے سے ملکیت ثابت ہو جاتی ہے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : ويجوز البيع بثمن حال ومؤجل إذا كان الأجل معلومًا .
(۲۱/۳)
ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وصح بثمن حال) وهو الأصل (ومؤجل إلى معلوم) لئلا يفضي إلى النزاع. (۵۲/۷)
ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : يجوز البيع بثمن حال ومؤجل لإطلاق قوله تعالى : ﴿أحل الله البيع﴾ وما بثمن مؤجل بيع . وفي صحيح البخاري عن عائشة اشترى رسول الله ﷺ طعامًا من يهودي إلى أجل ورهنه درعًا له من حديد . (۲۴۲/۶)
(احسن الفتاوی: ۵۱۳/۷)

# قربانی کا جانور مر جائے

**مسئلہ** (۴۰): اگر کوئی شخص قربانی کے لیے جانور خریدے، اور قربانی سے پہلے جانور مر جائے، تو اگر جانور خریدنے والا مالدار ہے، تو اس پر دوسرا جانور خرید کر اس کی قربانی کرنا لازم ہوگا، اور اگر وہ غریب ہے تو اس کے ذمہ دوسرا جانور خرید کر قربانی کرنا لازم نہیں ہوگا۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مجمع الأنهر " : إذا ماتت المشتراة للتضحية على موسر تجب مكانها أخرى ، ولا شيء على الفقير . (۱۷۳/۴ ، كتاب الأضحية)
ما في " بدائع الصنائع " : إذا اشترى شاة للأضحية وهو موسر ثم انها ماتت أو سرقت أو ضلت في أيام النحر انه يجب عليه أن يضحي بشاة أخرى .... وإن كان معسرا فاشترى شاة للأضحية فهلكت في أيام النحر أو ضاعت سقطت عنه وليس عليه شيء آخر . (۱۹۹/۴ ، كتاب الأضحية ، فصل في كيفية الوجوب)
ما في " المبسوط للسرخسي " : وكذلك لو ماتت عنده أو سرقت فعليه بدلها إن

كان موسرا ، ولا شيء عليه إن كان معسرا . (۱۲/۱/۲۱ ، باب الأضحية)

(فتاویٰ محمودیہ:۲۶/۲۳۳-۲۳۴)

## اجتماعی قربانی میں رقم بچ جائے

**مسئلہ**(۳۹): اگر اجتماعی قربانی میں قربانی کرنے کے بعد کچھ رقم بچ جائے، تو اجتماعی قربانی کا انتظام کرنے والے اداروں پر بچی ہوئی زائد رقم کا واپس کرنا لازم ہوگا[1]، البتہ اگر قربانی کا انتظام کرنے والے ادارے اجرت کے طور پر کچھ لینا چاہیں، تو ابتدا ہی سے متعین کر کے لے سکتے ہیں، بعد میں نہیں[2]، یا پھر جن لوگوں کی طرف سے قربانی کی گئی ہے، اُن کی اجازت سے، اُن کے بیان کردہ مصرف میں خرچ کرنے کے مجاز ہوں گے۔

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : " لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه". (۱۶۶/٦ ، كتاب الغصب ، مشكوة المصابيح :ص/۲۵۵ ، سنن الدارقطني : ۲۲/۳ ، كتاب البيوع ، رقم الحديث : ۲۸٦۲ ، المسند للإمام أحمد بن حنبل : ۴۰۰/۱۵ ، رقم الحديث : ۲۰۹۸۰ ، جمع الجوامع : ۷/۹ ، رقم الحديث : ۲٦۷۵۹ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۳۸۷/۴ ، رقم الحديث : ۵۴۹۲)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه .

(۲۹۱/۹ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بلا إذنه . (۹٦/۱ ، المادة : ۹٦)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وشرطها : كون الأجرة والمنفعة معلومتين ،

لأن جهالتهما تفضي إلى المنازعة . (۹/۷ ، كتاب الإجارة ، الفتاوى الهندية : ۴/۱۱۴ ، كتاب الإجارة ، الباب الأول في تفسير الإجارة)

ما في " درر الحكام " : شرائط الصحة أنواع : ..... النوع الثاني تعيين الأجرة .

(۱/۴۹۵ – ۴۹۶ ، كتاب الإجارة ، الفصل الثاني في شروط انعقاد الإجارة)

ما في " قواعد الفقه " : " جهالة المعقود عليه تفسد العقد " . (ص/۷۵)

## ایصالِ ثواب کے لیے قربانی

**مسئلہ (۴۳):** بعض لوگ اپنی واجب قربانی کی ادائیگی کے ساتھ اپنے مُردوں کو ثواب پہنچانے کے لیے بھی قربانی کرتے ہیں، ان کا اپنے مُردوں کو ثواب پہنچانے کی غرض سے قربانی کرنا جائز ودرست ہے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وإن مات أحد السبعة المشتركين في البدنة وقال الورثة : اذبحوا عنه وعنكم صحّ عن الكل استحساناً لقصد القرابة من الكل . الدر المختار . قال ابن عابدين الشامي رحمه الله : قوله: (لقصد القرابة) قال في البدائع : لأن الموت لا يمنع التقرب عن الميت بدليل أنه يجوز أن يتصدق عنه ويحج عنه ، وقد صح أن رسول الله ﷺ ضحّى بكبشين ، أحدهما عن نفسه والآخر عمن لم يذبح من أمته ، وإن كان منهم من قد مات قبل أن يذبح لأنه له ولاية عليهم .

(۹/۴۷۱ ، كتاب الأضحية)

ما في " بدائع الصنائع " : الموت لا يمنع التقرب عن الميت ، بدليل أنه يجوز أن يتصدق عنه ويحج عنه ، وقد صح أن رسول الله ﷺ ضحّى بكبشين أحدهما عن نفسه والآخر عمن لا يذبح من أمته ، وإن كان منهم من قد مات قبل أن يذبح فدل أن الميت يجوز أن يتقرب عنه ، فإذا ذبح عنه صار نصيبه للقربة فلا يمنع جواز ذبح

الباقين . (٦/٣٠٧ ، كتاب التضحية ، البحر الرائق : ٨/٣٢٦ ، مجمع الأنهر : ٤/١٧٣ ، كتاب الأضحية ، هدايه : ٤/٤٤٩ ، كتاب الأضحية)

## بوقت ذبح بسم اللہ کے ساتھ اللہ اکبر

**مسئلہ (۴۴):** بعض لوگ بوقت ذبح ''بسم اللہ'' کے ساتھ ''اللہ اکبر'' کہنا بھی ضروری سمجھتے ہیں، جب کہ ذبح کے وقت صرف ''بسم اللہ'' کہنا بھی کافی ہے[1]، البتہ ''بسم اللہ اللہ اکبر'' دونوں کہنا سنت ہے۔[2]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : منها التسمية حالة الزكوة عندنا أي اسم كان .

(٥/٢٨٥ ، كتاب الذبائح ، الباب الأول)

ما في " البحر الرائق " : ولو قال : بسم الله جاز نوى أو لم ينو لأنه صريح في التسمية. (٨/٣٠٧ ، كتاب الذبائح)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : والمستحب أن يقول بسم الله الله اكبر بلا واوٍ . (٩/٤٣٧ ، كتاب الذبائح)

ما في " البحر الرائق " : وذكر الحلواني أن المستحب أن يقول باسم الله الله اكبر ثلاثا . (٨/٣٠٩ ، كتاب الذبائح)

## جانور میں حصہ لینے تمام افراد پر بسم اللہ

**مسئلہ (۴۵):** بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ایک بڑے جانور میں جتنے افراد شریک ہوں گے، تمام افراد کے لیے جانور کو ذبح کرتے وقت ''بسم اللہ'' کہنا ضروری ہے، جب کہ صحیح بات یہ ہے کہ جانور میں حصہ لینے والے تمام افراد

پر "بسم اللہ" پڑھنا ضروری نہیں ہے، صرف ذبح کرنے والے اور اس کے ساتھ چھری پر، یا ذبح کرنے والے کے ہاتھ پر وزن رکھنے والوں پر "بسم اللہ" کہنا ضروری ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : أراد التضحية فوضع يده مع يد القصاب في الذبح وأعانه على الذبح سمى كل وجوبا ، فلو تركها أحدهما أو ظن أن التسمية أحدهما تكفي حرمت . (۹/۴۰۵ ، كتاب الأضحية)

ما في " الفتاوى الهندية " : رجل أراد أن يضحي فوضع صاحب الشاة يده على السكين مع يد القصاب حتى تعاونا على الذبح . قال الشيخ الإمام : يجب على كل واحد منهما التسمية ، حتى لو ترك أحدهما التسمية لا يجوز كذا في الظهيرية .

(۵/۳۰۴ ، الباب السابع)

## قربانی کا گوشت اہل وعیال کے لیے

**مسئلہ (۴۶):** قربانی کے گوشت کا ایک تہائی حصہ غرباء ومساکین کو صدقہ کرنا مستحب ہے[1]، لیکن اگر کوئی شخص عیال دار اور قبیلہ دار ہے، تو اس کے لیے بہتر یہی ہے کہ تمام گوشت اپنے اہل وعیال کے لیے رہنے دے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : الأفضل أن يتصدق بالثلث .

(۶/۳۲۹ ، كتاب التضحية ، فصل فيما يستحب قبل الأضحية الخ ، الفتاوى الهندية

: ۳۰۰/۵ ، الباب الخامس ، رد المحتار : ۴۷۴/۹ ، كتاب الأضحية)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : التصدق بها أفضل إلا أن يكون الرجل ذا عيال وغير موسع الحال ، فإن الأفضل له حينئذ أن يدعه لعياله ويوسع به عليهم ، لأن حاجته وحاجة عياله مقدمة على حاجة غيره ، قال النبي صلى الله عليه وسلم : "ابدأ بنفسك ثم بغيرك " .

(۶/ ۳۳۱، ۳۳۲ ، كتاب التضحية)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وندب تركه) أي ترك التصدق (لذي عيال غير موسع الحال) . (۹/۴۷۴ ، كتاب الأضحية ، الفتاوى الهندية : ۳۰۰/۵)

## قربانی کے جانور کی ہڈیاں نمک کے عوض

**مسئله** (۴۷): بعض لوگ قربانی کے جانور کی ہڈیاں نمک کے عوض فروخت کرتے ہیں، ہڈیوں کی یہ بیع جائز تو ہے، مگر اس کے عوض جو نمک لیا گیا وہ یا اس کی قیمت کا صدقہ کرنا لازم ہے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط للسرخسي " : كما يكره له أن يعطي جلدها الجزار فكذلك يكره له أن يبيع الجلد ، فإن فعل ذلك تصدق بثمنه كما لو باع شيئا من لحمها .

(۱۲/ ۱۹ ، باب الأضحية)

ما في " بدائع الصنائع " : روي عن سيدنا علي كرم الله وجهه أنه قال : إذ ضحيتم فلا تبيعوا لحوم ضحاياكم ولا جلودها ، وكلوا منها وتمتعوا ، فإن باع شيئا من ذلك نفذ عند أبي حنيفة ومحمد ، وعند أبي يوسف لا ينفذ لما ذكرنا فيما قبل الذبح ويتصدق بثمنه . (۴/۲۲۵ ، كتاب التضحية ، ما يكره في الأضحية)

ما في " المغني والشرح الكبير " : روي عن ابن عمر أنه يبيع الجلد ويتصدق بثمنه .

(۱۱/۱۱۲)

ما في ”رد المحتار“ : إن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلک أو بدرهم تصدق بثمنه ومفاده صحة البيع مع الكراهة وهو قول أبي حنيفة ومحمد لقيام الملک والقدرة على التسليم . (۹/۳۹۸، البحر الرائق : ۸/۳۲۷، كتاب الأضحية)

## بھینگی آنکھ والے جانور کی قربانی

**مسئلہ (۴۸):** بھینگی آنکھ والے جانور کی قربانی جائز ودرست ہے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ” الفتاوى الهندية “ : والحولاء تجزئ وهي التي في عينها حول .
(۵/۲۹۸، البحر الرائق : ۸/۳۲۳، كتاب الأضحية، رد المحتار : ۹/۴۷۰، كتاب الأضحية)

## حق الخدمت کے طور پر قربانی کا گوشت

**مسئلہ (۵۰):** بعض علاقوں میں یہ رواج ہے کہ قصائی، نائی، دھوبی اور بھنگی وغیرہ قربانی کا گوشت حق الخدمت کہہ کر مانگتے ہیں، اور نہ دینے پر ناراض ہوتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ اُن کا حق الخدمت مار لیا گیا، اُن لوگوں کا حق الخدمت کے طور پر قربانی کا گوشت مانگنا اور قربانی کرنے والے شخص کا حق الخدمت کے طور پر دینا، دونوں عمل درست نہیں ہیں[1]، لیکن اگر کسی نے اس طرح دے دیا، تو جس قدر دیا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہے[2]، اور اگر اِن لوگوں کو بغیر حق الخدمت کے قربانی کا گوشت دیا جائے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔[3]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن علي رضي الله عنه قال : " أمرني رسول الله ﷺ أن أقوم على بدنة وأن أقسم جلودها وجلالها وأمرني أن لا أعطي الجازر منها شيئًا ، وقال : نحن نعطيه من عندنا " .

(۴۹۵/۹ ، كتاب الضحايا ، باب لا يبيع من أضحيته شيئًا ولا يعطي أجر الجازر منها ، رقم : ۱۹۲۳۲ ، تبيين الحقائق : ۴۸۶/۶ – ۴۸۷)

ما في " التنوير وشرحه " : ولا يعطي أجر الجزار منها لأنه كبيع . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (لأنه كبيع) لأن كلا منها معاوضة ، لأنه إنما يعطي الجزار بمقابلة جزره ، والبيع مكروه ، فكذا ما في معناه . (۴۷۵/۹ ، كتاب الأضحية)

ما في " البحر الرائق " : (ولا يعطي أجرة الجزار منها شيئا) والنهي عنه نهى عن البيع لأنه في معنى البيع لأنه يأخذه بمقابلة عمله فصار معاوضة كالبيع .

(۳۲۷/۸ ، كتاب الأضحية)

(۲) ما في " التنوير وشرحه " : فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلك أو بدراهم تصدق بثمنه . (۴۷۵/۹ ، كتاب الأضحية)

(۳) ما في " اعلاء السنن " : ما يدفعه إلى الجزار أجرة عوض عن عمله وجزارته ، ولا تجوز المعاوضة بشيء منها ، فأما إن دفع إليه لفقره أو على سبيل الهدية فلا بأس .

(۲۹۰/۱۷ ، كتاب الأضاحي ، باب التصدق بلحوم الأضاحي وغيرها ، رقم : ۵۶۰۰)

## تکبیرِ تشریق کی قضا

**مسئلہ** (۵۱): اگر کسی شخص کی ایامِ تشریق کے دوران کوئی نماز قضا ہوگئی، اور وہ اُسی سال ایامِ تشریق کے دوران اس کی قضا کرے، تو اُس پر بھی اس قضا نماز کے بعد تکبیرِ تشریق کہنا لازم ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ومن نسي صلاة من أيام التشريق فذكرها في أيام التشريق من تلك السنة قضاها وكبر . كذا في الخلاصة . (۱/۱۵۲)

ما في " بدائع الصنائع " : إن فاتته في هذه الأيام وقضاها في هذه الأيام من هذه السنة يكبر ، لأن التكبير سنة الصلاة الفائتة ، وقد قدر على القضاء لكون الوقت وقتا لتكبيرات الصلوات المشروعات فيها .

(۲/۲۰ ، كتاب الصلاة ، فصل في بيان قضاء التكبير)

## مرنے کے بعد عقیقہ

**مسئلہ** (۱۹۴): عقیقہ زندگی میں کیا جاتا ہے، مرنے کے بعد عقیقہ کا مستحب ہونا ثابت نہیں ہے [1]، اگر مردہ بچہ کے عقیقہ کو مستحب نہ سمجھا جائے، محض شفاعت کی امید اور مغفرت کی لالچ سے کر دیا جائے، تو گنجایش معلوم ہوتی ہے، جیسے کسی نے حج نہیں کیا اور بلا وصیت مر گیا، اور وارث نے اس کی مغفرت کی امید پر اپنے خرچ سے حج بدل کیا، تو امید ہے کہ حق تعالیٰ قبول فرمائے [2]، اِس صورت میں عقیقہ کا جانور مستقل ہو، احتیاطاً قربانی کے جانور میں شرکت نہ کرے۔ [3]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " اعلاء السنن " : عن بريدة أن النبي ﷺ قال : " العقيقة لسبع أو أربع عشرة أو إحدى وعشرين " . رواه الطبراني . (۱۷/۱۳۱)

ما في " فيض الباري " : ان الغلام إذا لم يعق عنه ، فمات لم يشفع لوالديه ، ثم أن الترمذي أجاز بها إلى يوم إحدى وعشرين ، قلت : بل يجوز إلى أن يموت لما رأيت في بعض الروايات أن النبي ﷺ عقّ عن نفسه بنفسه . (۵/۲۴۸)

(۲) ما في " الشامية " : لو مات رجل بعد وجوب الحج ولم يوص به فحج رجل عنه ، أو حج عن أبيه أو أمه عن حجة الإسلام من غير وصية ، قال أبو حنيفة : يجزيه إن شاء الله . (۴/۱۷)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن معاني الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الإحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۲/۱۰۰) (فتاویٰ رحیمیہ:۱۰/۶۲)

# کتاب النکاح

## غیر شرعی نکاح

**مسئلہ** (۱۲۰): خاندان ہی انسانی معاشرہ کی اساس ہے، اسلام نے خاندانی نظام کو انتہائی مضبوط و مستحکم بنیادوں پر قائم کرنے کی تلقین کی ہے، کیوں کہ اسی سے نسلِ انسانی کی بہتری اور حقیقی انسانی معاشرہ کی تشکیل ہوتی ہے، اسلام نے خاندانی نظام اور نسلِ انسانی کی بقا کے لیے مرد وزن کے مابین ایک پاکیزہ رشتہ بنام'' نکاح'' مشروع فرمایا[۱] اور ''زنا'' کو حرام قرار دیا ہے[۲]، مگر موجودہ تہذیبیں اس پاکیزہ خاندانی نظام کو بکھیر دینے پر تلی ہوئی ہیں، معاشرہ میں نوعمر لڑکوں اور لڑکیوں کے درمیان آزادانہ جنسی تعلقات قائم ہوں اس کے لیے وہ یہ کوششیں کررہی ہیں کہ شادی کی عمر قانونی طور پر بڑھادی جائے، تاکہ برائیوں کی

راہ کھل جائے، وہ اس کے لیے بھی کمر بستہ دکھائی دے رہی ہیں کہ غیر شرعی تعلقات کو شرعی نام دے کر عام کیا جائے، مثلاً:

(۱) زواجِ دم، یعنی لڑکا لڑکی دونوں اپنی انگلیوں میں پن چبھا کر ایک دوسرے کے خون کو ملائیں تو یہ شادی ہوگئی۔

(۲) زواجِ وَشم، یعنی دونوں اپنے جسم پر گودنے والے سے ایک دوسرے کے نام کندہ کرالیں، تو شادی ہوگئی۔

(۳) زواج الکاست، یعنی یونیورسٹی کے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں باہم دو ساتھی گواہوں کی موجودگی میں کلماتِ نکاح اس طرح کہیں کہ وہ ٹیپ ہوجائیں، پھر بطور اعلانِ "نکاح" و "ولیمہ" اپنے دس پندرہ ساتھیوں کو سینڈوچ کھلا دیں، تو شادی ہوگئی۔ اور اب دونوں میاں بیوی کی طرح زندگی گزار سکتے ہیں، شریعتِ اسلامیہ میں اس طرح کے نکاحوں کی کوئی گنجائش نہیں، بلکہ وہ حرام ہیں۔[۳]

ہم مسلمانوں کو چاہیے کہ ہم اپنے بچوں کی دینی تعلیم وتربیت پر خوب توجہ دیں[۴] اور ہر لمحہ اس بات کی فکر کریں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ میرا بیٹا یا بیٹی اس تہذیبِ نو کے سیلاب میں بہہ جائے، اور پھر ہم کفِ افسوس ملتے رہ جائیں۔

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " سورة النساء " : قال الله تعالی : ﴿فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنی وثلٰث وربٰع﴾ . [الآیة : ۳] وقال : ﴿وأنکحوا الأیامي منکم والصٰلحین من عبادکم وإمائکم ، إن یکونوا فقراء یغنهم الله من فضله ، والله واسع علیم﴾ .(سورة النور : ۳۲)

ما في " صحيح البخاري " : عن علقمة قال : كنت مع عبد الله فلقيه عثمان بمنى فقال : يا أبا عبد الرحمن ! إن لي إليک حاجة فخلوا فقال عثمان : هل لک يا أبا عبد الرحمن في أن تزوجک بكر تذكرک ما كنت تعهد ، فلما رأى عبد الله أن ليس له حاجة إلى هذا أشار إلى فقال : يا علقمة ! فانتهيت إليه ، وهو يقول : أما لئن قلت ذلک ، لقد قال لنا النبي ﷺ : " يا معشر الشباب ! من استطاع منكم الباءة فليتزوج ، ومن لم يستطع فعليه بالصوم ، فإنه له وجاء " .

(فتح الباري لإبن حجر العسقلاني : ٩/١١٢ ، ط : السلفية)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ثبتت مشروعية النكاح بالكتاب والسنة والإجماع : فمن الكتاب قول الله عز وجل : ﴿فانكحوا ما طاب لكم من النساء﴾ ، وقوله سبحانه وتعالى : ﴿وأنكحوا الأيامى منكم﴾ . ومن السنة قول النبي ﷺ : " يا معشر الشباب ! من استطاع منكم الباءة فليتزوج " . وأجمع المسلمون على النكاح مشروع ، ونص بعض الفقهاء على أن النكاح شرع من عهد آدم عليه السلام ، واستمرّت مشروعيته ، بل هو مستمر في الجنة .

(٤١/٢١٠ ، مشروعية النكاح وحكمته ، أسنى المطالب شرح روض الطالب : ٣/٩٨ ، ط : دار الكتاب الإسلامي ، مغني المحتاج شرح منهاج الطالبين : ٣/١٢٤ ، ط : دار الفكر ، المغني لإبن قدامة : ٧/٣ ، ٤ ، ط : مكتبة القاهرة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ليس لنا عبادة شرعت من عهد آدم إلى الآن ثم تستمرّ في الجنة إلا النكاح والإيمان . الدر المختار . وفي الشامية : قوله : (عقد) العقد : مجموع إيجاب أحد المتكلمين مع قبول الآخر أو كلام الواحد القائم مقامها أعني متولي الطرفين . بحر . (٤/٥٧ – ٥٩ ، كتاب النكاح ، بيروت)

ما في " المبسوط للسرخسي " : ثم يتعلق بهذا العقد أنواع من المصالح الدينية والدنيوية من ذلک حفظ النساء ، والقيام عليهنّ ، والإنفاق ، ومن ذلک صيانة النفس عن الزنا ، ومن ذلک تكثير عباد الله تعالى ، وأمة الرسول . ﷺ . وتحقيق مباهاة الرسول . ﷺ . كما قال : " تناكحوا تناسلوا تكثروا ، فإني مباه بكم الأمم يوم

القيامة" . وسببه تعلق البقاء المقدور به إلى وقته ، فإن الله تعالى حكم ببقاء العالم إلى قيام الساعة ، وبالتناسل يكون هذا البقاء ، وهذا التناسل عادة لا يكون إلا بين الذكور والإناث ، ولا يحصل ذلك بينهما إلا بالوطء فجعل الشرع طريق ذلك الوطء النكاح ، لأن في التغالب فسادًا وفي الإقدام بغير ملك اشتباه الأنساب ، وهو سبب لضياع النسل ، لما بالإناث من بني آدم من العجز عن التكسب والإنفاق على الأولاد، ........... ثم هذا العقد المسنون مستحب في قول جمهور العلماء رحمهم الله تعالى ، وعند أصحاب الظواهر واجب لظاهر الأمر به في الكتاب والسنة ، ولما روي "أن النبي . صلى الله عليه وسلم . قال لعكاف بن خالد : ألك امرأة ؟ فقال : لا ، فقال : "تزوج فإنك من إخوان الشياطين" . وفي رواية : "إن كنت من رهبان النصارى فالحق بهم وإن كنت منا فتزوج ، فإن المهاجر من أمتي من مات وله زوجة أو زوجتان أو ثلاث زوجات" . ولأن التحرز من الزنا فرض ، ولا يتوصل إليه إلا النكاح ، وما لا يتوصل إلى الفرض إلا به يكون فرضًا ، ......... وكما يتوصل بالنكاح إلى التحرز عن الزنا يتوصل بالصوم إليه ، قال صلى الله عليه وسلم : "يا معشر الشبان ! عليكم بالنكاح ، فمن لم يستطع فعليه بالصوم ، فإنه له وجاء" وتأويل ما روي في حق من تتوق نفسه إلى النساء على وجه لا يصبر عنهن ، وبه نقول : إذا كان بهذه الصفة لا يسعه ترك النكاح ، فأما إذا لم يكن بهذه الصفة فالنكاح سنة له قال . صلى الله عليه وسلم . : "ثلاث من سنن المرسلين ؛ النكاح والتعطُّر وحسن الخلق" وقال صلى الله عليه وسلم : "النكاح سنتي فمن رغب عن سنتي فليس مني" أي ليس على طريقي . (۲۱۴/۴ ، ۲۱۵ ، كتاب النكاح ، بيروت)

(۲) ما في "سورة الإسراء" : قال الله تعالى : ﴿ولا تقربوا الزنىٰ إنه كان فاحشة وساء سبيلا﴾ . (الآية : ۳۲)

ما في "الموسوعة الفقهية" : الزنا حرام ، وهو من أكبر الكبائر بعد الشرك والقتل ، قال الله تعالى : والذين لا يدعون مع الله إله أخر ولا يقتلون النفس التي حرم الله إلا بالحق ولا يزنون ومن يفعل ذلك يلق أثاما ، يضاعف له العذاب يوم القيامة ويخلد فيه مهانا ، إلا من تاب وآمن وعمل عملا صالحا فألئك يبدل الله سيآتهم حسنات وكان

الـلـه غـفورًا رحيمًا﴾ . [الفرقان : ٦٨ ، ٦٩ ، ٧٠] وقال تعالى : ﴿ولا تقربوا الزنا إنه كـان فـاحشة وسـاء سبيـلا﴾ . قـال الـقرطبي : قال العلماء : قوله تعالى : ﴿ولا تقربوا الـزنا﴾ أبلغ من أن يقول : " ولا تزنوا " فإن معناه لا تدنوا من الزنا . وروى عبد الله بن مسعود قال : " سألت رسول الله ﷺ : أي الذنب عند الله أكبر ؟ قال : أن تجعل لله نـدًا وهو خلقك ، قلت : ثم أي ؟ قال : أن تقتل ولدك خشية أن يطعم معك ، قلت : ثـم أي ؟ قـال : أن تزاني بحليلة جارك " . وقد أجمع أهل الملل على تحريمه ، فلم يحل في ملة قط ، ولذا كان حده أشد الحدود ، لأنه جناية على الأعراض والأنساب ، وهو من جملة الكليات الخمس ، وهي حفظ النفس والدين والنسب والعقل والمال . (٢٤/٢٠ ، الـزنـا ، الحكم التكليفي، فتح الباري : ٣٩٢/٨ ، ط : السلفية ، الصحيح لمسلم : ٩٠/١ ، ط : الحلبي)

ما في " حاشية الجمل على شرح المنهج " : (كتاب الزنا) هو أكبر الكبائر بعد القتل ، ومـن ثـم أجـمـع أهـل الـملل على تحريمه ، وكان حده أشد الحدود ، لأنه جناية على الأعـراض والأنسـاب ، وهـو مـن جـمـلة الكليات الخمسة وهي حفظ النفس والدين والـنسب والـعقل والمال ، ولهذا شرعت هذه الحدود حفظا لهذه الأمور .......... وشـرع حـد الـزنـا حفظا للأنساب ، فإذا علم الشخص أنه إذا زنى جلد أو رجم انكف عـن الزنا ، ......... وقد روى أبو جعفر الفرياني عن أبي عبد الرحمن البجلي عن ابن عـمـر مـرفـوعـا : " سبـعـة لا ينـظـر الله إليهم يوم القيامة ولا يزكيهم ولهم عذاب أليم ويـقـول لهـم : ادخـلـوا الـنـار مع الداخلين ، الفاعل والمفعول به والناكح يده وناكح البهيـمة ونـاكـح الـمـرأة في دبرها والجامع بين المرأة وابنتها ، والزاني بحليلة جاره والـمـؤذي جـاره حتـى يـلـعـنـه الله " . (١٢٨/٥ ، ط : دار الفكر ودار احياء التراث الـعـربـي ، الـمغني لإبن قدامة : ١٥٦/٨ ، ط : الرياض ومكتبة القاهرة ، مطالب أولي النهى في شرح غاية المنتهى : ١٧٢/٦ ، ط : المكتب الإسلامي بيروت)

(٣) ما في " سورة الأنعام " : قال الله تبارك وتعالى : ﴿وذروا ظاهر الإثم وباطنه ، إن الذين يكسبون الإثم سيجزون بما كانوا يقترفون﴾ . (الآية/١٢٠)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قال السدي وغيره نقلا عن ابن العربي : ظاهر الإثم أصحاب الرايات من الزواني ، وقال القرطبي في تفسير الآية قيل : معنى (ظاهر الإثم) هو ما كان عليه الجاهلية من الزنا الظاهر . (الموسوعة الفقهية : ٤١/٣٢٦)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قوله تعالى : ﴿وذروا ظاهر الإثم وباطنه إن الذين يكسبون الإثم سيجزون بما كانوا يقترفون﴾ . قوله تعالى : ﴿وذروا ظاهر الإثم وباطنه﴾ للعلماء فيه أقوال كثيرة ، وحاصلها راجع إلى أن الظاهر ما كان عملا بالبدن مما نهى الله عنه ، وباطنه ما عقد من القلب من مخالفة أمر الله فيما أمر ونهى ، وهذه المرتبة لا يبلغها إلا من اتقى وأحسن ، كما قال : ثم اتقوا وآمنوا ثم اتقوا وأحسنوا ، وهي المرتبة الثالثة حسب ما تقدم بيانه في المائدة ، وقيل : هو ما كان عليه الجاهلية من الزنا الظاهر واتخاذ الخلائل في الباطن ، وما قدمنا جامعٌ لكل إثم وموجبٌ لكل أمر . (٧/٧٤ ، ط : دار الكتاب العربي)

ما في " صحيح البخاري " : عن ابن شهاب قال : أخبرني عروة بن الزبير أن عائشة زوج النبي صلى الله عليه وسلم أخبرته أن النكاح في الجاهلية كان على أربعة أنحاء ، فنكاحُ منها نكاح الناس اليومَ يخطُب الرجلُ إلى الرجل وليته أو ابنته فيصدقها ثم ينكحها ........................ فلما بُعث محمد صلى الله عليه وسلم بالحق هدم نكاح الجاهلية كله إلا نكاح الناس اليوم . [بخارى] (فتح الباري : ٩/١٨٢ ، ط : السلفية ، الحاوي الكبير للماوردي : ١١/٧ ، ط : دار الفكر ، الموسوعة الفقهية : ٤١/٣٢٦ ، أنواع الأنحكة المنهي عنها وحكم كل نوع)

(٣) ما في " الموسوعة الفقهية " : على الآباء والأمهات وسائر الأولياء تعليم الصغار ما يلزمهم بعد البلوغ ، فيعلّم الصغير ما تصح به عقيدته من إيمان بالله وملائكته وكتبه ورسله واليوم الآخر ، وما تصح به عبادته ، ويعرفه ما يتعلق بصلاته وصيامه وطهارته ونحوها ، وذلك لقول النبي صلى الله عليه وسلم : " مروا أولادكم بالصلاة وهم أبناء سبع سنين ، واضربوهم عليها وهم أبناء عشر سنين ، وفرقوا بينهم في المضاجع " . ويعرفه تحريم الزنا واللواط والسرقة وشرب المسكر والكذب والغيبة وشَبَهِهَا ، كما يعلم أنه

بـالبـلوغ يدخل في التكليف ، ويعرف ما يبلغ به . وقيل : هذا التعليم مستحب ، ونقل الـرافـعي عـن الأئـمة وجـوبه على الآباء والأمهات ، وهذا ما صححه النووي . ودليل وجـوب تـعـليـم الصغار قول الله عز وجل : ﴿يا أيها الذين آمنوا قوا أنفسكم وأهليكم نـارًا﴾ قال علي بن أبي طالب رضي الله عنه ومجاهد وقتادة : معناه علّموهم ما ينجون به من النار وهذا ظاهر ، وثبت في الصحيحين عن ابن عمر رضي الله عنهما عن رسول الـله ﷺ أنه قال : " كلكم راع ومسئول عن رعيته " . قال القاضي أبو بكر بن العربي : إن الـصبي أمانة عند والديه ، وقلبه الطاهر جوهرةٌ نفيسةٌ ساذجة خالية عن كل نقش وصـورة ، وهو قابل لكل نقش ، وقابل لكل ما يُمال به إليه فإن عُوّد الخير وعُلّمه نشأ عـليه وسـعـد في الدنيا والآخرة ، يشاركه في ثوابه أبواه وكل معلم له ومؤدب ، وإن عـود الشـر وأهـمـل شقي وهلك ، وكان الوزر في رقبة القيم به والولي عليه ، ومهما كـان الأب يـصـون ولـده من نـار الـدنيا فينبغي أن يصونه من نار الآخرة ، وهو أولى ، وصيـانتـه بـأن يؤدبه ويهديه ويعلّمه محاسن الأخلاق ، ويحفظه من قرناء السوء ، ولا يـعـود التـنعّم ، ولا يحبب إليه الزينة وأسباب الرفاهية ، فيضيع عمره في طلبها إذا كبر ويهـلك هـلاك الأبـد . ويـنبـغي أن يعـلّمه أيضًا من أمور الدنيا ما يحتاج إليه من : السباحة والرمي وغير ذلك مما ينفعه في كل زمان بحسبه ، قال عمر رضي الله عنه : " علموا أولادكم السباحة والرماية ، ومروهم فليثبوا على الخيل وثبًا " .

(١٢/١٣ ، تعليم الصغار)

## عیدین کے درمیانی ایام میں نکاح

**مسئلہ(۹۴):** بعض لوگ دوعیدوں یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے درمیانی ایام، یعنی شوال، ذی القعدہ اور عشرۂ ذی الحجہ میں نکاح کرنے کو منحوس اور بُرا خیال کرتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ اِن دنوں میں کی ہوئی شادی کامیاب نہیں ہوتی، اُن کا یہ خیال غلط ہے [1]، صحیح بات یہ ہے کہ اِن دنوں میں نکاح کرنا درست

ہے، کیوں کہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اپنا نکاح ماہِ شوال میں ہی فرمایا تھا(۲)، اور اُس سے زیادہ کامیاب شادی و نکاح کس کا ہوسکتا ہے۔

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " .

(۲/۸۵۷ ، مسلم : ۲/۱۷۴۲ ، ۱۷۴۳ ، ط : عيسى الحلبي)

ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : التطير هو التشاؤم بمرئي أو بمسموع أو معلوم كالتشاؤم ببعض الأيام أو بعض الشهور أو بعض السنوات فهذه لا ترى ولا تسمع . (۲/۹۳ ، باب ما جاء في التطير)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قد اتفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تأثيره في حدوث الخير أو الشر لما في ذلك من الإشراك بالله في تدبير الأمور .

(۱۲/۱۸۳)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن عائشة قالت : " تزوجني رسول الله ﷺ في شوال وبنى في شوال ، وكانت عائشة تستحب أن يُبنى بنسائها في شوال " . هذا حديث حسن صحيح . (۱/۲۰۷ ، أبواب النكاح ، باب ما جاء في الأوقات التي يستحب فيها النكاح ، رقم الحديث : ۱۰۹۳ ، الصحيح لمسلم : ۱/۴۵۶ ، كتاب النكاح ، باب استحباب التزوج والتزويج في شوال واستحباب الدخول فيه ، رقم الحديث : ۱۴۲۳)

ما في " المنهاج شرح مسلم بن الحجاج " : فيه استحباب التزويج والتزوج والدخول في شوال ، وقد نص أصحابنا على استحبابه واستدلوا بهذا الحديث ، وقصدت عائشة بهذا الكلام ردَّ ما كانت الجاهلية عليه ، وما يتخيله بعض العوام اليوم من كراهة التزويج والتزوج ، والدخول في شوال ، وهذا باطل لا أصل له ، وهو من

آثار الجاهلية ، كانوا يتطيرون بذلك لما في اسم " شوال " من الاشالة والرفع . انتهى . (۳۲۶/۵)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قيل : إنما قالت هذا ردًا على أهل الجاهلية فإنهم كانوا لا يرون يمنًا في التزوّج والعرس في أشهر الحج ، وقيل : لأنها سمعت بعض الناس يتطيرون ببناء الرجل على أهله في شوال لتوهّم اشتقاق شوال من أشال ، بمعنى أزال ، فحكت ما حكت ردًا لذلك وأزواجه للوهم ، وفي شرح النقاية لأبي المكارم : كره بعض الروافض النكاح بين العيدين ، وقال السيوطي في حاشية على مسلم روى ابن سعد في طبقاته عن أبي حاتم قال : إنما كره الناس أن يتزوجوا في شوال ، الطاعون وقع في الزمن الأول . (۲۷۶/۶ ، كتاب النكاح ، باب اعلان النكاح والخطبة والشرط ، الفصل الأول ، تحت رقم الحديث : ۳۱۴۲ ، تحفة الأحوذي : ۲۲۰/۴ ، كتاب النكاح ، باب ما جاء في الأوقات التي يستحب فيها النكاح)

## نکاح کے موقع پر تین مرتبہ قبول

**مسئلہ(۸۷):** بعض علاقوں میں نکاح کے موقع پر دولہے سے تین مرتبہ قبول کرواتے ہیں، نیز اس سے کلمۂ توحید بھی پڑھواتے ہیں، جب کہ نکاح کے صحیح ہونے کے لیے ایک مرتبہ ایجاب وقبول کافی ہے، یعنی ایک طرف سے کہا جائے کہ ''میں نے نکاح کیا'' اور دوسری طرف سے کہا جائے ''میں نے قبول کیا''[۱]- تین مرتبہ ایجاب وقبول ضروری نہیں، اور نہ ہی دولہے سے کلمہ پڑھوانا ضروری ہے، مگر آج کل لوگ جہالت کی وجہ سے کفر کی باتیں بکتے رہتے ہیں، اس لیے اگر احتیاطاً کلمہ پڑھوادیا جائے تو اس میں کوئی مضائقہ بھی نہیں ہے[۲]، لیکن چونکہ آج کل اس میں بڑی سختی کی جاتی ہے، کہ ایک فرقہ اس کے بغیر نکاح کو صحیح

مانتا ہی نہیں ہے، خواہ دولہا - کلمہ، ایمانِ مجمل و مفصل سے نہ صرف واقف بلکہ اس کے تقاضوں پر عامل ہو، تب بھی کلموں اور ایمان مجمل و مفصل پڑھوانے پر اصرار کرتا ہے، جب کہ دوسرا گروہ اسے بدعت قرار دے کر اس کی سخت مخالفت کرتا ہے، اس سلسلے میں صحیح بات یہ ہے کہ جو دولہا کلمہ اور ضروری عقائد سے واقف نہیں، اسے کلمہ اور ایمان مجمل و مفصل پڑھا دیا جائے، اور جو اس سے واقف ہے اُس پر اِس کا اصرار نہ کیا جائے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وينعقد متلبسًا (بإيجاب) من أحدهم وقبول من الآخر . الدر المختار . وفي الشامية : قوله : (وينعقد) أي النكاح : أي يثبت ويحصل انعقاده بالإيجاب والقبول . (۴/ ۶۰ ، كتاب النكاح)

ما في " بدائع الصنائع " : لا خلاف في أن النكاح ينعقد بلفظين يعبر بهما عن الماضي كقوله : زوجت وتزوجت ، وما يجري مجراه ، وإما بلفظين يعبر بأحدهما عن الماضي وبالآخر عن المستقبل كما إذا قال رجل لرجل : زوجني بنتک ، فقال الأب : قد زوجتک .

(۳/ ۳۲۲ ، كتاب النكاح ، فصل في ركن النكاح ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۲۶۷)

(۲) ما في " الشامية " : قال في تبيين المحارم : علم الألفاظ المحرمة أو المكفرة ، ولعمري هذا من أهم المهمات في هذا الزمان ، لأنک تسمع كثيرًا من العوام يتكلمون بما يكفر وهم عنها غافلون ، والاحتياط أن يجدد الجاهل إيمانه كل يوم ، ويجدد نكاح امرأته عند شاهدين في كل شهر مرة أو مرتين ، إذ الخطأ وإن لم يصدر من الرجل فهو من النساء كثير .

(۱/ ۱۲۲ ، مقدمة ، مطلب في فرض الكفاية وفرض العين)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۶/۸۲،فتاویٰ رحیمیہ:۸/ ۱۵۸،فتاویٰ دار العلوم دیوبند:۷/۵۴)

## صرف دو گواہوں کی موجودگی میں نکاح

**مسئلہ(۱۹۲):** نکاح صرف دو گواہوں کی موجودگی میں بھی ہو جاتا ہے، جب کہ دونوں گواہ مسلمان، عاقل اور بالغ ہوں، یا ایک مرد اور دو عورتیں ہوں[1]، مگر افضل اور بہتر یہ ہے کہ نکاح اعلان کے ساتھ، بڑے مجمع اور مسجد میں کیا جائے۔[2]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : النكاح ينعقد بالإيجاب و القبول بلفظين يعبر بهما عن الماضي ...... ولا ينعقد نكاح المسلمين إلا بحضور شاهدين حرين عاقلين بالغين مسلمين ، رجل ، أو رجل وامرأتين عدولا كانوا أو غير عدولا . (۲/۳۰۶ ، كتاب النكاح)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وينعقد ملتبسًا بإيجاب من أحدهما وقبول من الآخر ....... وشرط حضور شاهدين حرين أو حر وحرتين مكلفين سامعين قولهما معًا . (۴/۶۸– ۹۱، كتاب النكاح ، شرح الوقاية : ۲/۳– ۵، كتاب النكاح)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " اعلنوا هذا النكاح واجعلوه في المساجد واضربوا عليه بالدف " . (۱/۲۰۷، كتاب النكاح ، باب ما جاء في إعلان النكاح ، رقم الحديث : ۱۰۸۹)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قوله : (واجعلوه في المساجد) وهو أما لأنه ادعى إلى الإعلان أو الحصول بركة المكان ، وينبغي أن يراعي فيه أيضًا فضيلة الزمان ليكون نورًا على نور ، وسرورًا على سرور ، قال ابن الهمام : ويستحب مباشرة عقد النكاح

في المسجد لكونه عبادة وكونه في يوم الجمعة ، وهو إما تفاؤلا للاجتماع أو توقع زيادة الثواب ، أو لأنه يحصل به كمال الإعلان .

(۲/۲۸۵، كتاب النكاح ، باب إعلان النكاح ، تحت رقم الحديث :۳۰۱۵۲)

ما في " اعلاء السنن " : فإن العلة إنما هي الإعلان ، والمسجد أولى له ، لكونه جامعًا للمسلمين من غير حاجة إلى الاهتمام بالتداعي ، ولذا استحب له يوم الجمعة لهذه العلة بعينها . (۱۱/۹، كتاب النكاح ، باب استحباب الإعلان بالنكاح والخطبة لكونه مسجدًا) (فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۵۷۶)

## دولہن سے اجازت کے وقت گواہوں کی موجودگی

**مسئلہ (۲۰۱):** دلہن سے نکاح کی اجازت لینے کے وقت گواہوں کا موجود ہونا ضروری نہیں ہے، بہتر ہے، البتہ ایجاب وقبول یعنی جب عورت کا وکیل یا ولی اپنی مؤکلہ یا مولّیہ کا نکاح کرا رہا ہو، اُس وقت گواہوں کا موجود ہونا ضروری ہے۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : واعلم أنه لا يشترط الشهادة على الوكالة بالنكاح بل على عقد الوكيل ، وإنما ينبغي أن يشهد على الوكالة إذا خيف جحدا الموكل إياها . فتح . (۴/۱۰۶ ، كتاب النكاح ، مطلب في الوكيل والفضولي في النكاح ، فتح القدير :۳/۳۰۱ ، كتاب النكاح ، فصل في الوكالة بالنكاح وغيرها)

ما في " البحر الرائق " : لا يشترط الإشهاد على التوكيل ويشترط على القول الثاني كما لا يخفى . (۳/۱۴۶ ، كتاب النكاح)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما بيان وقت هذه الشهادة وهي حضور الشهود ، فوقتها

وقت وجود ركن العقد ، وهو الإيجاب والقبول لا وقت وجود الإجازة . (۴۰۵/۳ ، كتاب النكاح ، فصل في بيان وقت الشهادة) (فتاویٰ رحیمیہ: ۱۲۷/۸)

## میاں بیوی کا ایک دوسرے کو نام سے پکارنا

**مسئلہ** (۹۸): میاں بیوی کا ایک دوسرے کو اس کے نام سے پکارنا جائز ہے، مگر نام لیکر پکارنے میں ایک قسم کی بے ادبی پائی جاتی ہے، اس لیے عورت کا اپنے خاوند کو اس کا نام لیکر پکارنا مکروہ ہے، بہتر یہ ہے کہ بیوی اپنے شوہر کو اس کی کنیت یا لقب سے پکارے، جیسے یا سیدی، ابوزید، ابوحمزہ وغیرہ۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : ويكره أن يدعو الرجل أباه وأن تدعو المرأة زوجها باسمه . التنوير وشرحه . وفي الشامية : قوله : (ويكره أن يدعو الخ) بل لا بد من لفظ يفيد التعظيم كـيا سيدي ونحوه لمزيد حقهما على الولد والزوجة .

(۵۱۳/۹ ، ط : ديوبند ، فتاوى سراجيه على هامش الخانية : ۱۲/۳ ، ۱۳)

(فتاویٰ رحیمیہ: ۲۳۳/۱۰)

## مالِ حرام سے جہیز دینا

**مسئلہ** (۱۶۳): اگر کسی شخص نے اپنی بیٹی کو سامانِ جہیز دیا اور اس کے متعلق معلوم ہو کہ یہ پورا سامانِ جہیز ناجائز وحرام آمدنی ہی سے خریدا گیا تھا، تو اس کا استعمال نہ بیٹی کے لیے جائز ہے، اور نہ اس کی اجازت سے اس کے شوہر کے لیے، اور اگر یہ سامانِ جہیز حلال وحرام دونوں مال سے خریدا گیا، اور یہ معلوم نہیں ہے کہ کونسا سامان حلال مال سے خریدا گیا، اور کونسا حرام مال سے، تو پھر غلبہ کا

اعتبار ہوگا، اگر سامانِ جہیز کی خریدی میں زیادہ مال حلال کا ہے، تو اس کے استعمال میں مضائقہ نہیں، اور اگر زیادہ مال حرام کا ہے، تو اس کو استعمال نہیں کرنا چاہیے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوی قاضیخان علی هامش الهندیة " : وإن علم أنه مغصوب بعينه لا يحل أن يأكل لأنه علم بالحرمة .................... قال الناطفي رحمه الله تعالى : إذا أهدى الرجل إلى إنسان أو أضافه إن كان غالب مال المهدى من الحرام ينبغي له أن لا يقبل الهدية ، ولا يأكل من طعامه ما لم يخبر أنه حلال ، ورثه أو استقرضه من غيره ، وإن كان غالب مال المهدى من الحلال لا بأس بأن يقبل الهدية ، ويأكل ما لم يتبين عنده أنه حرام ، لأن أموال الناس لا تخلو عن قليل حرام فيعتبر الغالب .
(۳/۴۰۰ ، الحظر والإباحة ، وما يكره أكله وما لا يكره وما يتعلق بالضيافة، ط: رشيديه وزكريا ، الفتاوى الهندية :۵/۳۴۲ ، كتاب الكراهية ، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات ، مجمع الأنهر :۴/۱۸۶ ، كتاب الكراهية ، فصل في الكسب)
(فتاویٰ محمودیہ:۱۸/۴۱۹،ط: کراچی)

## عورت کا شوہر کی خدمت کرنا

**مسئلہ** (۱۶۸): عورت کا اپنے شوہر کی خدمت کرنا، اس کے گھر کے اسباب کی صفائی وسلیقہ مندی سے رکھنا، گھر کی صاف صفائی کرنا، شوہر کے کپڑوں کو دھونا، اور ان کو پریس کرنا، بچوں کو نہلانا دھلانا، اور انہیں کھلانا پلانا، عورت پر واجب ہے، کیوں کہ آپ ﷺ کے عہدِ مبارک میں حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کی بیویاں اُن کی خدمت کیا کرتی تھیں، اور گھر کے تمام کاموں کو انجام دیتی تھیں، خود

آپ ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا گھر کے تمام کاموں کو انجام دیتی تھیں، اور اپنے شوہر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت کیا کرتی تھیں، اس لیے کہ یہ تمام کام معاشرت بالمعروف میں داخل ہیں، اور یہی اصل ہے۔

ہاں! اگر عورت ایسے ماحول میں پلی بڑھی جس میں عورتیں گھر کے ان کاموں کو انجام نہیں دیتیں، اور عورت ان کاموں کے کرنے سے انکار کرے، تو پھر شوہر ان کاموں کے لیے گھر میں کسی نوکرانی یا خادمہ کو رکھنے کا مکلّف ہوگا، کیوں کہ شریعت نے ہمیں عورتوں کے ساتھ ان کے عرف وعادت کے مطابق معاشرت کا حکم دیا ہے، ارشادِ ربانی ہے: ﴿وعاشروهنّ بالمعروف﴾ .

نیز جب شوہر کو معلوم تھا کہ جس عورت سے میں نکاح کر رہا ہوں، ان کے گھر کا ماحول یہ ہے کہ عورتیں ان کاموں کو انجام نہیں دیتیں، اس کے باوجود اس سے شادی کی، تو گویا اس نے اس شرط کو قبول کیا کہ عورت ان کاموں کو نہیں کریگی۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : امتنعت المرأة عن الطحن والخبز إن كانت ممن لا تخدم أو كان بها علة فعليه أن يأتيها بطعام مهيأ وإلا بأن كانت ممن تخدم نفسها وتقدر على ذلک لا يجب عليه ، ولا يجوز لها أخذ الأجرة على ذلک لوجوبه عليها ديانة ولو شريفة ، لأنه عليه الصلاة والسلام قسم الأعمال بين علي وفاطمة فجعل أعمال الخارج على عليّ رضي الله تعالى عنه والداخل على فاطمة رضي الله تعالى عنها مع أنها سيدة نساء العالمين . بحر .

(۵/ ۲۳۰، ۲۳۱ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، مطلب لا تجب على الأب نفقة زوجة

ابنه الصغير ، الموسوعة الفقهية : ۱۹/ ۴۰ ، خدمة ، إخدام الزوجة)

ما في " البحر الرائق " : ويوافقه ما قيد به الفقيه أبو الليث كلام الخصاف حيث قال في أدب القاضي : لو فرض ما يحتاج إليه من الدقيق والدهن واللحم والإدام فقالت : لا أعجن ولا أخبز ولا أعالج شيئًا من ذلك لا تجبر عليه وعلى الزوج أن يأتيها بمن يكفيها عمل ذلك .

قال الفقيه أبو الليث : هذا إذا كان بها علة لا تقدر على الطبخ والخبز أو كانت ممن لا تباشر ذلك ، فإن كانت ممن تخدم نفسها وتقدر على ذلك لا يجب عليه أن يأتيها بمن يفعله ، وفي بعض المواضع تجبر على ذلك ، قال السرخسي : لا تجبر ولكن إذا لم تطبخ لا يعطيها الإدام وهو الصحيح ، وقالوا : إن هذه الأعمال واجبة عليها ديانة وإن كان لا يجبرها القاضي ، ولذا قال في البدائع : لو استأجرها للطبخ والخبز لم يجز ولا يجوز لها أخذ الأجرة على ذلك لأنها لو أخذت لأخذت على عمل واجب عليها في الفتوى فكان في معنى الرشوة فلا يحل لها الأخذ . (۴/ ۳۱۱ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، فتح القدير : ۴/ ۳۴۹ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

(فتاویٰ رحیمیہ: ۸/ ۴۴۷، موقع المسلم علی شبکۃ نیت)

ما في " درر الحكام " : المعروف عرفًا كالمشروط شرطًا .

(۱/ ۵۱ ، رقم المادة : ۴۳ ، شرح القواعد الفقهية : ص/ ۲۳۷)

## شوہر کا بیوی کے پیسوں پر حق جتانا

**مسئلہ** (۱۷۰): بعض لوگ خود تو کماتے نہیں، اور نہ ہی بیوی بچوں کے حقوق پوری طرح سے ادا کرتے ہیں، بلکہ حد تو یہ ہے کہ اگر بیوی گھر میں رہتے ہوئے کچھ ہلکے پھلکے کام کرتی ہے، مثلاً سلائی کا کام کرکے، سوئٹس، چاکلیٹ، بسکٹ وغیرہ بیچ کر دو پیسے کما لیتی ہے، تو شوہر ان پیسوں پر بھی اپنا حق جتاتا ہے، اور بیوی کی مرضی کے بغیر اس پیسے کا لینا اپنا حق سمجھتا ہے، شوہر کا یہ عمل غیر شرعی ہونے

کے ساتھ غیرتِ مردانہ کے بھی خلاف ہے، کیوں کہ شریعت نے بیوی بچوں کے نفقہ کا ذمہ دار آدمی کو بنایا ہے، ان پر اسے خرچ کرنے کا حکم دیا ہے (۱)، نہ یہ کہ ان کے پاس موجود روپیہ پیسہ، زور زبردستی ان سے لے لے، ہاں! بطورِ قرض لینا درست ہے، اسی طرح بیوی اپنی خوشی سے ہبہ یعنی ہدیہ بھی کر سکتی ہے، لیکن بیوی کے انکار کے باوجود شوہر کا جبراً لینا درست نہیں ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الصحيح لمسلم " : عن جعفر بن محمد عن أبيه قال : دخلنا على جابر بن عبد الله ....... فقلت : أخبرني عن حجة رسول الله ﷺ فقال بيده ، فعقد تسعًا ، فقال : إن رسول الله ﷺ مكث تسع سنين لم يحج ، ثم أذن في الناس في العاشرة ............. فأتى بطن الوادي فخطب الناس وقال : " ..... فاتقوا الله في النساء ، فإنكم أخذتموهنّ بأمان الله ، واستحللتم فروجهنّ بكلمة الله ولكم عليهنّ أن لا يوطئنّ فرشكم أحدًا تكرهونه ، فإن فعلن ذلك فاضربوهنّ ضربًا غير مبرّح ، ولهنّ عليكم رزقهنّ وكسوتهنّ بالمعروف " . الحديث . (۱/۳۹۴ ، كتاب الحج ، باب حجة النبي ﷺ ، رقم الحديث :۱۲۱۸)

ما في " المنهاج شرح مسلم بن الحجاج " : قوله ﷺ : (ولهنّ عليكم رزقهنّ وكسوتهنّ بالمعروف) فيه وجوب نفقة الزوجة وكسوتها ، وذلك ثابت بالإجماع . (۵/۱۰۲)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : فتجب للزوجة بنكاح صحيح على زوجها لأنها جزاء الاحتباس . (۵/۲۲۳ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، مطلب اللفظ جامد ومشتق)

وفيه أيضًا : وتفرض النفقة بأنواعها الثلاثة لزوجة الغائب وطفله ومثله كبير زمن وأنثى مطلقًا . (۵/۲۵۹ ، ۲۶۰ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، مطلب في فرض النفقة

لزوجة الغائب)

ما في " الفتاوى الهندية " : تجب على الرجل نفقة امرأته المسلمة والذمية والفقيرة والغنية . (۱/۵۴۴ ، كتاب الطلاق ، الباب السابع عشر في النفقات ، الفصل الأول في نفقة الزوجة ، كذا في تبيين الحقائق :۳/۳۰۰ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

ما في " الفتاوى الهندية " : نفقة الأولاد الصغار على الأب لا يشاركه فيها أحد . كذا في الجوهرة النيرة . (۱/۵۶۰ ، كتاب الطلاق ، الباب السابع عشر في النفقات ، الفصل الرابع في نفقة الأولاد ، تبيين الحقائق :۳/۳۲۸ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة)

(۲) ما في " الشامية " : المرأة مع زوجها إذا اجتمع بعملهما أموال كثيرة ، فقيل هي للزوج وتكون المرأة معينة له ، إلا إذا كان لها كسب على حدة فهو لها .

(۶/۳۹۲ ، كتاب الشركة ، فصل في الشركة الفاسدة ، مطلب اجتمعا في دار واحدة واكتسبا ولا يعلم التفاوت فهو بينهما بالسوية) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۳۶۶۵)

## خطبۂ نکاح کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر؟

**مسئلہ** (۱۹۸): خطبۂ نکاح کھڑے ہوکر پڑھنا بھی درست ہے، اور بیٹھ کر پڑھنا بھی درست ہے۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۳۹۰۴۶، فتاویٰ محمودیہ:۱۰/۵۹۳، باب النکاح الصحیح، ط: کراچی، خیر الفتاویٰ:۴/۵۹۱، کتاب النکاح، متفرقات نکاح، ط: ملتان)

## شادی کے موقع پر سہرا پڑھنا

**مسئلہ** (۱۹۸): شادیوں کے موقعوں پر سہرا پڑھنے کا رَواج عام ہوتا جارہا ہے، جس میں خاندان کے اَفراد کی مسرتوں اور بچی کے فراق وجدائی کے

احساسات کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جاتا ہے، گھر کے تمام افراد یہاں تک کہ عورتوں کے نام بھی بھرے مجمع میں لیے جاتے ہیں، یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے، کیوں کہ قرآن کریم کے عام احکام میں اگرچہ مرد وعورت دونوں ہی شامل ہیں، مگر عموماً خطاب مردوں کو کیا گیا، عورتیں اِس میں ضمناً شامل ہیں، ہر جگہ ﴿یا ایہا الذین امنوا﴾ کے الفاظ استعمال فرما کر عورتوں کو اُن کے ضمن میں مخاطَب کیا گیا ہے، اِس میں اشارہ ہے کہ عورتوں کے سب معاملات تستُّر اور پردہ پوشی پر مبنی ہیں، اِس میں اُن کا اِکرام واعزاز ہے، خصوصاً پورے قرآن میں غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ''حضرت مریم بنت عمران'' کے سوا کسی عورت کا نام قرآن میں نہیں لیا گیا، بلکہ ذکر آیا تو مردوں کی نسبت کے ساتھ ''امرأۃ فرعون'' - ''امرأۃ نوح'' - ''امرأۃ لوط'' کے الفاظ سے تعبیر کیا گیا ہے۔[معارف القرآن: ۱۴۳/۷]، اِس لیے سہرہ پڑھنا جو محض ایک رسم ہے، اُسے ترک کرنا چاہیے، نکاح میں جس قدر سادگی ہو، خیر وبرکت کے لحاظ سے اُتنا ہی بہتر ہے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ''الشامية'' : وقال في تبيين المحارم : واعلم أن ما كان حرامًا من الشعر ما فيه فحش أو هجو مسلم ، أو كذب على الله تعالى أو رسوله ﷺ أو على الصحابة ، أو تزكية النفس ، أو الكذب أو التفاخر المذموم ، أو القدح في الأنساب ، وكذا ما فيه وصف أمرد أو امرأة بيعنها إذا كانا حيين ، فإنه لا يجوز وصف امرأة معينة حية ولا وصف أمرد معين حيّ حسن الوجه بين يدي الرجال ، ولا في نفسه .

(۴۲۶/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، ط : ديوبند)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۷۹۳۷)

## رشتہ کے لیے ای میل کے ذریعہ فوٹو بھیجنا

**مسئلہ(۲۰۳):** لڑکی کے رشتہ کے لیے ای میل کے ذریعہ اس کے فوٹو بھیجنے کا رَواج عام ہورہا ہے، حالانکہ رشتہ کے لیے لڑکی کا فوٹو لینا اورلڑکے والوں کے پاس بھیجنا شرعاً جائز نہیں ہے، کیوں کہ ضرورتِ شدیدہ کے بغیر فوٹو کھینچنا، کھنچوانا شریعت میں حرام اور گناہ ہے۔ (۱)

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحیح البخاري " : عن مسلم قال : کنا مع مسروق في دار یسار بن نمیر فرأی في صُفّته تماثیل ، فقال : سمعت عبد الله قال : سمعت النبي ﷺ یقول : " إن أشدّ الناس عذابًا عند الله یوم القیامة المصوّرون " . (۲/۸۸۰ ، کتاب اللباس ، باب عذاب المصورین یوم القیامة ، رقم الحدیث :۵۹۵۰ ، صحیح مسلم :۲/۲۰۱ ، کتاب اللباس والزینة ، باب تحریم تصویر صورة الحیوان)

ما في " شرح صحیح مسلم للنووي علی هامش مسلم " : قال أصحابنا وغیرهم من العلماء : تصویر صورة الحیوان حرام شدید ، وهو من أکبر الکبائر ، لأنه متوعد علیه بهذا الوعید الشدید المذکور في الأحادیث ، وسواء صنعه بما یمتهن أو بغیر ، فصنعته حرام بکل حال ، لأن فیه مضاهاة لخلق الله تعالی ، وسواء کان في ثوب أو بساط أو درهم أو دینار أو فلس أو إناء أو حائط أو غیرها .

(۲/۱۹۹ ، کتاب اللباس والزینة ، باب تحریم صورة الحیوان)

ما في " الجامع لأحکام القرآن للقرطبي " : یدل علی المنع من تصویر شيء أي شيء کان . (۱۴/۲۷۴)

ما في " الموسوعة الفقهیة " : یحرم تصویر ذوات الأرواح مطلقًا ، أي سواء أکان

للصورة ظل أو لم يكن ، وهو مذهب الحنفية والشافعية والحنابلة . (۱۰۳/۱۲ ، تصوير) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۳۴۴۳)

## دو بھائیوں کی شادی ایک ساتھ

**مسئلہ**(۲۰۴): بعض لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنا گیا کہ جب دو بھائیوں کی شادی ایک ساتھ کی جاتی ہے، تو ایسی شادی جلدی ختم ہوجاتی ہے، اور اپنے اِس قول کی تائید میں وہ اپنا مشاہدہ اور تجربہ بھی بیان کرتے ہیں، اُن لوگوں کی نہ یہ بات صحیح ہے اور نہ ہی اُن کا مشاہدہ اور تجربہ صحیح ہے، بلکہ یہ محض ایک وہم ہے، شادی ختم ہونے کی وجوہات کچھ اور ہوتی ہیں، ضرورت ہے کہ اُن وجوہات کو معلوم کیا جائے، اور اُن سے اپنے آپ کو بچائیں، تو ان شاء اللہ تعالیٰ شادی جلدی ختم نہ ہوگی، بلکہ زوجین کی زندگی بھر شادی باقی رہے گی، اور یہی شریعت کا مقصود بھی ہے کہ شادی زندگی بھر باقی رہے، ختم نہ ہو۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' سنن ابن ماجه '' : عن أنس بن مالك أن المغيرة بن شعبة أراد أن يتزوج امرأة فقال له النبي ﷺ : '' اذهب فانظر إليها فإنه أحرى أن يؤدم بينكما '' .

(ص/۱۳۴ ، أبواب النكاح ، باب النظر إلى المرأة إذا أراد أن يتزوجها)

ما في '' شروح ابن ماجه '' : قوله : (فإنه أحرى) أي أقرب وأنسب وأولى ، وقوله : (أن يؤدم بينكما) ، قال ابن الملك : يقال : أدم الله بينكما يأدم أدما بالسكون أي أصلح وآلف . ...... أي يوقع الأدم بينكما يعني يكون بينكما الألفة والمحبة ، لأن تزوجها إذا كان بعد معرفة فلا يكون بعدها ندامة . (۷۳۷/۱ ، كتاب النكاح ، باب النظر إلى

المرأة إذا أراد أن يتزوجها ، تحت رقم الحديث : ١٨٦٥ )
ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة عن النبي ﷺ قال : " تنكح النساء لأربع ؛ لمالها ولحسبها ولجمالها ولدينها ، فاظفر بذات الدين تربت يداک " . (ص/۲۷۹ ، ۲۸۰ ، كتاب النكاح ، باب ما يؤمر به من تزوج ذات الدين ، مشكوة المصابيح :ص/٢٦٧ ، كتاب النكاح ، الفصل الأول ، رقم الحديث :٣٠٨٢)
ما في " معجم الأوسط للطبراني " : عن أنس قال : يقول سمعت النبي ﷺ يقول : " من تزوج امرأة لعزّها لم يزده الله إلا ذُلا ، ومن تزوجها لمالها لم يزده الله إلا فقرًا ، ومن تزوجها لحسبها لم يزده الله إلا دناءة ، ومن تزوج امرأة لم يتزوجها إلا ليغض بصره أو ليحصن فرجه أو يصل رحمه بارک الله له فيها وبارک لها فيه " . (۱۸/۲ ، من اسمه ابراهيم ، رقم الحديث : ۲۳۴۲ ، مرقاة المفاتيح : ۲۴۰/۶ ، تحت رقم الحديث : ۳۰۸۲ ، فتاوى شامية :۵۸/۴ ، كتاب النكاح ، مطلب كثيرا ما يتساهل في إطلاق المستحب على السنة) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۳۲۵۹)

## دو بہنوں یا بھائیوں کی شادی ایک ہی دن

**مسئلہ** (۲۰۵): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ایک ہی دن دو بہنوں یا دو بھائیوں کی شادی کی جائے، تو ایک کو تکلیف اور مفلسی آتی ہے، اُن کا یہ خیال باطل وہموں میں داخل ہے، شرعاً اِس کی کوئی اصل وبنیاد نہیں، تکلیف اور مفلسی انسان کے اپنے کرتوت وگناہوں کے سبب آتی ہے(۱)، جس طرح راحت وخوشحالی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طاعت سے حاصل ہوتی ہے(۲)، ضرورت ہے کہ ہم وہ کام کریں جس سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ خوش ہوتے ہیں، اور ان کاموں سے بچیں جن سے وہ ناراض ہوتے ہیں، اور شادیوں کی تقریبات سنت

کے مطابق سادگی کے ساتھ انجام دیں، تو ان شاء اللہ اس میں خیر وبرکت ہوگی۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وماۤ أصابكم من مصيبةٍ فبما كسبتْ أيديكم ويعفوا عن كثير﴾ . (سورة الشورى : ۳۰)

ما في " روح المعاني " : (وما أصابكم من مصيبة) أي مصيبة كانت من مصائب الدنيا كالمرض وسائر النكبات . (فبما كسبت أيديكم) أي فسبب معاصيكم التي اكتسبتموها . (۶۲/۱۴)

ما في " جامع الترمذي " : عن أبي موسى أن رسول الله ﷺ قال : " لا تصيب عبدًا نكبة فما فوقها أو دونها إلا بذنب وما يعفو الله عنه أكثر – قال : وقرأ : ﴿وما أصابكم من مصيبة فبما كسبت أيديكم ويعفوا عن كثير﴾ . (۱۶۱/۲ ، أبواب التفسير ، باب ما جاء في سورة الشورى)

ما في " تفسير المظهري " : قال الحسن : لما نزلت هذه الآية قال رسول الله ﷺ : " والذي نفسي بيده – ما من خدش عود ولا عثرة قدم ولا اختلاج عرق إلا ذنب وما يعفو الله عنه أكثر .... وروى البغوي بسنده عن علي رضي الله قال : " ألا أخبركم بأفضل آية من كتاب الله عزّ وجلّ حدثنا بها رسول الله ﷺ : ﴿وما أصابكم من مصيبة فبما كسبت أيديكم ويعفو عن كثير﴾ وسأفسرها لک يا علي ؛ ما أصابكم من مرض أو عقوبة أو بلاء في الدنيا فبما كسبت أيديكم . (۲۶۷/۸ ، تحت رقم الآية : ۳۰ ، روح المعاني : ۶۳/۱۴ ، ۶۴)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وأطيعوا الله والرسول لعلكم ترحمون﴾ . (آل عمران : ۱۳۲)

ما في " روح المعاني " : (وأطيعوا الله) في جميع ما أمركم به ونهاكم عنه –

(والرسول) أي الذي شرع لكم الدين وبلغكم الرسالة ، فإن طاعته طاعة الله تعالى –
(لعلكم ترحمون) أي لكي تنالوا رحمة الله تعالى أو راجين رحمته . (۸۸/۳)
(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة قالت : قال النبي ﷺ : " إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة " . رواه البيهقي في شعب الإيمان . (ص/۲۶۸ ، كتاب النكاح ، الفصل الثالث ، قديمي) (کتاب الفتاویٰ:۴/۳۳۳)

## شادی خانہ آبادی کی دھوم

**مسئلہ (۲۰۹):** آج کل مسلم محلوں میں شادی خانہ آبادی کی دھوم ہے، ہر روز شادی ہورہی ہے، اسلام نے عورت اور مرد کے رشتے کو ایک عظیم تقدّس عطا کیا، شوہر کو عورت کے نان، نفقہ، رہائش اور عصمت کا منتظم ومحافظ قرار دیا[1]، تو عورت کو اس کے لیے باعثِ سکون[2]، نیز اس نے اس سنت کو سادگی اور کم خرچ کے ساتھ کرنے کی نہ صرف ترغیب دی[3]، بلکہ آپ ﷺ نے اپنی چہیتی بیٹی، خاتونِ جنت، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی جس سادگی کے ساتھ کی[4]، وہ عالمِ اسلام کے لیے آج بھی ایک نمونہ ہے، صدیوں تک مسلمان اِسی طریقے کو اپناتے رہے، لیکن آج کا مسلمان غیروں کے رسم ورَواج سے متاثر ہوکر، پیارے آقا ﷺ کے طریقے کو چھوڑ بیٹھا[5]، اور اپنے بچوں وبچیوں کی شادیوں میں غیر اسلامی طریقوں کو رَواج دے رہا ہے، مثلاً -: شادیوں کے موقع پر لائٹنگ، میوزک، ویڈیوگرافی، فوٹوگرافی، عورتوں کا فیشن ایبل ملبوسات میں اپنے حسن وجمال کی نمائش، اور دعوتوں میں بوفے ڈِنر کا سسٹم وغیرہ، یہ سب چیزیں غیر

اسلامی اور غیر شرعی ہیں (۶)، جو ہماری رُسوائی اور بربادی کا سبب بن رہی ہیں، مگر افسوس! ہمیں اِس کا احساس تک نہیں، جو انتہائی نقصان اور خسارہ کی بات ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿الرجال قوّامون على النساء بما فضّل الله بعضم على بعض وما أنفقوا من أموالهم﴾ . (النساء : ۳۴)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿هنّ لباسٌ لكم وأنتم لباسٌ لهنّ﴾ . (البقرة :۱۸۷) ﴿ومن آيٰته أن خلق لكم من أنفسكم أزواجًا لتسكنوآ إليها وجعل بينكم مودّة ورحمة إن في ذلك لأيٰت لقوم يتفكّرون﴾ . (الروم : ۲۱) ﴿وجعل منها زوجها ليسكُن إليها﴾ . (الأعراف : ۱۸۹)

ما في " روح المعاني " : ﴿هن لباس لكم وأنتم لباس لهنّ﴾ أي هنّ سكن لكم وأنتم سكن لهنّ . (۱/۲۶۱۴ ، تفسير حقى : ۱/۴۰۸ ، تفسير روح البيان : ۱/۲۴۴ ، البقرة ، بحواله شامله)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة قالت : قال رسول الله ﷺ : " إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة " . رواه البيهقي في شعب الإيمان . (ص/۲۶۸ ، كتاب النكاح ، الفصل الثالث ، قديمي ، شعب الإيمان للبيهقي :۵/۲۵۴ ، رقم الحديث :۶۵۲۲ ، باب الاقتصاد في النفقة)

(۴) ما في " سنن النسائي " : عن علي رضي الله عنه قال : " جهّز رسول الله ﷺ فاطمة في خميل وقربة ووسادة حشوها اذخر " . (۲/۷۷ ، باب جهاز الرجل ابنته)

(۵ – ۶) ما في " صحيح البخاري " : " أبغض الناس إلى الله ثلاثة: ملحد في الحرم ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ، ومطلب دم امرئ مسلم بغير حق ليهريق دمه " . (۲/۱۰۱۶ ، مشكوة المصابيح : ص/۱۵۰ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، كنز العمال : ۱۶/۱۷ ، رقم الحديث : ۴۳۸۲۶)

ما فی " سنن أبي داود " : قوله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما فی " تكملة فتح الملهم " : إن اللباس الذي يتشبه به الإنسان بأقوام كفرة ، لا يجوز لبسه لمسلم إذا قصد بذلک التشبه بهم . (۱۰/ ۷۷ ، كتاب اللباس والزينة)

ما في " القرآن الكريم " : قوله تعالى : ﴿ولا تركنوا إلى الذين ظلموا فتمسّكم النار﴾. (سورة هود:۱۱۳)

ما في " معارف القرآن " : ''حضرت قتادہ نے فرمایا کہ'' مراد ہے کہ ظالموں سے دوستی نہ کرو اور ان کا کہا نہ مانو''، ابن جریج نے فرمایا کہ'' ظالموں کی طرف کسی طرح کا بھی میلان نہ رکھو''، ابوالعالیہ نے فرمایا کہ'' ان کے اعمال وافعال کو پسند نہ کرو'' (قرطبی)، سدّی نے فرمایا کہ'' ظالموں سے مداہنت نہ کرو یعنی ان کے برے اعمال پر سکوت یا رضا کا اظہار نہ کرو''، عکرمہ نے فرمایا کہ'' ظالموں کی صحبت میں نہ بیٹھو''، قاضی بیضاوی نے فرمایا کہ'' شکل وصورت اور فیشن اور رہن سہن کے طریقوں میں ان کا اتباع کرنا یہ سب اسی ممانعت میں داخل ہے''۔ (۶۷۳/۴)

ما في " حاشية القونوي على تفسير البيضاوي " : قال ابن عباس : أي لا تميلوا ، والركون المحبة والميل بالقلب ، وقال أبو العالية : لا ترضوا بأعمالهم ، وقال عكرمة : لا تطيعوهم ؛ قال البيضاوي : لا تميلوا إليهم أدنى ميل ، فإن الركون هو الميل اليسير كالتزيي بزيهم وتعظيم ذكرهم . (۲۲۶/۱۰ ، تفسير المظهري : ۴۳۰/۴)

## دولہا دولہن کی گاڑی کی تزیین

**مسئلہ (۲۲۴):** آج کل شادیوں کے موقعوں پر بعض مسلم گھرانے کے لوگ دولہا دولہن کی گاڑی کو قسم ہا قسم کے پھولوں اور رنگ برنگی رِبنوں کے ذریعہ سجا سنوار کر لاتے ہیں، یہ ایک غیر ثابت اور قابلِ ترک رسم ہے [1]، اور نصاریٰ کا طریقہ ہے، اِس سے بچنا ضروری ہے، اگر اس کو ضروری اور سنت نہ سمجھیں تب بھی بیکار اور بے ضرورت ہونے کی وجہ سے قابلِ ترک ہے [2]، حدیث شریف میں

آں حضور ﷺ نے غیر قوموں کی مخصوص تہذیب وثقافت اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى محموديه " : "یہ ایک غیر ثابت رسم ہے، اس کی پابندی عملی طور پر التزام مالا یلتزم اور ایک رسم محض ہے، اس کو ترک کردینا چاہیے، اگر اس میں قربت کا تصور بھی ہے تو رسم سے بڑھ کر بدعت بھی ہے"۔ (۱۱/۲۱۰، ۲۱۱، ط: کراچی، بعنوان: دولہا دولہن کے لیے پالکی کی سواری، کفایت المفتی :۵/۱۵۵، کتاب النکاح، ط: دارالاشاعت)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أفحسبتم أنما خلقناكم عبثًا وأنكم إلينا لا ترجعون﴾. (سورة المؤمنون : ۱۱۵)

ما في " جمع الجوامع " : قوله ﷺ : " من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه " .

(۶/۳۹۳ ، رقم الحديث : ۲۰۰۰۷)

(۳) ما في " سنن أبي داود " : قوله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " .

(ص/۵۵۹ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة ، تكملة فتح الملهم : ۱۰/۷۷ ، كتاب اللباس والزينة)

ما في " صحيح البخاري " : " أبغض الناس إلى الله ثلاثة: ملحد في الحرم ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ، ومطلب دم امرئ مسلم بغير حق ليهريق دمه " .

(۲/۱۰۱۶ ، مشكوة المصابيح : ص/۱۵۰ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، كنز العمال : ۱۶/۱۷ ، رقم الحديث : ۴۳۸۲۶) (فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۳/۶۴۳،۶۴۴)

## ولیمہ کا مسنون طریقہ

**مسئلہ(۲۰۶):** ولیمہ کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ نکاح کے بعد جس رات

میاں بیوی کی پہلی ملاقات وخلوت ہو، اس سے اگلے روز حسبِ استطاعت لوگوں کو کھانا کھلایا جائے، ہم بستری شرط نہیں ہے[1]، اور دو روز تک ولیمۂ مسنونہ کا وقت رہتا ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مرقاة المفاتيح " : قيل انها تكون بعد الدخول ، وقيل عند العقد ، وقيل عندهما ، واستحب أصحاب مالك أن تكون سبعة أيام ، والمختار أنه على قدر حال الزوج . (۲/۵/۳۳۵ ، كتاب النكاح ، باب الوليمة ، الفصل الأول ، تحت رقم الحديث :۳۲۱۰)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وذهب الحنابلة والحنفية في قول ، والمالكية في قول كذلك إلى أنه تسن الوليمة عند العقد ، ويرى بعض الحنفية أن وليمة العرس تكون عند العقد وعند الدخول . (۴۵/۲۴۹ ، ۲۵۰ ، وليمة ، وقت الوليمة)

(۲) ما في " سنن ابن ماجه " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " الوليمة أول يوم حق والثاني معروف ، والثالث رياء وسمعة " . (ص/۱۳۷ ، كتاب النكاح ، باب إجابة الداعي ، رقم الحديث :۱۹۱۵ ، رواه الترمذي عن ابن مسعود : ۱/۲۰۸ ، كتاب النكاح ، باب ما جاء في الوليمة ، رقم الحديث :۱۰۹۷ ، مشكوة المصابيح :ص/... ، كتاب النكاح ، باب الوليمة ، الفصل الثاني ، رقم الحديث :۳۲۲۴ ، سنن أبي داود :ص/۵۲۶ ، كتاب الأطعمة ، باب في كم تستحب الوليمة ، رقم الحديث :۳۷۴۵ ، عمدة القاري :۲۰/۲۲۲ ، كتاب النكاح ، باب إجابة الوليمة والدعوة الخ) (آپ کے مسائل اوران کا حل:۶/۳۰۹)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال الطيبي : إذا أحدث الله تعالى لعبد نعمة حق له أن يحدث شكرًا واستحب ذلك في الثاني جبرًا لما يقع من النقصان في اليوم الأول ،

فإن السنة مكملة للواجب ، وأما اليوم الثالث فليس إلا رياء وسمعة ، والمدعو يجب عليه الإجابة في الأول ويستحب في الثاني ويكره بل يحرم في الثالث . (۶/۳۴۴، ۳۴۵، كتاب النكاح ، باب الوليمة ، الفصل الثاني ، تحت رقم الحديث : ۳۲۲۴)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وصرّح الحنفية بأنه إذا بنى الرجل بامرأته ينبغي أن يدعو الجيران والأقرباء والأصدقاء ، ويذبح لهم ويصنع لهم طعامًا ، وإذا اتخذ وليمة ينبغي لهم أن يجيبوا ، ولا بأس بأن يدعو يومئذ من الغد وبعد الغد ، ثم ينقطع العرس والوليمة . (۴۵/۲۴۹ ، وليمة ، كون الوليمة في اليوم الأول) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۴۴۱۸۵،فتاویٰ رحیمیہ:۸/۲۳۹)

# کتاب الطلاق

## طلاق دینے پر شوہر سے رقم کا مطالبہ

**مسئلہ** (۱۱۱): اسلام میں نکاح ایک پاکیزہ اور مقدس رشتہ ہے، اور شریعت چاہتی ہے کہ اس رشتہ میں حتی المقدور دوام واستحکام ہو، اس لیے کسی واقعی معتبر سبب کے بغیر مرد کا طلاق دے دینا، یا عورت کا خلع کا مطالبہ کرنا انتہائی ناپسندیدہ اور مذموم عمل ہے، اس لیے شوہر وبیوی کو چاہیے کہ جہاں تک ممکن ہو اِس رشتہ کو ٹوٹنے سے بچائیں، اور اگر کوئی اختلاف پیدا ہوجائے تو قرآن مجید نے ایسے نزاعات کو حل کرنے کے لیے جو تدابیر ذکر کی ہیں، اُن کو اختیار کریں، اور ایک دوسرے کے ساتھ تحمل اور عفو ودر گذر سے کام لیں، لیکن ان تمام کوششوں کے باوجود اگر زوجین کے تعلقات خوشگوار باقی نہ رہیں، نکاح کے مقاصد؛ سکون اور باہمی محبت ومودّت فوت ہونے لگیں، اور بیوی طلاق کا مطالبہ کرے، تو شوہر کو

چاہیے کہ طلاق دے دے، محض ایذا رسانی کی غرض سے اُسے معلقہ بنا کر نہ رکھے[۱]، اور اگر شوہر طلاق دینے پر آمادہ نہ ہو تو بیوی خلع کا مطالبہ کرسکتی ہے[۲]، شریعت میں خلع ''عورت سے کچھ لے کر اس کو نکاح سے آزاد کردینے کا نام ہے''[۳]۔ لیکن آج کل یہ دیکھنے میں آرہا ہے کہ شوہر طلاق دینے پر راضی بھی ہوتا ہے، مگر لڑکی کے والدین اور خویش واقارب اس صورت میں شوہر سے ایک خطیر رقم کا مطالبہ کرتے ہیں اور نہ دینے کی صورت میں کورٹ میں مقدمہ دائر کرنے کی دھمکی دیتے ہیں، شرعاً اُن کا یہ عمل ناجائز ہے، اور شوہر سے اس طرح کسی رقم کا لینا قطعاً ناجائز وحرام ہے[۴]، جو شخص خدا، رسول اور آخرت کی جزا وسزا کا یقین رکھتا ہے وہ کبھی بھی ایسی حرام خوری کا ارتکاب نہیں کرسکتا، لہٰذا اس سے بچنے کی سخت ضرورت ہے۔

---

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والّٰتي تخافون نشوزهنّ فعظوهنّ واهجروهنّ في المضاجع واضربوهنّ فإن أطعنكم فلا تبغوا عليهنّ سبيلا ، إن الله كان عليًّا كبيرًا . وإن خفتم شقاق بينهما فابعثوا حكما من أهله وحكما من أهلها إن يريدآ إصلاحا يوفق الله بينهما إن الله كان عليمًا خبيرًا﴾ . [سورة النساء : ٣۴ ، ٣۵] وقال تعالى : ﴿وإن امرأة خافت من بعلها نشوزًا أو إعراضًا فلا جناح عليهما أن يصلحا بينهما صلحًا ، والصلح خيرٌ ، وأحضرت الأنفس الشحّ ، وإن تحسنوا وتتقوا فإن الله كان بما تعملون خبيرًا﴾ . وقال : ﴿ولن تستطيعوا أن تعدلوا بين النساء ولو حرصتم فلا تميلوا كلَّ الميل فتذروها كالمعلقة ، وإن تصلحوا وتتقوا فإن الله كان غفورًا

رحيمًا﴾ . (سورة النساء : ۱۲۸ ، ۱۲۹ )

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الحنفية إلى أن مهمة الحكمين الإصلاح لا غير ، فإذا نجحا فيه فبها ، وإلا تركا الزوجين على حالهما ليتغلبا على نزاعهما نفسيهما ، إما بالمصالحة ، أو بالصبر ، أو بالطلاق ، أو بالمخالعة ، وليس للحكمين التفريق بين الزوجين إلا أن يفوّض الزوجان إليهما ذلك ، فإن فوّضاهما بالتفريق بعد العجز عن التوفيق ، كانا وكيلين عنهما في ذلك ، وجاز لهما التفريق بينهما بهذه الوكالة .

(۲۹/ ۵۴ ، طلاق ، مهمة الحكمين)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وفي شرح الطحاوي : ثم الاختلاف إذا وقع بين الزوجين فالسنة فيه أن يجتمع أهل الرجل وأهل المرأة ليصلحا بينهما ، فإن لم يجتمعا على الصلح فليس إلى الحكمين التفريق بينهما ، فإن طلقها جاز ، وإن خلعها جاز . (۳/ ۲۹ ، الفصل السادس عشر في الخلع)

(۲) ما في " المبسوط للسرخسي " : (والخلع جائز عند السلطان وغيره) لأنه عقد يعتمد التراضي كسائر العقود وهو بمنزلة الطلاق بعوض ، وللزوج ولاية إيقاع الطلاق ، ولها ولاية التزام العوض . (۶/ ۲۰۲ ، بيروت ، ۶/ ۱۷۳ ، مطبعة السعادة ، المغني لإبن قدامة الحنبلي : ۷/ ۵۲ ، مطبعة دار المنار ، الجامع لأحكام القرآن للقرطبي : ۳/ ۱۳۸ ، دار الكتب المصرية ، كتاب الأم للشافعي : ۵/ ۲۰۰ ، مكتبة الكليات الأزهرية) (امداد الاحکام: ۲/ ۲۴۷، فتاویٰ محمودیہ: ۱۳/ ۳۴۱، کراچی)

ما في " بدائع الصنائع " : قال الإمام الكاساني رحمه الله تعالى : وأما ركنه فهو الإيجاب والقبول ، لأنه عقد على الطلاق بعوض ، فلا تقع الفرقة ، ولا يستحق العوض بدون القبول . (۴/ ۳۱۵ ، كتاب الطلاق، بيروت ، رد المحتار : ۵/ ۸۸ ، باب الخلع ، بيروت) (فتاویٰ عثمانی: ۲/ ۴۴۵، کفایت المفتی: ۶/ ۱۶۷، دارالاشاعت کراچی، احسن الفتاویٰ: ۵/ ۳۸۴، امداد المفتیین المعروف بہ عزیز الفتاویٰ: ۲/ ۵۵۴)

(۳) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (هو إزالة ملك النكاح المتوقفة على قبولها بلفظ الخلع أو في معناه) . (۵/ ۸۳، ۸۵ ، ۸۷ ، كتاب الطلاق ، باب الخلع ،

بيروت ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد : ٢/٢٢٦ ، الخلع ، فتح القدير لإبن الهمام : ٤/١٨٨ ، باب الخلع ، بيروت ، العناية شرح الهداية : ٢/٥١٩ ، باب الخلع ، البناية شرح الهداية :٥/٢٩١ ، باب الخلع ، مكتبه رشيديه كوئٹه ، فتح باب العناية بشرح النقاية : ٢/١٤٢ ، فصل في الخلع ، دار الأرقم بيروت ، تحقيق وتعليق على شرح الزيادات : ٢/٤٦٩ ، باب الخلع بالمال ، مجمع الأنهر : ٢/١٠٢ ، باب الخلع ، الدر المنتقى شرح الملتقى مع المجمع : ٢/١٠١ ، باب الخلع ، تبيين الحقائق : ٣/١٨٢ ، البحر الرائق : ٤/١١٩ ، النهر الفائق : ٢/٤٣٥ ، دار الإيمان سهارنفور ، الفتاوى الهندية : ١/٤٨٨ ، الباب الثامن في الخلع وما في حكمه ، شرح العيني على الكنز المسمى برمز الحقائق : ١/١٦٦ ، باب في بيان أحكام الخلع ، دراسة وتحقيق على مجمع البحرين :ص/٥٨٠ ، فصل في الخلع ، موسوعة الفقه الإسلامي : ٢/٤٨٢ ، أحكام خاصة بالنشوز والخلع ، التوضيح في ا لجمع بين المُقنع والتنقيح : ٣/١٠١٥ ، المكتبة المكية ، موسوعة الفقه الإسلامي للتويجري : ٤/٢٢٦ ، الخلع)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : الخَلعُ : إزالة ملك النكاح بأخذ المال .

(ص/١٠٥ ، باب الخاء ، بيروت)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : وفي الشرع : إزالة الزوجية بما تعطيه من المال .

(٣/٢١٦ ، باب الخلع ، دار الرسالة العالمية ، ٣/١٥٦ ، دار المعرفة بيروت)

ما في " الفقه الحنفي وأدلته " : وقال الحنفية : الخلع إزالة الزوجية بما تعطيه الزوج من المال . (٢/٢٢٤ ، باب الخلع ، الجوهرة النيرة : ٢/٢١٥ ، كتاب الخلع)

ما في " معجم لغة الفقهاء " : الخلع : .... طلاق الرجل زوجته على مال تبذله له .

(ص/١٩٩ ، إدارة القرآن كراتشي ، المصباح المنير للفيّومي :ص/٦٨ ، مكتبة لبنان ، عون المبعود :ص/٩٨٧ ، باب في الخلع ، تحت رقم الحديث : ٢٢٣٠)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وفي السغناقي : هو عبارة عن أخذ مال من المرأة بإزاء ملك النكاح بلفظ الخلع . (٣/٢٨ ، الفصل السادس عشر في الخلع ، ط : دار

الإيمان سهارنفور)

ما في " الموسوعة الفقهية " : (فعند الحنفية) : أخذ مال من المرأة بإزاء ملك النكاح بلفظ الخلع . (۱۹/۲۳۴، خلع)

ما في " الكافي في الفقه الحنفي " : الخلع شرعاً : أخذ المال بإزاء ملك النكاح أو إزالة ملك النكاح بلفظ الخلع . (۳/۱۰۱۷ ، الخلع ، مؤسسة الرسالة بيروت)

(قاموس الفقہ:۳/۳۶۲،خلع)

(۴) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : " لا يحل مال امرئٍ مسلم إلا بطيب نفس منه". (۱۶۶/۶ ، كتاب الغصب ، مشكوة المصابيح : ص/۲۵۵ ، السنن الدارقطني : ۲۲/۳ ، كتاب البيوع ، رقم الحديث : ۲۸۶۲ ، المسند للإمام أحمد بن حنبل : ۱۵/۴۰۰ ، رقم الحديث : ۲۰۹۸۰ ، جمع الجوامع : ۷/۹ ، رقم الحديث : ۲۶۷۵۹ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۴/۳۸۷ ، رقم الحديث : ۵۴۹۲)

# کتاب الرضاع

## شیرخوار کو دودھ پلانے کی مدت

**مسئلہ(۹۰)**: مدتِ شیرخوارگی کے اندر بچہ کے دودھ سے بے نیاز ہوجانے تک اُسے دودھ پلانا واجب ہے، اُس کے بعد سے دو سال تک دودھ پلانا مستحب ہے، اور اگر بچہ بہت کمزور ہو، کچھ اور نہ کھا سکتا ہو، تو ایسی ضرورت کے وقت ڈھائی برس کی عمر تک دودھ پلانے کی گنجائش ہے، مگر بعض عورتیں ڈھائی برس کے بعد بھی اپنے بچوں کو دودھ پلاتی ہیں، شرعاً اُن کا یہ عمل حرام ہے، کیوں کہ دودھ جزوِ انسانی ہے، اس سے انتفاع ضرورۃً جائز ہے، ڈھائی برس کے بعد یہ ضرورت باقی نہیں رہتی، تو اس کی اباحت بھی باقی نہیں رہے گی۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " تبيين الحقائق " : وذكر الخصاف أنه إن فطم قبل مضي المدة واستغنى بالطعام لم يكن رضاعاً وإن لم يستغن تثبت به الحرمة ، وهو رواية عن أبي حنيفة ، وعليه الفتوى ، وروى الحسن عن أبي حنيفة وأبي يوسف ؛ إن كان لا يجترئ بالطعام لكن أكثر ما يتناوله هو اللبن دون الطعام يكون رضاعًا فإن كان الأكثر هو الطعام لا يكون رضاعًا ، ثم قيل : لا يباح الإرضاع بعد مدة الرضاع لأن إباحته للضرورة لكونه جزء الآدمي أو جزئه مبتذلا مهانًا . اهـ . اتقاني . وكتب ما نصه : والانتفاع به حرام واختلف المشايخ في الانتفاع به للدواء ، قيل : لم يجز ، وقيل : يجوز إذا علم أنه يزول به الرمد . اهـ . (٢/٢٣٤)

ما في " شرح منظومة ابن وهبان " : تنبيه : الرضاع بعد مدته حرام ، لأنه جزء الآدمي والانتفاع به بغير ضرورة حرام على الصحيح ، نعم ؛ أجاز البعض التداوي به إذا علم أنه يزول به الرمد ، كذا ذكره التمرتاشي والبعض بم يجوزوا شربه للتداوي . والله أعلم . (١/١٣٥)

ما في " المحيط البرهاني " : ولو فطم الرضيع في مدة الرضاع ثم سقى بعد ذلك في المدة فهو رضاع على قول من يرى الرضاع في تلك المدة ، لوجود الإرضاع والظاهر من المذهب ، وروى الحسن عن أبي حنيفة رحمهما الله أنه قال : هذا إذا لم يتعود الصبي الطعام حتى لا يكتفي بالطعام بعد الفطام ، وأما إذا صار بحيث يكتفي بالطعام لا تثبت الحرمة بعد ذلك ، لأنه إذا صار بحيث يكتفي بالطعام فاللبن يفسده بعده ذلك ولا يغذيه ولا يحصل به النشوء ، وهو المعنى المعول عليه في إثبات الحرمة بعد الفراغ ، وفي " البقالي " : إذا فطم في الحولين واستغنى بالطعام فأرضع بعد ذلك فعن أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهما الله روايتان . (٣/١٩٠)

ما في " البحر الرائق " : واختلفوا في إباحته بعد المدة واقتصر الشارح على المنع وهو الصحيح ، كما في شرح المنظومة ، وعلى هذا لا يجوز الانتفاع به للتداوي ،

قال في فتح القدير : وأهل الطب يثبتون للبن البنت أي الذي نزل بسبب بنت مرضعة نفعًا لوجع العين ، واختلف المشايخ فيه قيل لا يجوز ، وقيل يجوز إذا علم أنه يزول الرمد ..... ولا يخفى أن التداوي بالمحرم لا يجوز في ظاهر المذهب أصله لو مايؤكل لحمه فإنه لا يشرب أصلا . (۳/۳۸۹) (الدر المختار مع الشامية : ۴/۴۹۳ ، ۴۹۴ ، ۴۹۸ ، باب الرضاع ، هدايه : ۱/۳۵۰ ، ۳۵۱)

(آپ کے مسائل اوران کا حل:۶/ ۲۱۹،فتاویٰ محمودیہ:۱۷/ ۴۹۷)

## کان میں دودھ ٹپکانے سے حرمت رضاعت

**مسئلہ(۱۰۰):** بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اگر کسی عورت کا دودھ، شیرخوار بچہ کے کان میں ٹپکایا جائے، تو اس سے بھی حرمتِ رضاعت ثابت ہوتی ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ حرمتِ رضاعت کے ثابت ہونے کے لیے بچہ کا مدتِ رضاعت، یعنی صاحبین کے قول کے مطابق دوسال اور امام صاحب کے قول کے مطابق ڈھائی سال کے اندر، کسی عورت کا دودھ پینا ضروری ہے، محض کان میں دودھ کے ٹپکانے سے حرمتِ رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : قال ابن نجيم : قيدنا بالفم والأنف ليخرج ما إذا وصل بالإقطار في الأذن . (۳/۳۸۷ ، كتاب الرضاع)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا يثبت بالإقطار في الأذن ...... وإن وصل إلى الجوف والدماغ . (۱/۳۴۴ ، كتاب الرضاع)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : هو مص ثدي آدمية ..... في وقت مخصوص هو حولان ونصف عنده وحولان فقط عندهما وهو الأصح ، وبه يفتى ، كما في تصحيح

القدوري عن العون . (۳۹۳/۴ ، ۳۹۴ ، کتاب الرضاع)

ما في " البحر الرائق " : هو مص الرضيع من ثدي الآدمية في وقت مخصوص أي وصول اللبن من ثدي المرأة إلى جوف الصغير من فمه أو أنفه في مدة الرضاع .

(۳۸٦/۳ ، کتاب الرضاع ، هدایه : ۱/ ۳۵۰ ، کتاب الرضاع)

(امدادالفتاویٰ:۲/ ۳۳۵،خیرالفتاویٰ:۴/ ۴۸٦)

# کتاب الأیمان

## قسم کھاتے وقت مقدس کتابوں پر ہاتھ رکھنا

**مسئلہ** (۱٦۲): قسم کھاتے وقت قرآن کریم، تورات یا انجیل وغیرہ مقدس کتابوں پر ہاتھ رکھنا، قسم کے صحیح ہونے کے لیے لازم نہیں ہے، ان کتابوں پر ہاتھ رکھے بغیر بھی قسم صحیح ہوجاتی ہے، لیکن اگر قسم کی تاکید اور قسم کھانے والا جھوٹی قسم نہ کھائے، اِس بات سے اُسے ڈرانے کے لیے ایسا کیا جاتا ہے، تو اس کی اجازت ہے۔[1]

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوی الهندیة " : فالیمین في الشریعة عبارة عن عقد قوی به عزم الحالف علی الفعل أو الترک . کذا في الکفایة ...... ومنعقدة وهو أن یحلف علی أمر في المستقبل أن یفعله أو لا یفعله ، وحکمها لزوم الکفارة عند الحنث . کذا في الکافي . (۲/ ۵۱ ، ۵۲ ، کتاب الإیمان ، الباب الأول الخ)

ما في " البحر الرائق " : الیمین تقویة أحد طرفي بالمقسم به . (۴۶۴/۴ ، کتاب الأیمان ، کذا في مجمع الأنهر : ۲/ ۲۵۹ ، کتاب الإیمان)

ما في " البحر الرائق " : قالوا : إنما سمی القسم یمینًا لوجهین : أحدهما أن الیمین

هي القوة والحالف يتقوى بالقسم على الحمل أو المنع ، والثاني أنهم كانوا يتماسكون بأيديهم عند القسم فسميت بذلک .... وشمل الجملة الفعلية كحلفت بالله لأفعلنّ أو أحلف ، والإسمية سواء كانت مقدمة الخبر كعلى عهد الله أو مؤخرته نحو لعمرک لأفعلن ، وأسماء هذا المعنى التوكيدي ستة : الحلف والقسم والعهد والميثاق والإيلاء واليمين . (۴/۴۶۴ ، ۴۶۵ ، كتاب الأيمان)

ما في " موقع المسلم " وضع الحالف يده عند القسم على المصحف أو التوراة أو الإنجيل أو غيرها ليس بلازم لصحة القسم ، لكن يجوز إذا رآه الحاكم لتغليظ اليمين ليتهب الحالف من الكذب .

الإفتاء : بيان الحكم الشرعي عند السوال عنه ، وقد يكون بغير سؤال ببيان حكم النازلة لتصحيح أوضاح الناس وتصرفاتهم . (على شبكة نيت)

# کتاب البیوع

## خرید وفروخت میں فری سروس

**مسئلہ** (۶۴): آج کل عام طور پر کمپنیاں اپنی مصنوعات کوفروغ دینے اور گاہکوں کی ترغیب کے لیے ایک مدت تک فری سروس (Free Servis) کا یقین دلاتی ہے، خرید وفروخت میں اس طرح کی اضافی شرط سے یہ معاملہ شرعاً فاسد ہے، مگر فساد کا حکم لگانے میں شریعت کا منشا امکانی جھگڑے کا دروازہ بند کرنا ہے، اور جو شرطیں معروف ومروج ہوجاتی ہیں، وہ جھگڑے ونزاع کا سبب نہیں بنتیں، لہٰذا ایسی شرطوں کو فقہاء کرام نے جائز اور قابلِ عمل قرار دیا ہے، پس فری سروس کی شرط کے ساتھ مصنوعات کی خرید وفروخت اور اس سے فائدہ اٹھانا جائز ہے۔ [1] (دلائل کا کاغذ ملا نہیں!!!!!)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) (جامع الترمذي : ۲/۳۴۳، السنن لأبي داود :ص/۵۶۰، فقه النوازل : ۳/۱۱۹، انعام الباري : ۶/۳۱۸) (جدید فقہی مسائل:۱/۳۸۷)

# فینسی بلیوں کی خرید وفروخت

**مسئلہ** (۲۶): آج کل بلیوں کی خرید وفروخت کا رَواج ہے، جن بلیوں کی خرید وفروخت کی جاتی ہے، وہ یہ عام بلی نہیں ہوتیں، جو محلے اور گلیوں میں پھرتی ہیں، بلکہ یہ فینسی بلی کہلاتی ہیں، اُن کی تقریباً ۲۵/ قسمیں ہیں، جن میں سے چند مشہور یہ ہیں: پَرشِیَن بلی، ہمالین بلی اور ترکش انگورہ وغیرہ، یہ بلیاں دوسری بلیوں سے عادات میں بھی مختلف ہوتی ہیں، اور ہر چیز نہیں کھاتیں، بلکہ مخصوص چیزیں کھاتی ہیں، بلیوں کی خرید وفروخت بالاتفاق جائز ہے [۱]، اور جس حدیث میں اس کی خرید وفروخت سے ممانعت وارد ہے، وہ کراہتِ تنزیہی پر محمول ہے [۲]، اس لیے اگر کسی شخص کا کاروبار ہی اس طرح کی بلیوں کی خرید وفروخت کا ہو اور اُن کی مالیت نصاب کے بقدر ہو، اور اس پر سال بھی گزر جائے تو اس کی زکوۃ نکالنا واجب ہوگا۔ [۳]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : فذهب جمهور الفقهاء من الحنفية والمالكية والشافعية والحنابلة إلی أن بیع الهرّة جائزٌ . لأنها طاهرة ومُنتَفَعٌ بها ووُجد فیها جمیع

شـروط البيـع فـجاز بيعها كالحمار والبغل ، ولأن كل مملوك أبيح الانتفاع به يجوز بيعه . اهـ . (٣٢/٢٦٦ ، بيع الهرّة)

مـا فـي " بـدائـع الـصنائع " : وأما بيع كل ذي ناب من السباع سوى الخنزير كالكلب والـفهـد والأسـد والـنـمِر والـذئـب والهر ونحوها فجائز عند أصحابنا . (٥/١٤٢ ، الـمكتبة العلمية بيروت ، المجموع شرح المهذب للنووي : ٩/٢٢٩ – ٢٣٠ ، ط : دار الـفـكـر دمشق ، المغني والشرح الكبير لإبن قدامة : ٤/٣٠٢ – ٣٠٣ ، ط : دار الـكتـاب الـعـربي ، مواهب الجليل شرح مختصر خليل : ٤/٢٦٧ – ٢٦٨ ، ط : دار الفكر)

(٢) مـا فـي " الـصـحيـح لمسلم " : عن أبي الزبير قال : سألت جابرًا عن ثمن الكلب والسـنـور ؟ قـال : " زجر النبي ﷺ عن ذلكـ " . (رقم الحديث : ٣٩٩١/1569 ، سنن أبي داود : رقم الحديث : ٣٤٧٩ ، جامع الترمذي : رقم الحديث : ١٢٧٩ )

مـا فـي " عون المعبود شرح سنن أبي داود " : عن أبي سفيان عن جابر بن عبد الله : " أن النبي ﷺ نهى عن ثمن الكلب والسنور " . (ص/١٤٩١ ، رقم الحديث : ٣٤٧٩ ، ٣٤٨٠ ، كتـاب البيـوع ، باب في ثمن السنور ، جامع الترمذي : ٢/٣٠١ ، ٣٠٢ ، رقـم الـحـديـث : ١٢٧٩ ، ١٢٨٠ ، كتـاب البيـوع ، مـا جاء في كراهية ثمن الكلب والسنور ، بيروت)

ما في " تكملة فتح الملهم " : قوله : (والسنور) استدل به من قال بحرمة بيع السنور . وروي ذلكـ عـن أبـي هـريـرة وطاوس ومجاهد وجابر بن زيد ، وبه أخذ ابن حزم في المحلى [٩ : ١٣ ] واتفق الأئمة الأربعة وجمهور من سواهم على جواز بيعه ، وحملوا الـنهـي فـي حديث الباب على التنزيه ، وهو أصح ما قيل فيه ..... والصحيح ما ذكرنا مـن أن الـنهـي مـحـمـول عـلـى الـتـنـزيـه ليـعتاد الناس هبته وإعارته . (٧/٥٠١ ، كتبا الـمسـاقـات ، بـاب تـحريم ثمن الكلب وحلوان الكاهن والنهي عن بيع السنور ، ط : احياء التراث العربي)

(٣) مـا فـي " الـموسوعة الفقهية " : وأما البغال والحمير وغيرها من أصناف الحيوان

فليس فيها زكاة ما لم تكن للتجارة . (۲۳/ ۲۵۰ ، الهداية على البداية مع الفتح : ۱/ ۵۰۴ ، ط : الأميرية بولاق)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وما اشتراه لها) أي للتجارة (كان لها) لمقارنة النية لعقد التجارة (لا ما ورثه ونواه لها) لعدم العقد إلا إذا تصرف فيه . اهـ . (۳/ ۱۹۳ ، كتاب الزكاة ، مطلب في زكاة ثمن المبيع وفاء ، بيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۲۸۶۴)

## چوری کی چیزیں خریدنا

**مسئلہ (۹۳):** بعض لوگوں کو معلوم رہتا ہے کہ فلاں شخص چور ہے، لوگوں کی چیزیں چُرا کر لاتا ہے، اور اُنہیں فروخت کرتا ہے، مگر چوں کہ یہ چیزیں عام قیمت کے مقابلہ میں نہایت کم قیمت میں فروخت کی جاتی ہیں، اس لیے وہ اس طرح کی چیزیں اُس سے خرید کر استعمال کرتے ہیں، اور یوں کہتے ہیں کہ ہم نے تو روپیہ دے کر خریدا ہے، اس لیے وہ ہمارے لیے حلال ہیں، اُن کا یہ استدلال صحیح نہیں ہے، کیوں کہ خرید وفروخت کے ذریعہ کسی چیز پر ملکیت ثابت ہونے اور اس کا استعمال حلال ہونے کے لیے شرعی ضابطہ یہ ہے کہ جس منقولہ چیز کو فروخت کیا جارہا ہے، اس پر فروخت کنندہ کی ملکیت وقبضہ ہو[1]، جب کہ چور جس چیز کو فروخت کرتا ہے، اس پر نہ تو اس کی ملکیت ہوتی ہے اور نہ اس کے لیے اس کا استعمال حلال ہوتا ہے، اور نہ وہ اس کو بیچ سکتا ہے[2]، بلکہ اس پر لازم ہے کہ وہ یہ چیز اصل مالک کو واپس کردے[3]، تو بھلا خریدنے والے کے لیے اس چیز پر کیسے ملکیت حاصل ہوگی، اور اس کے لیے اس کا استعمال کس طرح حلال

ہوگا؟ ہاں! اگر خریدنے والے کو یہ معلوم نہ ہو کہ یہ چیز چوری کی ہے، تو اس صورت میں اس کے لیے اس کا خریدنا اور استعمال کرنا جائز ہوگا، لیکن یہ حکم بھی اس لیے ہے کہ اس کو چوری کا علم نہیں ہے۔(۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : شروط : (ومنها) أن يكون المبيع ملك البائع فيما يبيعه لنفسه فلا ينعقد بيع ما ليس مملوكًا . [۹/۱۵] وفيه أيضًا : مذهب الحنفية أنه لا يصح بيع المنقول قبل قبضه ولو كان من بائعه . (۹/۱۲۴)

(۲) ما في " فيض القدير " : " من اشترى سرقة وهو يعلم أنها سرقة فقد شرك في عارها وإثمها " . (۶/۶۴ ، رقم الحديث : ۸۴۴۳)

ما في " مجموعة الفتاوى لإبن تيمية " : فمن علمت أنه سرق مالا أو خانه في أمانته أو غصبه فأخذه من المغصوب قهرًا بغير حق لم يجز لي أن آخذه منه ، لا بطريق الهبة ، ولا بطريق المعاوضة ، ولا وفاء عن أجرة ، ولا ثمن مبيع ، ولا وفاء عن قرض ، فإن هذا عين مال ذلك المظلوم . (۲۹/۱۷۸ ، ط : دار الوفاء ، المنصورة)

(۳) ما في " الشامية " : والحاصل : أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم .

(۷/۲۲۳ ، مطلب فيمن ورث مالا حراما ، ديوبند)

(۴) ما في " الشامية " : قوله : (والحرمة تتعدد الخ) ...... وما نقل عن بعض الحنفية من أن الحرام لا يتعدى ذمتين ، سألت عنه الشهاب ابن الشلبي فقال : هو محمول على ما إذا لم يعلم بذلك . (۷/۲۲۳ ، مطلب : الحرمة تتعدد ، ديوبند)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : الحرام ينتقل ، فلو دخل بأمان وأخذ مال حربي ..... الحرمة تتعدد مع العلم بها إلا في حق الإرث . الخ . وفي الشامية : قوله : (الحرام ينتقل) أي تنتقل حرمته وإن تداولته الأيدي وتبدلت الأملاك . (۷/۲۲۲ ، ۲۲۳ ، قبيل مطلب : البيع الفاسد لا يطيب ويطيب للمشترى فيه ، ديوبند)

(فتاوی محمودیہ:۱۶/۸۶)

## دوائیں ایکسپائر ہونے کے بعد بدلنا

**مسئلہ (۱۴۶):** دوا ساز کمپنیاں، میڈیکل والوں کو دوائیں فروخت کرتی ہیں، تاکہ وہ آگے ضرورتمند افراد کو یہ دوائیں فروخت کردیں، بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ وہ دوائیں میڈیکل والوں کے پاس پڑی کی پڑی رہ جاتی ہیں، اور ان کی مدتِ استعمال بھی ختم ہوجاتی ہے، ایسی صورت میں میڈیکل والے، دوا ساز کمپنیوں کو یہ دوائیں واپس کرتے ہیں، اور اُن کے بدلے اُن سے فریش دواؤں کا مطالبہ کرتے ہیں، دوا ساز کمپنیوں کا ان دواؤں کو واپس لینا اور اُن کے بدلے فریش دوا دینا محض تبرع واحسان ہے، کیوں کہ جب دوائیں فروخت کردی گئیں، اور ان پر ایکسپائر تاریخ بھی لکھی ہوئی تھی، اور بیع تام ہوگئی، تو ایکسپائر ہونے کی صورت میں دوا ساز کمپنیوں کا یہ دوائیں بدل کردینا ضروری نہیں ہے [1]، البتہ اگر بوقتِ عقد یہ بات طے ہو کہ ایکسپائر ہونے کے بعد بدل کردی جائیں گی، تو پھر بدل کردینا ضروری ہوگا۔ [2]

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' الهداية '' : وإذا حصل الإيجاب والقبول لزم البيع ، ولا خيار لواحد منهما . (۲۰/۳ ، کتاب البیوع ، ملتقی الأبحر :۱۰/۳ ، کتاب البیوع)

ما في '' التنوير وشرحه مع الشامية '' : (وإذا وجدا لزم البيع) بلا خيار إلا لعيب أو رؤية . التنوير وشرحه . (۴۷/۷ ، کتاب البیوع ، مطلب ما يبطل الإيجاب سبعة)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله بن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده أن رسول الله ﷺ قال : " الصلح جائزٌ بين المسلمين إلا صلحًا حرّم حلالا أو أحلّ حرامًا ، والمسلمون على شروطهم إلا شرطًا حرّم حلالا أو أحلّ حرامًا " . (۱/ ۲۵۱ ، كتاب الأحكام ، باب ما ذكر عن رسول الله ﷺ في الصلح بين الناس ، رقم الحديث : ۱۳۵۲ ) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۲۱۳۱ )

## حرام آمدنی والے گاہک سے خرید وفروخت

**مسئلہ** (۱۵۲): اگر دکاندار کو معلوم ہو کہ گاہک کی کل یا اکثر آمدنی حرام ہے، تو وہ اس کے ہاتھ اپنی کسی چیز کو فروخت تو کرسکتا ہے، مگر حرام مال سے قیمت وصول کرنا اس کے لیے جائز نہیں، بلکہ وہ خریدار سے حلال مال کا مطالبہ کرے گا، یہ حکم اُس وقت ہے جب کہ دکاندار کو پہلے سے معلوم ہو کہ خریدار کی کل یا اکثر آمدنی حرام ہے، اور اگر لاعلمی میں اس کے ہاتھ کوئی چیز فروخت کی، تو اس کی قیمت لینا جائز ہے۔[۱]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : الحرام ينتقل ، فلو دخل بأمان وأخذ مال حربي بلا رضاه وأخرجه إلينا ملكه وصحّ بيعه ، لكن لا يطيب له ولا للمشتري منه ...... وفي حظر " الأشباه " : الحرمة تتعدد مع العلم بها . الدر المختار . وفي الشامية : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى: قوله : (الحرمة تتعدد الخ) نقل الحموي عن سيدي عبد الوهاب الشعراني أنه قال في كتابه المنن : وما نقل عن بعض الحنفية من أن الحرام لا يتعدى ذمتين ، سألت عنه الشهاب ابن الشلبي فقال : هو محمول على ما إذا لم يعلم بذلك ، أما لو رأى المكاس مثلا يأخذ من أحد شيئًا من

المكس ثم يعطيه آخر ثم يأخذ من ذلك الآخر آخر فهو حرام . (۲۲۲/۷ ، ۲۲۳ ، باب البيع الفاسد ، مطلب : الحرمة تتعدد ، حاشيه فتاوی محمودیه :۴۱۴/۱۸)

## بیع استجرار

**مسئلہ (۱۵۳):** آج کل خرید وفروخت کی یہ صورت عام ہے کہ ایک شخص دکاندار سے اپنی ضرورت کی چیزیں وقتاً فوقتاً تھوڑی تھوڑی کرکے خرید لیتا ہے، یا اپنے بچہ یا نوکر کے ذریعہ منگوالیتا ہے، ہر مرتبہ چیز لیتے وقت نہ تو ایجاب وقبول ہوتا ہے اور نہ ہی بھاؤ تاؤ ہوتا ہے، حضراتِ فقہاء کرام کی اصطلاح وزبان میں لین دین کی اس صورت کو''بیع استجرار'' کہا جاتا ہے، فقہ کے مشہور قواعد کی رُو سے گرچہ یہ بیع جائز نہیں ہے، کیوں کہ جب یہ چیزیں لی جاتی ہیں اس وقت قیمت متعین نہیں کی جاتی، بلکہ ہفتہ یا مہینے کے آخر میں خریدار دکاندار کا حساب چکا دیتا ہے، اگر یہ کہا جائے کہ جس وقت خریدار حساب چکاتا ہے اس وقت بیع منعقد ہوتی ہے، تو اس میں دو خرابیاں لازم آتی ہیں، ایک خرابی تو یہ کہ بیع منعقد ہونے سے پہلے ہی خریدار مبیع کو استعمال کر چکا، جو اس کے لیے جائز نہیں تھا، دوسری خرابی یہ کہ جس وقت بیع منعقد ہو رہی ہے، اس وقت مبیع یعنی خریدا جانے والا سامان معدوم وغیر موجود ہے، حالانکہ شریعت معدوم وغیر موجود کی بیع کو منع کرتی ہے، مگر ان سب باتوں کے باوجود لین دین کی یہ صورت استحساناً جائز ہے، جیسا کہ صاحبِ قنیہ فرماتے ہیں:''وہ گھریلو ضرورت کی اشیاء جن کو عادۃً لوگ بغیر بیع وشراء کے ضرورت کے مطابق دکاندار سے لیتے ہیں، جیسے دال، نمک اور تیل

وغیرہ، اور پھر ان اشیاء کو استعمال کرنے کے بعد آخر میں ان کی بیع کرتے ہیں،- یعنی دکاندار کو اس کا حساب چکا دیتے ہیں،- یہ معاملہ صحیح ہے، اور اس میں معدوم کی بیع جائز ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " الدر المختار مع الشامية " : فرع : ما يستجره الإنسان من البياع إذا حاسبه على أثمانها بعد استهلاكها جاز استحساناً . الدر المختار . وفي الشامية : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (ما يستجرّه الإنسان الخ) ذكر في البحر أن من شرائط المعقود عليه أن يكون موجودًا ، فلم ينعقد بيع المعدوم ، ثم قال : ومما تسامحوا فيه وأخرجوه عن هذه القاعدة ما في القنية : الأشياء التي تؤخذ من البياع على وجه الخرج كما هو العادة من غير بيع كالعدس والملح والزيت ونحوها ثم اشتراها بعد ما انعدمت صح . اهـ . فيجوز بيع المعدوم هنا ....... قلت : كل هذا قياس ، وقد علمت أن المسئلة استحسان ، ويمكن تخريجها على فرض الأعيان ، ويكون ضمانها بالثمن استحساناً ...... فإذا انعقد بيعًا بالتعاطي وقت الأخذ مع دفع الثمن قبله ، فكذا إذا تأخر دفع الثمن بالأولى .

(۲۲/۷ ، ۲۳ ، كتاب البيوع ، مطلب : البيع بالتعاطي)

ما في " الموسوعة الفقهية " : تتعدد صور بيع الاستجرار ، ولذلک تختلف أحكامه من صورة لأخرى ، وبيان ذلک فيما يلي : الصورة الأولى ؛ أن يأخذ الإنسان من البياع ما يحتاج إليه شيئًا فشيئًا مما يستهلک عادة ، كالخبز والملح والزيت والعدس ونحوها مع جهالة الثمن وقت الأخذ ثم يشتريها بعد استهلاكها ، فالأصل عدم انعقاد هذا البيع ، لأن المبيع معدوم وقت الشراء، ومن شرائط المعقود عليه أن يكون موجودًا ، لكنهم تسامحوا في هذا البيع وأخرجوه عن هذه القاعدة (اشتراط وجود المبيع) وأجازوا بيع المعدوم هنا استحسانًا ، وذلک كما في البحر الرائق

والقنية . (۴۳/۹ ، بيع ، بيع الاستجرار ، البحر الرائق : ۴۳۴/۵ ، كتاب البيع ، تحت قوله: وأما شرائط المعقود عليه)

## بیع بالخیار

**مسئلہ** (۱۵۴): خرید وفروخت اور لین دین کی ایک صورت یہ بھی ہوتی ہے کہ بعض خُردہ فروش، ہول سیل کے بیوپاریوں سے مال لیتے ہیں، اور یہ شرط لگاتے ہیں کہ دن بھر میں جتنا مال فروخت ہونے سے بچ جائے گا، شام کو ہم اسے واپس کردیں گے، اور وہ اس شرط کو مان لیتے ہیں، اب جو مال بچ جاتا ہے وہ ہول سیلر کو واپس کیا جاتا ہے، لین دین کی یہ صورت درست ہے، کیوں کہ بیع بالخیار میں جس کا خیار ہے، اس کے حق میں بیع قطعی نہیں ہوتی، دوسرے کے حق میں قطعی ہوتی ہے، یعنی ہول سیلر کے حق میں قطعی ہے، خُردہ فروش کے حق میں قطعی نہیں، جس وقت وہ خیار ساقط کردے گا، اس کے حق میں بھی بیع قطعی ہوجائیگی۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ويخرج عن ملكه) أي البائع (مع خيار المشترى) فقط .

(۸۸/۷ ، كتاب البيوع ، باب خيار الشرط ، مطلب : المقبوض على سوم النظر)

ما في " الهداية " : ومن شرط له الخيار فله أن يفسخ في مدة الخيار وله أن يجيز ، فإن أجاز بغير حضرة صاحبه جاز ، وإن فسخ لم يجز ، إلا أن يكون الآخر حاضرًا .

(۱۶/۳ ، كتاب البيوع ، باب خيار الشرط ، الفتاوى الهندية :۴۲/۳ ، كتاب البيوع ، الفصل السادس في خيار الشرط ، الفصل الثاني في بيان ما ينفذ به هذا البيع الخ)

# دلال کا بائع اور مشتری سے کمیشن لینا

**مسئلہ** (۱۷۱): زمین یا کسی اور چیز کی خرید وفروخت میں دلال کا بائع اور مشتری دونوں سے کمیشن لینا، اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ دلال - بائع اور مشتری میں سے کسی کا وکیل بن کر مبیع کی خرید وفروخت نہ کرے، بلکہ دونوں کے درمیان سعی وکوشش اور دوڑ دھوپ کرے، اور پھر وہ دونوں خود آپس میں خرید وفروخت کریں، تو ایسی صورت میں چوں کہ عرف ورَواج دونوں سے کمیشن لینے کا ہے، اس لیے اس صورت میں دلال کے لیے دونوں سے کمیشن لینا جائز اور درست ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : تتمة : قال في التاترخانية : وفي الدلال والسمسار يجب أجر المثل ، وما تواضعوا عليه أن في كل عشرة دنانير كذا فذاك حرام عليهم ، وفي الحاوي : سئل محمد بن سلمة عن أجرة السمسار ، فقال : أرجو أنه لا بأس به ، وإن كان في الأصل فاسدًا لكثرة التعامل ، وكثير من هذا غير جائز ، فجوزوه لحاجة الناس إليه . (۹/۷۵ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة ، مطلب في أجرة الدلال)

ما في " خلاصة الفتاوى " : وفي الأصل أجرة السمسار والمنادي والحمامي والصكاك وما لا تقدير فيه للوقت ولا مقدار لما يستحق بالعقد ، لكن للناس فيه حاجة جاز ، وإن كان في الأصل فاسدًا . (۳/۱۱۶ ، كتاب الإجارات ، الفصل الثاني في صحة الإجارة وفسادها ، جنس آخر في المتفرقات الخ ، الفتاوى الهندية :۴/۴۵۰ ، ۴۵۱ ، كتاب الإجارة ، الباب السادس عشر ، مطلب الاستئجار على الأفعال المباحة ، المبسوط للسرخسي :۱۵/۱۲۸ ، كتاب الإجارات ، باب

السمسار) (فتاویٰ محمودیہ:۱۶/ ۶۱۷،فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۴۳۰۶۵)

## گیس سلینڈر فروخت کرنا

**مسئلہ(۱۸۲)**: حکومتِ وقت نے اِس سال گیس صارفین کے لیے یہ قانون نافذ کیا ہے کہ ایک صارف (Consumer) کو پورے سال میں صرف ۹/گیس سلینڈر رعایتی دام میں دیئے جائیں گے، اگر کسی صارف کو اس سے زائد کی ضرورت ہو تو وہ پوری قیمت ادا کرکے حاصل کرسکتا ہے، اب بعض وہ صارفین جنہیں ۹/ گیس سلنڈروں کی ضرورت نہیں ، اُن کی طرف سے یہ استفسار ہو رہا ہے کہ- کیا ہم اپنے رعایتی گیس سلینڈر حاصل کرکے دوسرے ضرورتمند کو زائد قیمت میں فروخت کرسکتے ہیں؟ تو جواباً عرض ہے کہ - اگر صارف (Consumer) اپنا رعایتی سلینڈر حاصل کرکے اپنے قبضہ میں کرلے، اور پھر ضرورتمند کو زائد قیمت میں فروخت کردے، اوراس طرح فروخت کرنا حکومتی قانون کی خلاف ورزی نہ ہو، تو شرعاً اس کی اجازت ہوگی، ورنہ نہیں۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : فالإيجاب والقبول وهما ركنه ، وشرطه أهلية المتعاقدين ، ومحله المال ، وحكمه ثبوت الملک . در مختار . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وحكمه ثبوت الملک) أي في البدلين لكل منهما في البدل ، وهذا حكمه الأصلي ، والتابع وجوب تسليم المبيع والثمن .

(۷/ ۱۰ – ۱۲ ، كتاب البيوع ، مطلب شرائط البيع أنواع أربعة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وقال الحنفية : قبض المنقول يكون بالتناول باليد

بـالتـخـلية على وجه التمكين ، جاء في مجلة الأحكام العدلية : تسليم العروض يكون بإعطائها ليد المشتري أو بوضعها عنده ، أو بإعطاء الإذن له بالقبض مع إرائتها له .

(۲۶۱/۳۲ ، قبض ، كيفية قبض المنقول)

(۲) مـا فـي " بـدائـع الـصـنـائع " : أما تفسيره فقد ذكرناه في أول الكتاب وهو أنه بيع بـمثـل الثـمـن الأول مـع زيادة ، وأما شرائطه ما قيمتها ما ذكرنا ، وهو أن يكون الثمن الأول مـعـلومًا للمشتري الثاني ، لأن المرابحة بيع الثمن الأول مع زيادة ربح ، والعلم بـالثـمـن الأول شـرط صـحة البيـاعـات كلهـا . (۱۷۳/۷ ، ۱۷۴ ، الفتاوى الهندية :۱۶۰/۳)

(۳) مـا فـي " جـامـع التـرمـذي " : عـن حذيفة قال : قال رسول الله ﷺ : " لا ينبغي لـلـمـؤمـن أن يُذِلَّ نفسه " . (۵۱/۲ ، أبواب الفتن ، باب بعد باب ما جاء في النهي عن سبّ الرياح) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۶۹۰۴)

# باب الربوا

## سودی قرض سے کاروبار

**مسئلہ** (۱۲۶): اگر کوئی شخص اپنی بنیادی ضرورتوں یعنی روٹی، کپڑا اور مکان کو پورا کرنے کے لیے کسی سے قرضِ حسنہ نہ پائے، اور اِس مجبوری کی حالت میں کسی سے سودی قرض لے، اور پھر اُس قرض کی رقم سے کوئی جائز کاروبار کر کے ذاتی زمین خریدے، مکان بنالے، یا دوسری ضرورت کی چیزیں حاصل کرلیں، تو یہ تمام چیزیں اُس کی ملک ہیں، اور حلال ہیں، کیوں کہ بوقتِ ضرورت (جس کی تعریف اوپر گزر چکی) سود پر قرض لینے کی گنجائش ہے [۱]، اور بلاضرورت سودی قرض لینا حرام ہے [۲]، مگر اِس صورت میں بھی محض سود دینا حرام ہے، نہ کہ وہ رقم

جو قرض پر لی گئی، اور باقی ماندہ مال میں یہ حرمت سرایت نہیں ہوگی، بخلاف سود لینے کے، کیوں کہ سود لینا ہر حال میں حرام ہے، اور اس سے حاصل آمدنی بھی حرام ہوتی ہے۔

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : وفي القنية من الكراهية : یجوز للمحتاج الاستقراض بالربح . (۲۱۱/۶ ، کتاب البیع ، باب الربا)

(۲) ما في " الصحیح لمسلم " : عن جابر رضي الله عنه قال : " لعن رسول الله ﷺ آکل الربوا وموکله وکاتبه وشاهدیه ، وقال : هم سواء " . (۲۷/۲ ، کتاب المساقاة والمزارعة ، باب لعن آکل الربا وموکله ، رقم الحدیث :۱۵۹۷)

ما في " مشکوة المصابیح " : عن أبي هریرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " الربوا سبعون جزءًا أیسرها أن ینکح الرجلُ أمه " . (ص/۲۴۶)

(امداد الفتاوی:۱۷۰/۳، فتاوی محمودیہ:۴۰۴/۲۴، ط: میرٹھ)

## سودی قرض لینے والے پارٹنر کے ساتھ شرکت

**مسئلہ (۱۵۱):** اگر کسی مسلمان کا دوست غیر مسلم ہو اور وہ اس کے ساتھ شرکت میں یعنی پارٹنر بن کر کوئی جائز کاروبار کرنا چاہتا ہے، لیکن اس غیر مسلم کے پاس رقم نہ ہونے کی وجہ سے وہ بینک سے سودی قرض لاکر لگاتا ہے، تو اس طرح کی شرکت سے احتراز کرنا چاہیے، تاہم! اگر مسلمان اس کے ساتھ مل کر کاروبار کرتا ہے، تو اس کے لیے اپنے حصہ کا منافع درست ہے، کیوں کہ معصیت اصل کاروبار میں واقع نہیں ہوئی، بلکہ غیر مسلم دوست کے سودی قرض لینے میں

ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وإنما طاب للبائع ما ربح في الثمن لا على الرواية الصحيحة المقابلة للأصح ، بل على الأصح أيضًا ، لأن الثمن في العقد الثاني غير متعين ........ وفي حظر الأشباه : الحرمة تتعدّ مع العلم بها .

(۷/۲۲۰ – ۲۲۳ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، مطلب في تعيين الدراهم في العقد الفاسد ، ط ؛ ديوبند ، البحر الرائق : ۶/۱۶۱ ، كتاب البيع ، باب البيع الفاسد ، فصل في بيان أحكام البيع الفاسد)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : والبيوع الفاسدة فكلها من الربا فيجب ردّ عين الربا لو قائمًا . (۷/۳۰۲ ، كتاب البيوع ، الباب السادس ، باب الربا ، البحر الرائق : ۶/۲۰۸ ، باب البيع الفاسد، باب الربا) (محمود الفتاویٰ: ۲/۴۲۱)

## ٹھیکیداروں کو رشوت دینا

**مسئلہ(۱۳۵):** بہت سے لوگ گورنمنٹ کے کام میں گُتّہ داری (ٹھیکیداری) کا کام کرتے ہیں، لیکن اُنہیں ان کاموں میں بڑی دشواریاں ہوتی ہیں، کہ ان کاموں کو لینے کے لیے آفیسروں کو رشوت دینی پڑتی ہے، ٹھیکہ داری کا کام تو اصلاً جائز ہے، لیکن اسے حاصل کرنے کے لیے افسروں کو رشوت دینا اور اُن کا اِس رشوت کو لینا، دونوں حرام ہے، کیوں کہ شریعت نے رشوت لینے دینے کو حرام قرار دیا ہے، تاہم رشوت لینے اور دینے میں یہ فرق ہے کہ رشوت لینے والا تو بہر صورت گنہگار ہے، البتہ رشوت دینے والا اُس وقت گنہگار ہوتا ہے جب

ناحق کو حاصل کرنے ، یا کسی حقدار کو محروم کرنے کی غرض سے رشوت دے، تو ضرورتاً اس کی گنجائش ہے، لہٰذا جو مسلمان ٹھیکیدار رشوت دینے پر مجبور ہوں، اُن کے لیے اِس طرح کے معاملہ کی گنجائش ہے، اوران کی آمدنی حلال ہے، اور وہ اپنی اس آمدنی سے حج وعمرہ اورصدقہ وخیرات بھی کرسکتے ہیں، البتہ مسلم وغیر مسلم ہرایک کا یہ فریضہ ہے کہ وہ کرپشن کے آگے سرنِگوں ہوجانے کی بجائے، اس کی مزاحمت کرے، اورسرکاری نظام میں ایمانداری وشفافیت لانے کی کوشش کرے، کیوں کہ کرپشن پورے ملک کو نقصان پہنچانے اور اجتماعی اَملاک کو لوٹنے کے مترادف ہے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن عمرو قال : " لعن رسول الله ﷺ الراشي والمرتشي " . (ص/۵۰۴ ، كتاب القضاء ، باب في كراهية الرشوة ، رقم الحديث :۳۵۸۰ ، جامع الترمذي : ۱/۲۴۸ ، أبواب الأحكام ، باب ما جاء في الراشي والمرتشي في الحكم ، رقم الحديث : ۱۳۳۶)

ما في " بذل المجهود " : فإذا أعطى ليتوصل به إلى حق أو يدفع عن نفسه ظلمًا فإنه غير داخل في هذا الوعيد . (۳۰۶/۱۱)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ولا خلاف في تحريم الرشا على الأحكام وأنها من السحت الذي حرمه الله في كتابه ......... ووجه آخر من الرشوة وهو الذي يرشو السلطان لدفع ظلمه عنه ، فهذه الرشوة محرمة على آخذها غير محظورة على معطيها ، وروى عن جابر بن زيد والشعبي قالا : لا بأس بأن يصانع الرجل عن نفسه وماله إذا خاف الظلم ، وعن عطاء وإبراهيم مثله. (۵۴۱/۲ ، سورة المائدة ، باب

الرشوة)

ما في " الفتاوى الشامية " : وفي الفتح : ثم الرشوة أربعة أقسام : ...... الرابع : ما يدفع لدفع الخوف من المدفوع إليه على نفسه أو ماله ، حلال للدافع حرام على الآخذ ، لأن دفع الضرر عن المسلم واجب . (۳۳/۸ ، كتاب القضاء ، مطلب في الكلام على الرشوة والهدية ، ط : ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ويحرم طلب الرشوة وبذلها وقبولها كما يحرم عمل الوسيط بين الراشي والمرتشي ، غير أنه يجوز للإنسان عند الجمهور أن يدفع رشوة للحصول على حق ، أو لدفع ظلم أو ضرر ، ويكون الإثم على المرتشي دون الراشي . (۲۲۲/۲۲ ، رشوة ، أحكام الرشوة)

## مکان ودکان کی خرید وفروخت کی ایک صورت

**مسئلہ** (۱۵۵): آج کل مکان ودکان کی خرید وفروخت کی یہ صورت عام ہے کہ مالکِ مکان یا دکان کسی شخص کو اپنا مکان یا دکان اُدھار قیمت پر بیچتا ہے، اور یہ شرط لگاتا ہے کہ جب تک پوری رقم ادا نہیں ہوجاتی، مکان یا دکان اسی کے قبضہ میں رہیں گے، اور اس کو استعمال کی مکمل اجازت ہوگی، چاہے تو خود رہے گا یا چاہے تو کرایہ پر دیدے گا، معاملہ کی یہ صورت شرعاً جائز نہیں ہے، کیوں کہ اُدھار خرید وفروخت کی صورت میں بائع یعنی بیچنے والے کو شرعاً اس بات کا حق واختیار نہیں کہ جب تک خریدار پوری قیمت ادا نہیں کرتا، فروخت کردہ چیز اس کے حوالہ نہ کرے، بلکہ اپنے قبضہ ہی میں رکھے[1]، ہاں! البتہ قیمت اُدھار ہونے کی وجہ سے وہ اس فروخت کردہ مکان یا دکان کو اپنے پاس بطورِ رہن یعنی گروی رکھ سکتا ہے[2]، مگر اس صورت میں بھی اسے اس مکان یا دکان کے خود استعمال کرنے یا

کرایہ پر دینے کی اجازت نہیں، کیوں کہ رہن سے نفع اُٹھانا سود ہے، جو شرعاً ناجائز وحرام ہے۔(۳)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " النتف في الفتاوى " : واعلم أن البيع لا ينعقد إلا باجتماع خمسة أشياء ........ والخامس : القبض . (ص/٤٧٥ ، عقد البيع ، انعقاد البيع)

ما في " الهداية " : وكل شرط لا يقتضيه العقد وفيه منفعة لأحد المتعاقدين أو للمعقود عليه ، وهو من أهل الاستحقاق يفسده كشرط أن لا يبيع المشتري العبد المبيع ، لأن فيه زيادة عارية عن العوض فيؤدي إلى الربوا ، أو لأنه يقع بسببه المنازعة فيعرى العقد عن مقصوده . (٤٣/٣ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

ما في " الشامية " : قوله : (مثال لما فيه نفع للبائع) ومنه ما لو شرط البائع أن يهبه المشتري شيئًا أو يقرضه أو يسكن الدار شهرًا ، أو أن يدفع المشتري الثمن إلى غريم البائع ، لسقوط مؤنة القضاء عنه ، ولأن الناس يتفاوتون في الاستيفاء ، فمنهم من يسامح ومنهم من يماكس ، أو على أن يضمن المشتري عنه ألفا لغريمه . (٢٠٨/٧ ، باب البيع الفاسد ، مطلب : في الشرط الفاسد إذا ذكر بعد العقد أو قبله)

ما في " الهداية " : وكذلك لو باع عبدًا على أن يستخدمه البائع شهرًا أو دارًا على أن يسكنها أو على أن يقرضه المشتري درهمًا ، أو على أن يهدي له هدية لأنه شرط لا يقتضيه العقد وفيه منفعة لأحد المتعاقدين ، ولأنه نهى عن بيع وسلف ، ولأنه لو كان الخدمة والسكنى يقابلها شيء من الثمن يكون إجارة في البيع ولو كان لا يقابلها يكون إعارة في بيع ، وقد نهى النبي ﷺ عن صفقتين في صفقة ، ومن باع عينًا على أن لا يسلمه إلى رأس الشهر فالبيع فاسدٌ ، لأن الأجل في المبيع العين باطل فيكون شرطًا فاسدًا . (٤٤/٣ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

(٢) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : فيصح البيع بشرط يقتضيه العقد كشرط

الـمـلـک لـلـمشـتـري وشـرط حبـس الـمبيع لاستيفاء الثمن . (۲۰۹/۷ ، باب البيع الفاسد ، مطلب في الشرط الفاسد إذا ذكر بعد العقد أو قبله)

(۳) مـا فـي " بـداية المجتهد " : والجمهور على أن ليس للمرتهن أن تنتفع بشيء من الرهن . (۷۰/۴، كتاب الرهون)

مـا فـي " التـنوير وشرحه مع الشامية " : لا انتفاع به مطلقًا لا باستخدام ولا سكنى ولا لبس ولا إجارة ولا إعارة ..... وقيل لا يحل للمرتهن لأنه ربا . التنوير مع الدر . وفي الشـامية : قـال ابـن عـابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وقيل لا يحل للمرتهن) قـال فـي المنح : وعن عبد الله بن أسلم السمرقندي وكان من كبار علماء سمرقند أنه لا يـحل له أن ينتفع بشيء منه بوجه من الوجوه وإن أذن له الراهن ، لأنه أذن له في الربا ، لأنه يستوفي دينه كاملا فتبقى له المنفعة فضلا فيكون ربا وهذا أمر عظيم . (۸۲/۱۰ ، ۸۳ ، كتاب الرهن ، ط : بيروت) (فتاویٰ دار العلوم، رقم الفتویٰ: ۴۲۲۳۷)

## ہاؤس ریکوزیشن (House Requisition)

**مسئلہ** (۱۶۴): بعض سرکاری ادارے اپنے ملازمین کو ہاؤس ریکوزیشن (House Requisition)، یعنی فراہمیٔ مکان کے نام سے ماہوار رقم دیتے ہیں، تاکہ وہ اپنے لیے اپنی پسند کا مکان لے کر اپنی فیملی کو ساتھ رکھ سکیں، یہ رقم کافی زیادہ ہوتی ہے، سرکاری ادارہ یہ رقم ملازم کو نہیں دیتا، بلکہ مالکِ مکان کے بینک اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کر دیتا ہے، اور ملازم کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوتا، ملازم مالکِ مکان سے ڈیل کرتا ہے کہ آپ کے مکان کا عام حالات میں جو کرایہ بنتا ہے، اتنا آپ رکھ لیں گے، اور بقیہ مجھے واپس کر دیں گے، مثلاً سرکاری ادارہ کو مکان کا کرایہ 17,000 بتایا جاتا ہے، جب کہ اس کا کرایہ صرف

10,000 ہوتا ہے، سرکاری ادارہ پورے 17,000 مالکِ مکان کے بینک اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کردیتا ہے، اب مالکِ مکان اس میں سے 10,000 رکھ لیتا ہے، اور بقیہ 7,000 روپئے ملازم کو دے دیتا ہے، ملازم کا مالکِ مکان کے ساتھ یہ ساز باز کرنا، خلافِ قانون طریقہ اختیار کرنا، اور سرکاری ادارہ سے چھپا کر اس طرح لین دین کرنا شریعتِ مطہرہ کی نظر میں جائز نہیں ہے۔ (۱)

ہاں! البتہ اگر سرکاری ادارہ فراہمیٔ مکان کے لیے اپنے ملازم کو ہی ایک متعین رقم دیدے، اور یہ کہے کہ آپ کو اختیار ہے، چاہو تو اتنی رقم کے بقدر کرایہ کا مکان لو، یا اس سے زیادہ، یا اس سے کم، یا لو ہی مت، ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں، تو اس صورت میں یہ رقم ملازم کی ملک ہے، اب اس میں وہ جو تصرف چاہے کرسکتا ہے۔ (۲)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل إلا أن تكون تجارة عن تراض منكم﴾ . (سورة النساء : ۲۹)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال : قال النبي ﷺ : " ألا لا تظلموا ، ألا لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " . رواه البيهقي في شعب الإيمان والدار قطني في المجتبى . (ص/۲۵۵ ، كتاب البيوع ، باب الغصب والعارية ، الفصل الثاني)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن أبي هريرة – رضي الله تعالى عنه – أن رسول الله ﷺ قال : "من حمل علينا السلاح فليس منا ، ومن غشّنا فليس منا " . (۱/۷۰ ،

كتاب الإيمان ، باب قول النبي ﷺ من غشنا فليس منا ، جامع الترمذي : ۱/۲۴۵ ، باب ما جاء في كراهية الغش في البيوع)

(۲) ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز " : كل يتصرف في ملكه كيف شاء .

(ص/۶۵۴ ، رقم المادة : ۱۱۹۲)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۴۳۸۸۶)

## کمی بیشی کے ساتھ چیک یا بل کی خرید وفروخت

**مسئلہ**(۱۷۲): آج کل گنے کی کٹائی ہورہی ہے، جب کاشتکار مِل کو گنا دیتا ہے، تو مِل اس کا وزن کر کے کاشتکار کو ایک رسید دیتی ہے، جسے CPR کہا جاتا ہے، اس رسید پر گنے کی قیمت درج ہوتی ہے، یہ ایک قسم کا چیک یا بل ہوتا ہے، جسے دکھا کر مِل یا بینک سے رقم وصول کی جاسکتی ہے، جب مِل یہ رقم وقت پر ادا نہیں کرتی، اور کاشتکار کو فوری رقم کی ضرورت ہوتی ہے، تو اس CPR رسید کی خرید وفروخت کی جاتی ہے، رسید خریدنے والا کاشتکار کی مجبوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، مِل کو دیئے گئے گنے کے فی مَن ریٹ میں 5 سے 12 روپئے کی کٹوتی کر کے خریدتا ہے، مثلاً کاشتکار نے مِل کو 100 مَن گنا 170 روپئے فی مَن کے حساب سے دیا، تو CPR پر 17,000 قیمت درج ہوتی ہے، جسے خریدار 16,500 میں خریدتا ہے، کمی بیشی کے ساتھ چیک یا بل کی یہ خرید وفروخت شرعاً جائز نہیں ہے، خریدنے والا اور بیچنے والا دونوں گناہگار ہیں، کیوں کہ خریدنے والا سود لینے اور بیچنے والا سود دینے کا مرتکب ہوا، البتہ اس کے جواز کی یہ صورت ہوسکتی ہے کہ کاشتکار CPR میں درج قیمت کے بقدر کسی سے

قرض لے لے، اور پھر اُسے یہ CPR رسید دیکر اپنے قرض کی وصولی کا وکیل بنادے، اور اس بات کا بھی کہ وہ یہ قرض وصول کرکے اپنے قرض میں منہا کرلے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أحلّ الله البيع وحرّم الربوٰا﴾ . (سورة البقرة :۲۷۵)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن جابر قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربوا وموكله وكاتبه وشاهديه ، وقال : هم سواء " . (۲/۲۷ ، كتاب المساقات والمزارعة ، باب لعن آكل الربا وموكله)

ما في " موسوعة فتح الملهم " : قوله : (وموكله) يعني : الذي يؤدي الربا إلى غيره ، فإثم عقد الربا والتعامل به سواء في كل من الآخذ والمعطي ، ثم أخذ الربا أشدّ من الإعطاء لما فيه من التمتع بالحرام . (۷/۵۷۴ ، تحت رقم الحديث :۴۰۶۸)

ما في " صحيح البخاري " : عن عون بن أبي جحيفة قال : رأيتُ أبي اشترى عبدًا حجامًا فأمر بمحاجمه فكُسرتْ فسألته ، فقال : " نهي النبي ﷺ عن ثمن الكلب وثمن الدم ونهى عن الواشمة والموشومة ، وآكل الربا وموكله ، ولعن المصور " .

(۱/۲۸۰ ، كتاب البيوع ، باب موكل الربا ، رقم الحديث :۲۰۸۶)

ما في " عمدة القاري " : والموكل المطعم والآكل الآخذ ، وإنما سوى في الإثم بينهما وإن كان أحدهما رابحًا والآخر خاسرًا ، لأنهما في فعل الحرام شريكان متعاونان . (۲۱/۱۴، كتاب العدة ، باب مهر البغي والنكاح الفاسد ، تحت رقم الحديث :۵۳۴۷)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والحوالة في الاصطلاح : نقل الدين من ذمة إلى ذمة ، فمتى تم الإيجاب والقبول تحميلا وتحملا لأداء الدين من المحتمل إلى الدائن بين اثنين من الثلاثة الأطراف المعينة ، الدائن والمدين والملتزم بالأداء مع الاستيفاء

لسائر الشرائط التي ستأتي ، فقد تم هذا النقل من الوجهة الشرعية .

(۱۸/ ۱۶۹ ، حوالة)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (الحوالة) هي لغة النقل ، وشرعًا : نقل الدين من ذمة المحيل إلى ذمة المحتال عليه . (۸/ ۵ ، كتاب الحوالة)

(فتاویٰ دارالعلوم، رقم الفتویٰ: ۴۳۵۴۱)

## بینک سے لون لے کر کار خریدنا

**مسئلہ(۱۷۵):** بعض لوگ بینک سے سودی قرض لے کر کار خریدتے ہیں، اُن کا یہ عمل جائز نہیں ہے، کیوں کہ سود لینا اور دینا دونوں بھی شرعاً حرام ہیں[1]، البتہ اگر بینک سے کار کی خریدی اس طور پر ہو کہ بینک اپنے نام پر کار خریدے، اُس پر اپنا قبضہ ثابت کرے، جتنا سود لینا ہو، اس کو اصل قیمت میں شامل کرلے، اور پھر کار کے طالب شخص کو قسطوں پر فروخت کردے[2]، اور کسی قسط کے مؤخر ہونے پر سود نہ لے، تو یہ صورت شرعاً درست ہوگی، کیوں کہ اب یہ بیعِ مرابحہ میں داخل ہوگی۔

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أحلّ الله البيع وحرّم الربوا﴾ . (سورة البقرة :۲۷۵)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن جابر قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربوا وموكله وكاتبه وشاهديه ، وقال : هم سواء " . (۲/ ۲۷ ، كتاب المساقاة والمزارعة ، باب لعن آكل الربا وموكله، رقم الحديث :۱۵۹۸)

ما في " صحيح البخاري " : عن عون بن أبي جحيفة قال : رأيت أبي اشترى عبدًا حجامًا فأمر بمحاجمه فكُسرت فسألته فقال : نهي النبي ﷺ عن ثمن الكلب وثمن

الدم ونهى عن الواشمة و الموشومة وآكل الربا وموكله" . (۱/۲۸۰ ، كتاب البيوع ، باب موكل الربا ، رقم الحديث :۲۰۸٦)

ما في " عمدة القاري " : والموكل المطعم والآكل الآخذ ، وإنما سوى في الإثم بينهما وإن كان أحدهما رابحًا والآخر خاسرًا ، لأنهما في فعل الحرام شريكان متعاونان . (۱۴/۲۱، كتاب العدة ، باب مهر البغي والنكاح الفاسد ، تحت رقم الحديث :۵۳۴۷)

(۲) ما في " بيع التقسيط وأحكامه " : اتفق العلماء على وجوب العلم بالأجل في كل عقد يوجد فيه كالسلم والبيع بثمن مؤجل ، ومنه بيع التقسيط ، فلا بدّ في بيع التقسيط من بيان عدد الأقساط ، ووقت أداء كل قسط ، ومدة التقسيط كاملة ، يحدد هذا تحديدًا منضبطاً لا يحصل معه نزاع بين الطرفين ، كأن يتفقا على أن يكون أداء الأقساط أول كل شهر ، أو أول كل سنة . (ص/۱۸۱ ، المبحث الثالث ، الشروط المتعلقة بالأجل ، المطلب الأول ، الشرط الأول)

ما في " بدائع الصنائع " : أما تفسيره فقد ذكرنا وهو أن يكون الثمن الأول معلومًا للمشتري الثاني لأن المرابحة بيع الثمن الأول مع زيادة ربح ، والعلم بالثمن الأول شرط صحة البياعات كلها . (۷/۱۷۳- ۲۷۴ ، رد المحتار مع الدر :۷/۳۴۹ ، ۳۵۰) (فتاویٰ دار العلوم، رقم الفتویٰ: ۲۴۲۶۱)

## سودی اداروں کو اپنی جگہ کرایہ پر دینا

**مسئلہ** (۱۷۷): جس طرح خود سود لینا، یا شدید ضرورت کے بغیر سود دینا حرام ہے، اسی طرح سودی معاملات میں تعاون کرنا بھی جائز نہیں ہے، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے اُن تمام لوگوں پر لعنت فرمائی ہے، جو سودی کاروبار کو لکھنے اور اس پر گواہ بنے، یا اس میں واسطہ بننے کے اعتبار سے معاون ہوں [1]، اس لیے

سودی قرض فراہم کرنے والے اداروں یا افراد کو اپنی دکانوں یا کامپلیکس میں کرایہ پر جگہ فراہم کرنا، سودی معاملہ میں تعاون کرنا ہے، جو جائز نہیں ہے۔(۲)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الصحيح لمسلم " : عن جابر قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه ، وقال : هم سواء " . (۲/۲۷ ، كتاب المساقاة والمزارعة ، باب لعن آكل الربا وموكله، رقم الحديث :۱۵۹۸ ، جامع الترمذي : ۱/۲۲۹ ، أبواب البيوع ، باب ما جاء في آكل الربوا ، رقم الحديث :۱۲۰۶)

ما في " المنهاج شرح مسلم بن الحجاج " : هذا تصريح بتحريم كتابة المبايعة بين المترابيين والشهادة عليهما ، وفيه تحريم الإعانة على الباطل . والله اعلم .
(۲/۱۰۷، رقم الحديث :۱۵۹۸)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (المائدة : ۲)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وقوله تعالى : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . نهى عن معاونة غيرنا على معاصي الله تعالى .
(۲/۳۸۱ ، مطلب كل ما أباحه الله تعالى للمؤمنين الخ)

# کتاب الاجارۃ

## اسٹار کنیکشن (Star Conection) بزنس

**مسئلہ**(۷۸): آج کل اسٹار ٹی وی (STAR TV) کا چلن عام ہو چکا ہے، بعض لوگ اسٹار کنیکشن کا بزنس کررہے ہیں اور پندرہ بیس ہزار روپے ماہانہ کمارہے ہیں، اسی طرح بعض لوگ کلر ٹی وی، وی سی آر، اور فلمی کیسٹیں کرایہ

پردے کر اچھی خاصی کمائی کررہے ہیں، جب کہ یہ دونوں کاروبار اور اُن کی آمدنی شرعاً جائز نہیں ہے، کیوں کہ یہ لوگوں کو برائی کی طرف دعوت دینے اور بے شرمی کی تبلیغ واشاعت کرنے کے مترادف ہے، جو سخت گناہ ہے، شریعتِ اسلامیہ نے مسلمانوں کو حلال وغیر مشتبہ ذریعۂ آمدنی اختیار کرنے کا حکم دیا ہے، اس لیے اس سے پرہیز ضروری ہے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يايها الرسل كلوا من الطيبٰت واعملوا صالحًا﴾ .

(سورة المؤمنون : ۵۱)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : سوى الله تعالى بين النبيين والمؤمنين في الخطاب بوجوب أكل الحلال وتجنب الحرام . (۱۲/۱۲۸)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن عبد الله رضي الله قال : قال رسول الله ﷺ : " طلب كسب الحلال فريضة بعد الفريضة " . رواه البيهقي في شعب الإيمان . (ص/۲۴۲ ، كتاب البيوع ، باب الكسب وطلب الحلال ، الفصل الثالث ، رقم الحديث : ۲۷۸۱)

ما في " المبسوط للسرخسي " : ولا تجوز الإجارة على شيء من الغناء والنوح والمزامير والطبل وشيء من اللهو لأنه معصية ، والاستئجار على المعاصي باطل .

(۱۶/۴۲ ، باب الإجارة الفاسدة)

ما في " البحر الرائق " : ولا يجوز الإجارة على شيء من الغناء واللهو والنوح والمزامير والطبل ولا على الحداء وقراءة الشعر ولا غيره ولا أجر في ذلك .

(۸/۳۶ ، باب الإجارة الفاسدة)

ما في " الفتاوى الولوالجية " : ولا يجوز الاستئجار على شيء من الغناء والنوح

والمزامير والطبل ولا شيء من اللهو ولا أجر في ذلك ، لأنها معصية ، والإجارة على المعصية باطلة . (۳/۳۳۳ ، الفصل الأول فيما تجوز الإجارة وفيما لا تجوز الخ ، كذا في الهندية : ۴/۴۴۹ ، الفصل الرابع في فساد الإجارة)

## مکان خالی کرنے کے عوض مالک سے رقم کا مطالبہ

**مسئلہ** (۱۰۸): بسا اوقات کوئی شخص کسی سے اس کا مکان یا دکان کرایہ پر لیتا ہے، جس میں مدتِ کرایہ داری بھی باہمی رضامندی سے طے ہوتی ہے، مثلاً معاملہ کرتے وقت یہ طے پاتا ہے کہ کرایہ داری کا یہ معاملہ صرف پانچ سال تک کے لیے ہے، اور اس کے بعد مالک کو اپنے مکان یا دکان کے خالی کرانے کا اختیار حاصل ہوگا، تو کرایہ دار پر اس معاہدہ کا پاس ولحاظ رکھنا واجب ہے، کیوں کہ معاہدہ شکنی گناہِ کبیرہ ہے، مگر عامۃً یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ کرایہ دار اس معاہدہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے وقت پر مکان یا دکان خالی نہیں کرتا، شرعاً اس کا یہ عمل گناہِ کبیرہ کا ارتکاب ہے (۱)، یا خالی کرنے پر راضی تو ہوتا ہے مگر خالی کرنے کے عوض مالک سے کسی رقم کا مطالبہ کرتا ہے اور مالک مجبوری میں اسے یہ رقم دے بھی دیتا ہے، کرایہ دار کے لیے اس رقم کا وصول کرنا حلال نہیں ہے (۲)، بلکہ مردار اور خنزیر کی طرح قطعی حرام ہے، جو شخص خدا، رسول اور آخرت کی جزا وسزا پر ایمان رکھتا ہو وہ ایسی حرام خوری کا ارتکاب نہیں کرسکتا، لہٰذا اس سے بچنے کی سخت ضرورت ہے (۳)، ہاں! اگر کرایہ دار نے کرایہ داری کا معاملہ کرتے وقت مالکِ مکان یا دکان کو پگڑی کی رقم دی تھی، تو جتنی رقم دی تھی اتنی رقم کا لینا جائز ہے (۴)،

اس سے زائد لینا درست نہیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسئولا﴾ .

(سورة الإسراء : ۳۴)

ما في " تفسير المظهري " : أي مطلوبًا يطلب من العاهد أن لا يضيعه ويفيء به أو مسئولا عنه فيسئل عن الناكث ويعاتب عليه . (۲۸٦/۵)

ما في " روح المعاني " : وقد جاء عن علي كرم الله وجهه أنه عدّ من الكبائر نكث الصفقة ، أي الغدر بالمعاهد ، بل صرح شيخ الإسلام العلائي بأنه جاء في الحديث عن النبي ﷺ أنه سماه كبيرة ، وقال بعض المحققين : إن في إطلاق كون الإخلال المذكور كبيرة نظرًا بناء على أن العهد هو التكليفات الشرعية . (۱۰۲/۹)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ .

(سورة البقرة : ۱۸۸)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : من أخذ مال غيره لا على وجه اذن الشرع فقد أكله بالباطل . (۳۳۸/۲)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرة الرقاشي عن عمه قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا تظلموا، ألا لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " .

(ص/۲۵۵ ، باب الغصب والعارية ، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۲۹۴۶)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : عن جابر قال : قال رسول الله ﷺ : " لا يدخل الجنة لحم نبت من السحت وكل لحم نبت من السحت كانت النار أولى به " . رواه أحمد والدارمي والبيهقي في شعب الإيمان . (ص/۲۴۲ ، كتاب البيوع ، باب الكسب وطلب الحلال ، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۲۷۷۲)

(۴) ما في " رد المحتار " : وممن أفتى بلزوم الخلو الذي يكون بمقالة دراهم يدفعها للمتولي أو المالك العلامة المحقق عبد الرحمن آفندي العمادي صاحب هدية ابن

العمادة ، وقال : فلا يملك صاحب الحانوت إخراجه ولا إجارتها لغيره ما لم يدفع له المبلغ المرقوم ، فيفتي بجواز ذلک للضرورة قياسًا على بيع الوفاء الذي تعارفه المتأخرون احتيالا على الربا الخ . (۳۰/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب في الكَدَک)

(فتاویٰ رحیمیہ:۹/۲۷۴-۲۸۷،آپ کے مسائل اوران کاحل:۷/۱۶۸،جدید)

## شوروم میں مجسمے کھڑے کرنا

**مسئلہ(۱۵۰):** بعض مسلم کپڑا فروش حضرات اپنے گاہکوں کو لُبھانے کے لیے شوروم میں مجسموں کو سنوار کر رکھتے ہیں، گاہکوں کو راغب کرنے کے لیے یہ طریقہ اختیار کرنا شرعاً جائز نہیں ہے، کیوں کہ شرعِ اسلامی میں مجسمہ سازی، اس کی خرید وفروخت اور اُسے اپنے مکان اور دکان میں رکھنے کی ممانعت ہے[۱]، گاہکوں کو راغب کرنے کے لیے شریعت نے صداقت ودیانت کے ساتھ تجارت کرنے کا حکم فرمایا ہے[۲]، اگر اسے اپنایا جائے تو گاہک خود بخود چل کر آئیں گے، اور اِس غیر شرعی طریقے کو اختیار کرنے کی ضرورت باقی نہ رہے گی، تاہم! تاجر نے اس غیر شرعی طریقہ پر تشہیر وآرائش کو اپنا کر جو مال فروخت کیا اور اس پر نفع کمایا، وہ حلال ہے، کیوں کہ اس تجارت میں دیگر کوئی خلافِ شرع بات نہیں ہوئی، بلکہ معصیت طریقۂ تشہیر میں واقع ہوئی۔

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن مسلم قال : كنا مع مسروق في دار يسار بن نُمير فرآى في صفته تماثيل ، فقال : سمعتُ عبد الله قال : سمعتُ النبي صلى الله عليه وسلم يقول : " إنّ أشدّ الناس عذابًا عند الله يوم القيامة المصوّرون " . (۸۸۰/۲ ، كتاب اللباس ،

باب عذاب المصورين يوم القيامة ، رقم الحديث : ٥٩٥٠)

وفيه أيضًا : عن أبي طلحة رضي الله عنهم قال : قال النبي ﷺ : " لا تدخل الملائكة بيتًا فيه كلبٌ ولا تصاويرُ " .

(٨٨٠/٢ ، كتاب اللباس ، باب التصاوير ، رقم الحديث : ٥٩٤٩)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال أصحابنا وغيرهم من العلماء : تصوير صورة الحيوان حرامٌ شديد التحريم ، وهو من الكبائر ، لأنه متوعدًا عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور في الأحاديث ، سواءٌ صنعه في ثوب أو بساط أو درهم أو دينار أو غير ذلك. (٣٢٣/٨ ، كتاب اللباس ، باب التصاوير ، الفصل الأول)

ما في " الفتاوى الشامية " : وظاهر كلام النووي في شرح مسلم : الإجماع على تحريم تصوير الحيوان وقال : سواء صنعه لما يمتهن أو لغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى . (٣٦٠/٢ ، كتاب الصلاة ، باب مكروهات الصلاة ، الموسوعة الفقهية : ١٠٣/١٢)

(٢) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي سعيد قال : قال رسول الله ﷺ : " التاجر الصدوق الأمين مع النبيين والصديقين والشهداء " . رواه الترمذي والدار قطني . (ص/... ، كتاب البيوع ، باب المساهلة في المعاملات ، رقم الحديث : ٢٧٩٦ ، جامع الترمذي : ١/.... ، كتاب البيوع ، باب ما جاء في التجار وتسمية النبي ﷺ إياهم ، رقم الحديث : ١٢٠٩ ) (كتاب الفتاوىٰ:٢٦٦/٥)

# کتاب الہبۃ

## حادثہ کی صورت میں حکومت کی طرف سے عطیہ

**مسئلہ(۱۰۲):** بسا اوقات، بس، ٹرین وغیرہ، کسی حادثہ کا شکار ہو جاتی ہے، تو حکومتِ وقت ہلاک ہونے والے افراد کے لواحقین کو کچھ رقم دیتی ہے، یہ رقم چوں کہ حکومت کی طرف سے عطیہ ہوتی ہے، ہلاک شدہ کی ملکیت نہیں ہوتی، اس لیے اس میں وراثت کی تقسیم جاری نہیں ہوگی[1]، بلکہ حکومت، متأثرہ خاندان کے جس فرد کو بھی یہ رقم دے گی، وہی اُس کا مالک ہوگا۔[2]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حاشية السراجي في الميراث " : التركة واصطلاحه : ما بقي بعد الميت من ماله صافيًا عن تعلق حق الغير بعينه . (ص/۳، مقدمه، رد المحتار : ۱۰/۴۹۳، كتاب الفرائض ، بيروت)

(۲) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وتتم الهبة بالقبض الكامل . (۸/۴۹۳، كتاب الهبة ، البحر الرائق : ۷/۲۸۴ ، كتاب الهبة ، تبيين الحقائق : ۷/۴۷۱)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتوی:۳۴۷۴)

# کتاب اللقطۃ

## سیلاب میں بہہ کر آنے والی چیزیں

**مسئلہ** (۱۰۳): بسا اوقات ندی، نہر اور سیلاب کے پانی میں تعمیراتی لکڑیاں، گھریلو سامان، کرسی اور برتن وغیرہ بہہ آتے ہیں، اس طرح کی چیزوں کی دو قسمیں ہیں: ۱ر معمولی بے قیمت چیزیں، جن کی مالک کو تلاش نہیں ہوا کرتی۔ ۲ر قیمتی چیزیں، جن کی مالک کو تلاش ہوا کرتی ہے۔ پہلی قسم کی چیزیں ملیں تو اُن کی تشہیر اور اعلان کی ضرورت نہیں، اُٹھانے والا اُسے اپنے کام میں لاسکتا ہے، لیکن مالک آکر طلب کرے تو دینا ضروری ہوگا، البتہ دوسری قسم کی چیزوں کی تشہیر اور اعلان ضروری ہے، اور اتنی مدت تک رکھنا بھی ضروری ہے جب تک کہ مالک کے آنے کی امید ہو، اور اگر اس چیز کے بگڑنے کا اندیشہ ہو تو کسی غریب مستحق کو صدقہ کردے، یا اٹھانے والا خود غریب ہو تو وہ بھی اسے استعمال کرسکتا ہے، لیکن اگر مالک آکر، اُٹھانے والے، یا جس غریب کو صدقہ کردیا گیا، اُس سے طلب کرے، تو دینا ضروری ہوگا، اور اگر وہ چیز موجود نہ ہو تو مالک قیمت بھی لے سکتا ہے۔(۲)

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " التنویر وشرحه مع الشامیة " : (حطب وجد في الماء ، إن له قیمة فلقطة ، وإلا فحلال لآخذه) کسائر المباحات الأصلیة . درر . وفي الشامیة : قال ابن عابدین الشامي رحمه الله تعالی : قوله : (إن له قیمة فلقطة) وقیل : إنه کالتفاح الذي یجده في

الماء ، وذكر في شرح الوهبانية ضابطًا ، وهو أن ما لا يسرع إليه الفساد ولا يعتاد رميه كحطب وخشب فهو لقطة إن كانت له قيمة ولو جمعه في أماكن متفرقة في الصحيح ، كما لو وجد جوزة ثم أخرى ، وهكذا حتى بلغ ماله قيمة ، وبخلاف تفاح أو كمثرى في نهر جار فإنه يجوز أخذه وإن كثر لأنه مما يفسد لو ترك . (٦/٤٣٣ ، كتاب اللقطة ، مطلب فيمن وجد حطبا في نهر أو وجد جوزًا أو كمثرى)

ما في " الفتاوى الهندية " : ثم ما يجده الرجل نوعان ؛ نوع يعلم أن صاحبه لا يطلبه كالنوى في مواضع متفرقة وقشور الرمان في مواضع متفرقة ، وفي هذا الوجه له أن يأخذها وينتفع بها إلا أن صاحبها إذا وجدها في يده بعدما جمعها فله أن يأخذها ولا تصير ملكا للآخر ، هكذا ذكر شيخ الإسلام خواهر زاده شمس الأئمة السرخسي رحمهما الله تعالى في شرح كتاب اللقطة ، وهكذا ذكر القدوري في شرحه ، ونوع آخر يعلم أن صاحبه يطلبه كالذهب والفضة وسائر العروض وأشباهها ، وفي هذا الوجه له أن يأخذها ويحفظها ويعرفها حتى يوصلها إلى صاحبها ...... إن كان الملتقط محتاجًا فله أن يصرف اللقطة إلى نفسه بعد التعريف . كذا في المحيط . وإن الملتقط غنيًا لا يصرفها إلى نفسه بل يتصدق على أجنبي أو أبويه أو ولده أو زوجته إذا كانوا فقراء . كذا في الكافي . (٢/٢٩٠ ، ٢٩١ ، كتاب اللقطة ، البحر الرائق : ٥/٢٥٦ ، كتاب اللقطة ، المبسوط للسرخسي : ١١/٣ ، ٤ ، ٨ ، كتاب اللقطة)

(فتاویٰ رحیمیہ: ۹/۱۹۳،۱۹۴)

# کتاب الحظر والاباحۃ

## کمپیوٹر پر دینی تعلیم

**مسئلہ(۷۶):** دین اسلام کی یہ امتیازی خصوصیت ہے کہ یہ دین ہم تک اساتذہ کے ذریعہ پہنچا ہے، اور یہی چیز دینِ اسلام کی حفاظت کی ذمہ دار ہے [۱]،

عبداللہ ابن مبارک رحمہ اللہ نے اسی حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تھا: ”اگر دین میں سند نہ ہوتی تو کوئی بھی شخص اسلام کے متعلق جو چاہتا کہہ دیتا“[۲]، اور علامہ ابن حجر مکی رحمہ اللہ نے اپنے فتاویٰ میں لکھا ہے کہ ”اگر کوئی شخص فقہ کی کتابوں کا مطالعہ کرتا ہے، اس نے کسی استاذ سے علم فقہ حاصل نہیں کیا، اور اپنے مطالعہ کے زور پر فتویٰ دیتا ہے تو اس کے لیے ایسا کرنا جائز نہیں ہے، کیوں کہ وہ عامی جاہل ہے، اسے کچھ معلوم نہیں کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔“[۳]

موجودہ دور میں جہاں معاشرہ کی مذہبی اَقدار کو کم کیا جارہا ہے، وہیں والدین اور اسلامی علوم کے اساتذہ کی عزت واحترام کو بھی گھٹایا جارہا ہے، اسکولوں میں بچوں کو اساتذہ کی بجائے کمپیوٹر سے پڑھانے کا رجحان بڑھ رہا ہے، اور اب یہ رجحان اسلامی علوم میں مُنعکِس ہونا شروع ہوچکا ہے، کہ قرآن کریم حفظ کرنے والوں کے لیے کمپیوٹر پروگرام نکل آئے ہیں، لیکن یہ سب اسی سازش کا حصہ ہے، جسے ابھی ابھی آپ کے گوش گزار کردیا گیا، لہٰذا والدین کو چاہیے کہ وہ اس سازش کا حصہ نہ بنیں، کیوں کہ بچے استاذ کے بغیر محض کمپیوٹر کے ذریعہ کبھی بھی ٹھوس،

معتبر اور مستند علم حاصل نہیں کرسکتے، اسلامی تعلیم اساتذہ سے ہی دلوائیں(۴)،
ہاں! البتہ کمپیوٹر پر مطالعہ وتحقیق کا کام کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔(۵)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عبد الله بن عمرو رضي الله عنه أن رسول الله ﷺ مر بمجلسين في مسجده فقال : " كلاهما على خير وأحدهما أفضل من صاحبه، أما هؤلاء فيدعون الله ويرغبون إليه ، فإن شاء أعطاهم وإن شاء منعهم ، وأما هؤلاء فيتعلمون الفقه أو العلم ويعلمون الجاهل فهم أفضل ، وإنما بعثت معلمًا ، ثم جلس فيهم " . (ص/٣٦ ، كتاب العلم ، الفصل الثالث ، رقم الحديث : ٢٥٧ ، سنن ابن ماجه : ص/٢١ ، مقدمة ، قبيل باب من بلغ علمًا ، رقم الحديث : ٢٢٩)

ما في " الإسناد من الدين " : ومن أهم هذه الخصائص للأمة المحمدية خصيصةُ (الإسناد) في تبليغ الشريعة المطهرة وعلومها من السلف إلى الخلف . (ص/١١ ، مصنفه للشيخ عبد الفتاح أبو غده ، مكتب المطبوعات الإسلامية بحلب)

(٢) ما في " الصحيح لمسلم " : عن عبدان بن عثمان يقول : سمعت عبد الله بن مبارک يقول : "الإسناد من الدين ولولا الاسناد لقال من شاء ما شاء " .

(١/١٢ ، باب بيان أن الإسناد من الدين الخ)

(٣) ما في " شرح عقود رسم المفتي " : وقد رأيت في فتاوى العلامة ابن حجر : سئل في شخص يقرأ ويطالع في الكتب الفقهية بنفسه ولم يكن له شيخ ويفتي ويعتمد على مطالعته في الكتب فهل يجوز له ذلک ، أم لا ؟ فأجاب بقوله : لا يجوز له الإفتاء بوجه من الوجوه ، لأنه عامي جاهل ، لا يدري ما يقول ؟ (ص/٧٥ ، من يفتي بمطالعة الكتب بغير التمرّن على شيخ)

(٤) ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرمًا ، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبًا .

(ص/۴٦ ، المطلب الثامن صلة المقاصد بالذرائع سدًا و فتحًا)

ما في " بدائع الصنائع " : الوسيلة إلى الحرام حرام . (۱/۲٦۸)

(۵) ما في " القواعد الفقهية " : الأصل أن تزول الأحكام بزوال عللها . (١٤٦)

ما في " قواعد الفقه " : الأصل في الأشياء الإباحة . (ص/۵۹)

## کمپیوٹر پر بیک گراؤنڈ میں حمد ونعت سننا

**مسئلہ** (۴): کمپیوٹر پر کام کرنے کے دوران، جب کہ آدمی خاموشی سے کام کررہا ہوتا ہے، بیک گراؤنڈ میں حمد باری تعالیٰ اور نعت پاک ﷺ لگانا جائز اور درست ہے، مگر یہ بات بھی یاد رہنی چاہیے کہ ملازم ہونے کی صورت میں اس سے مفوضہ کام میں کسی قسم کی کوتاہی نہ ہوتی ہو، ورنہ یہ درست نہیں ہوگا۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ويل للمطففين ، الذين إذا اكتالوا على الناس يستوفون ، وإذا كالوهم أو وزنوهم يخسرون﴾ . (سورة التطفيف : ۱ – ۳)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : قال علماء الدين : التطفيف في كل شيء في الصلوة والوضوء والكيل والميزان . (۱۹۰۸/۴)

ما في " المؤطا للإمام مالک " : عن يحي بن سعيد أن عمر بن الخطاب انصرف من صلاة العصر فلقي رجلاً لم يشهد العصر ، فقال عمر : " ما حبسک عن صلاة العصر ؟ " فذكر له الرجل عذرًا ، فقال عمر : " طفّفتَ " ، قال يحي : قال مالک : ويقال لكل شيء وفاء وتطفيف " . (ص/۴ ، كتاب وقوف الصلاة ، باب جامع الوقوف)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو جس نے نماز میں رکوع وسجود کو جلدی جلدی ادا کیا فرمایا:" لقد طففت"، تو نے اللہ کے حق میں تطفیف کردی۔ فاروقِ اعظم کے اس قول کو نقل کرکے حضرت امام مالک نے فرمایا: "لكل شيء وفاء وتطفيف "یعنی پورا حق دینا یا کم کرنا ہر چیز میں ہے۔ امام مالک کے اس

قول کو بنیاد بنا کر حضرت مولانا مفتی شفیع صاحب فرماتے ہیں: ''اسی طرح حقوق العباد میں جو شخص مقررہ حق سے کم کرتا ہے وہ بھی تطفیف کے حکم میں ہے، مزدور، ملازم نے جتنے وقت کی خدمت کا معاہدہ کیا ہے اس میں سے وقت چرانا، کم کرنا بھی اس میں داخل ہے، وقت کے اندر جس طرح محنت سے کام کرنے کا عرف میں معمول ہے اس میں سستی کرنا بھی تطفیف ہے، اس میں عام لوگوں میں یہاں تک کہ اہلِ علم میں بھی غفلت پائی جاتی ہے، اپنی ملازمت کے فرائض میں کمی کرنے کو کوئی گناہ ہی نہیں سمجھتا، اعاذنا اللہ منہ''۔

(معارف القرآن: ۸/۶۹۴)

## الٹے ہاتھ سے لکھنا

**مسئلہ** (۵): اچھا یہ ہے کہ آدمی سیدھے ہاتھ سے لکھے، مگر کچھ لوگ کوشش کے باوجود اس میں کامیاب نہیں ہوتے، ان کا سیدھا ہاتھ لکھنے میں کام نہیں کرتا، اس پر دوسرے لوگ اسے یہ کہتے ہیں کہ آپ اُلٹے ہاتھ سے اللہ، رسول، حضرات صحابہ اور بزرگ ہستیوں کے نام لکھتے ہو، یہ گناہ ہے، ان کا یہ قول صحیح نہیں ہے، کیوں کہ سیدھے ہاتھ سے لکھنے میں معذوری ہو تو اُلٹے ہاتھ سے لکھنا مجبوری ہے، اور مجبوری کی صورت میں اُلٹے ہاتھ سے لکھنے میں کوئی گناہ نہیں ہے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " قواعد الفقه " : قال السيد : العذر ما يتعذر عليه المعنى على موجب الشرع إلا يتحمل ضرر زائد. (ص/۳۷۵ ، التعريفات الفقهية ، العذر ، معجم المصطلحات والألفاظ الفقهية : ۲/۴۸۵ ، العُذر)

(آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۸/۱۳۷، تخریج مفتی سعید صاحب جلالپوری)

# بھیک مانگنے کو پیشہ بنالینا

**مسئلہ (۲۹)**: بعض لوگوں نے مسجدوں اور ہوٹلوں کے باہر، اسی طرح ٹریفک سگنلوں اور دیگر گزرگاہوں پر، بھیک مانگنے کو اپنا پیشہ بنالیا ہے، جب کہ شریعت کا فرمان یہ ہے کہ جس شخص کے پاس ایک دن کی غذا موجود ہے، یا وہ صحیح اور تندرست ہے، کما کر اپنی گزر بسر کرسکتا ہے، اس کے لیے بھیک مانگنا اور سوال کرنا حلال نہیں ہے، اور جس شخص کو مانگنے والے کی یہ حالت معلوم ہو، اس کے باوجود وہ اسے کچھ دیدے، تو وہ مستحق ثواب ہونے کے بجائے گناہ گار ہوگا، کیوں کہ اس نے حرام کام پر اعانت کی، اور فقہ کا قاعدہ ہے کہ: ''جیسے حرام کام کرنا گناہ ہے، ایسے ہی اس پر اعانت بھی گناہ ہے۔''[۱]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' الشامية '' : لا يحل أن يسأل شيئًا من له قوت يومه بالفعل أو بالقوة كالصحيح المكتسب ، ويأثم معطيه إن علم بحاله ، لإعانته على المحرم . (۴۲/۳ ، باب الجمعة ، مطلب في الصدقة على سُوّال المسجد ، بيروت ، التنوير وشرحه مع الشامية : ۳۰۵/۳ – ۳۰۶ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

ما في '' الشامية '' : قوله : (كالصحيح المكتسب) لأنه قادر بصحته واكتسابه على قوت اليوم . بحر . اهـ . (۳۰۶/۳ ، باب المصرف ، بيروت)

ما في '' البحر الرائق '' : قوله : (ولا يسأل من له قوت يومه) أي لا يحل سؤال قوت يومه لمن له قوت يومه لحديث الطحاوي : '' من سأل الناس عن ظهر غنى فإنه يستكثر من جمر جهنم ، قلت : يا رسول الله ! وما ظهر غنى ؟ قال : أن يعلم أن عند أهله ما

يغـدّيهم وما يعشيهم " ............. فإنه لا يحلّ سؤال القوت له إذا لم يكن له قوت يـومـه ، لأنـه قـادر بـصـحـتـه واكتسابه على قوت اليوم فكأنه مالك له . (۲/۴۳۶ – ۴۳۷ ، كتاب الزكاة ، باب المصرف)

ما في " المـقاصد الشرعية " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرمة ، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا . (ص/۴۶)

## فحش ویب سائٹس (Web Site) کی ویزٹ

**مسئلہ** (۴۹): ایسی تمام ویب سائٹس (Web Site) جن میں غیر محرم مرد وعورتیں اپنی تصویریں اور ویڈیو دیکھتے ہیں، بے حیائی وبے شرمی پر مبنی اپنے افکار وخیالات کا تبادلہ کرتے ہیں، یا جو ویب سائٹس فحاشی وبے حیائی کی طرف مائل کرتی ہوں، شعائر اسلام کی توہین پر مشتمل ہوں، اُن کا دیکھنا قطعاً جائز نہیں ہے۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) مـا فـي " الصحيح لمسلم " : عن أبي سعيد الخدري عن رسول الله ﷺ قال : " مـن رأى مـنـكـم مـنـكرا فليغيّره بيده ، فإن لم يستطع فبلسانه ، فإن لم يستطع فبقلبه ، وذلك أضعف الإيمان". (۱/۵۱ ، كتاب الإيمان ، باب بيان كون النهي عن المنكر من الإيمان وأن الإيمان يزيد وينقص الخ)

ما في " مرقاة المفاتيح " : وقيل : المعنى إنكار العصية بالقلب أضعف مراتب الإيمان لأنـه إذا رأى مـنـكـرا مـعـلـومـا مـن الـديـن بـالضرورة فلم ينكره ولم يكره ورضي به واستـحـسـنـه كـان كافرا . (۹/۳۲۴ ، كتاب الآداب ، باب الأمر بالمعروف ، الفصل الأول ، تحت الرقم : ۵۱۳۷)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وكل ما أدى إلى ما لا يجوز لا يجوز .
(۵۱۹/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في اللبس) (فتاوی بنوریہ،رقم الفتوی:۸۴۳۳)

## حمد ونعت کے اشعار قوالی کے نام پر

**مسئلہ** (۶۳): حمد ونعت کے اشعار قوالی کے نام پر ڈھول تاشے اور سارنگی کی آوازوں پر گانا اور انہیں عبادت سمجھنا قبیح ترین بدعات ومنکرات میں داخل ہے، کیوں کہ احادیثِ شریفہ میں گانے بجانے کی سخت مذمت وارد ہے[1]، زمانۂ قدیم میں یہ بدعت اکثر مزارات پر عرس کے موقع پر انجام دی جاتی تھی، مگر جب سے نئے الکٹرانک آلات : موبائل، ٹیپ ریکارڈ اور گراموفون ایجاد ہوئے، یہ چیز بہت عام ہوگئی، اور اُسے قطعاً برا نہیں سمجھا جاتا، حالانکہ عام گانوں کے مقابلہ میں مذہبی اشعار کی قوالیاں اور زیادہ خطرناک ہیں، اس لیے کہ ان میں اللہ اور رسول کا نام میوزک کے ساتھ لیا جاتا ہے، جو اللہ اور رسول کے احکام کے ساتھ بھونڈے مزاق کا مظاہرہ کرنے کے مرادف ہے، جسے کوئی غیرتمند مسلمان ہرگز برداشت نہیں کرسکتا، فاضل بریلوی مولانا احمد رضا خان صاحب (جو اہلِ بدعت کے نزدیک انتہائی قابلِ احترام ہیں) فرماتے ہیں: ''قوالی حرام ہے، حاضرین سب گنہگار ہیں، اور ان سب کا گناہ عرس کرنے والوں اور قوالوں پر ہے، مگر اس سے حاضرین کے گناہ میں کوئی تخفیف نہیں ہوگی، بلکہ ہر ایک پر اپنا پورا گناہ ہوگا''[2]، لہٰذا قوالی کا انتظام، اس میں حاضری یا موبائل وغیرہ میں اسے

ڈاؤن لوڈ کر کے سننا شرعاً ناجائز ومنع ہے (۳)، اس لیے ایسے ناجائز کام سے خود بھی بچیں، اور دوسروں کو بچانے کا فرض بھی انجام دیں۔

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الترغيب والترهيب " : عن أنس بن مالک رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " صوتان ملعونان في الدنيا والآخرة ؛ مزمار عند نعمة ورَنَّةٌ عند مصيبة " . رواه البزّار ، ورواته ثقات . (۴/۳۵۰ ، الترهيب من النياحة على الميت والنعي ولطم الخد وخمش الوجه وشق الجيب)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : عن أنس بن مالک قال : قال رسول الله ﷺ : " من جلس إلى قينة يسمع منها صُبّ في أذنه الآنک يوم القيامة " . (۱۴/۵۳ ، سورة لقمان : ۶)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن جابر قال : قال رسول الله ﷺ : " الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزّرع " . رواه البيهقي في شعب الإيمان .
(ص/۴۱۱ ، كتاب الأدب ، باب البيان والشعر ، الفصل الثالث)

(۲) ما في " احكام شريعت " : مسئلہ:۲۹/ربیع الآخر شریف ۱۳۲۰ھ۔

"بعالی خدمت امام اہلِ سنت، مجدد دین وملت معروض کہ آج میں جس وقت آپ سے رخصت ہوا، اور واسطے نمازِ مغرب کے مسجد میں گیا، بعد نماز مغرب کے ایک میرے دوست نے کہا چلو ایک جگہ عرس ہے، میں چلا گیا، وہاں جا کر کیا دیکھتا ہوں بہت سے لوگ جمع ہیں، اور قوالی اس طریقہ سے ہو رہی ہے کہ ایک ڈھول دو سارنگی بج رہی ہیں، اور چند قوال پیرانِ پیر دستگیر کی شان میں اشعار کہہ رہے ہیں، اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت کے اشعار اور اولیاء اللہ کی شان میں اشعار گا رہے ہیں، اور ڈھول سارنگیاں بج رہی ہیں، یہ باجے شریعت میں قطعی حرام ہیں، کیا اس فعل سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ خوش ہوتے ہوں گے؟ اور یہ حاضرینِ جلسہ گنہگار ہوئے یا نہیں؟ اور ایسی قوالی جائز ہے یا نہیں؟ اور اگر جائز ہے تو کس طرح کی؟

**الجواب :**

"ایسی قوالی حرام ہے، حاضرین سب گناہگار ہیں، اور ان سب کا گناہ ایسا عرس کرنے والوں اور قوالوں پر ہے، اور

قوالوں کا بھی گناہ اس عرس کرنے والے پر بغیر اس کے کہ عرس کرنے والے کے ماتھے قوالوں کا گناہ جانے سے قوالوں پر سے گناہ کی کچھ کمی آئے، یا اس کے اور قوالوں کے ذمہ حاضرین کا وبال پڑنے سے حاضرین کے گناہ میں کچھ تخفیف ہو، نہیں؛ بلکہ حاضرین میں ہر ایک پر اپنا پورا گناہ، اور قوالوں پر اپنا گناہ الگ، اور سب حاضرین کے برابر جدا، اور ایسا عرس کرنے والے پر اپنا گناہ الگ، اور قوالوں کے برابر جدا، اور سب حاضرین کے برابر علیحدہ، وجہ یہ کہ حاضرین کو عرس کرنے والے نے بلایا، ان کے لیے اس گناہ کا سامان پھیلایا، اور قوالوں نے انہیں سنایا، اگر وہ سامان نہ کرتا، یہ ڈھول سارنگی نہ سناتے تو حاضرین اس گناہ میں کیوں پڑتے، اس لیے ان سب کا گناہ ان دونوں پر ہوا، پھر قوالوں کے اس گناہ کا باعث وہ عرس کرنے والا ہوا، وہ نہ کرتا نہ بلاتا تو یہ کیونکر آتے بجاتے، لہٰذا قوالوں کا گناہ بھی اس بلانے والے پر ہوا"۔ (۱/۶۱ مصنفہ احمد رضا خان صاحب فاضل بریلوی، مکتبہ فرید بکڈپو دہلی)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : قلت : وفي البزازية : استماع صوت الملاهي كضرب قصب ونحوه حرام لقوله عليه الصلاة والسلام : " استماع الملاهي معصيةٌ ، والجلوس عليها فسقٌ ، والتلذّذ بها كفرٌ " أي بالنعمة ، فصرف الجوارح إلى غير ما خلق لأجله كفر بالنعمة لا شكر ، فالواجب كل الواجب أن يجتنب كي لا يسمع ، لما روي أنه عليه الصلاة والسلام أدخل أصبعه في أذنه عند سماعه . الدر المختار . قال ابن عابدين الشامي رحمه الله : فما ظنك به عند الغناء الذي يسمونه وجدًا ومحبة ، فإنه مكروه لا أصل له في الدين .... وما يفعله متصوفة زماننا حرام لا يجوز القصد والجلوس إليه .

(ص/۴۲۵ ، ۴۲۶ ، كتاب الحظر والإباحة ، فبيل فصل في اللبس)

## فوٹوگرافی اور ویڈیوگرافی

**مسئلہ (۷۹)**: فوٹوگرافی اور ویڈیوگرافی، ان سے ذی روح (جاندار) کی تصویر بھی لی جاتی ہے اور غیر ذی روح (غیر جاندار) کی بھی، ذی روح کی تصویر لینا حرام ہے[۱]، اور غیر ذی روح جیسے درخت، پہاڑ اور دریا وغیرہ کی تصویر کشی جائز ہے[۲] معلوم ہوا - اِن آلات کا استعمال جائز وناجائز دونوں کاموں

کے لیے ہوتا ہے، اوراس کا مدار استعمال کرنے والوں پر ہوتا ہے کہ وہ جائز کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں یا ناجائز کاموں کے لیے، اس لیے اِن آلات کی خرید وفروخت، اُن کی مرمت کا کام اوراس کی اجرت جائز ہے۔ (۳)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله قال : سمعت النبي ﷺ يقول : " إن أشد الناس عذابًا عند الله يوم القيامة المصوّرون " . (۲/۸۸۰ ، كتاب اللباس ، باب عذاب المصورين يوم القيامة ، رقم الحديث : ۵۹۵۰ ، الصحيح لمسلم : ۲/۲۰۱ ، كتاب اللباس والزينة ، باب تحريم تصوير صورة الحيوان)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : قال أصحابنا وغيره هم من العلماء : تصوير صورة الحيوان حرام شديدٌ ، وهو من أكبر الكبائر ، لأنه متوعد عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور في الأحاديث ، وسواء صنعه بما يمتهن أو بغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو درهم أو دينار أو فلس أو إناء أو حائط أو غيرها .

(۲/۱۹۹ ، كتاب اللباس والزينة ، باب تحريم تصوير صورة الحيوان)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا تمثال إنسان أو طير . الدر المختار . وفي الشامية : قوله : (أو طير) لحرمة تصوير ذي الروح . (۹/۵۱۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في اللبس)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن سعيد بن أبي الحسن قال : كنت عند ابن عباس إذ جاء رجل فقال : يا ابن عباس ! إني رجل إنما معيشتي من صنعة يدي ، وإني أصنع هذه التصاوير ، فقال ابن عباس : ألا أحدثك إلا ما سمعت من رسول الله ﷺ ، سمعته يقول : " من صوّر صورة فإن الله معذبه حتى ينفخ فيه الروح ، وليس بنافخ فيها أبدًا " . فربا الرجل ربوة شديدة ، واصفر وجهه ، فقال : " ويحك إن أبيت إلا أن

تصنع فعليک بهذا الشجر ، وكل شيء ليس فيه روح " . (ص/٣٨٦ ، كتاب اللباس ، باب التصاوير ، الفصل الثالث ، رقم الحديث : ٤٥٠٧)

ما في " المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج " : وأما تصوير صورة الشجر ورحال الإبل وغير ذلک مما ليس فيه صورة حيوان فليس بحرام هذا حكم نفس التصوير . (٢١٠/٧ ، كتاب اللباس والزينة ، باب تحريم تصوير صورة الحيوان الخ)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا بأس بتصوير الأشياء التي يصنعها البشر كصورة المنزل والسيارة والسفينة وغير ذلک اتفاقًا . (٩١/١٢)

ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : والتمثال خاص بمثال ذي الروح ، لكن المراد هنا ذو الروح ، فإن غير ذي الروح لا يكره كالشجر .

(٤٢٧/١ ، باب ما يفسد الصلاة ، فصل ويكره للمصلي الخ ، بيروت)

(٣) ما في " المبسوط للسرخسي " : ولا بأس بأن يؤاجر المسلم دارًا من الذمي ليسكنها ، فإن شرب فيها الخمر أو عبد فيها الصليب أو دخل فيها الخنازير لم يلحق المسلم إثم في شيء من ذلک ، لأنه لم يؤاجرها لذلک والمعصية في فعل المستأجر وفعله دون قصد رب الدار فلا إثم على رب الدار في ذلک .

(٤٣/١٦ ، باب الإجارة الفاسدة)

## نیک کاموں میں حلال مال خرچ کریں

**مسئلہ** (۱۲۵): اگر کسی آدمی کا حلال مال، غالب واکثر، اور حرام مال قلیل ومغلوب ہو، تو اس کا مال نیک کاموں میں خرچ کرنے کی گنجائش ہے، کیوں کہ حرامِ قلیل سے بچنے میں حرج ہے، اور دین میں حرج نہیں ہے، تاہم بہتر اور اَولیٰ یہ ہے کہ نیک کاموں میں خالص مال خرچ کیا جائے، اور اگر غالب واکثر مال حرام ہے، تو اُسے مصارفِ خیر یعنی نیک کاموں میں خرچ کرنا حرام ہوگا۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الله طيب لا يقبل إلا طيبًا " . الحديث . (ص/ ۲۴۱ ، كتاب البيوع ، باب الكسب وطلب الحلال ، الفصل الأول ، رقم الحديث : ۲۷۶۰)

وفيه أيضًا : عن عبد الله بن مسعود ، عن رسول الله ﷺ قال : " لا يكسب عبد مال حرام ، فيتصدق منه فيقبل منه ، ولا ينفق منه ، فيبارك له فيه ، ولا يتركه خلف ظهره إلا كان زاده إلى النار ، إن الله لا يمحو السّيّءَ بالسّيّءِ ، ولكن يمحو السّيّءَ بالحسن ، إن الخبيث لا يمحو الخبيث " . رواه أحمد ، وكذا في شرح السنة . (ص/ ۲۴۱ ، كتاب البيوع ، باب الكسب وطلب الحلال ، الفصل الأول ، رقم الحديث : ۲۷۷۱)

ما في " مرقاة المفاتيح " : والمعنى أن التصدق بالمال الحرام سيئة ولا يمحو الله الأعمال السيئات بالسيئات بل قال بعض علمائنا : من تصدق بمال حرام ورجا الثواب كفر ، وعرف الفقير ودعا له كفر . (۶/ ۱۸) (امداد الفتاویٰ:۳/ ۱۶۶)

## SMS کے ذریعہ حدیث یا دینی معلومات Forward کرنا

**مسئلہ(۱۳۱):** آج کل بذریعۂ SMS یا E-Mail، موبائل وانٹرنیٹ پر کبھی تو کوئی حدیث پاک، تو کبھی کوئی دینی معلومات، تو کبھی کوئی خبر موصول ہوتی رہتی ہے، اور بسا اوقات اس کے متعلق یہ بھی لکھا ہوتا ہے کہ اِسے دوسروں تک پہنچا کر عام کیجئے - اس پر یہ فائدہ ہوتا ہے، ورنہ فلاں نقصان بھی ہوسکتا ہے، وغیرہ - جب کہ کبھی تو ایسا ہوتا ہے کہ نہ SMS کرنے والا معلوم ہوتا ہے، اور نہ اس حدیث پاک یا دینی معلومات وخبر کی صحت وصداقت کا کوئی علم، تو ایسی صورت میں شریعت کا حکم یہ ہے کہ جب تک اس حدیث پاک یا دینی

معلومات وخبر کی صحت وصداقت کا علم نہ ہو، اُسے دوسروں تک پہنچانا درست نہیں۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الذين امنوا إن جآء كم فاسقٌ بنبأٍ فتبيّنوا أن تُصيبوا قومًا بجهالةٍ فتصبحوا على ما فعلتم نٰدمين﴾ . (سورة الحجرات : ٦)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبوبكر : مقتضى الآية إيجاب التثبت في خبر الفاسق والنهي عن الإقدام على قبوله والعمل به إلا بعد التبيُّن والعلم بصحة مخبره .
(۵۳۰/۳)

ما في " الصحيح لمسلم ' : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " كفى بالمرء كَذبًا أن يحدث بكل ما سمع " . (۱/ ۹، مقدمة ، باب [۳] باب النهي عن الحديث بكل ما سمع ، رقم الحديث :۵)

ما في " المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج " : وأما معنى الحديث والآثار التي في الباب ففيها الزجر عن التحديث بكل ما سمع الإنسان ، فإنه يسمع في العادة الصدق والكذب ، فإذا حدث بكل ما سمع فقد كذب لإخباره بما لم يكن .
(۱/ ۲۳۴ ، تحت الرقم : ۹)

ما في " مرقاة المفاتيح " : يعني لو لم يكن للمرء كذب إلا تحديثه بكل ما سمع من غير تيقن أنه صدق أم كذب لَكفاه من الكذب أن لا يكون بريئًا منه ، وهذا زجر عن التحديث بشيء لم يعلم صدقه بل على الرجل أن يبحث في كل ما سمع خصوصاً في أحاديث النبي ﷺ . (۱/ ۳۵۸ ، كتاب الإيمان ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، تحت الرقم : ۱۵۶ ، صحيح البخاري : ۱/ ۲۱ ، كتاب العلم ، باب إثم من كذب على النبي ﷺ ، ر قم الحديث :۱۰۷)

# شادی بیاہ کے موقع پر پھولوں کا گلدستہ

**مسئلہ**(۹۷): آج کل مختلف پروگراموں، شادی بیاہ کے موقع پر آنے والے مہمانوں یا دلہے کو، پھولوں کا گلدستہ پیش کیا جاتا ہے، اور خود دلہے کے دوست واحباب، اعزا واقارب، اس گاڑی کو جس میں دلہا آتا ہے، اور دلہن رخصت ہوکر جاتی ہے، پھولوں سے سجانے کا اہتمام کرتے ہیں، شرعِ اسلامی میں اس کی کوئی اصل نہیں، بلکہ یہ غیر اسلامی تہذیب (یورپ) کی ایک رسم ہے، جس کی بلا سوچے سمجھے اندھی تقلید کی جاتی ہے، جو پیسہ ان کی خرید میں صرف ہوتا ہے وہ اِسراف ہے، اور شرعِ اسلامی میں اِسراف کی کوئی گنجائش نہیں، کیوں کہ مال اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے، اسے اِس طرح ضائع کرنا شرعاً ناجائز ہے، بہتر یہ ہے کہ آنے والے مہمانوں یا دلہے کو کوئی ایسا تحفہ یا ہدیہ دیں، جو دیرپا اور پائیدار ہو، بوقتِ ضرورت ان کے کام آئے، اور فضول خرچی سے خالی ہو۔ (۱)

---

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تبذّر تبذيرًا﴾ . (سورة الإسراء :۲۷)

ما في " التفسير الكبير للرازي " : والتبذير في اللغة إفساد المال وإنفاقه في السرف . (۳۲۸/۷)

ما في " صحيح البخاري " : عن المغيرة بن شعبة قال : قال النبي ﷺ : " إن الله حرّم عليكم عقوقَ الأمهات ، ووأد البنات ، ومنعًا وهات ، وكره لكم قيل وقال ، وكثرة السؤال ، وإضاعة المال " . (۳۲۴/۱ ، كتاب في الاستقراض وأداء الديون الخ ، باب ما ينهى عن إضاعة المال)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : " أبغض الناس إلى الله ثلاثة ؛ ملحد في الحرم ، ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ، ومطّلب دم امرئ مسلم بغير حقّ ليقريق دمه " . رواه البخاري . (ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول) (فتاویٰ رحیمیہ:۱/۱۶۱)

## جھک کر سلام کرنا

**مسئلہ (۱۴۸):** بعض لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ جب وہ کسی کو سلام کرتے ہیں، تو جھک کر سلام کرتے ہیں، جب کہ بوقتِ سلام جھکنے کو حضراتِ فقہاء کرام نے مکروہ قرار دیا ہے، اس لیے اس سے احتراز کیا جائے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أنس قال : قال رجل : يا رسولَ الله ! الرجل منا يلقى أخاه أوصديقه ، أينحني له ؟ قال : لا ؛ قال : أفيلتزمه ويُقبّله ؟ قال : لا ، قال : أفيأخذ بيده ويصافحه ؟ قال : نعم . رواه الترمذي . (ص/۴۰۱ ، كتاب الآداب ، باب المصافحة والمعانقة ، الفصل الأول، رقم الحديث : ۴۶۸۰)

ما في " الفتاوى الهندية " : الانحناء للسلطان أو لغيره مكروه لأنه يشبه فعل المجوس . كذا في جواهر الأخلاطي . ويكره الانحناء عند التحية ، وبه ورد النهي . كذا في التمرتاشي . (۵/۳۶۹ ، كتاب الكراهية ، الباب الثامن والعشرون في ملاقاة الملوك والتواضع لهم الخ)

ما في " الفتاوى الشامية " : وفي الزاهدي : الإيماء في السلام إلى قريب الركوع كالسجود ، وفي المحيط أنه يكره الانحناء للسلطان وغيره . (۹/۴۶۸ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، ط ؛ ديوبند)

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۸/۱۵۶تخریج شدہ ایڈیشن)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وقد نصّ الفقهاء على أن الانحناء عند الالتقاء بالعظماء ككبار القوم والسلاطين تعظيمًا لهم حرام باتفاق العلماء ، لأن الانحناء لا يكون إلا لله تعالى تعظيمًا له ، ولقوله ﷺ لرجل قال له : يا رسولَ الله ! الرجل منا يلقى أخاه أو صديقه أينحني له ؟ قال : لا ، أما إن كان ذلک الانحناء مجرد تقليد للمشركين ، دون قصد التعظيم للمنحي له فإنه مكروه ، لأنه يشبه فعل المجوس .

(۲۲۳/۶ ، انحناء ، الحكم التكليفي)

## سلام کے جواب میں صرف والسلام کہنا

**مسئلہ**(۱۷۶): بعض لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ خود تو سلام میں پہل نہیں کرتے ، اور اگر کوئی اُنہیں سلام کرے، تو جواب میں صرف '' والسلام'' کہتے ہیں، صرف والسلام-سلام کا پورا جواب نہیں ہے، قرآن وحدیث سے یہ بات ثابت ہے کہ جواب سلام سے بہتر دینا چاہیے، یا اس کے مثل لوٹا دینا چاہیے، یعنی اگر کوئی '' السلام علیکم'' کہے تو جواب دینے والا '' وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ'' کہے، اور اگر سلام کرنے والا '' السلام علیکم ورحمۃ اللہ'' کہے تو جواب دینے والا '' وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'' کہہ دے، ہم مسلمان ہیں، ہمیں قرآن وحدیث کی اِن تعلیمات پر دھیان دینا چاہیے، امید کہ اس کا خیال رکھا جائے گا۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وإذا حُيّيتُم بتحيّة فحيّوا بأحسن منها أو رُدّوها﴾ .

(النساء : ۸۶)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : الثالثة : ردّ الأحسن أن يزيد فيقول : عليک

السلام ورحمة الله ، لمن قال : سلام عليك ، فإن قال : سلام عليك ورحمة الله ، زدت في ردّك وبركاته ، وهذا هو النهاية فلا مزيد . (۵/۲۹۹)
ما في " حاشية مسلم " : وأما صفة الردّ فالأفضل والأكمل أن يقول وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته فيأتي بالواو فلو حذفها جاز وكان تاركا للأفضل ولو اقتصر على وعليكم السلام أو على عليكم السلام أجزاه ، ولو اقتصر على عليكم لم يجزئه بلا خلاف ، ولو قال وعليكم بالواو ففي أجزائه وجهان لأصحابنا . (۲/۲۱۲ ، ۲۱۳ ، كتاب السلام ، باب يسلم الراكب على الماشي والقليل على الكثير) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۹۸۰۴)

## جمعہ کے دن ''جمعہ مبارک'' کہنا

**مسئلہ** (۱۹۱): آج کل لوگ موبائل اور ای میل وغیرہ کے ذریعہ جمعہ کے دن، ''جمعہ مبارک'' کہتے ہیں، شرعاً اس کی کوئی اصل نہیں، اور نہ ہی حضراتِ صحابہ، تابعین، تبعِ تابعین اور بزرگانِ دین کے عمل سے اس کا کوئی ثبوت ملتا ہے، لیکن اگر کسی شخص نے ایسا کہہ دیا تو ناجائز وبدعت بھی نہیں۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردّ " .

(ص/..... ، رقم الحديث :۲۶۹۷)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (من أحدث) أي جدد وابتدع ، أو أظهر واخترع (في أمرنا هذا) أي في دين الإسلام ....... وعبر عنه بالأمر تنبيهًا على أن هذا الدين هو أمرنا الذي نهتم له ونشتغل به بحيث لا يخلو عنه شيء من أقوالنا وأفعالنا (فهو ردّ) قال القاضي : المعنى : من أحدث في الإسلام رأيا لم يكن من الكتاب والسنة سند ظاهر أو

خفي ملفوظ أو مستنبط فهو مردود عليه. (۱/۳۳۵)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون، ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي. (ص/۴۷)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۶۴۵۵)

# فصل فی اللبس

## عِمامہ باندھنا مستحب ہے

**مسئلہ** (۱۶۹): عِمامہ باندھنا ہر مسلمان کے لیے مستحب ہے، اس سے مسلمانوں کا وقار بڑھتا ہے، غیروں پر ہیبت طاری ہوتی ہے، لیکن جب کوئی غیرِ عالم وحافظ عِمامہ باندھتا ہے، تو بعض لوگ اس پر یوں طعن کرتے ہیں کہ- بڑا عالم وحافظ بن گیا، جو عِمامہ باندھ رکھا ہے- اُن کا یہ طعن کرنا، نادانی پر مبنی ہے، کہ عِمامہ کو عالم، حافظ کے ساتھ خاص کررہے ہیں، جب کہ عِمامہ عالم، حافظ کے ساتھ خاص نہیں، بلکہ ہر مسلمان کے لیے اس کا باندھنا مستحب ہے۔[۱]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن محمد بن علي بن ركانة عن أبيه أن ركانة صارع النبي ﷺ فصرعه النبي ﷺ ، قال ركانة : وسمعت النبي ﷺ يقول : فرق ما بيننا وبين المشركين العمائم على القلانس. (ص/۵۶۳، ۵۶۴، كتاب اللباس، الفصل الثالث، رقم الحديث: ۴۳۷۱)

ما في " عمدة القاري " : عن عثمان بن عمر عن الزبير بن جوان عن رجل من الأنصار قال : جاء رجل إلى ابن عمر فقال : يا أبا عبد الرحمن! العِمامة سنة؟ فقا ل : نعم

....... عن عبد الرحمن بن عدي البهراني عن أخيه عبد الأعلى بن عدي : أن رسول الله ﷺ دعا علي بن أبي طالب – رضي الله عنه – يوم غدير خم فعممه وأرخى عذبة العمامة من خلفه ، ثم قال : هكذا فاعتموا ، فإن العمائم سيماء الإسلام ، وهي حاجز بين المسلمين والمشركين . (۲۱/۴۵۵ ، ۴۵۶ ، كتاب اللباس ، باب العمائم)

## انگوٹھی پہننا سنت ہے یا نہیں؟

**مسئلہ (۹۷):** حضرات فقہاء کرام ۴ر گرام ۳۷۴ر ملی گرام چاندی کی انگوٹھی پہننے کو جائز اور نہ پہننے کو افضل کہتے ہیں ، اور دلیل میں دُرِّ مختار کی عبارت " ترك التختم لغير السلطان و القاضي أفضل " لکھتے ہیں، تو اس پر بعض لوگوں کی طرف سے یہ اشکال ہوتا ہے کہ جب آپ ﷺ نے انگوٹھی پہنی ہے، تو پھر وہ سنت کیسے نہیں ہوگی ، اور یہ بھی کہتے ہیں کہ ہمارے لیے حجت آپ ﷺ کا عمل ہے، نہ کہ دُرِ مختار کی عبارت، اس طرح کے لوگوں کو یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ جس علت کی بنا پر حضور ﷺ نے انگوٹھی پہنی تھی ، وہ آج کل مفقود ہے، اس لیے اُسے سنت نہیں کہا جاسکتا ، چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب آپ ﷺ نے قیصر و کسریٰ اور نجاشی کو خطوط لکھے، تو آپ سے کہا گیا کہ یہ لوگ بغیر مُہر کے کوئی خط قبول نہیں کرتے، تو آپ ﷺ نے انگوٹھی بنوائی ، جس کا حلقہ یعنی رِنگ چاندی کا تھا، اور اس میں " مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰہِ " نقش تھا، اِس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کی عادتِ شریفہ انگوٹھی پہننے کی نہیں تھی ، جب آپ کو عجمی حکمرانوں کو خطوط لکھنے کی ضرورت پیش آئی ، اور آپ کو یہ بتایا گیا کہ وہ بغیر مہر کے خطوط قبول نہیں کرتے، تو مہر لگانے کی غرض سے آپ نے انگوٹھی بنوائی، آج بھی

اگر کوئی حاکم یا قاضی اس غرض سے انگوٹھی پہنے، تو اس کے لیے یہ سنت ہوگا، اسی بات کو صاحبِ دُرِمختار نے ان الفاظ میں لکھا ہے:" ترك التختم لغير السلطان والقاضي أفضل ، أشار إلى أن التختم سنة لمن يحتاج إليه ، كما في الاختيار" -نیز اُن لوگوں کو یہ بھی سمجھ لینا چاہیے کہ دُرِمختار میں قرآن وحدیث سے الگ کوئی فقہ پیش نہیں کی گئی، اُس کے مسائل قرآن وحدیث ہی سے مستنبط ہیں، اور وہ اُسی کی توضیح وتشریح ہیں، جیسا کہ صاحب دُرِمختار فرماتے ہیں: " ومَحَطُّهَا أنَّ الفِقهَ هُو ثَمرةُ الحَديث ، ولَيسَ ثواب الفقيه أقلَّ من ثواب المُحدِّث " -یعنی "مقصودِ کلام یہ ہے کہ فقہ، حدیث کا ثمرہ ہے، اور فقیہ کا ثواب، محدِّث کے ثواب سے کم نہیں ہے"- اس لیے اس طرح کے اشکالات سے بچنا چاہیے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى سراجيه على هامش فتاوى قاضي خان " : وقال حسام الدين : لا التختم إنما يكون سنة إذا كانت له حاجة إلى التختم بأن كان سلطاناً أو قاضيًا ، أما إذا لم يكن محتاجًا إلى التختم فالترک أولى .

(۳/۲۹ ، كتاب الكراهية ، باب اللبس ، الدر المختار مع الشامية : ۱۳۸/۱ - ۵۲۰/۹ ، الموسوعة الفقهية : ۲۴/۱۱ ، الفتاوى الهندية : ۳۳۵/۵)

## سونے کے پرزے والی گھڑی کا استعمال

**مسئلہ** (۱۲۳): "راڈو" گھڑی جس میں سونے کے پرزے لگے ہوتے

ہیں، اسی طرح اور کوئی گھڑی جس میں ''پلاٹینم گولڈ''- جو کہ سونے سے بھی دُگنی قیمت کا دھات ہے- کا استعمال درست ہے، کیوں کہ یہ براہِ راست سونے کا استعمال نہیں ہے، بلکہ گھڑی کے تابع ہے، اس لیے جائز ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا يكره لبس ثياب كتب عليها بالفضة والذهب ، وكذلك استعمال كل مموّه لأنه إذا ذوّب لم يخلص منه شيء ... الخ . (۵/۳۳۴ ، كتاب الكراهية ، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة ، ط : رشيديه وزكريا)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي التاترخانية عن السير الكبير : لا بأس بأزرار الديباج والذهب وفيها عن مختصر الطحاوي : لا يكره عَلم الثوب من الفضة ، ويكره من الذهب ، قالوا : وهذا مشكل ، فقد رخص الشُريح في الكفاف ، والكفاف قد يكون من الذهب . اهـ . الدر المختار . وفي الشامية : أقول : الظاهر أن وجه الاستشكال أن كلا من العَلم والكفاف في الثوب إنما حل لكونه قليلا وتابعًا غير مقصود كما صرحوا به ، وقد استوى كل من الذهب والفضة والحرير في الحرمة ، فترخيص العلم والكفاف من الحرير ترخيص لهما من غيره أيضًا بدلالة المساواة ، ويؤيد عدم الفرق ما مرّ من إباحة الثوب المنسوج من ذهب أربعة أصابع .

(۹/۵۱۱ ، الحظر والإباحة ، فصل في اللبس ، بيروت)

(آپ کے مسائل اوران کا حل:۸/۳۷۸،تخریج شدہ)

## صفائی ستھرائی اور سلیقہ مندی

**مسئلہ (۹۱)**: گھروں اور صحنوں کو صاف ستھرا، اور اسباب وسامان کو ترتیب وسلیقہ مندی سے رکھنا شرعاً مطلوب ہے، کیوں کہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے: " إنّ اللّٰهَ

طَيِّبٌ يُحِبُّ الطِّيبَ ، نَظِيفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ ، كَرِيمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ ، جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُودَ ، فَنَظِّفُوا" - یعنی اللہ تعالیٰ پاکیزہ ہیں، پاکیزگی کو پسند فرماتے ہیں، صاف ونظیف ہیں، صفائی ونظافت کو پسند فرماتے ہیں، درگزر کرنے والے ہیں، درگزر کرنے کو پسند فرماتے ہیں، سخی ہیں، سخاوت کو پسند فرماتے ہیں، لہٰذا تم بھی صفائی ستھرائی کو اختیار کرو"۔

علوم شرعیہ کے پڑھنے پڑھانے والوں کو اس کا خاص خیال رکھنا چاہیے کہ ہم جن جگہوں میں رہتے ہیں، پڑھتے ہیں، عبادت کرتے ہیں، وہ صاف ستھری ہوں، اور ہمارے پڑھنے لکھنے اور استعمال کی تمام چیزیں بھی اپنی جگہوں پر ترتیب وسلیقہ مندی کے ساتھ رکھی ہوں، عدم نظافت وترتیب کو عدم فرصت اور طبیعت کی سادگی پر محمول کرنا، اپنی غیر نظافت پسند اور غیر سلیقہ مند طبیعت کو حسین الفاظ کا جامہ پہنا کر اُسے چھپانے کے مترادف ہے، جو اچھی چیز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن صالح بن أبي حسّان قال : سمعت سعيد بن المسيّب يقول : "إن الله طيب يحب الطيب ، نظيف يحب النظافة ، كريم يحب الكرم ، جواد يحب الجود ، فنظّفوا" . أُراه قال : أفنيتكم ولا تشبّهوا باليهود ، قال : فذكرتُ ذلک لمهاجر ابن مسمار فقال : حدثنيه عامر بن سعد بن أبي وقاص ، عن أبيه عن النبي ﷺ مثله إلا أنه قال : " نظّفوا أفنيتكم " . قال أبو عيسى : هذا حديث غريب ، وخالد بن إلياس يضعف ويقال : ابن إياس .

(۳/۵۳۷ ، كتاب الأدب ، باب ما جاء في النظافة ، بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : تزيين البيوت والأفنية بتنظيفها وترتيبها مطلوب شرعًا لما روي عن النبي ﷺ قال : " إن الله طيب يحب الطيب ، نظيف يحب النظافة " .
(۲۷۴/۲۱)

## داڑھی کا حکم اور اس کی حد

**مسئلہ** (۷۱): احادیثِ صحیحہ کی روشنی میں باجماعِ امت داڑھی رکھنا واجب اور داڑھی منڈانا حرام ہے، اسی طرح ایک قُبضہ (مٹھی) سے کم ہونے کی صورت میں کتروانا بھی حرام ہے، ائمہ اربعہ (حنفیہ، مالکیہ، حنابلہ اور شافعیہ) کا اس پر اتفاق ہے، داڑھی کی حدود یہ ہیں: کنپٹی کے قریب اُبھری ہوئی ہڈی سے نیچے اور نیچے والے جبڑے کے اوپر نیچے، ٹھوڑی کے اوپر نیچے اور نیچے والے ہونٹ کے ساتھ متصل اُگنے والے تمام بال داڑھی کے حکم میں داخل ہیں۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الصحيح لمسلم " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " خالفوا المشركين ، احفوا الشوارب وأوفوا اللحى " .
(۱۲۹/۱ ، كتاب الطهارة ، باب خصال الفطرة)

ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عمر ، عن النبي ﷺ قال : " خالفوا المشركين وفروا اللحى واحفوا الشوارب " . وكان ابن عمر إذا حج أو اعتمر قبض على لحيته فما فضل أخذه . (۸۷۵/۲ ، كتاب اللباس ، قبيل باب اعفاء اللحى)

ما في " كتاب الآثار " : قال محمد : أخبرنا أبو حنيفة ، عن الهيثم ، عن ابن عمر أنه كان يقبض على لحيته ثم يقبض ما تحت القبضة ، قال محمد : وبه نأخذ ، وهو قول أبي حنيفة . (۸۵۷/۲ ، كتاب الأدب ، باب حف الشعر من الوجه)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا بأس بنتف الشيب وأخذ أطراف اللحية والسنة فيها القُبضة .... ولذا يحرم على الرجل قطع لحيته . الدر المختار . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (والسنة فيها القُبضة) وهو أن يقبض الرجل لحيته فما زاد منها على قُبضة قطعه .(۹/۴۹۷ ، ۴۹۸ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)

ما في " البحر الرائق " : وظاهر كلامهم أن المراد باللحية الشعر النابت على الخدين من عذار وعارض والذقن . (۱/۳۴ ، كتاب الطهارة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا يكره تطويل اللحية إذا كانت بقدر المسنون وهو القُبضة ، وصرح في النهاية بوجوب قطع ما زاد على القُبضة بالضم ، ومقتضاه الإثم بتركه إلا أن يحمل الوجوب على الثبوت ، وأما الأخذ منها وهي دون ذلك كما يفعله بعض المغاربة ، ومخنثة الرجال فلم يبحه أحد ، وأخذ كلها فعل يهود الهند ومجوس الأعاجم . (۳/۳۵۳ – ۳۵۵ ، كتاب الصوم ، مطلب في الأخذ من اللحية)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب جمهور الفقهاء : الحنفية والمالكية والحنابلة وهو قول عند الشافعية إلى أنه يحرم حلق اللحية لأنه مناقض للأمر النبوي باعفائها وتوفيرها . (۳۵/۲۲۵ ، لحية ، حلق اللحية)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۴۱۴۳۲،فتاویٰ رحیمیہ:۱۰/۱۰۵-۱۱۳)

## داڑھی کے متعلق مختلف باتیں

**مسئلہ**(۲۰۷): داڑھی کے متعلق لوگ مختلف باتیں کرتے ہیں، کوئی کہتا ہے ٹھوڑی کے نیچے سے اس کو شروع کرو، کوئی کہتا ہے ہونٹ کے نیچے سے ایک مشت رکھو، کوئی کہتا ہے اتنی رکھو کہ دور سے نظر آنی چاہیے، کوئی کہتا ہے کہ جتنی نیچی جائے جانے دو، کاٹنا حرام ہے، اس سلسلے میں صحیح بات یہ ہے کہ احادیثِ صحیحہ کی روشنی میں داڑھی رکھنا واجب ہے، اورکم ازکم ایک مشت داڑھی ہونا ضروری ہے،

اوراس ایک مشت کا شمار ٹھوڑی ک ینچے سے ہوگا۔
داڑھی کی حدود کنپٹی سے قریب اُبھری ہوئی ہڈی سے یچے، اور یچے والے جبڑے کے اوپر یچے، ٹھوڑی کے اوپر یچے، اور یچے والے ہونٹ کے ساتھ متصل اُگنے والے تمام بال، داڑھی کے حکم میں داخل ہیں۔ (۱)

(۱)......حوالہ سابقہ

## ناخن کاٹنے کا طریقہ

**مسئلہ (۱۱۷):** ناخن جس طرح چاہیں کاٹ سکتے ہیں، کوئی مخصوص طریقہ لازم ومتعین نہیں، اچھا یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی سے ابتدا کریں، اور چھوٹی انگلی پر ختم کریں، پھر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے کاٹتے ہوئے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر ختم کریں، اور پیر کے ناخن میں دائیں پیر کی چھوٹی انگلی سے ابتدا کریں، اور بائیں پیر کی چھوٹی انگلی پر ختم کریں، درمختار اوراس کے حاشیہ میں ایسا ہی تحریر کیا گیا ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حاشية صحيح البخاري " : ولم يثبت في ترتيب الأصابع عند القصر شيء من الأحاديث لكن ذكر النووي في شرح مسلم أنه يستحب البدأة بمسبحة اليمنى ثم الوسطى ثم البنصر ثم الخنصر ثم الإبهام ، وفي اليسرى البدأة بخنصرها ثم بالبنصر إلى الإبهام ويبدأ في الرجلين بخنصر اليمنى إلى الإبهام وفي اليسرى بإبهامها إلى الخنصر ولم يذكر الاستحباب مستندًا . كذا في الفتح والعيني . وذكر الغزالي في

الإحياء بدأ بمسبحة يده اليمنى إلى الخنصر ثم بخنصر اليسرى إلى الإبهام وختمه بإبهام اليمنى ، وذكر له وجهًا وجيها وقال في الدر وروي عنه ﷺ " من قلم أظفاره مخالفًا لم ترمد عينه أبدًا " يعني كقول علي رضي الله تعالى عنه " قلموا أظفاركم بالسنة والأدب يمينها خوابس يسارها أو خسب (المراد بالخاء الخنصر وبالواو الوسطى فقس هذا) . (٢/٥٧٨ ، كتاب اللباس ، باب تقليم الأظفار ، رقم الحاشية :٣)

ما في " المنهاج شرح صحيح مسلم للنووي " : وأما تقليم الأظفار : فسنة ليس بواجب ، وهو تفعيل من القلم وهو القطع ، ويستحب أن يبدأ باليدين قبل الرجلين ، فيبدأ بمسبحة يده اليمنى ثم الوسطى ثم البنصر ثم الخنصر ثم الإبهام ثم يعود إلى اليسرى فيبدأ بخنصرها ثم ببنصرها إلى آخرها ثم يعود إلى الرجل اليمنى فيبدأ بخنصرها ويختم بخنصر اليسرى ، والله اعلم . (٣/٤٧ ، كتاب الطهارة ، باب خصال الفطرة ، تحت رقم الحديث : ٢٥٨)

ما في " احياء العلوم " : واليد أشرف من الرِجل فيبدأ بها ثم اليمنى أشرف من اليسرى فيبدأ بها ثم على اليمنى خمسة أصابع والمسبحة أشرفها إذ هي المشيرة في كلمتي الشهادة من جملة الأصابع ثم بعدها ينبغي أن يبتدئ بما على يمينها إذ الشرع يستحب إدارة الطهور وغيره على اليمين .... فيقتضى ترتيب الدور الذهاب عن يمين المسبحة إلى أن يعود إلى المسبحة ، فتقع البداء ة بخنصر اليسرى والختم بإبهامها ويبقى إبهام اليمنى فيختم به التقليم .... وأما أصابع الرِجل فالأولى عندي إن لم يثبت فيها نقل أن يبدأ بخنصر اليمنى ويختم بخنصر اليسرى كما في التخليل . (١/١٤١ ، كتاب أسرار الطهارة ، القسم الثاني في النظافة والتنظيف الخ ، النوع الثاني فيما يحدث في البدن الخ)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وعنه عليه الصلاة والسلام : " من قلم أظفاره مخالفًا لم ترمد عينه أبدًا " يعني كقول علي رضي الله عنه : قلموا أظفاركم بسنة وأدب – يمينها خوابسُ يسارها أو خسب . وبيانه وتمامه في مفتاح السعادة وفي شرح الغزنوية روي أنه ﷺ بدأ بمسبحته اليمنى إلى الخنصر ، ثم بخنصر اليسرى

إلى الإبهام ، وختم بإبهام اليمنى ، وذكر له الغزالي في الإحياء وجهًا وجيهًا ولم يثبت في أصابع الرجل نقل ، والأولى تقليمها كتخليلها . قلت : وفي المواهب اللدنية قال الحافظ ابن حجر : إنه يستحب كيفما احتاج إليه ، ولم يثبت في كيفيته شيء ولا في تعيين يوم له عن النبي صلى الله عليه وسلم وما يعزى من النظم في ذلک للإمام علي ثم لإبن حجر قال شيخنا : إنه باطل . الدر المختار . وفي الشامية : قال العلامة ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (والأولى تقليمها كتخليلها) يعني يبدأ بخنصر رجله اليمنى ويختم بخنصر اليسرى قال في الهداية عن الغرائب : وينبغي الابتداء باليد اليمنى والانتهاء بها ، فيبدأ بسبابتها ويختم بإبهامها ، وفي الرجل بخنصر اليمنى ويختم بخنصر اليسرى اهـ . ونقله القهستاني عن المسعودية قوله : (قلت الخ) وكذا قال السيوطي : قد أنكر الإمام ابن دقيق العيد جميع هذه الأبيات وقال : لا تعتبر هيئة مخصوصة ، وهذا لا أصل له في الشريعة ولا يجوز اعتقاد استحبابه ، لأن الاستحباب حكم شرعي لا بد له من دليل وليس استسهال ذلک بصواب . (۹/ ۴۹۶ ، ۴۹۷ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، ط : ديوبند ، الموسوعة الفقهية :۵/ ۱۶۹ )

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۳۰۷، فتاویٰ دارالعلوم، رقم الفتویٰ:۴۰۷۶۵، کتاب الفتاویٰ:۶/ ۱۴۵)

## مسلم خاتون اور پیشۂ طبابت

**مسئلہ** (۷۷): بسا اوقات کوئی مسلم خاتون اچھی طبیبہ ہوتی ہے، وہ حلال آمدنی کے علاوہ اچھا وقت گزارنے اور مسلم خواتین کو علاج کی سہولت پہنچانے کے لیے دواخانہ قائم کرنا چاہتی ہے، تو اس کا شوہر اُسے اس سے منع کرتا ہے، اگرچہ شوہر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ عورت کو کوئی ذریعۂ معاش اختیار کرنے سے منع کرے، بالخصوص اس صورت میں جب کہ اس کی وجہ سے خود اس کے اور بچوں کے حقوق متاثر ہورہے ہوں، لیکن اگر صورتِ حال ایسی نہ ہو تو شوہر کو

چاہیے کہ وہ اپنی بیوی کو اس کی اجازت دیدے، اور عورت شرعی پردہ کی مکمل رعایت کے ساتھ اس پیشہ کو اختیار کرے، کیوں کہ شریعت میں یہ بات مطلوب ہے کہ عورتوں کا علاج عورتیں ہی کریں، تاکہ مریض خواتین کو مردوں کے سامنے بے پردہ نہ ہونا پڑے، اور ایسا اسی وقت ممکن ہے جب کہ خواتین طبیبات موجود ہوں۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

( ا ) ما في " رد المحتار " : والذي ينبغي تحريره أن يكون له منعها عن كل عمل يؤدي إلى تنقيص حقه أو ضرره أو إلى خروجها من بيتها ، أما العمل الذي لا ضرر له فيه فلا وجه لمنعها عنه خصوصًا في حال غيبته من بيت ، فإن ترك المرأة بلا عمل في بيتها يؤدي إلى وساوس النفس والشيطان أو الاشتغال بما لا يعني من الأجانب والجيران .
(۳۲۵/۵ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، بيروت)

ما في " البحر الرائق " : وينبغي عدم تخصيص الغزل بل له أن يمنعها من الأعمال كلها المقتضية للكسب ، لأنها مستغنية عنه لوجوب كفايتها عليه ، .... وحيث أبحنا لها الخروج فإنما يباح بشرط عدم الزينة وتغيير الهيئة إلى ما لا يكون داعية لنظر الرجال والاستمالة . (۳۳۲/۴ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة )

ما في " القرآن الكريم " : ﴿يايها النبي قل لأزواجك وبنٰتك ونسآء المؤمنين يدنين عليهنّ من جلابيبهنّ﴾ . (سوة الأحزاب : ۵۹)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : في هذه الآية دلالة على أن المرأة الشابة مأمورة بستر وجهها عن الأجنبيين وإظهار الستر والعفاف عند الخروج لئلا يطمع أهل الريب فيهنّ . (۴۷٦/۳)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : ينظر الطبيب إلى موضع مرضها بقدر الضرورة

، إذ الضرورات تتقدر بقدرها ، وكذا نظر قابلة وختان ، وينبغي أن يعلم امرأة تداويها ، لأن نظر الجنس إلى الجنس أخف . (۹/ ۵۳۳ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في النظر والمس ، بيروت) (قراردادِ اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا، اٹھارہواں سمینار،۲۰۰۹ء)

## کالج میں لڑکی کا اجنبی ساتھی سے بات چیت

**مسئلہ** (۱۰۷): کسی بھی مرد اور عورت کے لیے اجنبی غیر محرم عورت اور مرد سے بلا ضرورت، بغیر حجاب بات چیت کرنا شرعاً ناجائز ہے، خواہ آپس میں وہ کلاس ساتھی ہی کیوں نہ ہو، البتہ بات کرنے کی ضرورت پڑ جائے، تو ضرورت کے بقدر پردہ کے ساتھ بات کرنے کی گنجائش ہے، اور عورت کو چاہیے کہ نرم لہجہ میں بات نہ کرے، بلکہ سخت لہجہ میں بات کرے۔(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قوله تعالى : ﴿فلا تخضعن بالقول فيطمع الذي في قلبه مرض﴾ قيل فيه ان لا تلين القول للرجال على وجه يوجب الطمع فيهن من أهل الريبة ، وفيه الدلالة على أن ذلک حکم سائر النساء في نهيهن عن إلانَةِ القول للرجال على وجه يوجب الطمع فيهن ، ويستدل به على ذلک رغبتهن فيهم ، والدلالة على أن الأحسن بالمرأة أن لا ترفع صوتها بحيث يسمعها الرجال .

(۳/ ۴۷۰ ، تحت سورة الأحزاب)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : الخلوة بالأجنبية حرام ...... ولا يكلم الأجنبية إلا عجوزًا عطست أو سلمت فيشمتها لا يرد السلام عليها ، وإلا لا . الدر المختار .

وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله تعالى : ويجوز الكلام المباح مع امرأة أجنبية .... وتقدم في شروط الصلاة أن صوت المرأة عورة على الراجح ، ومر الكلام فيه ،

فراجعه . (۹/ ۵۲۹ – ۵۳۱ ، کتاب الحظر والإباحة)
ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الفقهاء إلى أنه لا يجوز التكلم مع الشابة الأجنبية بلا حاجة ، لأنه مظنة الفتنة . (۳۵/ ۱۲۲ ، كلام ، الكلام مع المرأة الأجنبية)
ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : وأما المعاشر قبل الزواج والذهاب معًا إلى الأماكن العامة وغيرها ، فهو كله ممنوع شرعًا . (۹/ ۶۵۰۸ ، القسم السادس ، الأحوال الشخصية ، الفصل الأول ، ثاني عشر : تحريم الخلوة بالمخطوبة)
(فتاوی بنوریہ، رقم الفتوی:۹۴۳۸)

## منہ بولے بھائی بہن سے پردہ

**مسئلہ** (۱۲۴): بعض علاقوں میں یہ رواج ہوتا ہے کہ جس عورت کا کوئی بھائی نہیں ہوتا، وہ کسی اجنبی شخص کو اپنا منہ بولا بھائی بنالیتی ہے، اسی طرح جس آدمی کی کوئی بہن نہیں ہوتی، وہ کسی اجنبیہ عورت کو اپنی منہ بولی بہن بنالیتا ہے، اور اس منہ بولے بھائی یا بہن کو حقیقی بھائی بہن کا درجہ دے کر اس سے پردہ بھی نہیں کیا جاتا ہے، جب کہ شرعاً منہ بولے بھائی یا بہن کی کوئی حیثیت نہیں، وہ اجنبی ہیں، اور اُن سے پردہ ضروری ہے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لا جُناح عليهنّ في اٰبآئهنّ ولا أبنآئهنّ ولآ إخوانهنّ ولا أبنآء إخوانهنّ ولا أبنآء أخواتهنّ ولا نسآء هنّ ولا ما ملكتْ أيمانهنّ واتّقينَ الله﴾ .
(الأحزاب :۵۵)
ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال قتادة : رخص لهؤلاء أن لا يجتنبن منهم ، قال أبوبكر : ذكر ذوي المحارم منهنّ وذكر نساء هنّ . (۳/ ۳۷۰ ، ط : دار الكتب

العربي بيروت ، ۴۸۴/۳ ، باب في حجاب النساء ، ط : شيخ الهند)
ما في " مرقاة المفاتيح " : وعن عقبة بن عامر قال : قال رسول الله ﷺ : " إياكم والدخول على النساء ، أي غير المحرمات على طريق التخلية أو على وجه التكشف .
(۴۱۰/۳ ، كتاب النكاح ، باب النظر إلى المخطوبة ، ط : بمبئى هند)
(آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۸/۷۷،تخریج شدہ)
ما في " جامع الأحكام الفقهية " : وهذا كله في معنى ما حرّم من المناكح ، فإن ذلك على المعاني في الولادات وهؤلاء محارم . (۲۹۵/۳ ، مسألة : ۱۹۵۲ ، جواز إبداء المرأة زينتها لأبناء زوجها ، بيروت)
ما في " تبيين الحقائق " : لا يجوز النظر إلى المرأة لما فيه من خوف الفتنة ، ولهذا قال عليه الصلاة والسلام : " المرأة عورة مستورة " .
(۳۹/۷ ، كتاب الكراهية ، فصل في النظر والمس)
ما في " بدائع الصنائع " : وأما النوع السادس : وهنّ الأجنبيات الحرائر ، فلا يحلّ النظر للأجنبي من الأجنبية الحرة ........ لقوله تعالى : ﴿قل للمؤمنين يغضّوا من أبصارهم﴾ [النور : ۳۰] . (۴۹۲/٦ ، كتاب الاستحسان ، النوع السادس ، بيروت)

## الکحل ملا ہوا ٹوتھ پیسٹ اور صابون

**مسئلہ (۱۳٦):** جو چیزیں ہم روزہ مرّہ استعمال کرتے ہیں، مثلاً ٹوتھ پیسٹ ،صابون وغیرہ، ان میں بہت سارے کیمیکل ہوتے ہیں، ان میں صنعتی الکحل بھی ہوتا ہے، جو پٹرولیم سے بنایا جاتا ہے، اور کھجور وانگور سے بھی بنایا جاتا ہے، جب تک شرعی تحقیق سے یہ ثابت نہ ہو کہ ان میں حرام الکحل کی آمیزش کی گئی، اور اس کی ماہیت کو کسی طریقہ سے تبدیل نہیں کیا گیا، تب تک ان کے استعمال پر حرام ہونے کا حکم نہیں لگایا جاسکتا، اور ان کا استعمال درست ہے[1]،

البتہ اگرکسی کو یہ شک ہو کہ ان میں حرام چیزوں کی آمیزش کی جاتی ہے، تو اس کے لیے بہتر یہی ہے کہ وہ ان کے استعمال سے اپنے آپ کو بچائے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأشباه مع شرحه للحموي " : هل الأصل في الأشياء الإباحة – قال الحموي : ذكر العلامة قاسم بن قطلوبغا في بعض تعليقه أن المختار أن – الأصل الإباحة عند جمهور أصحابنا –. (۱/۲۵۲ ، تحت القاعدة الثالثة ، هل الأصل في الأشياء الإباحة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : القاعدة الأولى : اليقين لا يزول بالشكّ – معنى هذه القاعدة أن ما ثبت بيقين لا يرتفع بالشک ، وما ثبت بيقين لا يرتفع إلا بيقين .

(۲۸۹/۵ ، يقين ، قواعد الفقه :ص/۱۱)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن النعمان بن بشير رضي الله عنه قال : قال النبي ﷺ : " الحلال بيّن والحرام بيّن ، وبينهما أمور مشتبهةٌ ، فمن ترک ما شبّه عليه من الإثم كان لما استبان اترک ، ومن اجترأ على ما يشک فيه من الإثم أوشک أن يواقع ما استبان ، والمعاصي حمى الله، من يرتع حول الحمى يوشک أن يواقعه " .

(۱/۲۷۵ ، كتاب البيوع ، باب الحلال بين والحرام بين وبينهما أمور مشتبهات ، رقم الحديث : ۲۰۵۱ ، صحيح مسلم :۲۸/۲ ، كتاب المساقاة والمزارعة ، باب أخذ الحلال وترک الشبهات)

ما في " جامع الترمذي " : عن النعمان بن بشير رضي الله عنه قال : سمعتُ رسول الله ﷺ يقول : " الحلال بيّنٌ والحرام بيّن ، وبين ذلک أمورٌ مشتبهات ، لا يدري كثيرٌ من الناس أمِن الحلال هي أم من الحرام ، فمن تركها استبرأ لدينه وعرضه فقد سلم ، ومن واقع شيئًا منها يوشک أن يواقع الحرام كما أنه من يرعى حول الحمى يوشک أن يواقعه ، ألا وإن لكل ملک حمى ؛ ألا وإن حمى الله محارمه " . (۱/۲۲۹ ، كتاب

البيوع ، باب ما جاء في ترك الشبهات ، رقم الحديث : ١٢٠٥ )

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۵۲۲۶)

# فصل فی الاکل والشرب

## حلال کھانے اور حلال پہننے کا اہتمام

**مسئلہ** (۱۱۸): عبادتوں کی قبولیت کے لیے اکلِ حلال (حلال کھانے) کا اہتمام ضروری ہے، اگر کوئی آدمی حرام مال کا ایک لقمہ بھی کھاتا ہے، تو چالیس دن تک اس کی عبادت قبول نہیں ہوتی، تاہم قبول نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس عبادت پر جو اجر وثواب ہونا چاہیے تھا وہ نہ ہوگا، اگر چہ فرض ذمہ سے ساقط ہوجائے گا، مگر یہ کتنا عظیم خسارہ ہے کہ آدمی عبادت کرے اور ثواب سے محروم رہے، اس لیے حلال کمانے، حلال کھانے اور حلال پہننے اوڑھنے کا اہتمام ہونا چاہیے۔[۱]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الرسل كلوا من الطيبٰت واعملوا صٰلحًا﴾ .

(سورة المؤمنون : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " يا أيها الناس ! إن اللهَ طيبٌ لا يقبل إلا طيبًا ، وإن الله تعالى أمر المؤمنين بما أمر به المرسلين ، فقال : ﴿يا أيها الرسل كلوا من الطيبٰت واعملوا صٰلحًا﴾ وقال : ﴿يا أيها الذين آمنوا كلوا من طيبٰت ما رزقناكم﴾ ثم ذكر الرجل يطيل السفر أشعث أغبر ، ومطعمه حرام ، ومشربه حرام ، وملبسه حرام ، وغُذي بالحرام ، يمد يديه إلى السماء

يا رب يا رب ، فأنى يستجاب لذلك ، وتقديم الأمر بأكل الحلال ، لأن أكل الحلال معين على العمل الصالح . (۱۰/۶۰ ، سورة المؤمنون : ۵۱)

ما في " كنز العمال " : " من أكل لقمة من حرام لم تقبل له صلاة أربعين ليلة ، ولم تستجب له دعوة أربعين صباحًا ، وكل لحم نبت من الحرام فالنار أولى به ، وإن اللقمة الواحدة من الحرام لَتُنبِتُ اللحم " . (الديلمي عن ابن مسعود)

(۸/۴ ، كتاب البيوع ، قسم الأقوال ، رقم الحديث : ۹۲۶۲)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي بكر أن رسول الله ﷺ قال : " لا يدخل الجنة جسدٌ غذِي بالحرام " . رواه البيهقي في شعب الإيمان . (ص/۲۴۳ ، كتاب البيوع ، باب الكسب وطلب الحلال ، الفصل الثالث ، رقم الحديث : ۲۷۸۷)

(فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۳۷۸۶۲)

## بیوی بچوں کوحرام آمدنی کھلانا

**مسئلہ**(۱۲۷): بہت سے مسلمان خاندان ایسے ہیں،جن کے مرد حرام چیزوں کا کاروبار کرتے ہیں، اُن کے بیوی بچے اگرچہ اُن کے اِس کاروبار کو ناپسند کرتے ہیں،لیکن اُن کی پرورش بھی اسی آمدنی سے ہورہی ہوتی ہے،تو ایسی صورت میں بیویوں پر واجب ہے کہ وہ اپنے شوہروں سے حرام کاروبار چھڑانے کی پوری کوشش کریں،لیکن اِس کوشش کے باوجود اگر وہ اس کاروبار کو نہ چھوڑیں، تو پھر اگر ان بیویوں کے لیے جائز طریقے سے اپنے اخراجات برداشت کرنا ممکن ہو،تو اس صورت میں ان کے لیے اپنے شوہروں کے حرام مال میں سے کھانا جائز نہیں،لیکن اگر ان کے لیے اپنے اخراجات برداشت کرنا ممکن نہ ہو،تو اس صورت میں ان کے لیے اپنے شوہروں کے مال میں سے کھانا جائز ہے،اور حرام کھلانے کا

گناہ ان کے شوہروں پر ہوگا[۱]، نابالغ اور چھوٹے بچوں کے لیے بھی یہی حکم ہے، اور حرام کھلانے کا گناہ باپ پر ہوگا، البتہ بالغ اور بڑی اولاد خود کما کر کھائیں، باپ کے حرام مال سے نہ کھائیں۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وفي جامع الجوامع " : اشترى الزوج طعامًا أو كسوة من مال خبيث جاز للمرأة أكله ولبسها والإثم على الزوج . (۹/ ۲۳۰ ، كتاب الغصب ، مطلب شرى دارا وسكنها فظهرت لوقف أو يتيم الخ)

وفيه أيضًا : وفي الخانية : امرأة زوجها في أرض الجور إذا أكلت من طعامه ولم يكن عينه غصبًا أو اشترى طعامًا أو كسوة من مال أصله ليس بطيب فهي في سعة من ذلک والإثم على الزوج . (۹/ ۴۷۱ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، ط : ديوبند)

ما في " الفتاوى الخانية على هامش الهندية " : امرأة زوجها في أرض الجور أو له مال يأخذه من قبل السلطان وهي تقول : لا أقعد معک في أرض الجور ، قال الفقيه أبو بكر البلخي رحمه الله تعالى : إن أكلت من طعامه ولم يكن عين ذلک الطعام غصبًا فهي في سعة من أكله ، وكذا لو اشترى لها طعامًا أو كسوة من مال ليس أصله بطيب فهي في سعة من تناول ذلک الطعام والثياب ويكون الإثم على الزوج .

(۳/ ۴۰۲ ، كتاب الحظر والإباحة)

(۲) ما في " أحكام المال الحرام " : فإذا كان المال الحرام في يد الوالد ينفق منه على نفسه وأبنائه لغير حاجة أو فقر ، فإن الأب يكون آثمًا بهذا الإنفاق إذا وجد المال الحلال أو كان قادرًا على تحصيله .... أما الأبناء ففي حكم انفاقهم من المال الحرام الذي عند الأب ينبغي التفريق بين حالتين : الأولى ؛ أن يكون الإبن غير قادر على تحصيل المال الحلال ، إما لعجزه أو لصغر سنه وكانت نفقته واجبة على أبيه ... فإن

حكمه في الأخذ من هذا المال حكم المضطر إلى دفع الأذى عن نفسه بالميتة ، فيجوز له أن يأخذ ما ينفقه عليه والده وأن ينتفع به مع إنكاره في قلبه لهذا الأمر إلى أن يصبح قادرًا على الاعتماد على نفسه في تحصيل الكسب الحلال أو أن يأتيه مال من مصدر حلال ... والثانية : أن يكون الإبن قادرًا على الاعتماد على نفسه ، والاستغناء عن والده وله قدرة على تحصيل المال من مصدر حلال ، فإنه يحرم عليه أن يقبل نفقة والده من المال الحرام لاستغنائه بنفسه عن هذا المال .

(ص/۲۸۹ ، ۲۹۰ ، الفصل الرابع ، المبحث الثاني ، المطلب الأول ، انفاق الأبناء من المال الحرام في يد الوالدين) (فتاویٰ عثمانی:۳/۱۲۶،اسلام اور جدید معاشی مسائل:۴/۵۲)

## ہاتھ دھوکر تولیہ سے پونچھنا

**مسئلہ(۱۸۱):** بعض لوگ جب کھانے کے لیے ہاتھ دھوتے ہیں، تو اُنہیں تولیہ اور رومال وغیرہ میں پونچھتے ہیں، اور بعض پونچھتے نہیں، مگر چھڑکتے ہیں، یہ دونوں باتیں اخلاق وآداب کے خلاف ہیں، ادب یہ ہے کہ کھانے کے لیے جب ہاتھ دھوئیں، تو اُنہیں تولیہ رومال میں نہ پونچھیں، اور نہ چھڑکیں[1]، کیوں کہ یہ بدتہذیبی ہے، ہاں! کھانے کے بعد اور وضو یا غسل کے بعد پونچھ سکتے ہیں۔[2]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وسنة الأكل البسملة أوله والحمدلة آخره ، وغسل اليدين قبله وبعده . در مختار . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وغسل اليدين قبله) لنفي الفقر ولا يمسح يده بالمنديل ليبقى أثر الغسل ، وبعده لنفي اللمم ويمسحها ليزول أثر الطعام . (۹/۴۱۳ ، كتاب الحظر والإباحة)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا يمسح يده قبل الطعام بالمنديل ليكون أثر الغسل باقيًا وقت الأكل ويمسحها بعده ليزول أثر الطعام بالكلية . كذا في خزانة المفتين .
(۳۳۷/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الحادي عشر في الكراهة في الأكل وما يتصل به ، كذا في ملتقى الأبحر شرح مجمع الأنهر :۱۸۱/۴ ، كتاب الكراهية ، فصل في الأكل)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن عائشة قالت : " كانت لرسول الله ﷺ خرقة ينشف بها بعد الوضوء " . (۱۸/۱ ، كتاب الطهارة ، باب المنديل بعد الوضوء)
ما في " مرقاة المفاتيح " : وفي شرح الكنز للزيلعي : لا بأس بالتمسّح بالمنديل بعد الوضوء . (۱۱۸/۲ ، كتاب الطهارة ، باب سنن الوضوء ، تحت رقم الحديث : ۴۲۰)
(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۳۶۳۱۱)

## دوسرے کے دسترخوان پر فراخدلی کا مظاہرہ

**مسئلہ** (۹۵): اگر کسی شخص کی کہیں دعوت ہو اور وہ اُس دعوت میں حاضر ہو کر کھانا کھا رہا ہو، اِس درمیان اُس کا بچہ یا اُس سے متعلق کوئی شخص کسی ضرورت سے اُس کے پاس آئے، تو وہ اپنے اس بچے یا متعلق شخص کو میزبان کی اجازت کے بغیر کھانے میں شریک نہیں کرسکتا، اور نہ دسترخوان کی کوئی چیز اُنہیں دے سکتا ہے، بعض مہمان ایسے موقع پر بڑی فراخدلی کا مظاہرہ کرتے ہیں، جو بڑی اچھی صفت ہے، مگر اس کا موقع اپنا دسترخوان ہوتا ہے، نہ کہ دوسروں کا، اسی طرح بعض مہمان آپس میں ایک دوسرے کو کھانے کی ترغیب دیتے ہیں، حالانکہ وہ اِس کے مجاز نہیں ہوتے ہیں، لہٰذا ایسی باتوں سے بچنا چاہیے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا يجوز لمن كان على المائدة أن يعطي انسانًا دخل هناک لطلب انسان أو لحاجة . كذا في فتاوى قاضيخان . والصحيح في هذا أنه ينتظر إلى العرف والعادة دون التردّد . كذا في الينابيع . وكذا لا يدفع إلى ولد صاحب المائدة وعبده وكلبه وسنوره . كذا في فتاوى قاضيخان . الضيف إذا ناول من المائدة هرّة لصاحب الدار أو لغيره شيئًا من الخبز أو قليلا من اللحم يجوز استحسانًا لأنه إذن عادة ، ولو كان عندهم كلب لصاحب الدار أو لغيره لا يسعه أن يناوله شيئًا من اللحم أو الخبز إلا بإذن صاحب البيت لأنه لا إذن فيه عادة .

(۵/۳۴۴ ، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات)

ما في " المحيط البرهاني " : ولا يجوز للضيف أن يعطي من ذلک انساناً دخل عليهم لطلب انسان أو حاجة أخرى لأنه لا تعامل فيه ، وكذا لا ينبغي له أن يعطي سائلا شيئًا من الخبز ، أو قليلا من اللحم فلا بأس به ، لأن فيه تعامل ، فكان الإذن به ثابتًا عادةً .

(۶/۱۱۰ ، ۱۱۱ ، كتاب الاستحسان والكراهية ، الفصل السابع عشر في الهدايا والضيافات ، بيروت)

ما في " فتاوى قاضي خان " : ولا يجوز لمن كان على المائدة أن يعطي انسانًا دخل هناک لطلب انسان أو حاجة أخرى ، وكذلک لا يدفع إلى ولد صاحب المائدة وعبده وكلبه وسنوره ، رجل دعى قومًا إلى طعام فرقهم على اخونة ليس لأهل هذا الخوان أن يتناول من طعام خوان آخر ، لأن صاحب الطعام إنما أباح لأهل كل خوان أن يأكل ما كان على خوانه لا غير . (۴/۳۶۶ ، كتاب الحظر والإباحة)

(فتاویٰ محمودیہ:۲۷/ ۱۲۸)

## جان نہ پہچان ، بن بلائے مہمان

**مسئلہ (۱۸۰):** شادیوں کے موسم میں بعض لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ جہاں کہیں منڈپ لگا ہوا ہے، کھانا جاری ہے، تو بیٹھ گئے، کھانا کھالیا اور چل

دیئے، جب کہ انہیں نہ تو کھانے کی دعوت ہوتی ہے، اور نہ اجازت، اس طرح بغیر دعوت اور بغیر اجازت (صراحۃً یا دلالۃً) کے کسی کے یہاں کھانا- کھانا جائز نہیں ہے، اور غیرت وحمیت کے بھی خلاف ہے، حدیث پاک میں ہے: ''جو شخص بغیر دعوت کے کھانے کے لیے گیا، وہ چور بن کر داخل ہوا، اور لٹیرا بن کر واپس ہوا۔''(۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عبد الله بن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من دعي فلم يجب فقد عصى الله ورسوله ، ومن دخل على غير دعوة دخل سارقًا وخرج مُغيرًا " رواه أبو داود . (ص/۲۷۸، كتاب النكاح ، باب الوليمة ، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۳۲۲۲ ، سنن أبي داود :ص/۵۲۵، كتاب الأطعمة ، باب ما جاء في إجابة الدعوة ، رقم الحديث : ۳۷۴۱)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (دخل سارقًا) لأنه دخل بغير إذنه فيأثم كما يأثم السارق في دخول بيت غيره . (وخرج مغيرًا) أي ناهبًا غاصبًا ، يعني وأن اكل من تلك الضيافة فهو كالذي يغير أي يأخذ مال أحد غصبًا ، والحاصل أنه ﷺ أمته مكارم الأخلاق البهية ونهاهم عن الشمائل الدنية ، فإن عدم إجابة الدعوة من غير حصول المعذرة يدل على تكبير النفس والرعونة وعدم الألفة والمودة ، والدخول من غير دعوة يشير إلى حرص النفس ودناءة الهمة وحصول المذلة والمهانة ، فالخلق الحسن هو الاعتدال بين الخلقين المذمومين . (۶/۳۴۴ ، عون المعبود :ص/۱۶۰۴ )

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۵۷۱۷)

# جھینگے کا شرعی حکم

**مسئلہ** (۸۵): جھینگے کو عربی زبان میں "رُوبیان" یا "اِرْبیانْ" کہا جاتا ہے، اور انگریزی میں "Shrimp" یا "Prawn" کہتے ہیں، ائمہ ثلاثہ (امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ) کے نزدیک جھینگے کے حلال ہونے میں کوئی شبہ نہیں، کیوں کہ اُن کے ہاں کچھ استثنائی جانوروں کے علاوہ تمام سمندری جانور حلال ہیں، فقہاءِ احناف کے نزدیک سمندری جانوروں میں سے جو مچھلی یعنی سمک کی تعریف میں داخل ہے وہ حلال ہے، البتہ جھینگے کی حلت میں اختلاف ہے، جن حضرات نے ماہرینِ لغت کی تحقیق کے مطابق اُسے مچھلی میں شمار کیا ہے اُن کے ہاں اس کا کھانا حلال ہے، اور جن حضرات نے ماہرین حیوانات کی رائے کو مانتے ہوئے اسے مچھلی کی تعریف سے خارج کر دیا ہے، انہوں نے اس کے کھانے کو ممنوع قرار دیا ہے، البتہ جواز کا قول راجح معلوم ہوتا ہے، کہ اس قسم کے مسائل میں شریعت کا مزاج یہ ہے کہ وہ لوگوں کے عرفِ عام کا اعتبار کرتا ہے، فنی باریکیوں کو نہیں دیکھتا، اس لیے جھینگے کے مسئلے میں سختی کرنا مناسب نہیں، بالخصوص جب کہ بنیادی طور پر یہ مسئلہ اجتہادی ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک جھینگے کے حلال ہونے میں کوئی شبہ نہیں، نیز کسی مسئلہ میں فقہاء کا اختلاف تخفیف کا باعث ہوتا ہے، تاہم اس کے کھانے سے اجتناب کرنا زیادہ مناسب، زیادہ احوط اور زیادہ اَولیٰ ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

( ا ) ما في " حياة الحيوان للدميري " : الروبيان هو سمك صغير جدًا أحمر .

(٣٥٣/١)

ما في " تكملة فتح الملهم " : وأما الروبيان أو الإربيان الذي يسمى في اللغة المصرية " جمبري " وفي اللغة الأردية " جهينگا " وفي الإنكليزية " Shrimp " أو " Prawn " فلا شك في حلته عند الأئمة الثلاثة ، لأن جميع حيوانات البحر حلال عندهم ، وأما عند الحنفية فيتوقف جوازه على أنه سمك أو لا ، فذكر غير واحد من أهل اللغة أنه نوع من السمك ، .... ولكن خبراء علم الحيوان اليوم لا يعتبرونه سمكًا ، ويذكرونه كنوع مستقل ، ويقولون : إنه من أسرة السرطان دون السمك ، ..... فمن أخذ بحقيقة الإربيان حسب علم الحيوان قال بمنع أكله عند الحنفية ، ومن أخذ بعرف أهل الرب قال بجوازه وربما يرجح هذا القول بأن المعهود من الشريعة في أمثال هذه المسائل الرجوع إلى العرف المتفاهم بين الناس ، دون التدقيق في الأبحاث النظرية ، فلا ينبغي الشديد في مسألة الإربيان عند الإفتاء ، ولا سيما في حالة كون المسألة مجتهدا فيها من أصلها ، ولا شك أنه حلال عند الأئمة الثلاثة ، وإن اختلاف الفقهاء يورث التخفيف كما تقرر في محله ، غير أن الاجتناب عن أكله أحوط وأولى وأحرى ، والله سبحانه وتعالى أعلم .

(٥١٣/٣ – ٥١٤ ، كتاب الصيد والذبائح ، مسألة الروبيان)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ولا) يحل (حيوان مائي إلا السمك) ... (وحل الجراد) وإن مات حتف أنفه ، بخلاف السمك (وأنواع السمك بلا ذكاة) لحديث : " أحلت لنا ميتتان ؛ السمك والجراد " .

(٤٤٤/٩ – ٤٤٦ ، كتاب الذبائح)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " أحلت لنا ميتتان ودمان : الحوت والجراد ، والدمان : الكبد والطحال " . رواه أحمد وابن ماجة والدار قطني . (ص/ ٣٦١ ، كتاب الصيد والذبائح ، باب ما يحل أكله وما يحرم

، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۴۱۳۲)

ما في " جامع الترمذي " : عن أبي الحوراء السعدي قال : قلتُ للحسن بن علي : ما حفظتَ من رسول الله ﷺ ؟ قال : حفظتُ من رسول الله ﷺ : " دع ما يُريبك إلى ما لا يريبك " . الحديث . (ص/..، كتاب صفة القيامة والرقائق والورع ، رقم الحديث : ۲۵۱۸) (فقہی مقالات:۳/۲۱۵،امداد الفتاویٰ:۴/۱۰۳،۱۰۴،فتاویٰ محمودیہ:۲۷/۱۹۴،فتاویٰ رحیمیہ:۱۰/۷۷،فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۱۰۰۳۲)

## غیر مسلموں کا کھانا

**مسئلہ**(۴۲): غیر مسلموں کا کھانا اگر حلال اور پاک وصاف ہونے کا یقین ہو،اور کسی موقع پر اُسے کھانا پڑ جائے تو اس کے کھانے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اس کی مستقل عادت بنالینا جو دوستانہ تعلقات کو جنم دیتا ہے جائز نہیں،اس سے بچنا چاہیے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿اليوم أحل لكم الطيبات وطعام الذين أوتوا الكتاب حل لكم وطعامكم حل لهم﴾ . (سورة المائدة : ۵)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : ﴿وطعام الذين أوتوا الكتاب حل لكم﴾ . الخامسة : وأما المجوس فالعلماء مجمعون إلا من شذ منهم على أن ذبائحهم لا تؤكل ولا يتزوج منهم ، لأنهم ليسوا أهل الكتاب على المشهور عند العلماء ، ولا بأس بأكل طعام من لا كتاب له كالمشركين وعبدة الأوثان ما لم يكن من ذبائحهم ولم يحتج إلى ذكاة . (۲/۷۷ ، ۷۸)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بطعام المجوس كله إلا الذبيحة فإن ذبيحتهم حرام ولم يذكر محمد رحمه الله تعالى الأكل مع المجوس ومع غيره من أهل

الشرك أنه هل يحل أم لا ، وحكى عن الحاكم الإمام عبد الرحمن الكاتب أنه إن ابتلى به المسلم مرة أو مرتين فلا بأس به ، وأما الدوام عليه فيكره . كذا في المحيط . (۵/۳۴۷ ، كتاب الكراهية ، الباب الرابع عشر في أهل الذمة والأحكام التي تعود إليهم ، المحيط البرهاني : ۶/۱۰۳ ، كتاب الاستحسان والكراهية ، الفصل السادس عشر في معاملة أهل الذمة ، خلاصة الفتاوى : ۴/۳۴۶ ، كتاب الكراهية ، الفصل الثالث فيما يتعلق بالمعاصي) (فتاوی محمودیہ:۲۷/۵۷)

## دسہرہ کے موقع پر غیر مسلم کا مسلمان سے بکرا ذبح کرانا

**مسئلہ (۱۲۹):** غیر مسلم اپنے تہوار ''دسہرہ'' کے موقع پر بُت کے نام بکرا ذبح کرتے ہیں، وہ یہ بکرا کسی مسلمان کے ہاتھوں ذبح کراتے ہیں، مسلمان ''بسم اللہ اللہ اکبر'' کہہ کر اُسے ذبح کرتا ہے، مگر غیر مسلم کی نیت بُت کے نام ذبح کرنے کی ہوتی ہے، تو محض مسلمان کے ''بسم اللہ اللہ اکبر'' پڑھ کر اُس کو ذبح کرنے سے جانور حلال نہیں ہوگا، اور نہ اس جانور کا گوشت کھانا مسلمان کے لیے حلال ہوگا۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿حرِّمتْ عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير ومآ أهِلَّ لغير الله به والمنخنقة والموقوذة والمتردِّية والنطيحة ومآ أكَل السبُع إلا ما ذكّيتُم وما ذُبح على النُصُب﴾ . (سورة المائدة : ۳)

ما في '' روح المعاني " : واختلف فيها فقيل في حجارة كانت حول الكعبة وكانت ثلاثمائة وستين حجرًا ، وكان أهل الجاهلية يذبحون عليها – فعلى – على أصلها ، ولعل ذبحهم عليها كان علامة لكونه لغير الله تعالى ، وقيل : هي الأصنام لأنها تنصب

فتعبد من دون الله ، و" على " إما بمعنى اللام ، أو على أصلها بتقدير وما ذبح مسمى على الأصنام . (۴/۸۷ ، تفسير المظهري :۳/۵۲)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۷۰۹۱،فتاویٰ محمودیہ:۲۷/۸۱،ط؛میرٹھ،فتاویٰ عزیزی:ص/۵۳۵)

## پایہ کے اوپر کی جلد کھانا

**مسئلہ(۱۳۲):** اگر پایہ کے اوپر کی جلد نہ ہٹائی جائے بلکہ صرف بالوں کو جلا دیا جائے، اور اُن کی جڑیں اس جلد میں باقی رہ جائیں، تب بھی پایہ کھانا مکروہ یا حرام نہیں ہے، کیوں کہ فقہاء کرام نے چمڑے کو گوشت کے مثل جائز قرار دیا ہے، جب کہ چمڑے میں بالوں کی جڑیں بھی رہتی ہیں۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الشامية " : لكن إذا كان جلد ميت مأكول اللحم لا يجوز أكله ........ والحاصل أن ذكاة الحيوان مطهرة لجلده ولحمه إن كان الحيوان مأكولا .

(۱/۳۱۷ – ۳۱۹ ، كتاب الطهارة ، باب المياه ، مطلب في أحكام الدباغة)

ما في " البزازية على هامش الهندية " : وذكر بكر رحمه الله تعالى أن الجلد كاللحم ليس له بيعه والتصدق بثمنه ، وإن باعه بشيء ينتفع به بعينه يجوز ، وذكر هشام أنه يباع ما يؤكل بما يؤكل وما لا يؤكل بما لا يؤكل .

(۶/۲۹۴ ، كتاب الأضحية ، السادس في الانتفاع)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (كره تحريمًا) وقيل تنزيها ، والأول أوجه (من الشاة سبع : الحياء والخصية والغدة والمثانة والمرارة والدم المسفوح والذكر للأثر الوارد في كراهة ذلك . (۱۰/۳۹۵ ، ۳۹۶ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، كذا في مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر :۴/۴۸۹ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۷/۲۹۱،ط؛کراچی)

# حلال جانور کے خصیے (فوطے)

**مسئله (۱۷۴):** بعض لوگ حلال جانور کے خصیے (فوطے) کھاتے ہیں، جب کہ یہ حرام ہیں، کیوں کہ حضراتِ فقہاء کرام نے حلال جانور میں سات چیزوں کو حرام قرار دیا ہے: (۱) دم سائل، (۲) ذَکر، (۳) خصیے، (۴) قُبل، (۵) غُدّہ، (۶) مثانہ (۷) پِتّہ، لہٰذا ان چیزوں کے استعمال سے بچنا لازم ہے۔[1]

---

الحجة على ما قلنا :

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : كره تحريمًا وقيل تنزيهًا ، والأول أوجه من الشاة سبع : الحياء والخصية والغدة والمثانة والدم المسفوح والذكر ، للأثر الوارد في كراهة ذلک ، وجمعها بعضهم في بيت واحد فقال :

فقل ذكر والأنثيان مثانة
كذاک دم ثم المرارة والغُدَدُ

(۱۰/۳۹۵ ، ۳۹۶ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى)

ما في " بدائع الصنائع " : فالذي يحرم أكله منه سبعة : الدم المسفوح ، والذكر والأنثيان والقبل والغدة والمثانة والمرارة ، لقوله عزّ شأنه : ﴿ويحلّ لهم الطيبٰت ويحرّ عليهم الخبآئث﴾ . وهذه الأشياء السبعة مما تستخبثه الطباع السليمة فكانت محرمة . (۶/۲۷۲ ، كتاب الذبائح والصيود ، فصل فيما يحرم أكله من أجزاء الحيوان)

ما في " البحر الرائق " : قال رحمه الله : (كره من الشاة الحياء والخصية والغدة والمثانة والمرارة والدم المسفوح والذكر) لما روى الأوزاعي عن واصل بن مجاهد قال : كره رسول الله ﷺ من الشاة الذكر والأنثيين والقبل والغداة والمرارة والمثانة ، قال أبو حنيفة : الدم حرام وكره الستة وذلک لقوله تعالى : ﴿حرمت

علـيـكـم الميتة﴾ [المائدة :۳] وكره ما سواه لأنه مما تستخبثه النفس وتكرهه ، وهذا المعنى سبب الكراهة لقوله تعالى : ﴿ويحرّم عليهم الخبآئث﴾ . [الأعراف :۱۵۷] . (۳۵۸/۹ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، النتف في الفتاوى :ص/۱۵۱ ، كتاب الذبائح والصيد ، ما يكره من الشاة المذبوحة)

(فتاویٰ محمودیہ:۲۶/۲۱۶-۲۲۱،فتاویٰ رحیمیہ:۱۰/۷۹،۸۰،فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۸۱۱۴)

## علماء کودعوت میں مرغی کا گوشت کھلانا

**مسئلہ**(۱۵۸): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ حضراتِ علماء کرام کودعوتوں میں اکثر مرغی کا گوشت کھلایا جاتا ہے، کیا آپ ﷺ نے مرغی کھائی، اور کیا آپ ﷺ کے زمانے میں مرغیاں دستیاب تھیں؟......جواباً عرض ہے کہ-حضراتِ علماء کرام انبیاء علیہم السلام کے وارثین ہیں، اُن کا اکرام واعزاز لازم ہے، اور مہمان جس قدر عظیم ہوتا ہے، میزبان اسی قدر اس کی مہمانی ومیزبانی کا اہتمام کرتا ہے، علماء کو دعوتوں میں مرغی کا گوشت پیش کرنا یہ بھی اسی اکرام کا جزء ہے[1]، رہی یہ بات! کہ کیا آپ ﷺ نے مرغی کھائی؟......تو ترمذی شریف کی یہ روایت کہ-حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے خود آپ ﷺ کو مرغی کا گوشت کھاتے ہوئے دیکھا-سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے مرغی کا گوشت تناول فرمایا ہے-[2]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إني جاعلك للناس إمامًا﴾ . (سورة البقرة :۱۲۴)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وإذا ثبت أن اسم الإمامة يتناول ما ذكرناه ،

فالأنبياء عليهم السلام في أعلى رتبة الإمامة ، ثم الخلفاء الراشدون بعد ذلك ، ثم العلماء والقضاة العدول ، ومن ألزم الله تعالى الاقتداء بهم ، ثم الإمامة في الصلاة ونحوها . (۱/۸۳ ، مطلب في الحثّ على نظافة البدن والثياب)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي موسى قال : " رأيتُ رسول الله ﷺ يأكل لحم دجاج " - وفي الحديث كلام أكثر من هذا ، هذا حديث حسن صحيح . (۲/۴ ، أبواب الأطعمة ، باب ما جاء في أكل الدجاج) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۴۰۲۴)

## مکہ مکرمہ ومدینہ طیبہ میں ''اُلبیک ریسٹورنٹ'' کا چکن

**مسئلہ (۱۵۹):** بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ مکہ مدینہ میں چکن کا سالن، اور ''اُلبیک ریسٹورنٹ'' کا چکن کھانا، جائز نہیں ہے، اُن کی یہ بات علی الاطلاق (بلا قید) درست نہیں ہے، بلکہ اس میں قدرے تفصیل ہے، اور وہ یہ کہ- اگر یقین کے ساتھ یہ معلوم ہو کہ مرغ کو شرعی طریقہ پر ذبح کیا گیا ہے، نیز ذبح کے بعد اس کو گرم پانی میں اتنی دیر نہ رکھا گیا ہو کہ نجاست کے اثرات گوشت میں جذب ہو جائیں، تو اس کا کھانا شرعاً حلال وجائز ہے، اور اگر یقین کے ساتھ یہ معلوم ہو کہ مرغ کو شرعی طریقہ پر ذبح نہیں کیا گیا، یا ذبح کے بعد گرم پانی میں اتنی دیر تک رکھا گیا کہ نجاست کے اثرات گوشت میں سرایت کر گئے، تو اس کا گوشت حلال وجائز نہیں ہے، اور اگر ان دونوں باتوں میں شک ہے، تو اُس گوشت کا کھانا جائز نہیں ہے، کیوں کہ گوشت میں اصل حرمت ہے، اور جب تک یہ ثابت نہ ہو جائے کہ اسے کسی مسلمان نے ذبح کیا ہے، یا ایسے کتابی نے ذبح کیا ہے، جو شرائطِ شرعیہ کی پابندی کرتا ہے، اس وقت تک اس کو کھانا جائز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

( ا ) ما في " رد المحتار " : قوله : (وكذا دجاجة الخ) قال في الفتح : إنها لا تطهر أبدًا ، لكن على قول أبي يوسف تطهر ، والعلة والله اعلم تشربها النجاسة بواسطة الغليان ، وعليه اشتهر أن اللحم السميط بمصر نجس ، لكن العلة المذكورة لا تثبت ما لم يمكث اللحم بعد الغليان زمانًا يقع في مثله التشرّب والدخول في باطن اللحم ، وكل منهما غير متحقق في السميط حيث لا يصل إلى حدّ الغليان ، ولا يترك فيه إلا مقدار ما تصل الحرارة إلى ظاهر الجلد لتنحل مسام الصوف ، بل لو ترك يمنع انقلاع الشعر . (١/ ٣٧١ ، ٣٧٢ ، باب الأنجاس ، مطلب في تطهير الدهن والعسل)

ما في " البحر الرائق " : ولو ألقيت دجاجة حال الغليان في الماء قبل أن يشق بطنها النتف أوكرش قبل الغسل لا يطهر أبدًا ، لكن على قول أبي يوسف يجب أن يطهر على قانون ما تقدم في اللحم ، قلت : وهو سبحانه أعلم هو معلل بتشربها النجاسة المتخللة بواسطة الغليان ، وعلى هذا اشتهر أن اللحم السميط بمصر نجس لا يطهر ، لكن العلة المذكورة لا تثبت حتى يصل الماء إلى حد الغليان ، ويمكث فيه اللحم بعد ذلك زمانًا يقع في مثله التشرب والدخول في باطن اللحم ، وكل من الأمرين غير متحقق في السميط الواقع حيث لا يصل الماء إلى حدّ الغليان ولا يترك فيه إلا مقدار ما تصل الحرارة إلى سطح الجلد ، فتنحل مسام السطح من الصوف بل ذلك الترك يمنع من وجوده انقلاع الشعر . (١/٣١٥ ، ٣١٦ ، كتاب الطهارة ، باب الأنجاس)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : قوله : (وعلى هذا الدجاج الخ) يعني لو ألقيت دجاجة حال غليان الماء قبل أن يشقّ بطنها لتنتف ، أو كرش ، قبل أن يغسل إن وصل الماء إلى حدّ الغليان ومكثت فيه بعد ذلك زمانًا يقع في مثله التشرّب والدخول في باطن اللحم لا تطهر أبدًا إلا عند أبي يوسف كما مر في اللحم وإن لم يصل الماء إلى حد الغليان ، أو لم تترك فيه إلا مقدار ما تصل الحرارة إلى سطح

الجلد لانحلال مسام السطح عن الريش والصوف تطهر بالغسل ثلاثًا كما حققه الكمال . (ص/ ۱۶۱ ، كتاب الطهارة ، باب الأنجاس والطهارة منها ، فتح القدير: ۱/ ۲۱۱ ، كتاب الطهارة ، باب الأنجاس وتطهيرها) (انعام الباری:۶/ ۹۹،فتاویٰ دارالعلوم،رقم الفتویٰ:۴۰۰۹۴)

## پولٹری فارم(Poultry Farm)کی مرغیوں کی غذا

**مسئلہ**(۱۵۷): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ پولٹری فارم ( Poultry Farm) کی مرغیوں کی جس دانہ سے پرورش ہوتی ہے، وہ دانہ خنزیر کی چربی سے تیار ہوتا ہے، اسی لیے وہ چالیس دنوں میں اتنی صحت مند ہوجاتی ہیں، اور یہ دانہ بیرونی ممالک سے درآمد کیا جاتا ہے، اس لیے ان کا کھانا حلال نہیں ہے، اُن کی یہ بات درست نہیں ہے، کیوں کہ اس دانہ کی وجہ سے گوشت میں کوئی تغیر نہیں ہوتا، اور نہ ہی اس دانہ کا کوئی اثر باقی رہتا ہے، بلکہ وہ نیست ونابود ہوجاتا ہے، اس لیے ان کا کھانا حلال ہے، ہاں! اگر اِس دانہ کی وجہ سے گوشت متغیر ہوجائے، اس کی اصلی وفطری بُو بدل جائے، تو پھر اُسے اس وقت تک کھانا درست نہ ہوگا، جب تک کہ ذبح سے پہلے کم ازکم تین روز اسے حلال وپاک غذا نہ دی جائے، ورنہ درست نہ ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وتحبس الجلالة حتى يذهب نتن لحمها ، وقدر بثلاثة أيام لدجاجة ، وأربعة لشاة ، وعشرة لإبل وبقر على الأظهر ، ولو أكلت النجاسة وغيرها بحيث لم ينتن لحمها حلت كما حل أكل جدي غذي بلبن خنزير ،

لأن لحمه لا يتغير ، وما غذي به يصير مستهلكًا لا يبقى له أثر . در مختار . وفي الشامية : قوله : (لأن لحمه لا يتغير الخ) كذا في الذخيرة . وهو موافق لما مرّ أن المعتبر النتن .... وفي شرح الوهبانية عن القنية راقمًا أنه يحلّ إذا ذبح أيام ، وإلا لا . (۹/۴۱۴ ، ۴۱۵ ، كتاب الحظر والإباحة ، ط : ديوبند ، كذا في البحر الرائق:۸/۳۳۵ ، كتاب الكراهية ، فصل في الأكل والشرب ، ط : بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : الجدي إذا كان يربى بلبن الأتان والخنزير إن اعتلف أيامًا فلا بأس ، لأنه بمنزلة الجلالة ، والجلالة إذا حبست أيامًا فعلقت لا بأس بها ، فكذا هذا . كذا في الفتاوى الكبرى . (۵/۲۹۰ ، كتاب الذبائح ، الباب الثاني في بيان ما يؤكل من الحيوان وما لا يؤكل) (فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ:۲۹۶۶۸)

## سانڈے کا گوشت اور تیل

**مسئلہ(۱۷۳)**: سانڈا[۱] جس کی چربی کا تیل نکالا جاتا ہے، خبیث جانوروں میں سے ہے، لہٰذا اس کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے[۲]، البتہ اگر اس کا تیل بطورِ دوا- خارجِ بدن یعنی بیرونی جسم میں استعمال کیا جائے، تو اس کی گنجائش ہے[۳]، بشرطیکہ نماز سے پہلے اس کو دھولیا جائے۔[۴]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فيروز اللغات " : گوہ کی قسم کا ایک جانور جس کا تیل نکال کر گٹھیا کے درد کے لیے یا طِلا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ (ص/۷۶۹)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ويحرّم عليهم الخبآئث﴾ . (سورة الأعراف : ۱۵۷)

ما في " المبسوط للسرخسي " : والمستوحش نوعان : منها صيد البحر لا يحلّ تناول شيء منها سوى السمک ، ومنها صيد البرّ ، ويحلّ تناولها إلا ما له ناب أو

مخلب لنهي النبي علیہ وسلم عن أكل كلّ ذي ناب من السباع ، وكل ذي مخلب من الطّير ، ولمعنى الخبث فيهما ، فإن من طبعهما الاختطاب والانتهاب فلا بدّ من ظهور أثر ذلك في خلق المتناول للغذاء من الأثر في ذلك .... والمستخبث حرام بالنص لقوله تعالى : ﴿ويحرّم عليهم الخبآئث﴾ ولهذا حرام تناول الحشرات فإنها مستخبثة طبعًا . (۱۱/ ۲۴۰ ، كتاب الصيد)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : والخبيث ما تستخبثه الطباع السليمة . در مختار . وفي الشامية : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (والخبيث الخ) قال في معراج الدراية : أجمع العلماء على أن المستخبثات حرام بالنص وهو قوله تعالى : ﴿ويحرّم عليهم الخبآئث﴾ . (۹/ ۳۷۰ ، كتاب الذبائح ، الفتاوى الهندية :۵/ ۲۸۹ ، كتاب الذبائح ، الباب الثاني في بيان ما يؤكل من الحيوان وما لا يؤكل)

(۳) ما في " تبيين الحقائق " : وكما يطهر لحمه يطهر شحمه أيضًا ، حتى لو وقع في الماء القليل لا يفسده ، وهل يجوز الانتفاع به لغير الأكل ، قيل : لا يجوز اعتبارا بالأكل ، وقيل : يجوز كالزيت إذا خالطه شحم الميتة والزيت غالب .

(۶/ ۴۶۹ ، كتاب الذبائح)

(۴) ما في " الهداية " : يجب على المصلي أن يقدم الطهارة من الأحداث والأنجاس على ما قدمناه قال الله تعالى : ﴿وثيابک فطهّر﴾ . وقال الله تعالى : ﴿وإن كنتم جُنُبًا فاطّهّرُوا﴾ . (۱/ ۹۲ ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة التي تتقدمها)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۲۷۲۹۷)

## کھانے کے بعد کی دعا میں ہاتھ اُٹھانا

**مسئلہ** (۱۰۴): بعض لوگ کھانے سے فراغت کے بعد پڑھی جانے والی دعا میں بھی ہاتھ اُٹھاتے ہیں، اور یہ کہتے ہیں کہ یہ دعا ہے، اور دعا میں ہاتھ اُٹھانا مسنون ہے، اُن کا یہ استدلال صحیح نہیں ہے، کیوں کہ طواف کرتے وقت دعا

مسنون ہے، مگر اس میں ہاتھ نہیں اٹھائے جاتے، نماز کے اندر بھی دعا ہوتی ہے، سوتے وقت بھی دعا ہوتی ہے، مسجد میں داخل ہوتے وقت، مسجد سے نکلتے وقت، بیت الخلاء میں جاتے وقت اور نکلتے وقت بھی دعا ثابت ہے، مگر اِن تمام دعاؤں میں ہاتھ اُٹھانا ثابت نہیں، ایسے ہی کھانا کھانے کے بعد بھی دعا ثابت ہے (۱)، مگر اس میں ہاتھ اٹھانا ثابت نہیں ہے، اسی طرح کھانے کے بعد اجتماعی طور پر ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا بھی ثابت نہیں۔ (۲)

---

الحجة على ما قلنا :

( ۱ ) ما في " سنن ابن ماجه " : عن أبي سعيد قال : كان النبي ﷺ إذا أكل طعامًا قال : " الحمد لله الذي أطعمنا وسقانا وجعلنا مسلمين " .

(ص/۲۳۶ ، باب مسح اليد بعد الطعام)

ما في " عون المعبود " : عن ثابت عن أنس – أن النبي ﷺ جاء إلى سعد بن عبادة فجاء بخبز وزيتٍ فأكل ثم قال النبي ﷺ : " أفطر عندكم الصائمون ، وأكل طعامكم الأبرار ، وصلت عليكم الملائكة " . [ ابو داود ] (عون المعبود : ص/۳/۴۳۳ ، ط : الهند ، ۱۰/۲۳۸ ، ط : بيروت ، كذا في السنن الكبرى للبيهقي : ۷/۲۸۷ ، ط : دائرة المعارف العثمانية حيدرآباد الهند)

ما في " عون المعبود " : عن جابر بن عبد الله قال : صنع أبو الهيثم بن التَيهان للنبي ﷺ طعامًا فدعا النبي ﷺ وأصحابه ، فلما فرغوا قال : " أثيبوا أخاكم " قالوا : يا رسول الله ! وما إثابته ؟ قال : " إن الرجل إذا دخل بيته فأُكِل طعامُه وشُرب شرابُه فدعَوا له ، فذلك إثابته " . قال الشارح : (فدعوا له) أي دعا له الآكلون (فذلك) أي الدعاء له (إثابته) أي ثوابه وجزاؤه . والحديث يدل على أنه يستحب للمودّعين أن

يدعوا للداعي بعد الفراغ من الطعام . (۱۰/۲۳۷ ، ط : بيروت ، ۳/۴۳۳ ، ط : الهند ، الموسوعة الفقهية : ۶/۱۲۲)

(۲) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : لأنه ﷺ كان يدعو كثيرًا ، كما هو في الصلاة والطواف وغيرهما من الدعوات المأثورة دبر الصلاة وعند النوم وبعد الأكل أمثال ذلک ولم يرفع يديه ولم يمسح بهما وجهه ، أفاده في شرح المشكوة . وشرح الحصن والحصين وغيرهما . (ص/۳۱۹ ، ط : مكتبة شيخ الهند بديوبند) (فتاویٰ رحیمیہ:۲/ ۲۴۷، آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۸/۳۹۲،تخریج شدہ)

## ٹوٹے پھوٹے برتنوں میں کھانا پینا

**مسئلہ (۱۰۵):** جو برتن گھروں میں ٹوٹ پھوٹ جاتے ہیں، اُن میں کھانا پینا مکروہ ہے، کیوں کہ ان سے ہاتھ وغیرہ کے زخمی ہونے ،شیٔ ماکول ومشروب کے ضائع ہونے ،اوراُن کے منہ میں چُبھنے کا خطرہ واندیشہ ہوتا ہے،اور اس مقام پر چوں کہ مَیل وغیرہ بھی جَما ہوتا ہے،جس کی وجہ سے اُن کا استعمال طبعِ سلیم کے خلاف ہے۔(۲)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي سعيدٍ الخدري رضي الله تعالى عنه أنه قال : " نهى رسول الله ﷺ عن الشرب من ثلمة القدح وأن ينفخ في الشراب " . (ص/۵۲۳ ، كتاب الأشربة ، باب في الشرب من ثلمة القدح ، قديمي ، مشكوة المصابيح : ص/۳۷۱ ، قديمي)

ما في " المصنف لعبد الرزاق الصنعاني " : أخبرنا عبد الرزاق عن معمر عن جعفر الجزري عن يزيد بن الأصم عن أبي هريرة " أنه كره أن يشرب الرجل من كسر

القدح أو يتوضأ منه ". (۱۰/ ۴۲۷، ۴۲۸، رقم الحديث : ۱۹۵۹۲، باب ثلمة القدح وعروته، كذا في رقم الحديث : ۱۹۵۹۳ و ۱۹۵۹۵، ط : من منشورات المجلس العلمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : ....... قال الخطابي : إنما نهى عن الشرب من ثلمة القدح لأنها لا تتماسک عليها شفة الشارب، فإنه إذا شرب منها يصيب الماء ويسيل على وجهه وثوبه، زاد ابن الملک أو لأن موضعها لا يناله التنظيف التام عند غسل الإناء. (۸/۱۷۴، ط : مکتبه اشرفيه ديوبند، شرح الطيبي : ۸/۲۰۲، ط : زكريا بكڈپو ديوبند، التعليق الصبيح : ۴/۴۹۴، ط : مكتبه رشيديه كوئٹه)

ما في " بذل المجهود " : قال في المجمع : لأنه لا يتماسک عليها فم الشارب، وربما انصبّ الماء على ثوبه وبدنه، وقيل : لا يناله التنظيف التام إذا غسل الإناء، وورد أنه مقعد الشيطان ولعله أراد به عدم النظافة. (۱۱/۵۳، ۴۵۳، تحت رقم الحديث : ۳۷۲۲، ط : دار البشائر الإسلامية، معالم السنن للخطابي : ۴/۲۵۳، رقم الحديث : ۱۶۰۲، ط : بيروت، كذا في عون المعبود : ۱۰/۱۰۹، رقم الحديث : ۳۷۱۸، ط : احياء التراث، الموسوعة الفقهية : ۲۵/۳۶۷، الشرب من ثلمة الإناء، شرب، الآداب الشرعية : ۳/۱۸۳، ط : مكتبة الرياض الحديثة، مطالب أولي النهى في شرح غاية المنتهى : ۵/۲۴۸، ط : بيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۴۰۳۸۲، احسن الفتاویٰ: ۸/ ۱۲۷، الحظر والاباحۃ)

## گوشت کھا کر ہڈیاں چبانا

**مسئلہ** (۱۲۲): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ گوشت کھا کر ہڈیاں نہیں چبانا چاہیے- کہ ان پر اللہ تعالیٰ جنات کی غذا پیدا فرماتے ہیں، اُن کی یہ بات اِس حدتک تو درست ہے کہ- اللہ پاک ان پر جنات کی غذا پیدا فرماتے ہیں[1]، مگر اس سے یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ ہڈیوں کونہیں چبانا چاہیے، صحیح نہیں ہے، اس لیے کہ ان

ہڈیوں پر اللہ رب العزت کا غذا کو پیدا کرنا، اس میں ہڈیوں کو چبانے اور نہ چبانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، کیوں کہ وہ قادرِ مطلق ہے [۲]، بغیر ہڈیوں کے بھی جنات کے لیے غذا پیدا کرسکتا ہے، اُن کو چبانے کی صورت میں بھی غذا پیدا کرسکتا ہے، اور نہ چبانے کی صورت میں بھی۔

---

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " شرح معاني الآثار " : عن أبي هريرة قال : اتبعتُ رسول الله ﷺ وخرج في حاجة له وكان لا يلتفت فدنوتُ منه فاستأنستُ وتنحنحتُ فقال : من هذا ؟ فقلت : أبو هريرة ، فقال : يا أبا هريرة ! أبغني أحجارًا استطيب بهنّ ولا تأتني بعظم ولا بروث قال : فأتيته بأحجار أحملها في مُلاء ة فوضعتها إلى جنبه ثم أعرضتُ عنه ، فلما قضى حاجته اتبعته فسألته عن الأحجار والعظم والروثة فقال : إنه جاء ني وفد نصيبين من الجنّ – ونعم الجنُّ – هم فسألوني الزادَ ، فدعوتُ الله لهم أن لا يمروا بعظمٍ ولا بروثةٍ إلا وجدوا عليه طعامًا " . (١/٩٤، باب الاستجمار بالعظام ، ط : مكتبه دار السلام سهارنپور ، فتح الباري : ١/٢٥٥ ، صحيح مسلم : ١/٣٣٢ ، بخارى : ص/٥٥، رقم الحديث :١٥٥ ، كتاب الوضوء ، باب النهي عن الاستنجاء باليمين ، ط : احياء التراث)

(٢) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إن الله على كل شيء قدير﴾ . (سورة البقرة : ٢٠)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قال الراغب الأصفهاني : .......... وإذا وصف الله تعالى بها فهي نفيُ العَجز عنه ، ومحال أن يوصف غير الله تعالى بالقدرة المطلقة معنى ، وإن أطلق عليه لفظا . (٣٢/٣٤٧ ، القدرة)

ما في " تفسير المظهري " : والقدرة : التمكن من إيجاد الشيء ، والقادر هو الذي إن شاء فعل ، وإن شاء لم يفعل . (١/٣٨)

ما في " روح المعاني " : وهو شامل للمعدوم والموجود الواجب والممكن وتختلف إطلاقاته . ( ١ /٢٨٧ ) ( آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۳۹۲/۸،تخریج شدہ )

## مچھلی کھانے کے بعد دودھ پینا

**مسئلہ**(۱۳۳): مچھلی کھانے کے بعد دودھ پینے میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے، البتہ اطباء اِس سے منع کرتے ہیں، کہ اس سے سفید داغ ہونے کا اندیشہ ہے،اس لیے اِس سے بچنا بہتر ہے۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

( ۱ ) ما في " المطاعم والمشارب " : نقل ابن القيم عن ابن ماسويه فصلا في كتاب المحاذير قال : ومن جمع في معدته اللبن والسمک فأصابه جذام أو برص أو نقرس فلا يلومنّ إلا نفسه . (ص/٩٨ ، ٩٩ ، أسعد محمد سعيد الصاغرجي)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۰۳۳)

## رات کے وقت پیاز کھانا

**مسئلہ**(۱۶۱): بعض لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنا گیا کہ رات میں پیاز کھانا جائز نہیں، اُن کی یہ بات درست نہیں، کیوں کہ جس طرح دن میں پیاز کھانا جائز ہے،اسی طرح رات میں کھانا بھی جائز ہے، ہاں! البتہ حضراتِ فقہاء کرام نے یہ لکھا ہے کہ پیاز یا اور کوئی بدبودار چیز کھا کر بلا مسواک کیے مسجد میں نہیں آنا چاہیے،خواہ دن میں ہو یا رات میں۔ (۱)

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن شهاب ، زعم عطاء أن جابر بن عبد الله زعم ، أن النبي ﷺ قال : " من أكل ثومًا أو بصلا فليعتزلنا ، أو قال : فليعتزل مسجدنا وليقعد في بيته " – الحديث . (۱/۱۱۸ ، كتاب الأذان ، باب ما جاء في الثوم النيء والبصل والكراث ، رقم الحديث :۸۵۵ ، صحيح مسلم : ۱/۲۰۹ ، كتاب المساجد ومواضع الصلاة ، باب نهي من أكل ثوما أو بصلا أو كراثاً أو نحوها ، رقم الحديث :۱۲۵۳)

ما في " المنهاج بشرح صحيح مسلم بن الحجاج " : هذا تصريح بنهي من أكل الثوم ونحوه عن دخول كل مسجد ، وهذا مذهب العلماء كافة إلا ما حكاه القاضي عياض عن بعض العلماء أن النهي خاص في مسجد النبي ﷺ لقوله ﷺ في بعض روايات مسلم : (فلا يقربنّ مسجدنا) وحجة الجمهور فلا يقربنّ المساجد ، ثم ان النهي إنما هو عن حضور المسجد لا عن أكل الثوم والبصل ونحوهما ، فهذه البقول حلال بإجماع من يعتد به . (۳/۳۶۶ ، تحت رقم الحديث :۱۲۲۸)

ما في " الشامية " : قوله : (وأكل نحو ثوم) أي كبصل ونحوه مما له رائحة كريهة ، للحديث الصحيح في النهي عن قربان آكل الثوم والبصل المسجد ، قال الإمام العيني في شرحه على صحيح البخاري قلت : علة النهي أذى الملائكة وأذى المسلمين ، ولا يختص بمسجده عليه الصلاة والسلام ، بل الكل سواء لرواية " مساجدنا " بالجمع . (۲/۳۷۷ ، ۳۷۸ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الغرس في المسجد ، حلبي كبير :ص/۶۱۰ ، فصل في أحكام المسجد)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتوی:۴۰۳۶۴)

## مخصوص COD والی اشیاء کا استعمال

**مسئلہ** (۱۳۴): اسکول وکالج کے بعض طلباء کی طرف سے یہ بات دریافت کی جاتی ہے کہ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ کھانے کی وہ چیزیں جن کا ای کوڈ

،214،213،210،153،141،140،120،110،100)-
،334،327،326،325،280،270،252،234،216
،435 ،433 ،432 ،431 ،430 ،422 ،337 ،336 ،335
،476،475،474،473،472،471،470،440 ،436
،494،493،492،491،483،482،481،478،477
495، 542، 570، 572، 631، 904)- ہوتا ہے، اُن میں خنزیر کی چربی شامل ہوتی ہے، تو ان کا کھانا درست ہے یا نہیں؟ اُن کے اِس سوال کے جواب میں یہ عرض ہے کہ- اگر کوئی کمپنی حرام کھانا بنانے میں معروف نہ ہو تو محض کسی مخصوص کوڈ یا کسی کمپنی کی اشیاء ہونے کی وجہ سے کسی چیز کو شرعاً حرام یا حلال قرار نہیں دیا جاسکتا، مگر یہ کہ یقین کے ساتھ یہ بات معلوم ہو جائے کہ اس کے اجزاءِ ترکیبیہ (بشمول تمام ای کوڈ) میں سے کوئی چیز حرام ہے، اور کسی کیمیاوی طریقہ سے اس کی حقیقت و ماہیت کو تبدیل نہیں کیا گیا، تب تو اس سی بچنا لازم ہوگا، جب کہ تقویٰ کا تقاضہ یہ ہے کہ جس چیز کی حلت و حرمت میں شک ہو، اسے استعمال میں لانے سے احتراز کیا جائے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن النعمان بن بشير رضي الله عنه قال : سمعتُ رسول الله ﷺ يقول : " الحلال بيّنٌ والحرام بيّن ، وبين ذلك أمورٌ مشتبهات ، لا يدري كثيرٌ من الناس أمِن الحلال هي أم من الحرام ، فمن تركها استبرأ لدينه وعرضه

فـقـد سـلـم ، ومـن واقـع شيـئـًا مـنها يوشـک أن يواقع الحرام كما أنه من يرعى حول الـحـمی يوشـک أن يواقعه ، ألا وإن لكل ملک حمی ؛ ألا وإن حمى الله محارمه " .
(۱/۲۲۹ ، كتاب البيوع ، باب ما جاء في ترک الشبهات ، رقم الحديث :۱۲۰۵)
مـا فـي " الأشباه والنظائر مع شرحه للحموي " : هل الأصل في الأشياء الإباحة – قال الحموي : ذكر العلامة قاسم بن قطلوبغا في بعض تعليقه أن المختار أن الأصل الإباحة عـنـد جـمهـور أصـحـابـنا . (۱/۲۵۲ ، تحت القاعدة الثالثة – هل الأصل في الأشياء الإباحة)
مـا فـي " الموسوعة الفقهية " : القاعدة الأولى : اليقين لا يزول بالشکّ – معنى هذه الـقـاعـدة ان مـا ثبـت بيـقيـن لا يـرتـفع بالشک ، وما ثبت بيقين لا يرتفع إلا بيقين .
(۵/۲۸۹ ، يقين ، قواعد الفقه :ص/۱۱) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۱٦۱۰)

## ریڈبُل (Red Bull) مشروب کا حکم

**مسئلہ (۸۴):** ریڈبُل (Red Bull) ایک مشروب ہے، جس سے اِنرجی اورقوت حاصل کی جاتی ہے، بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس میں الکحل ملایا جاتا ہے، اس لیے اس کا استعمال حلال نہیں ہے، لیکن اس سلسلے میں تھوڑی تفصیل ہے، اور وہ یہ ہے کہ اگر اس میں ملایا جانے والا الکحل انگور اور کھجور سے بنایا جاتا ہے، تو اس کا استعمال درست نہیں ہے، اور اگر انگور و کھجور کے علاوہ کسی دوسری چیز سے بنایا جاتا ہے، اور اتنی کم مقدار میں ملایا جاتا ہے جس سے نشہ نہیں آتا تو اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : وهو أنه إذا اعتاد أكل شيء من الجامدات التي لا يحرم قليلها

ويسكر كثيرها حتى صار يأكل منها القدر المسكر ولا يسكره سواء أسكره في ابتداء الأمر أو لا ، فهل يحرم عليه استعماله نظرًا إلى أنه يسكر غيره أو إلى أنه قد أسكره قبل اعتياده ، أم لا يحرم نظرًا إلى أنه طاهر مباح ؟ .... صرّح الشافعية بأن العبرة لما يغيب العقل بالنظر لغالب الناس بلا عادة . (۱۰/۴۰ ، ۴۱ ، كتاب الأشربة)

وفيه أيضًا : والحاصل : أنه لا يلزم من حرمة الكثير المسكر حرمة قليله ولا نجاسة مطلقًا إلا في المائعات لمعنى خاص بها ، أما الجامدات فلا يحرم منها إلا الكثير المسكر . (۱۰/۳۷ ، كتاب الأشربة)

ما في "تكملة فتح الملهم" : وبهذا تبين حكم الكحول المسكرة (AL COHALS) التي عمت بها البلوى اليوم ، فإنها تستعمل في كثير من الأدوية والعطور والمركبات الأخرى ، فإنها إن اتخذت من العنب أو التمر فلا سبيل إلى حلتها أو طهارتها ، وإن اتخذت من غيرهما فالأمر فيها سهل على مذهب أبي حنيفة رحمه الله تعالى ، ولا يحرم استعمالها للتداوي أو لأغراض مباحة أخرى ما لم تبلغ حد الإسكار ، لأنها إنما تستعمل مركبة مع المواد الأخرى ، ولا يحكم بنجاستها أخذًا بقول أبي حنيفة رحمه الله .

وإن معظم الكحول التي تستعمل اليوم في الأدوية والعطور وغيرها لا تتخذ من العنب أو التمر ، إنما يتخذ من الحبوب أو القشور أو البترول وغيره ، كما ذكر في باب بيع الخمر من كتاب البيوع ، وحينئذ هناك فسحة في الأخذ بقول أبي حنيفة عند عموم البلوى ، والله سبحانه أعلم . (۳/۶۰۸ ، كتاب الأشربة ، حكم الكحول المسكرة ، تحت رقم الحديث : ۵۰۹۴ ، المكتبة الأشرفية بديوبند) (فتاوی بنوریہ،رقم الفتوی:۱۲۹۹۴)

## سوائن فلو کی ویکسین کا استعمال

**مسئلہ (۵۲):** بیماری یا وائرس کوئی بھی ہو اس کی روک تھام کے لیے انسدادی تدابیر اختیار کرنا مقاصدِ شرعیہ میں داخل ہیں، اس لیے سوائن فلو کی

ویکسین (Swinflu Vaccine) استعمال کرنا شرعاً جائز ہے، بشرطیکہ اس کے اجزاء ترکیبی میں کسی حرام چیز کی آمیزش نہ کی گئی ہو۔[1]

---

والحجة على ما قلنا :

(۱) مـا فـي " السـنـن لأبي داود " : عـن أسـامة بن شريـک قـال : أتيتُ النبي ﷺ وأصـحـابـه كأنما على رؤسهم الطير فسلمت ثم قعدت فجاء الأعراب من ههنا وههنا فقالوا : يا رسول الله ! أ نتداوي ؟ فقال : " تداووا ، فإن الله تعالى لم يضع داء إلا وضع لـه دواء غيـر داء واحـد ؛ الهـرم " . (ص/ ۵۳۹ ، كتاب الطب ، باب الرجل يتداوي ، رقـم الـحـديث : ۳۸۵۵ ، مشـكـوة الـمصابيح :ص/ ۳۸۸ ، كتاب الطب والرقى ، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۴۵۳۲)

مـا فـي " السـنـن لأبـي داود " : عن أبي الدرداء قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الله أنزل الداء والدواء وجعل لكل داء دواء ، فتداووا ولا تتداووا بحرام " . (ص/ ۵۴۱ ، كتـاب الـطـب ، بـاب فـي الأدوية الـمـكـروهة ، رقـم الـحديث : ۳۸۷۴ ، مشكوة المصابيح :ص/ ۳۸۸ ، كتاب الطب والرقى ، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۴۵۳۸)

مـا فـي " حـاشية السـنـن لأبـي داود " : وقـال الـنـووي : فـي هذا الحديث إشارة إلى استـحبـاب الدواء وهو مذهب أصحابنا وجمهور السلف وعامة الخلف ، قال القاضي عياض في هذا الحديث حبل من علوم الدين والدنيا وصحة علم الطب وجواز التطبب في الجملة وقال : وفيه رد على من أنكر التداوي من غلاة الصوفية .

(ص/ ۵۳۹ ، كتاب الطب)

## کیپسول (Capsule) کا استعمال

**مسئلہ (۱۶۶)**: بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم دوائی کے طور پر جتنے بھی کیپسول (Capsule) لیتے ہیں، وہ جیلاٹین (Gelatine) سے بنتے

ہیں، اور یہ عموماً جانور کی چربی سے حاصل کی جاتی ہے، پودوں سے بہت کم کیپسول بنتے ہیں، اس لیے ان کا استعمال درست نہیں ہے، اُن کی یہ بات اس وقت تک قابلِ تسلیم نہیں، جب تک ان کیپسولوں میں حرام اجزاء کے شامل ہونے کا قطعی طور پر یقین نہ ہوجائے[۱]، بالخصوص اس صورت میں جب کہ ان کیپسولوں کا استعمال عام ہے، اور ہر طرح کے لوگ ان کو استعمال کررہے ہیں، تو محض شک وشبہ کی وجہ سے ان کے استعمال سے بچنے کا حکم نہیں کیا جاسکتا، بلکہ ان کا استعمال کرنا جائز ہوگا[۲]، ہاں! جب یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جائے کہ ان میں حرام اجزاء شامل ہوتے ہیں، تو اس وقت ان کا حکم مختلف ہوگا۔[۳]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأشباه لإبن نجيم " : اليقين لا يزول بالشک . (۱/ ۲۲۰)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ان ما ثبت بيقين لا يرتفع بالشک ، وما ثبت بيقين لا يرتفع إلا بيقين . (۴۵/ ۲۷۹ ، يقين)

ما في " الشامية " : من شکّ في إنائه أو ثوبه أو بدنه أصابته نجاسة أو لا ، فهو طاهر ما لم يستيقن ..... وكذا ما يتخذه أهل الشرک أو الجهلة من المسلمين كالسمن والخبز والأطعمة والثياب . (۱/ ۲۵۴ ، كتاب الطهارة ، قبيل مطلب في أبحاث الغسل ، كذا الفتاوى التاتارخانية : ۱/ ۷۹ ، كتاب الطهارة ، نوع آخر في مسائل الشک)

(۲) ما في " موقع المسلم " : يجوز استعمال الجلاتين المستخرج من المواد المباحة ومن الحيوانات المباحة المذكاة تذكية شرعية . (على شبكة

نیت/.almoslim.net)

(۳) ما في " قواعد الفقه " : الأصل في الأشياء الإباحة . (ص/ ۵۹ ، الأشباه لإبن نجيم : ۱/ ۲۵۲ ، الموسوعة الفقهية : ۱/ ۱۳۰ ) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۹۰۸۴)

## استقرار کے بعد شیر خوار کو دودھ پلانا

**مسئلہ** (۸۱): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اگر بچے کے دودھ پینے کے زمانے (مفتیٰ بہ قول کے مطابق دوسال) میں عورت کو حمل ٹھہر جائے، تو شیر خوار بچے کو دودھ پلانا درست نہیں ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ صحیح بات یہ ہے کہ دودھ پلانے کی مدت کے دوران اگر ماں کا دودھ ہو تو وہ بلاشبہ بچے کو پلاسکتی ہے، شرعاً اس میں کوئی ممانعت وقباحت نہیں ہے، البتہ اگر حمل ٹھہر جانے کے بعد بچے کو دودھ پلانا اگر بچے یا حاملہ کی صحت کے لیے نقصان دہ ہو اور کوئی مسلمان ماہر معالج دودھ پلانے کو منع کردے، تو پھر دودھ پلانے سے بچنا بہتر ہوگا۔[۱]

---

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : هو (حولان ونصف عنده وحولان) فقط (عندهما وهو الأصح) . فتح . وبه يفتى . كما في تصحيح القدوري عن العون ، لكن في الجوهرة أنه في الحولين ونصف ولو بعد الفطام محرم . وعليه الفتوى . الدر المختار . وفي الشامية : قوله : (لكن الخ) استدراک على قوله : " وبه يفتى " وحاصله انهما قولان أفتى بكل منهما . (۴/۳۹۳ – ۳۹۵ ، كتاب النكاح ، باب الرضاع ، بيروت)

ما في " مشكوة المصابيح " : وعن جذامة بنت وهب قالت : حضرت رسول الله ﷺ في أناس وهو يقول : " لقد هممتُ أن أنهى عن الغيلة ، فنظرت في الروم وفارس

، فإذاهم يغيلون أولادهم ، فلا يضرّ أولادهم ذلك شيئًا ". (ص/٦/٢٧٤ ، كتاب النكاح ، باب المباشرة ، الفصل الأول ، رقم الحديث : ٣١٨٩)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال العلماء : وسبب همه عليه الصلاة والسلام بالنهي أنه خاف معه ضرر الولد الرضيع لأن الأطباء يقولون أن ذلك اللبن داء والعرب تكرهه وتنقيه ، ذكره السيوطي ، قال القاضي : كان العرب يحترزون عن الغيلة ويزعمون أنها تضرّ الولد ، وكان ذلك من المشهورات الذائعة عندهم فأراد النبي ﷺ أن ينهى عنها لذلك ، فرأى أن فارس والروم يفعلون ذلك ولا يبالون به ثم أنه لا يعود على أولادهم بضرر فلم ينه . (٦/٣١٧ ، ٣١٨ ، باب المباشرة) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۴۲۷۴۰)

# فصل فی الختان

## بالغ مسلم اور نومسلم کی ختنہ

**مسئلہ (۵۹):** ختنہ شعائرِ اسلام اور اس کے خصائص میں سے ہے، مسلم کے لیے اس کی اتنی اہمیت نہیں جتنی نومسلم کے لیے ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ مسلمان بچہ ہو تو اس کی ختنہ کا حکم ہے، لیکن جب وہ بالغ ہو جائے تو اس کی ختنہ کا حکم نہیں ہے، کیوں کہ ختنہ سنت ہے، اور سترِ عورت فرض ہے، اور قاعدہ ہے کہ سنت کی خاطر فرض کو ترک نہیں کیا جاسکتا[1]، بخلاف کافر کے، اگر بالغ کافر مسلمان ہو جائے تو بالاتفاق اس کی ختنہ کا حکم ہے، اس لیے کہ سترِ عورت کے مقابلے میں اس کی ختنہ زیادہ اہمیت رکھتی ہے، چوں کہ کافر بالغ ہونے کے باوجود دینِ اسلام کی مخالفت کرتا رہا، اور اب مسلمان ہو کر اس کی مخالفت کو ترک کرنا چاہتا ہے، تو پوری طرح ترکِ مخالفت اُسی وقت ہوگی جب خلافِ اسلام کوئی ظاہری علامت

بھی اس میں باقی نہ رہے (۲)، نیز ختنہ اس کی صداقت اور استقامت کی دلیل اور اسلام پر ثابت قدم رہنے میں مفید ومعین ہے، اس لیے اس کی ختنہ کرانی ضروری ہے، البتہ اس صورت میں ضروری ہے کہ ختنہ کا مخصوص مقام ہی کھولا جائے، اس کے علاوہ نہیں (۳)، اور ختنہ کرنے والا جہاں تک ممکن ہو نظر وہاتھ بچا کر کام کرے، ہاں! اگر نومسلم بے حد ضعیف وکمزور ہو اور ختنہ کی تاب نہ لا سکے تو پھر ختنہ لازم نہیں۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأشباه والنظائر للسيوطي " : الواجب لا يترك إلا لواجب ، وعبر عنها قوم بقولهم : " الواجب لا يترك لسنة " وقوم بقولهم : " ما لا بد منه لا يترك إلا لما لا بدّ منه " . (۱/۲۱۳ ، القاعدة الثالثة والعشرون ، الكتاب الثاني)

